امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

کنز الایمان

المسمّٰی

ریاض الایمان

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

بسم الله الرحمن الرحيم

الله	الرحمن	الرحيم	الملك	القدوس	السلام	المؤمن
المهيمن	العزيز	الجبار	المتكبر	الخالق	البارى	المصور
الغفار	القهار	الوهاب		الرزاق	الفتاح	العليم
القابض	الباسط	الله جل جلاله			الخافض	الرافع
المعز	المذل				السميع	البصير
الحكم	العدل	اللطيف		الخبير	الحليم	العظيم
الغفور	الشكور	العلى	الكبير	الحفيظ	المقيت	الحسيب
الجليل	الكريم	الرقيب	المجيب	الواسع	الحكيم	الودود

المجيد
الباعث
الشهيد
الحق
الوكيل
القوي
المتين

الولي
الحميد
المحصي
المبدئ
المعيد
المحيي
المميت

الحي
القيوم
الواجد
الماجد
الواحد
الصمد
القادر

المقتدر
المقدم
المؤخر
الأول
الآخر
الظاهر

الباطن
الوالي
الله جل جلاله
المتعالي
البر

التواب
المنتقم
العفو
الرؤوف

مالك الملك
ذو الجلال والإكرام
المقسط
الجامع
الغني
المغني

المانع
الضار
النافع
النور
الهادي
البديع
الباقي

الوارث
الرشيد
الصبور

ضروری اطلاع

کنز الایمان = لفظی ترجمہ اور بامحاورہ ترجمہ ریاض الایمان کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت بنام مترجم رجسٹرڈ ہے، جس کا کوئی لفظ سطر یا کسی قسم کے مواد کی نقل یا کاپی کرنا اسے چھاپنا قانونی طور پر جرم ہے، کوئی فرد یا ادارہ اس قسم کی حرکت کرتا ہوا پایا گیا تو اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

قانونی مشیران گرامی:

عبدالسمیع قریشی
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، لاہور

چودھری محمد سعید
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، لاہور

نام ترجمہ : کنز الایمان
مترجم : امام اہل سنت احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
نام ترجمہ : ریاض الایمان
مترجم : ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی
سن اشاعت : ۲۷ رمضان ۱۴۳۲ھ/۲۰۱۲ عیسوی
ایڈیشن : اوّل
ناشر : مشتاق احمد
مطبع : آر۔ آر پرنٹنگ پریس، بندروڈ لاہور

استدعا

انسانی طاقت اور بساط میں جو کچھ ہے اس کے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ادارہ نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ نسخہ ہذا میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ رہ جائے پھر بھی انسان خطا کا پتلا ہے اگر دوران طباعت کوئی زیر۔ زبر۔ نقطہ۔ شد یا مد ٹوٹ جائے تو اسے غلطی نہیں کہتے۔ کثیر تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں باوجود [illegible] کافی کوشش کے ایسی خفیف نادانستہ لغزش قابل گرفت نہیں ہوتی بلکہ قابل معافی ہوتی ہے۔ کوئی مسلمان جان بوجھ کر دیدہ دانستہ تو طباعت میں ذرا سی غفلت بھی نہیں کر سکتا۔ پھر بھی آپ سے استدعا ہے کہ اگر قرآن پاک پڑھنے کے دوران اس قسم کی کسی غلطی کا شبہ ہو تو ہمیں مطلع فرما کر مشکور فرمائیے۔ ان شاء اللہ آئندہ طباعت میں درست کر دی جائے گی۔ ادارہ

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

کنز الایمان

المسمّٰی

ریاض الایمان

کرمانوالا بک شاپ

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار۔ لاہور

عرضِ مترجم

قرآن انوار و تجلیاتِ الٰہی کا بیکراں سمندر جو حضور رحمتِ عالم معلمِ انسانیت کے سینۂ اطہر میں سما کر ان کے نوری ہونٹوں سے موجزن ہوا...... قرآن! کلامِ الٰہی، قرآن منزل من اللہ، قرآن ذکریٰ للعالمین، قرآن ھدی للمتقین، قرآن شفاء رحمۃ للمومنین اور قرآن جس ذاتِ اقدس پر نازل ہوا وہ رحمۃ للعالمین ہے۔

قرآن کریم ربِ رحمٰن و رحیم کی طرف سے دُکھوں میں گری انسانیت کے لیے پیغامِ رحمت و رأفت ہے، قرآن مجید کائنات کے الٰہ و معبودِ مطلق کی طرف سے گم کردہ راہ روؤں کے لیے پیغامِ امن و سعادت ہے۔ قرآن حکیم طبیبِ ازلی کی طرف سے بیمار انسانوں کے لیے نسخۂ شفا ہے، قرآن جلیل ربِ ذوالجلال کی طرف سے سرکش مخلوق کے لیے آوازہ ہیبت و جلالت ہے۔ قرآن شریف ربِ ذوالمنن کی طرف سے فرمانبرداروں کے لیے نویدِ عنایت ہے، قرآن کریم معبودِ جلیل و جمیل کی طرف سے شکستہ دلوں، بے چین روحوں اور مضطرب کانوں کے لیے نغمہ پیار و محبت ہے۔

جہاں تک قرآن حکیم کے ترجمہ کا تعلق ہے تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ دورِ حاضر میں جتنے ہی اُردو میں تراجم ہوتے ہیں، ان سب کا ماخذ کنز الایمان ہے، پوری دنیا میں جو پذیرائی کنز الایمان کو حاصل ہوئی ہے کسی اور ترجمہ کو نہیں مل سکی، یہ ایک حقیقت ہے کہ امام اہلِ سنت مجدد دین و ملت الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ایک عظیم شاہکار ہے اور اپنے نہج میں وہ ایک ہی ترجمہ ہے لیکن اس میں ایسے مشکل الفاظ موجود ہیں اور کچھ الفاظ فارسی و عربی اور پرانی اُردو ترکیبوں پر مشتمل ہیں جو عام قاری قرآن کی سمجھ میں نہیں آتے تھے، اس لیے ہم نے اس ترجمہ کے الفاظ کو آسان اُردو میں تبدیل کیا اور ساتھ ہی لفظی ترجمہ میں بھی تبدیل کر دیا۔

لٰہذا یہ اعلیٰ حضرت کے بامحاورہ ترجمہ کنز الایمان کا لفظ بہ لفظ پہلا ترجمہ ہے، کوشش کے باوجود قرآنی بلاغت کی عظمتوں کو چھونا بہت مشکل معاملہ ہے، فہم میں غلطی کھانا اور آرائے فہم میں کمزوری کا رہ جانا بشر کی بشریت کا تقاضا ہے اور قرآن کے اعجاز کی دلیل ہے، قرآن کے الفاظ و معانی کے بحرِ بیکراں کی حقیقت تک رسائی ممکن نہیں۔

اس ترجمہ میں ہم نے الفاظِ قرآن کی ترتیب کو حتی الامکان ملاحظہ رکھا ہے اور مفہوم قرآن کو عام کرنے کے لیے سلیس اور سادہ زبان اختیار کی ہے۔

جہاں جملہ مکمل کرنے کے لیے کوئی لفظ شامل کرنے کی ناگزیر ضرورت تھی، ایسے مقامات کو بریکٹ کے استعمال سے واضح کر دیا گیا ہے تاکہ قرآن کی زندہ عبارت کی تاثیر متاثر نہ ہو اور پڑھنے والا اس کا لفظ لفظ اس اعتماد سے پڑھے کہ میرے رب کا کلام ہے۔

اپنی کمیوں اور کوتاہیوں کے اعتراف کے ساتھ اربابِ علم ودانش سے بڑے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر ترجمہ میں کہیں کوئی ایسی جگہ پائیں جہاں اصلاح کی ضرورت محسوس کریں تو نشاندہی فرماتے ہوئے راقم کو مطلع فرمائیں' اسے شکریہ کے ساتھ قبول کیا جائے گا اور ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اصلاح کردی جائے گی۔

خصوصاً ادارہ مشتاق بک کارنر کے ایم ڈی جناب محمد مشتاق بٹ صاحب اور محمد خالد منیر بٹ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس عظیم ترین کام کی اشاعت کا ذمہ لیا اور پورے طباعتی حسن کے ساتھ اس کو شائع کیا' اللہ تعالیٰ ادارہ کے تمام افراد و معاونین کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور ہم سب کی غلطیوں کو قرآن اور صاحبِ قرآن کے صدقے معاف فرمائے۔ اور اس ترجمہ قرآن کو عوام الناس کے لیے نفع بخش فرمائے۔ آمین!

غلطیوں پر معافی کا طلب گار
کوتاہیوں پر شرمسار
ابوحمزہ (مفتی) ظفر جبار چشتی

قرآن مجید کی تلاوت کے احکام، آداب

کسی پاک اور صاف جگہ پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرنی چاہیے۔ مسجد میں تلاوت کرنا بہت عمدہ ہے سر ڈھانک کر سکون، خضوع خشوع، وقار اور ادب کے ساتھ بیٹھ کر تلاوت کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے جو شخص قرآن مجید کی تلاوت کا ارادہ کرے اسے چاہیے کہ وہ اپنے منہ کو ہر قسم کی بد بو سے اچھی طرح صاف کر لے، یعنی وضو کرتے وقت مسواک اچھی طرح سے کرے، کیونکہ تلاوت قرآن مجید کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں بد بو سے اُن کو تکلیف ہوتی ہے اور خوشبو سے راحت ہوتی ہے۔

قرآن مجید کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم اور بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھے، اور قرآن مجید کی آیات کے معانی میں غور وفکر اور تدبر تفکر کرے۔

قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ آہستہ آہستہ اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جلدی جلدی پورا قرآن پڑھنے کی نسبت میرے نزدیک یہ بہتر ہے کہ صرف ایک سورة ترتیل کے ساتھ پڑھ لی جائے۔

جب قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت پڑھے جس میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کا ذکر ہو تو اللہ تعالیٰ سے اس کی رحمت اور مغفرت کا سوال کرے اور جب عذاب کی آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے پناہ طلب کرے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جب قرآن مجید ختم کرتے تو اپنے گھر والوں کو جمع کرتے اور دُعا مانگتے احادیث صحیحہ میں ہے کہ ختم قرآن کے وقت اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے اور دُعا قبول ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ القرآن والحدیث وتفسیر

حضرت ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری بخاری دامت برکاتہم العالیہ

جامعہ رضویہ وخانقاہ قادریہ نوریہ، ماڈل ٹاؤن لاہور

حمد ہے اس اللہ جل شانہ کو جس نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا۔ پھر ان کو عظیم کتاب عطا فرمائی۔ جس کا نام ہے قرآن کریم۔

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور ایک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

نسخہ کیا ہے کیمیا ہے، بیماروں کی شفاء، تندرستوں کا ذریعہ بقا، گمراہوں کا رہنما، مسجدوں میں اس کی تلاوت ہوتی ہے، میدانوں میں اس سے جہاد، عدالتوں میں اس سے فیصلے، بیماروں کے گلوں میں تعویذ بن کر پڑے، جان کنی میں مشکل حل کرے۔ بعد موت قبر اور حشر میں کام آئے۔ غرض کہ انسان کی دینی اور دنیوی زندگی کا دستور العمل ہے۔ ہر مسلمان کے دل میں جذبہ ہے کہ اسے سمجھے ہر مومن کے قلب میں تڑپ ہے کہ اس فرمان تک اس کی رسائی ہو۔ علماء تو محنت کر کے اس کے مضامین تک پہنچتے ہیں مگر عوام چاہتے ہیں کہ اس کے مضامین ہماری زبان میں ہم تک پہنچیں۔ اس لئے تقریباً ہر زبان میں بے شمار ترجمے تفسیریں لکھی گئیں۔ اُردو زبان میں بھی بہت کام ہوا۔ ترجمۂ قرآن کے حوالے سے جو کام امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت الشاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے بامحاورہ ترجمے کو لفظ بہ لفظ لباس پہنایا ہے۔ عزیزم مولانا مفتی ظفر جبار چشتی زیدہ مجدہٗ نے اور ساتھ ہی ساتھ مشکل الفاظ کو بھی آسان کر دیا گیا ہے یہ کام خاصا مشکل تھا لیکن عزیزم مفتی ظفر جبار چشتی کو اللہ کریم نے ہمت عطا فرمائی۔ یہ سعادت ان کے حصے میں رکھی۔

مولانا موصوف میرے خاص تلامذہ میں سے ہیں میں نے ان کی شخصیت میں مستقل مزاجی، عظیم ہمت اور گہرا اخلاص پایا جس کا ثبوت ان کی اس کاوش کے بارے میں لگاتار شب بیداری اور اَن تھک محنت سے ملتا ہے۔

اس عظیم کام کے درمیان جب بھی میرے پاس تشریف لائے میں نے ان کی ہر جگہ رہنمائی کی۔ اب یقیناً مولانا صاحب کی اس عظیم کاوش سے اہل علم، اہل محبت، علماء، طلباء، وکلاء، دانشور اور عامۃ الناس اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ خالق کائنات علامہ مفتی ظفر جبار چشتی زید مجدہٗ کی اس عظیم اور جذبۂ ایمانی سے بھرپور کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

۲رفروری ۲۰۱۰ء
۱۷صفر المظفر ۱۴۳۱ھ بروز منگل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محقق عصر شیخ القرآن والحدیث

حضرت علامہ مفتی محمد خان قادری دامت برکاتہم العالیہ

پرنسپل جامعہ اسلامیہ لاہور

بندہ ان دنوں تفسیر کبیر کے ترجمہ (فضل قدیر) میں اس قدر مصروف ہے کہ کسی اور کام کی فرصت ہی نہیں' ممتاز مذہبی سکالر علامہ مفتی ظفر جبار چشتی ترجمہ قرآن کا مسودہ لے کر آئے کہ وہ امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ "کنزالایمان" کی زبان کو آسان کر رہے ہیں' دیکھ کر دلی خوشی ہوئی کہ وہ یہ کام کر کے اُردو خواں حضرات پر احسان کر رہے ہیں کیونکہ اس میں بہت سے ایسے اُردو کے الفاظ و اصطلاحات ہیں کہ عام آدمی اسے سمجھ ہی نہیں پاتا' بندہ کو اس کا تجربہ یوں ہوا کہ دوران ترجمہ تفسیر کبیر' کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن' کے مطالعہ کا موقعہ ملا تو محسوس ہوا کہ اس کی زبان کو آسان کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ ہر کوئی فہم قرآن سے مالا مال ہو سکے۔

عربی تفاسیر میں سب سے بڑا کام امام فخر الدین رازی (متوفی ۶۰۶ھ) نے تفسیر کبیر کی صورت میں کیا' اُردو میں بھی قرآن مجید کے متعدد تراجم ہیں مگر ان میں امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۴۰ھ) کا ترجمہ کنزالایمان وہی درجہ رکھتا ہے جو دیگر تفاسیر میں امام رازی کی تفسیر کا ہے' کیونکہ امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ متکلم' محدث' مفسر' متصوف اور فقیہ ہیں' انہوں نے اپنی رائے کی بجائے تفسیر نبوی' تفسیر صحابہ' متقدمین' ائمہ مجتہدین' اولیاء' صوفیاء کی محنتوں اور کاوشوں سے خوب فائدہ اٹھایا کہ اس ترجمہ کے ذریعے اُمت مسلمہ کا رشتہ ان کے ساتھ جوڑنے کی بھرپور کامیاب کوشش کی' یہی وجہ ہے کہ جب کوئی تفاسیر اور شمائل کے موضوع پر مواد کا مطالعہ کرنے کے بعد ترجمہ کنزالایمان کا مطالعہ کرے گا تو وہ محسوس کرے گا کہ امام احمد رضا قادری نے ان تمام کا خلاصہ اس مبارک ترجمہ میں سمو دیا ہے۔

میرے مطالعہ کے مطابق اس مذکورہ ترجمہ کی خصوصیات پر پہلے کام ہوا ہے' اس پر انوار کنزالایمان کی فہرست عنوانات شاہد ہیں جو تقریباً ہزار صفحات پر پھیلا ہوا ہے' مگر اس ترجمہ کو آسان کرنے کی طرف توجہ کسی کی نہیں گئی' خوش قسمت ہیں علامہ مفتی ظفر جبار چشتی حفظہ اللہ تعالیٰ کہ ان کے حصے میں اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت رکھی کہ انہوں نے یہ نہایت اہم کام کر دیا جس پر وہ شکریہ کے مستحق ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کی خدمت جلیلہ کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے ہم سب کے لیے مفید اور نافع بنائے۔

(آمین!)

۱۴ ستمبر ۲۰۱۰ء بروز بدھ

جامعہ اسلامیہ لاہور

کنز العلماء، جانشینِ محدث قصوری شیخ الحدیث

حضرت علامہ مفتی محمد سعادت علی قادری دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم مرکزی دار العلوم جامعہ حنفیہ، قصور

قرآنِ مجید برہانِ رشیدِ ربِ کائنات کی لاریب کتاب ہے، جو منبع رشد و ہدایت ہے۔ نزولِ قرآن سے لے کر آج تک اس کے تراجم علماء نے اپنی اپنی استعداد کے مطابق کیے۔ لیکن اُن تراجم میں جو مقام و مرتبہ اور شہرتِ دوام کنز الایمان کو حاصل ہوئی وہ کسی اور کا خاصہ نہیں بنی۔

ترجمہ کنز الایمان، حامیِ سنت، ماحیِ بدعت، واقفِ اسرارِ علومِ عقلیہ و نقلیہ، وارثِ علومِ اسلاف، امامِ عاشقاں، فنافی الرسول، مجدد دین و ملت علامہ مفتی الحافظ القاری الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کا وہ عظیم شاہ کار ہے، جس کے لفظ لفظ سے خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ کی جھلک نظر آتی ہے۔

جس حُسنِ تحریر سے یہ ترجمہ متصف ہے، وہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کے علم و فضل کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ تمام علمی و ادبی جہات کے ساتھ ساتھ کہیں بھی ذرہ بھر لغزش نظر نہیں آتی۔

یوں سمجھئے جو فوقیت چاند کو تاروں پر اور سورج کو چاند پر حاصل ہے وہی فوقیت بلاشبہ کنز الایمان کو تمام تراجم پر حاصل ہے۔ کنز الایمان تمام تراجم پر فائق ہے۔

عزیزم مولانا مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے جس طرح ترجمہ قرآن کنز الایمان کے ساتھ لفظی ترجمہ کو شامل کیا ہے، ان کے اس کام نے جہانِ علم میں ایک نیا باب کھولا ہے۔ اس لفظی ترجمہ سے جہاں علماء بالخصوص درسِ نظامی کے طلباء مستفید ہوں گے، وہاں عوام بھی اس سے اپنی علمی تشنگی بجھا سکتے ہیں۔

یوں مولانا کا یہ کام کئی پہلوؤں سے ہر خاص و عام کے لیے ایک انمول علمی گلدستہ ہے۔ ربِ قدیر مولانا موصوف کے قلم کو مزید برکتیں عطاء فرمائے۔ ان کی کاوش کو قبول فرما کر ذریعہ نجات بنائے۔

ربِ ذوالجلال ان کے علم اور عمل میں اپنی رحمتِ خاصہ داخل فرمائے۔ آمین!

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبِّ یَسِّرۡ وَلَا تُعَسِّرۡ وَتَمِّمۡ بِالۡخَیۡرِ

ادیب اہلسنت استاذ العلماء حضرت علامہ الحاج **محمد منشا تابش قصوری** دامت برکاتہم العالیہ

مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تراجم کا سلطان ترجمہ کنزالایمان

رب العزت جل وعلاء نے اپنے حبیب کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کو ختمِ نبوت کا تاج پہنا کر خاتم الکتب قرآن کریم فرقانِ حمید کی نعمت عظمیٰ سے عطا فرما کر معلمِ کتاب وحکمت کے وصف سے بھی سرفراز کیا، پھر آپ کی ذات والا برکات نے قرآن کریم کی تعلیم سے اس طرح نوازا کہ ہر زمانہ آپ کی تعلیم وحکمت اور اس کتابِ مبین پر ناز کرتا آ رہا ہے، آج روئے زمین پر کوئی ایسا ملک نہیں جو قرآنِ مجید فرقانِ حمید کے انوار وتجلیات سے مستنیر نہ ہو، ہر زبان قرآن کریم سے تر ہے، چہار دانگ عالم میں ایسا کوئی علاقہ، خطہ نہیں جس کی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ نہ ہوا ہو اور پھر تراجم کے انداز مختلف ہیں، کوئی ادبی انداز لیے ہوئے ہے تو کوئی فصاحت و بلاغت کا مرقع ہے۔ ہر خوش نصیب مترجم نے اپنی علمی استعداد کے مطابق آسان اور سہل طریقہ کو اپنانے کی کوشش کی۔

برصغیر پاک وہند میں بھی بکثرت زبانیں بولی جاتی ہیں، علاقائی سطح پر قرآن کریم کے ان زبانوں میں ترجمے پائے جاتے ہیں، مگر برصغیر پاک وہند میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان اُردو ہے۔ اس لیے علمائے پاک وہند نے اُردو زبان کو قرآن مجید کے تراجم سے خوب مستفیض فرمایا۔ اُردو میں بیشتر تراجم وتفاسیر بھی معرضِ وجود میں آئیں۔ نظم ونثر میں ترجمے اور تفسیر پائی جاتی ہیں، وقت کے تقاضے کے مطابق کئی اہلِ محبت نے مسلمان بچے، بچیوں اور عام کم علم لوگوں کی آسانی کے لیے لفظی ترجمے کی طرف رجوع کیا اور اس مقصد میں وہ کامیاب بھی رہے، جیسے جیسے اُردو زبان میں نکھار آتا گیا، تراجم کی طرف بھی اتنی کیفیت و جاذبیت ترقی کرتی گئی۔ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت، مجدد دین وملت، مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ کنزالایمان کو رائج الوقت تراجم کا سلطان تسلیم کیا گیا ہے، اور اس کثرت سے ناشرین قرآن ادارے اسے شائع کر رہے ہیں کہ طلب میں اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے۔ اسی عظیم الشان، عدیم المثال ترجمہ کنزالایمان کو لفظاً لفظاً لباس پہنانے کی طرح ڈالی ہے۔ محترم المقام حضرت علامہ مولانا مفتی ظفر جبار چشتی، صاحب نے۔

مفتی ظفر جبار چشتی ایک سلجھے ہوئے اہل علم ہیں۔ مذکور قبل ازیں ریاض الایمان کے نام سے قرآن کریم کا ترجمہ کر چکے ہیں جو بحمدہٖ تعالیٰ شائع ہو چکا ہے، نیز متعدد کتب کے مصنف ہیں جنہیں لاہور کے کئی ادارے زیورِ طبع سے آراستہ کر رہے ہیں۔

اب کنزالایمان کو بعینہٖ الفاظ کا جامہ پہنا رہے ہیں تا کہ سکول، کالج، دینی مدارس اور دیگر اداروں کے طلباء آسانی سے استفادہ کر سکیں۔ امید ہے مولانا مذکور کی یہ دینی وملی کاوش قبولیت کا شرف پائے گی۔ انشاء اللہ العزیز الحمید!

استاذ العلماء حضرت علامہ

صاحبزادہ مفتی محمد لطف اللہ نوری

صدر شعبہ افتاء، مدرس جامعہ حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف اوکاڑہ

قرآن کے معانی اور مفاہیم سمجھنا اور بساط بھر عوام الناس کو سمجھانا علماء امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے اور علاقائی زبان میں ترجمہ کرنا اور ایک ایک کلمہ، قرآن کا ترجمہ اور مفہوم واضح کرنا قرآن سکھانے کی بہترین صورت ہے۔ حدیث مبارکہ ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ہے: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ۔ تم میں بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے

برادر محترم گرامی قدر حضرت العلامہ ابوحمزہ مفتی ظفر جبار صاحب سلمہ ربہ الکریم نے جو کاوش کی ہے، ہمارے حلقوں میں اس طرح کے ترجمہ کی اشد ضرورت تھی، اللہ کریم ان کے علم، عمل، عمر اور وقار میں اضافہ فرمائے اور اس ترجمہ کو قبولیتِ عامہ تامہ سے ہمکنار کرے۔

میں نے اس ترجمہ پر نظر ثانی کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات پر نشان دہی کر دی ہے، مولا کریم اس کو بہتر سے بہترین بنانے میں توفیق خیر عطاء فرمائے! آمین۔

دوسرے لفظوں میں امام اہل السنت کے انوار سے مستنیر ہو کر یہ ترجمہ اب ضیا پاشیاں کرنے کے لائق ہے۔ علماء، طلباء، خطباء اور وکلاء اور ججز حضرات کے لیے یہ تحفۂ گراں بہا ہے، قبولیت کے لیے دعا گو ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء شیخ الحدیث

حضرت علامہ محمد صدیق ہزاروی سعیدی دامت برکاتہم العالیہ

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ دربار حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ،
ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، پاکستان

قرآن پاک کتاب ہدایت ہے نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم بھی اس کتاب کے احکام وہدایات سے بہرہ ور ہو کر اپنی دنیوی اور (اگر وہ مؤمن بھی ہے تو) اُخروی زندگی کو ایک کامیاب زندگی بنا سکتا ہے۔

اس کتاب لاریب کو پڑھنا بھی ثواب اور دیکھنا بھی ثواب ہے، لیکن اس کی تعلیمات سے آگاہی کے لیے عربی زبان سے واقف ہونا یا قاری کی زبان میں اس کا ترجمہ لازمی ہے۔

اُردو خواں طبقہ کے لیے اُردو زبان میں متعدد تراجم معرضِ وجود میں آئے ہیں۔

ان تراجم میں حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمۂ قرآن ”کنزالایمان“ متعدد حوالوں بالخصوص تقدیس خداوندی اور ناموسِ رسالت کے تحفظ کے اعتبار سے نہایت وقیع ترجمہ ہے، جس سے ایک دُنیا استفادہ کر رہی ہے۔

قرآن مجید کی آیاتِ بینات کا بامحاورہ ترجمہ مضمونِ آیت کو واضح کرتا ہے، اس لیے قرآن مجید سے استفادہ کے لیے یہ کافی ہوتا ہے لیکن جب قاری بالخصوص طلباء کو عربی زبان کے مختلف الفاظ کا ترجمہ الگ الگ سمجھنے کا ذوق بلکہ کسی حد تک ضرورت بھی ہو تو لفظی ترجمہ بہت اہم ہوتا ہے۔

فاضل نوجوان حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی مدظلہ متحرک، فعال اور مستند عالمِ دین ہیں۔ انہوں نے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے بڑی کاوش سے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمۂ قرآن ”کنزالایمان“ کو بامحاورہ انداز میں برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ لفظی ترجمہ ہدیۂ قارئین کیا ہے۔

ایک ہی نسخہ میں دونوں تراجم کی موجودگی یقیناً متعدد وجوہ سے قاری کے لیے بے حد مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ حضرت علامہ کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطاء فرما کر انہیں اس کا اجرِ عظیم عطاء فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء فخر السادات شیخ الحدیث

صاحبزادہ سیّد ہدایت رسول قادری دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم دار العلوم نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد

قرآن مجید کسی مخصوص تعلیم یافتہ طبقے کے لئے نازل نہیں کیا گیا بلکہ یہ ہر شخص کے لئے پیغامِ ہدایت ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّکْرِ کہ ہم نے نصیحت حاصل کرنے کے لئے قرآن مجید کو آسان کر دیا ہے۔ اسی طرح صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا کہ دین کے معاملات میں آسانی کو ملحوظ رکھو مشکلات کا باعث نہ بنو۔ ان فرامین کی روشنی میں اہل دین پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قرآن مجید کی تعلیمات کو ایسے انداز میں پیش کریں کہ معمولی پڑھا لکھا انسان بھی قرآن مجید کی تعلیمات سے مستفیض ہو سکے۔

قرآن مجید محض کتاب ثواب نہیں بلکہ کتاب انقلاب ہے۔ آج کا مسلمان حصول ثواب کے لئے اس کی تلاوت تو کرتا ہے مگر اپنی زندگی اور معاشرے کو مصطفوی انقلاب سے ہمکنار کرنے کے لئے اس کی تعلیمات سے آشنا نہیں ہوتا۔ آج ضروری ہے کہ مسلمانوں کو قرآنِ مجید کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کا ترجمہ پڑھنے کی ترغیب دی جائے۔ تا کہ وہ اپنے خالق و مالک کے پیغام کو سمجھ سکیں۔ آج فرقہ واریت کے فروغ کا سبب بھی تعلیمات قرآن سے عدم آگہی ہے۔

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں کہ جب میرا جی چاہے کہ میں ربّ سے باتیں کروں تو میں نماز پڑھتا ہوں اور جب میرا جی چاہتا ہے کہ ربّ مجھ سے باتیں کرے تو میں قرآن پڑھتا ہوں۔ چنانچہ عوام میں ترجمۂ قرآن پڑھنے کا شوق بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ ترجمہ بھی سلیس اور عام فہم ہو آج کے اسلوب بیان اور محاورات پر مشتمل ہو۔

ممتاز مذہبی سکالر حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے اسی ذمہ داری کو نبھانے کی بڑی خوبصورت کوشش کی ہے۔

برصغیر میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمۂ قرآن پاک جہاں دیگر علمی تحقیقی اور فنی کمالات کا حامل ہے وہاں اس کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ اس کا ایک ایک لفظ عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈوبا ہوا ہے۔ یہ ترجمہ جہاں ربّ قدوس کی بندگی کا جذبہ عطا کرتا ہے وہاں تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جذبے کو مسلمان کے رگ و ریشے میں اتارتا ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ وہ واحد ہستی ہیں کہ جنہوں نے برصغیر میں مسلمانوں کے ایمان و عقائد کے خلاف اُٹھنے والے ہر طوفان کا مقابلہ کیا۔ جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا کہ اگر ہندوستان میں نجدی تحریک کامیاب ہو جاتی تو پاکستان کبھی وجود میں نہ آتا۔ اس نجدی تحریک کا مقابلہ برصغیر میں صرف امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے کیا۔ آج ارضِ ہند و پاک میں درود و سلام کو جو ترانے اور نعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جو نغمے سنائی دے رہے ہیں یہ اسی ہستی کا فیض ہے۔

وقت کے ساتھ ساتھ ہر زبان میں تبدیلی آتی ہے۔ کچھ الفاظ متروک ہو جاتے ہیں کچھ نئے شامل ہو جاتے ہیں۔ اسلوب بھی بدل جاتا ہے۔ چنانچہ ضرورت تھی کہ اعلیٰ حضرت کے ترجمے کو آج کی زبان میں ڈھال کر پیش کیا جائے۔ حقیقی عالم دین وہی ہوتا ہے جو وقت کے تقاضوں کے مطابق دین کی تعلیمات کو پیش کرے اسی کا نام حکمت ہے۔ وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا۔ صوفیائے کرام نے ہر دور میں حکمت کو اپنا کر ہی دین کو زندہ کیا ہے۔ محترم مفتی صاحب کی یہ کاوش خالصتاً اعلیٰ حکمت پر مبنی ہے۔ اللہ کی مخلوق کو علم و آگہی کے ایک عظیم خزانے تک رسائی دے دی جائے تو اس سے بڑھ کر اور کارنامہ کیا ہوگا۔ بلاشبہ یہ بہت بڑا کام ہے اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب کی علمی تحقیقی اور تبلیغی مساعی میں مزید برکتیں عطا فرمائے اور ہمیں دیگر دینی مواد کو بھی آج کی زبان اور محاورے میں لوگوں کی سماعت و مطالعہ کی نذر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء جانشینِ شہیدِ پاکستان حضرت علامہ

صاحبزادہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

پرنسپل جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور (پاکستان)

قرآن کریم اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کا کلام ہے۔

کسی بھی علم یا کسی بھی فن پر کوئی کتاب حرفِ آخر نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ علم وتحقیق کا سفر جاری رہتا ہے اور ہر مصنف کے بعد کوئی بڑا مصنف اس سے مختلف اور نئی بات کہہ دیتا ہے۔ (ولا تنقضي عجائبهٗ)

یقیناً قرآن ہی وہ کتاب ہے کہ جس سے زیادہ جامع، کامل، اکمل اور مستند کوئی کتاب نہیں اس لئے کہ یہ جس کا کلام ہے اس سے بڑا کوئی عالم وحکیم نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم اپنے آغاز ہی میں واضح کر دیتا ہے "ذٰلک الکتٰب لاریب فیہ" یہ بلند رتبہ کتاب جس میں شک کی کوئی جگہ نہیں۔ صاحب کلام کے علم میں کوئی شک ہو تو کتاب میں شک ہو وہ ذات تو علیم بذات الصدور ہے۔ قرآن نے لاریب ہونے کا اعلان کر کے دراصل ہر قاریٔ قرآن کو خبردار کر دیا کہ اس کے ضابطے اس کے اصول اور اس کے قانون اب تا قیامت نافذ العمل رہیں گے ہر دور کے انسان اسی سے رشد وہدایت پائیں گے۔ قوموں کو اسی پر عمل کے نتیجے میں عروج ملے گا اور اس کو چھوڑ کر وہ شکارِ زوال بنا دی جائیں گی۔ یہی وجہ ہے کہ نزولِ قرآن کے بعد سے آج تک پوری دنیا میں علماء حق قرآن مجید کے فہم وتفہیم کے لیے ترجمہ اور تفسیر پر کام کرتے رہے ہیں۔

دنیا میں کوئی ایسی زبان نہیں جس میں کتاب اللہ کا ترجمہ نہ ہوا ہو۔ بالخصوص اُردو میں قرآن مجید کے بہت ترجمے ہوئے۔ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح انسان اللہ تعالیٰ کے حضور خود کو عاجز ودرماندہ پاتا ہے اسی طرح اسے کلام الٰہی کے سامنے اپنی کم علمی کا شدید احساس ہوتا ہے۔

قرآن کے الفاظ وآیات اتنے جامع وسیع المعنی اور زورِ بیان سے اس قدر بھرپور ہیں کہ ان کے ترجمہ یا ترجمانی کا حق ادا نہیں کیا جاسکتا۔

یہی وجہ ہے کہ مختصر الفاظ میں قرآنی آیات کا جامع، تمام پہلوؤں پر حاوی اور قرآن ہی کے انداز سے ایسا مؤثر اور مکمل

ترجمہ کرنا کہ اس میں قرآن کا زورِ بیان بھی منتقل ہو یہ بہت مشکل سا معاملہ ہے اس کے باوجود صاحبانِ عزم و ہمت اور وارثانِ انبیاء نے عظیم فریضہ سرانجام دینے کی عظیم کوشش کی ہے لیکن ان تراجم میں جو مقام و مرتبہ کنزالایمان کو حاصل ہوا ہے وہ کسی اور کے حصہ میں نہیں آیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت مولانا الشاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی علیہ الرحمہ کا ترجمہ قرآن کنزالایمان رائج الوقت تراجم کا مآخذ ہے۔ برادر مکرم علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے جس طرح کنزالایمان کے الفاظ کو نئے پیرائے میں بیان کیا ہے اور الفاظ کی گنجلک کو ختم کیا ہے مبارکباد کے مستحق ہیں۔

مفتی صاحب ایک مستند اور سلجھے ہوئے محنتی عالمِ دین ہیں۔ فاضل موصوف اِس سے پہلے کافی کتابیں تحریر کر چکے ہیں۔ مولانا موصوف نے یہ بہت بڑا کام سرانجام دیا ہے۔ اس کی اشد ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ ان کی اس کاوش سے یقیناً علماء و طلباء، عامۃ الناس آسانی سے استفادہ کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ مولانا مذکور کی اس کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور اس دینی خدمت کو عوام الناس کے لیے نفع بخش بنائے۔

آمین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فخر العلماء حضرت علامہ احمد علی قصوری دامت برکاتہم العالیہ

چیئرمین قرآن بورڈ، حکومت پنجاب، صدر مرکزِ اہلسنت پاکستان

اللہ جل مجدہ العظیم کی صفات بے شمار و لامحدود ہیں، تاہم اس کی اوّلین اور اعلیٰ ترین صفت یہ ہے کہ وہ خالقِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اس قادر و قدیر اور علیم و حکیم ذات نے اپنے اختیار و قدرت، اپنے علم و حکمت اور اپنی رضا و مشیت سے اپنے حبیب پاک صاحب لولاک احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کا ایسا عظیم ترین شاہکار بنایا کہ ان جیسا نہ کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا اور نہ ہو سکتا ہے۔ ربّ کریم نے اپنے حبیب کریم کو جو اَن گنت معجزات اور لاجواب کمالات عطا فرمائے، ان میں سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے، جو کہ قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لئے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ صحیفۂ انقلاب اپنے پڑھنے سمجھنے اور عمل پیرا ہونے والے تمام انسانوں کے لئے دنیوی فلاح اور اُخروی نجات کا ضامن ہے۔

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِیْنٌۙ○ یَّهْدِیْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ یَهْدِیْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ○ (پ۶، المائدہ ۱۶، ۱۵)

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس (اے انسانو!) اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب، جو اللہ کی مرضی پر چلا اللہ اسے سلامتی کے ساتھ ہدایت عطا فرماتا ہے، اور انہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے سیدھا راستہ دکھا دیتا ہے۔

اللہ کریم کے سب سے اعلیٰ و اکمل کلام قرآن مجید کے حوالے سے ہر مومن اور مومنہ پر لازم ہے کہ وہ اس بابرکت اور پاک کلام کے الفاظ کی صحت کے ساتھ تلاوت کو اپنا مستقل معمول بنائے، اس کے معنی کو سمجھے، اس کے احکام اور حکمتوں کے مطابق اپنی فکری، اعتقادی اور عملی زندگی گزارے۔ نبی اکرم نورِ مجسم فخرِ آدم و بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد مبارک ہے "خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَہٗ" "تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس نے خود قرآن سیکھا اور دوسروں کو سکھایا۔ لہٰذا بڑے ہی خوش نصیب ہیں وہ افراد جنہیں قرآن حکیم کی کسی نہ کسی رنگ میں کوئی نہ کوئی خدمت سرانجام دینے کی سعادت مل جاتی ہے۔ یقیناً ایسے ہی خوش نصیبوں میں ہمارے مخدوم فاضل جلیل جناب مفتی ظفر جبار چشتی (اطال اللہ عمرہٗ و اعلی اللہ عملہٗ) بھی شامل ہیں کہ جنہوں نے معلمانہ اور مبلغانہ کردار ادا کرتے ہوئے عوام الناس بلکہ علماء اور محققین کے لئے اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت الشاہ احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ کے بامحاورہ ترجمۂ قرآن کے ساتھ بڑی محنت و خوبی سے لفظی ترجمۂ قرآن کی سہولت مہیا کر دی ہے۔ بندۂ عاجز نے متعدد مقامات سے یہ ترجمہ دیکھا ہے جو خاصہ خوب ہے، دعا ہے کہ اللہ کریم مترجم عزیز کی محنت کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت اور عوام و خواص میں مقبولیت عطا فرمائے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

امامِ اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

کنز الایمان

المسمّٰی

ریاض الایمان

جلد اوّل

پارہ ۱ تا پارہ ۱۰

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

ایاتها ۷ ۱ سُورَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ۵ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

منزل۱

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لا الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لا

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
سب خوبیاں	اللہ کو	مالک (پرورش فرمانے والا)	سارے جہان والوں کا	بہت مہربان	رحمت والا

سب تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ ط اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ ط

مٰلِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ	اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَ	اِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ
مالک	روز	جزا کا	صرف تیری	ہم عبادت کرتے ہیں	اور	تجھی سے	ہم مدد چاہیں

بدلے کے دن (یعنی قیامت) کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے مدد چاہتے ہیں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ لا صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ
چلا ہم کو	راستہ	سیدھا	راستہ	ان لوگوں کا (کہ)	تو نے احسان کیا

ہم کو سیدھا راستہ چلا۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا۔

ع

عَلَيْهِمْ ۵ لا غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ع

عَلَيْهِمْ	غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	الضَّآلِّيْنَ
جن پر	نہ ان کا (کہ)	غضب ہوا	جن پر	اور	نہ	بہکے ہوؤں کا

ان کا نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کا۔

اٰیاتھا ۲۸۶ ۲ سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ مَدَنِیَّۃٌ ۸۷ رکوعاتھا ۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ① ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ ۛۖ فِیْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ ② ۙ

الٓمّٓ	ذٰلِكَ	الْكِتٰبُ	لَا	رَیْبَ	فِیْهِ	هُدًى	لِّلْمُتَّقِیْنَ
الم	وہ بلند رتبہ	کتاب	نہیں ہے	شک	اس میں	ہدایت ہے	ڈر والوں کو

ا ل م وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو۔

الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

الَّذِیْنَ	یُؤْمِنُوْنَ	بِالْغَیْبِ	وَ	یُقِیْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَ	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
وہ جو	ایمان لائیں	بے دیکھے	اور	قائم رکھیں	نماز	اور	ہماری دی ہوئی	روزی میں سے

جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری

یُنْفِقُوْنَ ③ ۙ وَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَ مَاۤ اُنْزِلَ

یُنْفِقُوْنَ	وَ	الَّذِیْنَ	یُؤْمِنُوْنَ	بِمَاۤ	اُنْزِلَ	اِلَیْكَ	وَ	مَاۤ	اُنْزِلَ
خرچ کریں	اور	وہ جو	ایمان لائیں	اس پر جو	اترا	آپ کی طرف	اور	جو	اترا

راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں

مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ④ ؕ

مِنْ قَبْلِكَ	وَ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	یُوْقِنُوْنَ
آپ سے پہلے	اور	آخرت پر	وہ	یقین رکھیں

اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیں۔

أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑤ إِنَّ

أُولٰٓئِكَ	عَلٰى هُدًى	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَ	أُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	إِنَّ
وہی لوگ	ہدایت پر ہیں	اپنے رب کی طرف سے	اور	وہی لوگ	وہ	مراد کو پہنچنے والے	بیشک

وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْهِمْ	ءَأَنْذَرْتَهُمْ	أَمْ	لَمْ تُنْذِرْهُمْ
وہ (جن کی قسمت میں)	کفر ہے	برابر ہے	ان پر	چاہے تم انہیں ڈراؤ	یا	نہ ڈراؤ

وہ جن کی قسمت میں کفر ہے انہیں برابر ہے کہ آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑥ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَ

لَا	يُؤْمِنُوْنَ	خَتَمَ	اللّٰهُ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَعَلٰى سَمْعِهِمْ	وَ
نہیں	وہ ایمان لائیں گے	مہر لگادی	اللہ نے	ان کے دلوں پر	اور ان کے کانوں پر	اور

وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی اور

عَلٰٓى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑦ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

-ع-

عَلٰٓى أَبْصَارِهِمْ	غِشَاوَةٌ	وَّ	لَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ
ان کی آنکھوں پر	گھٹاٹوپ ہے	اور	ان کے لئے	عذاب ہے	بڑا	اور کچھ	لوگ	جو

ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کیلئے بڑا عذاب ہے ۔ اور لوگوں میں سے

يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ⑧ يُخٰدِعُوْنَ

وقف لازم

يَّقُوْلُ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَ	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَ	مَا	هُمْ	بِمُؤْمِنِيْنَ	يُخٰدِعُوْنَ
کہتے ہیں	کہ ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور	پچھلے دن پر	اور	نہیں	وہ	ایمان والے	فریب دیا چاہتے ہیں

کچھ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور روز آخرت پر ایمان لائے اور وہ ایمان والے نہیں ۔ وہ

اللّٰهَ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَ مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَ

اللّٰهَ	وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ	مَا يَخْدَعُوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَ
اللہ	اور	ایمان والوں کو	اور	فریب نہیں دیتے	مگر	اپنی جانوں کو	اور

اللہ اور ایمان والوں کو دھوکہ دیا چاہتے ہیں مگر وہ اپنے آپ کو ہی دھوکہ دے رہے ہیں اور انہیں اسکا

مَا يَشْعُرُوْنَ ۝٩ؕ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ

مَا يَشْعُرُوْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	فَزَادَهُمُ	اللّٰهُ	مَرَضًا	وَ	لَهُمْ
انہیں شعور نہیں	ان کے دلوں میں	بیماری ہے	تو اور بڑھائی ان کی	اللہ نے	بیماری	اور	ان کیلئے

شعور نہیں ہے۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے پس اللہ نے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا اور ان کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ۬ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝١٠ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا	كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَا تُفْسِدُوْا
عذاب ہے	دردناک	بدلہ اس کا کہ	جھوٹ بولتے تھے	اور	جب	کہا جائے	ان سے	فساد نہ کرو

درد ناک عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔ اور جب انہیں کہا جائے

فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝١١ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

فِي الْاَرْضِ	قَالُوْٓا	اِنَّمَا نَحْنُ	مُصْلِحُوْنَ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	هُمُ
زمین میں	تو کہتے ہیں	ہم تو	سنوارنے والے ہیں	سنتا ہے!	بے شک وہ	وہی

کہ زمین میں فساد نہ کرو تو وہ کہتے ہیں ہم تو صرف اصلاح کر رہے ہیں۔ سن لو یقیناً وہی

الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝١٢ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ

الْمُفْسِدُوْنَ	وَلٰكِنْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	اٰمِنُوْا	كَمَآ	اٰمَنَ
فسادی ہیں	مگر	انہیں شعور نہیں	اور	جب	کہا جائے	ان سے	ایمان لاؤ	جیسے	ایمان لائے

فساد کرنے والے ہیں مگر وہ سمجھتے نہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے ایمان لے آؤ

النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

النَّاسُ	قَالُوْٓا	اَنُؤْمِنُ	كَمَآ	اٰمَنَ	السُّفَهَآءُ	اَلَآ	اِنَّهُمْ هُمُ	السُّفَهَآءُ
اور لوگ	تو کہیں	کیا ہم ایمان لائیں	جیسے	ایمان لائے	احمق	سنتا ہے!	وہی ہیں	احمق

کہ جس طرح دوسرے لوگ ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم احمقوں کی طرح ایمان لے

وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ (۱۳) وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا

وَلٰكِنْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	اِذَا	لَقُوا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	وَ	اِذَا
مگر	نہیں	جانتے	اور	جب	ملیں	ایمان والوں سے	تو کہیں	ہم ایمان لائے	اور	جب

آئیں سن لو وہی احمق ہیں مگر وہ جانتے نہیں۔ اور جب (وہ منافق) اہلِ ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم (بھی)

خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ

خَلَوْا	اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ	قَالُوْٓا	اِنَّا	مَعَكُمْ	اِنَّمَا	نَحْنُ
اکیلے ہوں	اپنے شیطانوں کے پاس	تو کہیں	ہم	تمہارے ساتھ ہیں	حقیقت میں	ہم تو

ایمان لے آئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں سے تنہائی میں ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم یقیناً تمہارے ساتھ ہیں ہم (مسلمانوں کا تو)

مُسْتَهْزِءُوْنَ (۱۴) اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ

مُسْتَهْزِءُوْنَ	اَللّٰهُ	يَسْتَهْزِئُ	بِهِمْ	وَ	يَمُدُّهُمْ	فِيْ طُغْيَانِهِمْ
یونہی ہنسی کرتے ہیں	اللہ	استہزا فرماتا ہے	ان سے	اور	انہیں ڈھیل دیتا ہے	کہ اپنی سرکشی میں

محض مذاق اڑاتے ہیں۔ اللہ انہیں ان کے مذاق کی سزا دیتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے سو وہ اپنی سرکشی میں

يَعْمَهُوْنَ (۱۵) اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠

يَعْمَهُوْنَ	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الضَّلٰلَةَ	بِالْهُدٰى
بھٹکتے رہیں	یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے	خریدی	گمراہی	ہدایت کے بدلے

بھٹک رہے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی

فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ ۝١٦ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِی

فَمَا رَبِحَتْ	تِّجَارَتُهُمْ	وَ	مَا	كَانُوْا	مُهْتَدِیْنَ	مَثَلُهُمْ	كَمَثَلِ	الَّذِی
تو کچھ نفع نہ لایا	ان کا سودا	اور	نہ	تھے	راہ جانتے	ان کی کہاوت	اُنکی طرح ہے کہ	جس نے

لیکن ان کی تجارت فائدہ مند نہ ہوئی اور وہ (فائدہ مند اور نفع بخش تجارت کی) راہ جانتے ہی نہ تھے۔ ان کی مثال اس شخص کی طرح ہے

اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

اسْتَوْقَدَ	نَارًا	فَلَمَّآ	اَضَآءَتْ	مَا حَوْلَهٗ	ذَهَبَ	اللّٰهُ	بِنُوْرِهِمْ
روشن کی	آگ	تو جب	جگمگا اٹھا	آس پاس	لے گیا	اللہ	ان کا نور

جس نے آگ روشن کی پھر جب ان آگ نے اس کا آس پاس روشن کر دیا تو اللہ ان کے نور کو لے گیا

وَتَرَكَهُمْ فِیْ ظُلُمٰتٍ لَّا یُبْصِرُوْنَ ۝١٧ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ

وَ	تَرَكَهُمْ	فِیْ	ظُلُمٰتٍ	لَا یُبْصِرُوْنَ	صُمٌّۢ	بُكْمٌ	عُمْیٌ	فَهُمْ
اور	چھوڑ دیا انہیں	میں	اندھیریوں	کہ کچھ نہیں سوجھتا	بہرے	گونگے	اندھے	تو وہ

اور انہیں تاریکیوں میں چھوڑ دیا کہ وہ (کچھ) نہیں دیکھتے۔ بہرے گونگے اور اندھے ہیں پس وہ (ہدایت کی طرف)

لَا یَرْجِعُوْنَ ۝١٨ۙ اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ

لَا یَرْجِعُوْنَ	اَوْ	كَصَیِّبٍ	مِّنَ السَّمَآءِ	فِیْهِ	ظُلُمٰتٌ	وَّ	رَعْدٌ
پھر آنے والے نہیں	یا	جیسے اترتا پانی	آسمان سے	کہ اس میں	اندھیریاں ہیں	اور	گرج

نہیں لوٹیں گے۔ یا جیسے آسمان سے اترتا پانی کہ اس میں اندھیریاں ہیں اور گرج

وَّبَرْقٌ ۚ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ

وَّ	بَرْقٌ	یَجْعَلُوْنَ	اَصَابِعَهُمْ	فِیْۤ اٰذَانِهِمْ	مِّنَ الصَّوَاعِقِ
اور	چمک	ٹھونس رہے ہیں	اپنی انگلیاں	اپنے کانوں میں	کڑک کے سبب

اور چمک اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس رہے ہیں کڑک کے سبب موت کے ڈر سے

حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ⑲ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ

حَذَرَ الْمَوْتِ	وَ	اللّٰهُ	مُحِيْطٌ	بِالْكٰفِرِيْنَ	يَكَادُ	الْبَرْقُ	يَخْطَفُ
موت کے ڈر سے	اور	اللہ	گھیرے ہوئے ہے	کافروں کو	یوں معلوم ہوتی ہے	بجلی	کر اچک لے جائیگی

اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ قریب ہے کہ بجلی

اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

اَبْصَارَهُمْ	كُلَّمَآ	اَضَآءَ	لَهُمْ	مَّشَوْا	فِيْهِ	وَ	اِذَآ	اَظْلَمَ	عَلَيْهِمْ
ان کی نگاہیں	جب کچھ	چمک ہوئی	ان کے لئے	چلنے لگے	اس میں	اور	جب	اندھیرا ہوا	ان پر

ان کی نگاہوں کو چھین کر لے جائے جب کچھ ان پر روشنی ہوتی ہے اس میں وہ چل پڑتے ہیں اور جب ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے

قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

قَامُوْا	وَ	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَذَهَبَ	بِسَمْعِهِمْ	وَ	اَبْصَارِهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ
کھڑے رہ گئے	اور	اگر	چاہتا	اللہ	تو لے جاتا	ان کے کان	اور	آنکھیں	بیشک	اللہ

تو وہ کھڑے ہو جاتے ہیں اور اللہ چاہتا تو ان کی سماعت اور بصارت کو زائل کر دیتا بیشک اللہ

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ⑳ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ ع ۱۳ ۲

عَلٰى	كُلِّ	شَىْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ	اعْبُدُوْا	رَبَّكُمُ	الَّذِىْ
اوپر	ہر ایک	چیز کے	قادر ہے	اے	لوگو	عبادت کرو	اپنے رب	جس نے

ہر اپنی چاہت پر قادر ہے۔ اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے

خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ㉑ الَّذِىْ جَعَلَ

خَلَقَكُمْ	وَ	الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	الَّذِىْ	جَعَلَ
تمہیں پیدا کیا	اور	تم سے پہلوں کو	یہ امید کرتے ہوئے کہ تمہیں	پرہیزگاری ملے	جس نے	بنایا

تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو (بھی) جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔ جس نے

لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

لَكُمُ	الْاَرْضَ	فِرَاشًا	وَّ	السَّمَآءَ	بِنَآءً	وَّ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً
تمہارے لئے	زمین کو	بچھونا	اور	آسمان کو	عمارت	اور	اتارا	آسمان سے	پانی

تمہارے فائدے کے لئے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے پانی برسایا

فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ

فَاَخْرَجَ	بِهٖ	مِنَ الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا لَّكُمْ	فَلَا	تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	وَّ
تو نکالے	اس سے	کچھ پھل	تمہارے کھانے کو	تو نہ	ٹھہراؤ	اللہ کے لئے	برابر والے	اور

پھر اس کے ذریعے تمہارے رزق کیلئے پھل پیدا کئے پس تم اللہ کیلئے شریک نہ ٹھہراؤ حالانکہ تم

اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	وَ	اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ رَيْبٍ	مِّمَّا	نَزَّلْنَا	عَلٰى	عَبْدِنَا	فَاْتُوْا
تم جان بوجھ کر	اور	اگر	ہو تم	شک میں	اس سے	جو ہم نے اتارا	اوپر	اپنے بندے	تو لاؤ

جانتے ہو۔ اور اگر تم شک میں ہو اس کے بارے میں جسکو ہم نے اپنے خاص بندے (حضرت محمد ﷺ) پر نازل کیا تو لے آؤ

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ

بِسُوْرَةٍ	مِّنْ مِّثْلِهٖ	وَ	ادْعُوْا	شُهَدَآءَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اِنْ
ایک سورت	اس جیسی	اور	بلاؤ	اپنے حمائتیوں کو	اللہ کے سوا	اگر

اس جیسی کوئی سورت اور اللہ کے سوا اپنے حمائتیوں کو بھی بلاؤ اگر تم (اپنے دعوے میں)

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٣﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ تَفْعَلُوْا	وَ	لَنْ تَفْعَلُوْا	فَاتَّقُوْا	النَّارَ الَّتِيْ	وَقُوْدُهَا
تم سچے ہو	پھر اگر	نہ لاسکو	اور	ہرگز نہ لاسکو گے	تو ڈرو	اس آگ جس کا	ایندھن

سچے ہو۔ پھر اگر تم نہ کر سکے اور ہرگز نہ کر سکو گے تو بچو اس آگ سے جس کا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

النَّاسُ	وَ	الْحِجَارَةُ	اُعِدَّتْ	لِلْكٰفِرِيْنَ	وَ	بَشِّرِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
آدمی	اور	پتھر ہیں	تیار رکھی ہے	کافروں کے لئے	اور	خوشخبری دیجئے	انہیں جو	ایمان لائے

آدمی اور پتھر ہیں جو کافروں کیلئے تیار کی گئی ہے۔ اور اے محبوب ﷺ! بشارت دے دیجئے انہیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ	لَهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
اور	کام کئے	اچھے	کہ	ان کے لئے	باغ ہیں	رواں	ان کے نیچے	نہریں

جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے کہ ان کیلئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا

كُلَّمَا	رُزِقُوْا	مِنْهَا	مِنْ ثَمَرَةٍ	رِّزْقًا	قَالُوْا	هٰذَا	الَّذِيْ	رُزِقْنَا
جب	انہیں کھانے کو دیا جائیگا	ان باغوں سے	کوئی پھل	کھانے کو	تو کہیں گے	یہ تو	وہی رزق ہے جو	ہمیں ملا تھا

جب انہیں ان باغوں میں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا صورت دیکھ کر کہیں گے یہ تو وہی رزق ہے

مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ وَّهُمْ

مِنْ قَبْلُ	وَ	اُتُوْا بِهٖ	مُتَشَابِهًا	وَ	لَهُمْ	فِيْهَآ	اَزْوَاجٌ	مُّطَهَّرَةٌ	وَّ	هُمْ
پہلے	اور	دیا گیا انہیں	وہ ملتا جلتا	اور	ان کیلئے	اس میں	بیبیاں ہیں	پاکیزہ	اور	وہ

جو ہمیں پہلے ملا تھا اور وہ صورت میں ملتا جلتا انہیں دیا گیا اور ان کیلئے ان باغوں میں پاکیزہ بیویاں ہیں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖۤ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا

فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَسْتَحْيٖۤ	اَنْ	يَّضْرِبَ	مَثَلًا	مَّا
ان میں	ہمیشہ رہیں گے	بیشک	اللہ	نہیں	حیا کرتا	اس سے کہ	ذکر کرے	کوئی مثال	کیسی ہی چیز کا

اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ بیشک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مثال سمجھانے کو کیسی ہی چیز کا ذکر فرمائے

بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ

بَعُوْضَةً	فَمَا	فَوْقَهَا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَيَعْلَمُوْنَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ
مچھر ہو	یا اس سے	بڑھ کر	تو وہ	جو	ایمان لائے	وہ تو جانتے ہیں	کہ بیشک یہ	حق ہے

مچھر ہو یا اس سے بڑھ کر تو وہ جو ایمان لائے وہ تو جانتے ہیں کہ یہ

رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا

مِنْ رَّبِّهِمْ	وَ	اَمَّا الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَيَقُوْلُوْنَ	مَاذَآ	اَرَادَ	اللّٰهُ	بِهٰذَا
ان کے رب کی طرف سے	اور	وہ جو	رہے کافر	وہ کہتے ہیں	کیا ہے	مقصود	اللہ کا	ایسی

ان کے رب کی طرف سے حق ہے رہے کافر تو کہتے ہیں ایسی مثال میں خدا کا کیا مقصود ہے (اللہ) بہت سے

وقف لازم

مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖۤ

مَثَلًا	يُضِلُّ	بِهٖ	كَثِيْرًا	وَّيَهْدِيْ	بِهٖ	كَثِيْرًا	وَ	مَا	يُضِلُّ	بِهٖۤ
کہاوت میں	گمراہ کرتا ہے	اس سے	بہتیروں کو	اور ہدایت فرماتا ہے	اس سے	بہتیروں کو	اور	نہیں	گمراہ کرتا	اس سے

لوگوں کو اس سے گمراہ کرتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت فرماتا ہے اور اس سے انہیں گمراہ کرتا ہے

اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۪

اِلَّا	الْفٰسِقِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ
مگر	جو بے حکم ہیں	وہ جو	توڑ دیتے ہیں	اللہ کے عہد کو	اسکے پکا ہونے کے بعد

جو نافرمان ہیں۔ (یہ نافرمان وہ لوگ ہیں) جو اللہ کے عہد کو اس سے پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ

وَ	يَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ	اللّٰهُ	بِهٖۤ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَ	يُفْسِدُوْنَ
اور	کاٹتے ہیں	اس چیز کو	کہ حکم دیا	اللہ نے	جس کے	یہ کہ	جوڑنے کا	اور	فساد پھیلاتے ہیں

اور اس (تعلق) کو کاٹتے ہیں جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں فساد بپا کرتے ہیں

فِی الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ كَیْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ

فِی الْاَرْضِ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	كَیْفَ	تَكْفُرُوْنَ	بِاللّٰهِ
زمین میں	وہی ہیں	وہ	نقصان میں ہیں	کیونکر	تم منکر ہو گے	خدا کے

یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ تم کس طرح اللہ کا

وَ كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْیَاكُمْ ۚ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ ثُمَّ اِلَیْهِ

وَ	كُنْتُمْ اَمْوَاتًا	فَاَحْیَاكُمْ	ثُمَّ	یُمِیْتُكُمْ	ثُمَّ	یُحْیِیْكُمْ	ثُمَّ	اِلَیْهِ
حالانکہ	تم مردہ تھے	اس نے تمہیں جلایا	پھر	تمہیں مارے گا	پھر	تمہیں جلائے گا	پھر	اسی کی طرف

انکار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے اس نے تمہیں زندگی بخشی پھر تمہیں موت دے گا اور پھر تمہیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ۗ ثُمَّ

تُرْجَعُوْنَ	هُوَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	لَكُمْ	مَّا	فِی الْاَرْضِ	جَمِیْعًا	ثُمَّ
پلٹ کر جاؤ گے	وہی ہے	جس نے	بنایا	تمہارے لئے	جو کچھ	زمین میں ہے	سب	پھر

لوٹائے جاؤ گے۔ (اللہ) وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے لئے زمین کی سب چیزوں کو پھر

اسْتَوٰۤی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ

اسْتَوٰۤی	اِلَی السَّمَآءِ	فَسَوّٰىهُنَّ	سَبْعَ	سَمٰوٰتٍ	وَ	هُوَ	بِكُلِّ	شَیْءٍ
استوا فرمایا	آسمان کی طرف	تو ٹھیک بنائے	سات	آسمان	اور	وہ	سب	کچھ

متوجہ ہوا آسمان کی طرف تو ٹھیک سات آسمان بنائے اور وہ ہر چیز کو

عَلِیْمٌ ﴿۲۹﴾ ع وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ

۳ ع ۹ ۳

عَلِیْمٌ	وَ	اِذْ	قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّیْ	جَاعِلٌ	فِی الْاَرْضِ
جانتا ہے	اور	جب	فرمایا	آپ کے رب نے	فرشتوں سے	میں	بنانے والا ہوں	زمین میں

خوب جانتا ہے۔ اور (اے حبیب ﷺ) یاد کرو جب آپکے رب نے فرشتوں سے فرمایا بیشک میں بنانے والا ہوں زمین میں

خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَ

خَلِيْفَةً ؕ	قَالُوْٓا	اَتَجْعَلُ	فِيْهَا	مَنْ	يُّفْسِدُ	فِيْهَا	وَ
نائب	بولے	کیا بنائے گا	اس میں	جو	فساد پھیلائے گا	اس میں	اور

اپنا نائب انہوں نے عرض کیا کیا تو اس میں اسے نائب بنائے گا جو وہاں فساد کرے اور خون بہائے؟

يَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ

يَسْفِكُ الدِّمَآءَ	وَ	نَحْنُ	نُسَبِّحُ	بِحَمْدِكَ	وَ	نُقَدِّسُ لَكَ	قَالَ	اِنِّيْٓ
خون بہائے گا	اور	ہم	تجھے سراہتے ہوئے	تیری تسبیح کرتے ہیں	اور	تیری پاکی بولتے ہیں	فرمایا	میں

اور ہم تیری حمد کے ساتھ تیری تسبیح کرتے ہیں اور (ہر عیب ونقص سے) تیرا پاک ہونا بیان کرتے ہیں اللہ تعالی نے فرمایا بیشک میں

اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (٣٠) وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ

اَعْلَمُ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	وَ	عَلَّمَ	اٰدَمَ	الْاَسْمَآءَ	كُلَّهَا	ثُمَّ	عَرَضَهُمْ
جانتا ہوں	وہ جو	تم نہیں جانتے	اور	سکھائے اللہ نے	آدم کو	نام	تمام	پھر	پیش کیا سب کو

وہ سب جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اللہ تعالی نے آدم علیہ السلام کو تمام اشیاء کے نام

عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ

عَلَى	الْمَلٰٓئِكَةِ	فَقَالَ	اَنْۢبِـُٔوْنِيْ	بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ	اِنْ	كُنْتُمْ
اوپر	ملائکہ کے	فرمایا	بتاؤ مجھے	نام ان چیزوں کے	اگر	ہو تم

سکھائے پھر سب اشیاء ملائکہ پر پیش. کر کے فرمایا اگر تم سچے ہو تو

صٰدِقِيْنَ (٣١) قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ

صٰدِقِيْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	لَا عِلْمَ لَنَآ	اِلَّا	مَا	عَلَّمْتَنَا	اِنَّكَ
سچے	بولے	پاکی ہے تجھے	ہمیں کچھ علم نہیں	مگر	جتنا	تو نے ہمیں سکھایا	بیشک تو

ان کے نام تو بتاؤ۔ فرشتوں نے عرض کیا (باری تعالی) تو پاک ہے ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا بے شک تو

أَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ (٣٢) قَالَ يٰٓاٰدَمُ أَنْۢبِئْهُمْ بِأَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ

اَنْتَ	الْعَلِيْمُ	الْحَكِيْمُ	قَالَ	يٰٓاٰدَمُ	اَنْۢبِئْهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ	فَلَمَّآ
تو ہی	علم والا	حکمت والا ہے	فرمایا	اے آدم	بتادے انہیں	سب نام	جب آدم نے

ہی علم و حکمت والا ہے۔ اللہ سبحانہ نے فرمایا اے آدم علیہ السلام! انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کرو پس جب آدم علیہ السلام

أَنْۢبَأَهُمْ بِأَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَّكُمْ إِنِّيْٓ أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ

اَنْۢبَاَهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ	قَالَ	اَلَمْ اَقُلْ	لَّكُمْ	اِنِّيْٓ	اَعْلَمُ	غَيْبَ	السَّمٰوٰتِ
بتادیے	سب کے نام	فرمایا	کیا میں نہ کہتا تھا	تم کو	کہ میں	جانتا ہوں	چھپی ہوئی	آسمانوں کی

نے انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کیا تو اللہ سبحانہ نے فرمایا کیا میں نے تم سے نہیں فرمایا تھا کہ میں آسمانوں کی

وَالْأَرْضِ ۙ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ (٣٣) وَإِذْ قُلْنَا

وَالْاَرْضِ	وَاَعْلَمُ	مَا	تُبْدُوْنَ	وَ	مَا	كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ	وَاِذْ	قُلْنَا
اور زمین کی	اور میں جانتا ہوں	جو کچھ	تم ظاہر کرتے ہو	اور	وہ کچھ	تم چھپاتے ہو	اور جب	ہم نے حکم دیا

اور زمین کی مخفی حقیقتوں کو جانتا ہوں اور وہ بھی جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔ اور (وہ وقت بھی یاد کریں)

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا إِلَّآ إِبْلِيْسَ ؕ أَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۫

لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اَبٰى	وَاسْتَكْبَرَ
فرشتوں کو	سجدہ کرو	آدم کو	تو سب نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس کے	منکر ہوا	اور غرور کیا

جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے اس نے انکار اور تکبر کیا

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ (٣٤) وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ

وَكَانَ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ	وَ	قُلْنَا	يٰٓاٰدَمُ	اسْكُنْ	اَنْتَ	وَزَوْجُكَ
اور ہو گیا	کافروں سے	اور	ہم نے فرمایا	اے آدم	رہ	تو	اور تیری بیوی

اور (نتیجتاً) کافروں میں سے ہو گیا۔ اور ہم نے فرمایا اے آدم! تم اور تمہاری بیوی

الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۖ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ

الْجَنَّةَ	وَكُلَا	مِنْهَا	رَغَدًا	حَيْثُ	شِئْتُمَا	وَلَا تَقْرَبَا	هٰذِهِ	الشَّجَرَةَ
اس جنت میں	اور کھاؤ	اس میں سے	بہت سا	جہاں سے	تمہارا جی چاہے	اور پاس نہ جانا	اس	پیڑ کے

جنت میں رہو اور اس میں جہاں سے چاہو خوب کھاؤ اور اس درخت کے قریب نہ جانا کہ

فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

فَتَكُوْنَا	مِنَ الظّٰلِمِيْنَ	فَاَزَلَّهُمَا	الشَّيْطٰنُ	عَنْهَا	فَاَخْرَجَهُمَا
کہ ہو جاؤ گے	حد سے بڑھنے والوں میں	تو لغزش دی دونوں کو	شیطان نے	اس سے	تو الگ کر دیا

حد سے بڑھنے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔ تو شیطان نے ان دونوں کو اس درخت کے ذریعے لغزش میں مبتلا کر دیا اور جہاں

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۖ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ

مِمَّا	كَانَا فِيْهِ	وَقُلْنَا	اهْبِطُوْا	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	وَلَكُمْ
وہاں سے	جہاں رہتے تھے	اور ہم نے فرمایا	نیچے اترو	آپس میں ایک تمہارا	دوسرے کا	دشمن ہے	اور تمہارے لیے

وہ رہتے تھے وہاں سے ان دونوں کو الگ کر دیا اور ہم نے فرمایا تم نیچے اترو بعض تمہارے بعض کے دشمن ہوں گے اور تمہارے لئے

فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ

فِي الْاَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَّمَتَاعٌ	اِلٰى حِيْنٍ	فَتَلَقّٰۤى	اٰدَمُ	مِنْ رَّبِّهٖ
زمین میں	ٹھہرنا ہے	اور برتنا ہے	ایک وقت تک	پھر سیکھ لئے	آدم نے	اپنے رب سے

ایک خاص وقت تک زمین میں ٹھکانا اور فائدہ اٹھانا ہے۔ پھر سیکھ لئے آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے

كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٣٧﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا

كَلِمٰتٍ	فَتَابَ	عَلَيْهِ	اِنَّهٗ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	قُلْنَا	اهْبِطُوْا
کچھ کلمے	تو توبہ قبول کی اس نے	اس کی	بیشک	وہی ہے	توبہ قبول کرنے والا	مہربان	ہم نے فرمایا	اتر جاؤ

کچھ کلمات تو اللہ نے ان کی توبہ قبول کی بیشک وہی بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ ہم نے فرمایا تم سب

مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ

مِنْهَا	جَمِيْعًا	فَاِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	مِّنِّىْ	هُدًى	فَمَنْ	تَبِعَ	هُدَاىَ
جنت سے	سب	پھر اگر	تمہارے پاس آئے	میری طرف سے	کوئی ہدایت	تو جو	پیرو ہوا	میری ہدایت کا

جنت سے اُتر جاؤ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے پس جس نے میری ہدایت کی

كُتِبَ	عَلَيْكُمُ	الْقِصَاصُ	فِى	الْقَتْلٰى	اَلْحُرُّ	بِالْحُرِّ	وَ	الْعَبْدُ	بِالْعَبْدِ
فرض کیا گیا ہے	تمہارے اوپر	قصاص	میں	مقتول کے	آزاد	آزاد کے بدلے	اور	غلام	غلام کے بدلے

تم پر خون کا بدلہ قصاص فرض کیا گیا ہے جو ناحق قتل کیے جائیں، آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام

وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِىَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَىْءٌ فَاتِّبَاعٌ

وَالْاُنْثٰى	بِالْاُنْثٰى	فَمَنْ	عُفِىَ	لَهٗ	مِنْ اَخِيْهِ	شَىْءٌ	فَاتِّبَاعٌ
اور عورت	عورت کے بدلے	تو جو	معافی دیا گیا	اس کے لئے	اپنے بھائی سے	کچھ	تو پیروی ہو

اور عورت کے بدلے عورت، پھر اگر اس کو اس کے بھائی کی طرف سے کچھ (قصاص) معاف کر دیا جائے تو طلب کرے

أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ

اَوْ	عَلٰى سَفَرٍ	فَعِدَّةٌ	مِّنْ اَيَّامٍ	اُخَرَ	وَعَلَى	الَّذِيْنَ	يُطِيْقُوْنَهٗ
یا	سفر میں ہو	تو گنتی	اور دنوں کی	بعد میں	اور اوپر	ان کے جن کی	طاقت نہ ہو

تو دوسرے دنوں میں سے تعداد پوری کر لے اور جنہیں اس کی طاقت نہ ہو ان کے ذمے ایک

فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَأَنْ

فِدْيَةٌ	طَعَامُ	مِسْكِيْنٍ	فَمَنْ	تَطَوَّعَ خَيْرًا	فَهُوَ	خَيْرٌ	لَّهٗ	وَ	اَنْ
بدلہ ہے	کھانے کا	ایک مسکین کو	تو جو	خوشی سے زیادہ کرے نیکی	تو وہ	بہتر ہے	اس کے لئے	اور	یہ کہ

مسکین کے کھانے کا بدلہ ہے، پھر جو کوئی اپنی خوشی سے (زیادہ) نیکی کرے تو وہ اس کیلئے بہتر ہے

تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ

تَصُوْمُوْا	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	شَهْرُ	رَمَضَانَ	الَّذِيْٓ
اگر روزے رکھے	بھلا ہے	تمہارے لئے	اگر	ہو تم	جانتے	مہینہ	رمضان کا	وہ ہے کہ

اور تمہارا روزہ رکھ لینا تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن اُتارا گیا

أُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى

اُنْزِلَ	فِيْهِ	الْقُرْاٰنُ	هُدًى	لِّلنَّاسِ	وَ	بَيِّنٰتٍ	مِّنَ الْهُدٰى
اترا	اس میں	قرآن	ہدایت	لوگوں کے لئے	اور	راہنمائی	ہدایت سے

لوگوں کو ہدایت کرنے والا، اور روشن دلیلیں رہنمائی کرنے والی، اور حق و باطل میں فیصلہ کرنے والی تو تم میں سے

وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ

وَالْفُرْقَانِ	فَمَنْ	شَهِدَ	مِنْكُمُ	الشَّهْرَ	فَلْيَصُمْهُ	وَ	مَنْ	كَانَ
اور حق و باطل کا فرق	تو جو	پائے	تم میں سے	یہ مہینہ	تو ضرور روزے رکھے	اور	جو	ہو

جو اس مہینہ کو پائے تو وہ ضرور اس کے روزے رکھے اور جو بیمار یا مسافر ہو (اور روزے نہ رکھے)

مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ

مَرِيْضًا	اَوْ	عَلٰى	سَفَرٍ	فَعِدَّةٌ	مِّنْ اَيَّامٍ	اُخَرَ	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	بِكُمُ	الْيُسْرَ
بیمار	یا	اوپر	سفر کے ہو	تو گنتی	اور دنوں میں	بعد کو	ارادہ کرتا ہے	اللہ	تمہارے ساتھ	آسانی کا

تو دوسرے دنوں میں تعداد (پوری کرنا لازم) ہے۔ اللہ تم پر آسانی کا ارادہ فرماتا ہے اور تنگی کا ارادہ نہیں فرماتا

وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۫ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا

وَ	لَا	يُرِيْدُ	بِكُمُ	الْعُسْرَ	وَلِتُكْمِلُوا	الْعِدَّةَ	وَلِتُكَبِّرُوا	اللّٰهَ	عَلٰى	مَا
اور	نہیں	ارادہ کرتا	تمہارے ساتھ	دشواری کا	تم پوری کرو	گنتی	اور بڑائی بیان کرو	اللہ کی	اوپر	اس کے

اور تاکہ تم تعداد پوری کر لو اور اللہ کی بڑائی بیان کرو اس پر کہ تمہیں اللہ

هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ

هَدٰىكُمْ	وَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَ	اِذَا	سَاَلَكَ	عِبَادِیْ	عَنِّیْ	فَاِنِّیْ
ہدایت کی تمہیں	اور	تاکہ تم	شکرگزار بنو	اور	جب	پوچھیں آپ سے	میرے بندے	مجھے	تو میں

نے ہدایت کی تاکہ تم شکرگزار ہو جاؤ۔ اور (اے حبیب ﷺ!) جب میرے بندے میرے بارے میں آپ سے دریافت کریں

قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِیْ

قَرِيْبٌ	اُجِيْبُ	دَعْوَةَ	الدَّاعِ	اِذَا	دَعَانِ	فَلْيَسْتَجِيْبُوْا	لِیْ
نزدیک ہوں	قبول کرتا ہوں	دعا	پکارنے والے کی	جب	جب مجھے پکارے	تو چاہیے کہ حکم مانیں	میرا

تو (آپ فرمادیں کہ) بیشک میں (ان کے) قریب ہوں، دُعا کرنے والے کی قبول کرتا ہوں جب وہ مجھ سے دعا کرے تو چاہیے کہ وہ میرا حکم

وَلْيُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ

وَلْيُؤْمِنُوْا	بِیْ	لَعَلَّهُمْ	يَرْشُدُوْنَ	اُحِلَّ	لَكُمْ	لَيْلَةَ	الصِّيَامِ	الرَّفَثُ
اور ایمان لائیں	میرے ساتھ	تاکہ وہ	راہ پائیں	حلال ہے	تمہارے لئے	رات	روزے کی میں	قربت کرنا

مانیں اور مجھ پر ایمان رکھیں تاکہ وہ رہنمائی حاصل کریں۔ روزوں کی راتوں میں اپنی عورتوں کے پاس جانا

إِلَىٰ نِسَآئِكُمْ ؕ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ

أَنَّكُمْ	اللّٰهُ	عَلِمَ	لَّهُنَّ	لِبَاسٌ	أَنتُمْ	وَ	لَّكُمْ	لِبَاسٌ	هُنَّ	نِسَآئِكُمْ	إِلَىٰ
تم	اللہ نے کہ	جان لیا	ان کیلئے	لباس ہو	تم	اور	تمہارے لئے	لباس ہیں	وہ	اپنی عورتوں کے	طرف

تمہارے لئے حلال کیا گیا وہ تمہارے لیے لباس ہیں اور تم ان کے لیے لباس ہو

كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ

فَالْـٰٔنَ	عَنكُمْ	وَعَفَا	عَلَيْكُمْ	فَتَابَ	أَنفُسَكُمْ	تَخْتَانُونَ	كُنتُمْ
تو اب	تم پر سے	اور معاف کیا	تمہاری	تو اس نے توبہ قبول کی	اپنی جانوں سے	خیانت کرتے	تھے

اللہ تعالیٰ نے جان لیا کہ تم اپنی جانوں کو خیانت میں ڈالتے تھے تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی اور تمہیں

بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۖ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰى

حَتّٰى	اشْرَبُوا	وَ	وَكُلُوا	لَكُمْ	اللّٰهُ	كَتَبَ	مَا	وَابْتَغُوا	بَاشِرُوهُنَّ
یہاں تک کے	پیو	اور	اور کھاؤ	تمہارے لئے	اللہ نے	لکھا	وہ جو	اور طلب کرو	صحبت کرو ان سے

معاف فرمایا تو اب ان سے صحبت کرو اور طلب کرو جو اللہ نے تمہارے نصیب میں لکھا ہو تم کھاؤ اور پیو یہاں تک

يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ

مِنَ الْفَجْرِ	الْأَسْوَدِ	مِنَ الْخَيْطِ	الْأَبْيَضُ	الْخَيْطُ	لَكُمُ	يَتَبَيَّنَ
صبح میں	سیاہ	ڈورے سے	سپید صبح کا	ڈورا	تمہیں	ظاہر ہو

کہ فجر کی سفید دھاری رات کی سیاہ دھاری ۔ سے الگ ظاہر ہو جائے

ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عٰكِفُونَ ۙ فِي

فِي	عٰكِفُونَ	أَنتُمْ	وَ	تُبَاشِرُوهُنَّ	لَا	وَ	إِلَى الَّيْلِ	الصِّيَامَ	أَتِمُّوا	ثُمَّ
میں	اعتکاف میں ہو	جب تم	اور	صحبت کرو ان سے	نہ	اور	رات تک	روزہ	پورا کرو	پھر

پھر رات آنے تک روزے کو پورا کرو اور عورتوں سے مباشرت نہ کرو جب تم مسجدوں میں

الْمَسٰجِدِ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

الْمَسٰجِدِ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ	فَلَا	تَقْرَبُوْهَا	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ
مسجدوں	یہ ہیں	حدیں	اللہ کی	تو نہ	قریب ہو اس کے	ایسے ہی	بیان کرتا ہے	اللہ

اعتکاف میں ہو یہ اللہ کی حدیں ہیں ان کے پاس نہ جاؤ اللہ یوں ہی بیان کرتا ہے

اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

اٰيٰتِهٖ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	وَ	لَا	تَاْكُلُوْٓا	اَمْوَالَكُمْ	بَيْنَكُمْ
اپنی آیتیں	لوگوں کے لئے	تا کہ انہیں	پرہیزگاری ملے	اور	نہ	کھاؤ	اپنے مال	آپس میں

لوگوں سے اپنی آیتیں کہ کہیں انہیں پرہیزگاری ملے۔ اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ

بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ

بِالْبَاطِلِ	وَتُدْلُوْا بِهَآ	اِلَى	الْحُكَّامِ	لِتَاْكُلُوْا	فَرِيْقًا	مِّنْ اَمْوَالِ
باطل طریقے سے	اور نہ لے جاؤ اس کو	طرف	حاکموں کے	تا کہ کھاؤ	ایک حصہ	مال کا

اور نہ حاکموں کے پاس ان کا مقدمہ اس لئے پہنچاؤ کہ لوگوں کا کچھ مال

النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ هِىَ

۲۳ ع ۱ ۷

النَّاسِ	بِالْاِثْمِ	وَ	اَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	يَسْــَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْاَهِلَّةِ	قُلْ	هِىَ
لوگوں سے •	گناہ کے ساتھ	اور	تم	جانتے ہو	پوچھتے ہیں آپ سے	نئے چاند کو	فرمادیجئے	وہ

ناجائز طور پر کھا لو حالانکہ تم جانتے ہو۔ (اے حبیب ﷺ) لوگ آپ سے چاند کی (مختلف صورتوں) کے

مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۭ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ

مَوَاقِيْتُ	لِلنَّاسِ	وَالْحَجِّ	وَ	لَيْسَ	الْبِرُّ	بِاَنْ	تَاْتُوا	الْبُيُوْتَ
وقت کی علامتیں ہیں	لوگوں کیلئے	اور حج کیلئے	اور	نہیں	نیکی	یہ کہ	آؤ تم	گھروں کو

بارے میں پوچھتے ہیں، فرما دیں یہ لوگوں کیلئے ماو حج (کے تعین) کیلئے وقت کی علامتیں ہیں اور یہ کوئی نیکی نہیں کہ تم (حالتِ احرام

مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۠

مِنْ ظُهُوْرِهَا	وَ	لٰكِنَّ	الْبِرَّ	مَنِ	اتَّقٰى	وَاْتُوا	الْبُيُوْتَ	مِنْ اَبْوَابِهَا
ان کی پشت سے	اور	لیکن	بھلائی ہے	جو	پرہیزگار ہوا	اور آؤ	گھروں کو	ان کے دروازوں سے

میں) گھروں میں ان کی پشت کی طرف سے آؤ بلکہ نیکی تو اس شخص کے لئے جس نے پرہیزگاری اختیار کی اور تم گھروں میں ان

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَ	قَاتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	الَّذِيْنَ
اور ڈرتے رہو	اللہ سے	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور	لڑو	میں	راہ	اللہ کی	ان سے جو

کے دروازوں سے آیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور اللہ کی راہ میں ان سے جنگ کرو جو تم سے جنگ کرتے ہیں

يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾

يُقَاتِلُوْنَكُمْ	وَ	لَا	تَعْتَدُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُحِبُّ	الْمُعْتَدِيْنَ
تم سے لڑتے ہیں	اور	نہ	بڑھو حد سے	بے شک	اللہ	نہیں	پسند کرتا	حد سے بڑھنے والوں کو

ہاں مگر حد سے نہ بڑھو، بے شک اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ

وَاقْتُلُوْهُمْ	حَيْثُ	ثَقِفْتُمُوْهُمْ	وَ	اَخْرِجُوْهُمْ	مِّنْ حَيْثُ
اور قتل کروان کو	جہاں	پاؤ تم ان کو	اور	نکالوان کو	جہاں سے

اور ان کافروں کو جو تم سے لڑیں قتل کرو جہاں انہیں پاؤ اور انہیں نکالو جہاں سے انہوں نے

اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ

اَخْرَجُوْكُمْ	وَالْفِتْنَةُ	اَشَدُّ	مِنَ الْقَتْلِ	وَ	لَا	تُقٰتِلُوْهُمْ	عِنْدَ
نکالا انہوں نے تم کو	اور فتنہ	بہت سخت ہے	قتل سے	اور	نہ	لڑوان سے	پاس

تمہیں نکالا اور (کفر کا) فساد قتل سے زیادہ سخت ہے اور نہ قتال کرو ان سے

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۭ

الْمَسْجِدِ	الْحَرَامِ	حَتّٰى	يُقٰتِلُوْكُمْ	فِيْهِ	فَاِنْ	قٰتَلُوْكُمْ	فَاقْتُلُوْهُمْ
مسجد	حرام کے	یہاں تک کہ	لڑائی کریں وہ تم سے	اس میں	اور اگر	تم سے لڑیں	تو انہیں قتل کرو

مسجد حرام کے پاس یہاں تک کہ وہ تم سے وہاں قتال کریں پھر اگر وہ تم سے (وہاں) قتال کریں

كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

كَذٰلِكَ	جَزَآءُ	الْكٰفِرِيْنَ	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ
یہی	سزا ہے	کافروں کی	پھر اگر	باز رہیں	تو بے شک	اللہ	بخشنے والا

تو انہیں قتل کرو کافروں کی ایسی ہی سزا ہے۔ پھر اگر وہ (کفر سے) باز آ جائیں تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۭ

رَّحِيْمٌ	وَ	قٰتِلُوْهُمْ	حَتّٰى	لَا	تَكُوْنَ	فِتْنَةٌ	وَّ	يَكُوْنَ	الدِّيْنُ	لِلّٰهِ
مہربان ہے	اور	ان سے لڑو	یہاں تک کہ	نہ	رہے	فتنہ	اور	ہو جائے	دین	اللہ کا

بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور دین اللہ تعالیٰ کے لئے ہو جائے

فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ

فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَلَا	عُدْوَانَ	اِلَّا	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ	اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ
پھر اگر	باز آئیں	تو نہیں ہے	زیادتی	مگر	اوپر	ظالموں کے	ماہ حرام کے بدلے

پھر اگر وہ باز آئیں تو ظالموں کے سوا کسی پر زیادتی نہیں ہو گی۔ ماہ حرام کے بدلے

بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ

بِالشَّهْرِ	الْحَرَامِ	وَ	الْحُرُمٰتُ	قِصَاصٌ	فَمَنِ	اعْتَدٰى	عَلَيْكُمْ
ماہ	حرام	اور	حرمتوں کا	بدلہ ہے	تو جو	زیادتی کرے	تم پر

ماہ حرام اور تمام حرمتوں کا قصاص ہے پھر جو تم پر زیادتی کرے اس پر اتنی

فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

فَاعْتَدُوْا	عَلَيْهِ	بِمِثْلِ	مَا	اعْتَدٰى	عَلَيْكُمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اعْلَمُوْٓا
تو زیادتی کرو	اس پر	اتنی	کہ	اس نے زیادتی کی	تم پر	اور ڈرو	اللہ سے	اور	جان رکھو

ہی زیادتی کرو جتنی اس نے کی اور اللہ سے ڈرتے رہو اور تم جان لو بے شک

اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ

اَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الْمُتَّقِيْنَ	وَ	اَنْفِقُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَ	لَا	تُلْقُوْا	بِاَيْدِيْكُمْ
کہ بیشک	اللہ	ساتھ ہے	پرہیزگاروں کے	اور	خرچ کرو	میں	راہ	اللہ کی	اور	نہ	پڑو	اپنے ہاتھوں

اللہ ڈرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہی ہاتھوں خود کو ہلاکت میں

اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَاَتِمُّوا

اِلَى التَّهْلُكَةِ	وَاَحْسِنُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	اَتِمُّوا
ہلاکت میں	اور بھلائی کرو	بیشک	اللہ	پسند کرتا ہے	بھلائی والے	اور	پورا کرو

نہ ڈالو اور نیکی اختیار کرو، بے شک اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے۔ اور حج

الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ

الْحَجَّ	وَ	الْعُمْرَةَ	لِلّٰهِ	فَاِنْ	اُحْصِرْتُمْ	فَمَا	اسْتَيْسَرَ	مِنَ الْهَدْيِ
حج	اور	عمرہ	اللہ کے لئے	پھر اگر	روکے جاؤ تم	تو جو	میسر ہو	قربانی

اور عمرہ (کے مناسک) اللہ کیلئے مکمل کرو پھر اگر تم (راستے میں) روک لئے جاؤ تو جو قربانی بھی میسر آئے ذبح کرنے کیلئے

وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ

وَ	لَا	تَحْلِقُوْا	رُءُوْسَكُمْ	حَتّٰى	يَبْلُغَ	الْهَدْيُ	مَحِلَّهٗ	فَمَنْ	كَانَ
اور	نہ	منڈاؤ	اپنے سر	یہاں تک کہ	پہنچ جائے	قربانی	اپنے مقام پر	تو جو	ہو

بھیج دو اور اپنے سروں کو اس وقت تک نہ منڈواؤ جب تک قربانی (کا جانور) اپنے مقام پر نہ پہنچ جائے پھر تم

مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ

مِنْكُمْ	مَّرِيْضًا	اَوْ	بِهٖٓ	اَذًى	مِّنْ رَّاْسِهٖ	فَفِدْيَةٌ	مِّنْ صِيَامٍ
تم میں سے	بیمار	یا	ہو اس کو	کوئی تکلیف	سر میں	تو فدیہ ہے	روزوں سے

میں سے جو کوئی بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ تکلیف ہو تو اس کے بدلے میں روزے رکھے

اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۥ وقفة فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ

اَوْ	صَدَقَةٍ	اَوْ	نُسُكٍ	فَاِذَآ	اَمِنْتُمْ	فَمَنْ	تَمَتَّعَ	بِالْعُمْرَةِ	اِلَى	الْحَجِّ
یا	صدقے سے	یا	قربانی سے	تو جب	امن میں ہو تم	تو جو	فائدہ اٹھائے	ساتھ عمرہ کے	طرف	حج کی

یا صدقہ دے یا قربانی کرے پھر جب تم اطمینان کی حالت میں ہو تو جو کوئی عمرہ کو حج کے ساتھ

فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي

فَمَا	اسْتَيْسَرَ	مِنَ الْهَدْيِ	فَمَنْ	لَّمْ	يَجِدْ	فَصِيَامُ	ثَلٰثَةِ	اَيَّامٍ	فِي
تو جو	میسر ہو	قربانی سے	پھر جو	نہ	پائے	تو روزے رکھے	تین	دن	میں

ملانے کا فائدہ اٹھائے تو جو بھی قربانی میسر آئے (کر دے)، پھر جسے میسر نہ ہو وہ تین دن کے

الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ

الْحَجِّ	وَ	سَبْعَةٍ	اِذَا	رَجَعْتُمْ	تِلْكَ	عَشَرَةٌ	كَامِلَةٌ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	لَّمْ
حج کے	اور	سات روزے	جب	تم لوٹو	یہ	دس ہیں	پورے	یہ	اس کیلئے ہے جو	نہ

روزے (زمانۂ) حج میں رکھے اور سات (دن کے روزے) جب حج سے واپس لوٹے، یہ پورے دس (روزے) ہوئے،

يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

يَكُنْ	اَهْلُهٗ	حَاضِرِي	الْمَسْجِدِ	الْحَرَامِ	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ
ہوں	اسکے گھر والے	رہنے والے	مسجد	حرام کے	اور	ڈرو	اللہ سے	اور	جان رکھو	بیشک

یہ رعایت اس کیلئے ہے جس کے اہل و عیال مسجدِ حرام کے پاس نہ رہتے ہوں اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ

ع ۲۴ ۸ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ج فَمَنْ فَرَضَ

اللّٰہَ	شَدِیْدُ	الْعِقَابِ	اَلْحَجُّ	اَشْهُرٌ	مَّعْلُوْمٰتٌ	فَمَنْ	فَرَضَ
اللہ	سخت	عذاب والا ہے	حج کے	چند مہینے	مقرر ہیں	تو جو	نیت کرے

بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔ حج کے مہینے معروف ہیں پھر جو شخص ان میں حج کا ارادہ

فِیْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ لا وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ ط وَمَا

فِیْهِنَّ	الْحَجَّ	فَلَا	رَفَثَ	وَ	لَا	فُسُوْقَ	وَ	لَا	جِدَالَ	فِی	الْحَجِّ	وَ	مَا
ان میں	حج کی	تو نہ	فحش کلامی ہو	اور	نہ	گناہ	اور	نہ	جھگڑا	میں	حج	اور	جو

کرے تو وہ حج کے دوران نہ فحش گفتگو کرے، نہ نافرمانی کے کام اور نہ لڑائی جھگڑا۔ اور بھلائی میں

تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ یَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ ط وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ

تَفْعَلُوْا	مِنْ خَیْرٍ	یَّعْلَمْهُ	اللّٰهُ	وَتَزَوَّدُوْا	فَاِنَّ	خَیْرَ	الزَّادِ
کرو تم	بھلائی	جانتا ہے اسے	اللہ	اور توشہ ساتھ لو	تو بے شک	بہترین	توشہ

سے جو کام تم کرو گے اللہ تعالیٰ اس کو جان لے گا۔اور اپنے ساتھ زادِ راہ لے لو۔ پس یقیناً بہترین زادِ راہ

التَّقْوٰی ز وَاتَّقُوْنِ یٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

التَّقْوٰی	وَ	اتَّقُوْنِ	یٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ	لَیْسَ	عَلَیْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ
پرہیزگاری ہے	اور	ڈرو مجھ سے	اے عقل والو	نہیں ہے	تم پر	کوئی گناہ	یہ کہ

تقویٰ ہے اور اے عقل والو! مجھ سے ڈرتے رہو۔ تم پر کوئی گناہ نہیں (حج کے دوران)

تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ط فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ

تَبْتَغُوْا	فَضْلًا	مِّنْ رَّبِّكُمْ	فَاِذَآ	اَفَضْتُمْ	مِّنْ عَرَفٰتٍ	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ
تلاش کرو	فضل	اپنے رب کا	پھر جب	پلٹو	عرفات سے	تو ذکر کرو	اللہ کا

اپنے رب کا فضل (روزی) تلاش کرنے میں پھر جب تم عرفات سے واپس آؤ تو اللہ کو یاد کرو (مزدلفہ میں)

عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ

عِنْدَ	الْمَشْعَرِ	الْحَرَامِ	وَ	اذْكُرُوْهُ	كَمَا	هَدٰىكُمْ	وَ	اِنْ	كُنْتُمْ
پاس	مشعر	حرام کے	اور	اس کا ذکر کرو	جیسے	اس نے تمہیں ہدایت کی	اور	بیشک	تھے تم

مشعرِ حرام کے نزدیک اور اس کا ذکر کرو جیسا کہ اس نے تمہیں ہدایت فرمائی اور اگرچہ اس سے

مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ

مِّنْ قَبْلِهٖ	لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ	ثُمَّ	اَفِيْضُوْا	مِنْ حَيْثُ	اَفَاضَ	النَّاسُ
اس سے پہلے	بہکے ہوئے	پھر	پلٹو	جہاں سے	پلٹتے ہیں	لوگ

پہلے تم ضرور گمراہوں میں سے تھے۔ پھر (بات یہ ہے کہ اے قریشیو!) تم بھی وہیں سے پلٹو جہاں

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمْ

وَ	اسْتَغْفِرُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	فَاِذَا	قَضَيْتُمْ
اور	بخشش مانگو	اللہ سے	بے شک	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	پھر جب	پورا کرلو

سے لوگ پلٹتے ہیں اور اللہ سے معافی مانگو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ پھر جب اپنے حج کے

مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ

مَّنَاسِكَكُمْ	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَذِكْرِكُمْ	اٰبَآءَكُمْ	اَوْ	اَشَدَّ	ذِكْرًا	فَمِنَ النَّاسِ
مام مناسک حج کے	تو یاد کرو	اللہ	جیسے یاد کرتے ہو	اپنے باپ دادا کو	یا	اس سے بھی زیادہ	یاد کرو	اور کوئی آدمی

مناسک پورے کر چکو تو اللہ کا ذکر کرو جیسے اپنے باپ دادا کا ذکر کرتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ اور لوگوں

مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ

مَنْ يَّقُوْلُ	رَبَّنَآ	اٰتِنَا	فِي	الدُّنْيَا	وَ	مَا	لَهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	مِنْ
وں کہتا ہے	اے ہمارے رب	دے ہمیں	میں	دنیا	اور	نہیں	اس کا	آخرت میں	کچھ

ں سے کوئی شخص یوں کہتا ہے کہ اے ہمارے رب ہمیں دنیا ہی میں دے تو آخرت میں

خَلَاقٍ (۲۰۰) وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

خَلَاقٍ	وَ	مِنْهُمْ	مَنْ يَّقُوْلُ	رَبَّنَآ	اٰتِنَا	فِي	الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَّ	فِي
حصہ	اور	ان میں سے	کوئی یوں کہتا ہے	اے ہمارے رب	دے ہمیں	میں	دنیا	بھلائی	اور	میں

اس کا کچھ حصہ نہیں اور ان میں سے ایسے بھی ہیں جو عرض کرتے ہیں اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (۲۰۱) النصف اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا

النصف

الْاٰخِرَةِ	حَسَنَةً	وَّ	قِنَا	عَذَابَ	النَّارِ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	نَصِيْبٌ	مِّمَّا
آخرت	بھلائی	اور	بچا ہم کو	عذاب	دوزخ سے	یہ ہیں کہ	ان کے لئے	حصہ ہے	اس سے

اور آخرت میں بھی بھلائی سے نواز اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کیلئے ان کی

كَسَبُوْا ۗ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ (۲۰۲) وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ

كَسَبُوْا	وَ	اللّٰهُ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ	وَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	فِيْٓ	اَيَّامٍ
جوانہوں نے کمایا	اور	اللہ	جلد	حساب کرنے والا ہے	اور یاد کرو	اللہ کو	میں	دنوں

(نیک) کمائی سے حصہ ہے اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔ اور اللہ کو یاد کرو گنتی کے دنوں میں تو جس نے (جانے کی)

مَّعْدُوْدٰتٍ ۗ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ

مَّعْدُوْدٰتٍ	فَمَنْ	تَعَجَّلَ	فِيْ	يَوْمَيْنِ	فَلَآ	اِثْمَ	عَلَيْهِ	وَ	مَنْ
گنے ہوئے	تو جو	جلدی کرے	میں	دو دن	تو نہیں	گناہ	اس پر	اور	جو

جلدی کی دو دن میں اس پر کوئی گناہ نہیں اور جس نے دیر کی تو اس پر (بھی) کوئی گناہ نہیں،

تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ

تَاَخَّرَ	فَلَآ	اِثْمَ	عَلَيْهِ	لِمَنِ	اتَّقٰى	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ	اِلَيْهِ
ٹھہرے	تو نہیں	گناہ	اس پر	واسطے اسکے جو	پرہیزگار رہا	اور	ڈرو	اللہ سے	اور	جان لو	بیشک تم	اسکی طرف

اس کیلئے جو پرہیزگار ہو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ تم اسی کی طرف

تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

تُحْشَرُوْنَ	وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُّعْجِبُكَ	قَوْلُهٗ	فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
اٹھائے جاؤ گے	اور	بعض لوگ	وہ ہیں	پسند آتی ہے آپ کو	ان کی بات	میں	زندگی	دنیا کے

جمع کئے جاؤ گے۔ اور لوگوں میں سے کوئی وہ ہے کہ اچھی لگتی ہے آپ کو اس کی بات دنیا کی زندگی میں

وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿٢٠٤﴾ وَاِذَا تَوَلّٰى

وَ	يُشْهِدُ	اللّٰهَ	عَلٰى	مَا فِيْ	قَلْبِهٖ	وَ	هُوَ	اَلَدُّ الْخِصَامِ	وَ	اِذَا	تَوَلّٰى
اور	گواہ بناتا ہے	اللہ کو	اوپر	اسکے کہ جو میں	اسکے دل	اور	وہ ہے	سخت جھگڑالو	اور	جب	پیٹھ پھیرے

اور وہ گواہ بناتا ہے اللہ کو اس چیز پر جو اس کے دل میں ہے اور وہ سب سے زیادہ جھگڑالو ہے۔ اور جب وہ حاکم بنتا ہے

سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ

سَعٰى	فِي	الْاَرْضِ	لِيُفْسِدَ	فِيْهَا	وَيُهْلِكَ	الْحَرْثَ	وَ	النَّسْلَ
کوشش کرتا ہے	میں	زمین کے	تاکہ فساد ڈالے	اس میں	اور ہلاک کرتا ہے	کھیتی	اور	جانیں

تو زمین میں فساد پھیلانے کی کوشش کرتا ہے اور کھیتوں اور نسلوں کو برباد کرتا ہے

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿٢٠٥﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ

وَ	اللّٰهُ	لَا	يُحِبُّ	الْفَسَادَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُ	اتَّقِ	اللّٰهَ	اَخَذَتْهُ	الْعِزَّةُ
اور	اللہ	نہیں	پسند کرتا	فساد کو	اور جب	کہا جائے	اس سے	ڈرو	اللہ سے	تو پکڑتی ہے اسے	ضد

اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ اور جب اس سے کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو گناہ کرنے پر اسے

بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٢٠٦﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

بِالْاِثْمِ	فَحَسْبُهٗ	جَهَنَّمُ	وَلَبِئْسَ	الْمِهَادُ	وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ
گناہ میں	تو کافی ہے اسے	جہنم	اور برا ہے	بچھونا	اور	بعض لوگ	وہ ہیں جو

اور ضد چڑھے ایسے کو دوزخ کافی ہے اور وہ بہت برا بچھونا ہے۔ اور (اس کے برعکس) لوگوں میں

يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾

يَّشْرِيْ	نَفْسَهُ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ	اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	رَءُوْفٌ	بِالْعِبَادِ
بیچتے ہیں	اپنی جان	چاہتے ہیں	رضا	اللہ کی	اور	اللہ	مہربان ہے	بندوں پر

کوئی شخص ایسا بھی ہوتا ہے جو اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے اپنی جان بھی بیچ ڈالتا ہے اور اللہ بندوں پر بڑی مہربانی فرمانے والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	ادْخُلُوْا	فِي	السِّلْمِ	كَآفَّةً	وَ	لَا	تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ
اے وہ	لوگو	جو ایمان لائے ہو	داخل ہو جاؤ	میں	اسلام	پورے پورے	اور	نہ	پیروی کرو	قدموں

اے ایمان والو اسلام میں مکمل طور پر داخل ہو جاؤ اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو

الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	فَاِنْ	زَلَلْتُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	مَا
شیطان کی	بے شک وہ	تمہارا	دشمن ہے	کھلا	پھر اگر	پھسل گئے تم	اس کے بعد کہ	جو

بے شک وہ (شیطان) تمہارا کھلا دشمن ہے۔ روشن دلیلیں آ جانے کے بعد بھی

جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

جَآءَتْكُمُ	الْبَيِّنٰتُ	فَاعْلَمُوْۤا	اَنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	هَلْ يَنْظُرُوْنَ
آئیں تمہارے پاس	کھلی دلیلیں	تو جان لو	بیشک	اللہ	زبردست	حکمت والا ہے	کیا لیے کے انتظار میں ہیں

اگر تم شیطان کے پھسلانے پر پھسل جاؤ تو جان لو کہ بیشک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ کیا وہ اسی بات کا انتظار کر رہے ہیں

اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ

اِلَّاۤ	اَنْ	يَّاْتِيَهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	ظُلَلٍ	مِّنَ الْغَمَامِ	وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَ	قُضِيَ
مگر	یہ	آئے گا ان پر	اللہ کا عذاب	میں	چھائے ہوئے	بادلوں سے	اور	فرشتے بھی	اور	ہو چکے

کہ اللہ (کا عذاب) بادل کے سائبانوں میں اور (عذاب کے) فرشتے ان کے پاس آ جائیں اور کام تمام ہو

ع ۲۵

الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ ع سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ

الْاَمْرُ	وَاِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	سَلْ	بَنِيْٓ	اِسْرَآءِيْلَ	كَمْ
کام	اور طرف	اللہ کے	لوٹتے ہیں	تمام کام	پوچھو	اولاد	یعقوب سے	کتنی

جائے اور اللہ ہی کی طرف سارے معاملات لوٹائے جاتے ہیں۔ بنی اسرائیل سے پوچھو ہم نے انہیں

اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ

اٰتَيْنٰهُمْ	مِّنْ اٰيَةٍ	بَيِّنَةٍ	وَ	مَنْ	يُّبَدِّلْ	نِعْمَةَ	اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَتْهُ
دیئے ہم نے ان کو	نشانیاں	روشن	اور	جو	بدلے	نعمت	اللہ کی	بعد اس کے	جو	آئی اس کے پاس

کتنی روشن نشانیاں دیں اس کے باوجود جو اللہ کی طرف سے آئی ہوئی نعمت کو بدل دے بعد اس کے کہ جو اسکے پاس

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	زُيِّنَ	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا
تو بیشک	اللہ	سخت	عذاب والا ہے	آراستہ کی گئی	ان کو جو	کافر ہوئے	زندگی	دنیا کی

آچکی ہو پس بے شک (اللہ کا) عذاب سخت ہے۔ (یقیناً) دنیا کی زندگی کو خوشنما بنا دیا گیا ان لوگوں کے لیے جنہوں نے

وقف لازم

وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ

وَ	يَسْخَرُوْنَ	مِنَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	فَوْقَهُمْ	يَوْمَ
اور	تمسخر کرتے ہیں	ان سے جو	ایمان لائے	اور وہ جو	پرہیزگار ہیں	ان کے اوپر ہیں	دن

کفر کیا۔ اور وہ اُن لوگوں کا مذاق اڑاتے ہیں جو ایمان لائے۔ حالانکہ وہ لوگ جو (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے ہیں۔ قیامت کے

الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ النَّاسُ

الْقِيٰمَةِ	وَ	اللّٰهُ	يَرْزُقُ	مَنْ	يَّشَآءُ	بِغَيْرِ	حِسَابٍ	كَانَ	النَّاسُ
قیامت کے	اور	اللہ	دیتا ہے	جسے	چاہے	بغیر	حساب کیے	تھے	لوگ

روز (ان کے مقابلے میں) اونچے ہوں گے۔ اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ (ابتداء میں) سب

اُمَّةً وَّاحِدَةً قف فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ص

اُمَّةً	وَّاحِدَةً	فَبَعَثَ	اللّٰهُ	النَّبِيّٖنَ	مُبَشِّرِيْنَ	وَ	مُنْذِرِيْنَ
جماعت	ایک	تو بھیجے	اللہ نے	انبیاء	خوشخبری دیتے	اور	ڈر سناتے

لوگ ایک ہی دین پر جمع تھے (پھر جب ان میں اختلافات رونما ہو گئے) تو اللہ نے بشارت دینے والے اور ڈر سنانے والے پیغمبروں کو بھیجا

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا

وَ	اَنْزَلَ	مَعَهُمُ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَ	النَّاسِ	فِيْمَا	اخْتَلَفُوْا
اور	اتاری	ان کے ساتھ	کتاب	ساتھ حق کے	تاکہ فیصلہ کرے	درمیان	لوگوں کے	اس میں	جو اختلاف کیا انہوں نے

اور ان کے ساتھ حق پر مبنی کتاب اُتاری تاکہ وہ لوگوں میں ان امور کا فیصلہ کر دے جن میں وہ اختلاف

فِيْهِ ط وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ

فِيْهِ	وَمَا	اخْتَلَفَ	فِيْهِ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْهُ	مِنْ بَعْدِ	مَا	جَآءَتْهُمُ
اس میں	اور نہ	اختلاف کیا	اس میں	مگر	ان لوگوں نے	جن کو دی گئی تھی	بعد اس کے	جو	آئیں ان کے پاس

کرنے لگے تھے اور اس میں اختلاف بھی فقط انہی لوگوں نے کیا جنہیں وہ کتاب دی گئی تھی، باوجود اس کے کہ ان کے

الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ج فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

الْبَيِّنٰتُ	بَغْيًا	بَيْنَهُمْ	فَهَدَى	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لِمَا	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ
روشن دلیلیں	سرکشی سے	اپنے اندر	تو ہدایت کی	اللہ نے	انہیں	جو ایمان لائے	اس سے کہ	اختلاف کیا	اس میں

پاس واضح نشانیاں آ چکی تھیں (اور انہوں نے یہ اختلاف بھی) محض باہمی بغض و حسد کے بنا پر کیا پھر اللہ نے ایمان

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ط وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ

مِنَ الْحَقِّ	بِاِذْنِهٖ	وَ	اللّٰهُ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	اِلٰى	صِرَاطٍ
حق سے	اپنے حکم سے	اور	اللہ	ہدایت کرتا ہے	جسے	چاہے	طرف	راستے

والوں کو اپنے حکم سے وہ حق کی بات سمجھا دی جس میں وہ اختلاف کرتے تھے اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ

مُّسْتَقِيْمٍ	اَمْ	حَسِبْتُمْ	اَنْ	تَدْخُلُوا	الْجَنَّةَ	وَ	لَمَّا	يَاْتِكُمْ	مَّثَلُ
سیدھے کی	کیا	گمان کرتے ہو تم	یہ کہ	داخل ہو جاؤ گے	جنت میں	اور	ابھی نہیں	آئی تمہارے پاس	روداد

ہدایت فرما دیتا ہے۔ کیا تم نے گمان کر لیا ہے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ (ابھی) تم پر ان

الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ط مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا

الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِكُمْ	مَسَّتْهُمُ	الْبَاْسَآءُ	وَ	الضَّرَّآءُ	وَ	زُلْزِلُوْا
ان کی جو	ہو گزرے	تم سے پہلے	پہنچی ان کو	سختی	اور	شدت	اور	لرزاٹھے

لوگوں جیسی مصیبتیں نہیں آئیں جو تم سے پہلے گزر گئے، انہیں سخت سے سخت تکلیف پہنچی اور وہ ہلا دیئے گئے

حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ط اَلَآ

حَتّٰى	يَقُوْلَ	الرَّسُوْلُ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	مَتٰى	نَصْرُ	اللّٰهِ	اَلَآ
یہاں تک کہ	کہا	رسول نے	اور ان لوگوں نے جو	ایمان لائے	انکے ساتھ	کب ہوگی	مدد	اللہ کی	سن لو

یہاں تک کہ رسول نے فرمایا اور اس کے ساتھ ایمان لانے والوں نے کہا اللہ کی مدد کب آئے گی؟

اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ط قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ

اِنَّ	نَصْرَ	اللّٰهِ	قَرِيْبٌ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَا	يُنْفِقُوْنَ	قُلْ	مَآ	اَنْفَقْتُمْ
بیشک	مدد	اللہ کی	قریب ہے	پوچھتے ہیں آپ سے	کیا	خرچ کریں	فرمادو	جو	خرچ کرو تم

سن لو بے شک اللہ کی مدد قریب ہے۔ وہ آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں فرما دیجئے تم جو مال

مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَ

مِّنْ خَيْرٍ	فَلِلْوَالِدَيْنِ	وَ	الْاَقْرَبِيْنَ	وَالْيَتٰمٰى	وَ	الْمَسٰكِيْنِ	وَ
مال سے	تو ماں باپ کو	اور	رشتہ داروں	اور یتیموں	اور	محتاجوں	اور

(بھی) خرچ کرو تو (وہ) ماں باپ، قریبی رشتہ داروں، یتیموں، محتاجوں اور مسافروں

ابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾ كُتِبَ

ابْنِ السَّبِيْلِ	وَ	مَا	تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِهٖ	عَلِيْمٌ	كُتِبَ
راہ گیروں پر	اور	جو	کروتم	بھلائی سے	توبیشک	اللہ	اس کو	جانتا ہے	فرض ہوا

کا حق ہے اور تم جو نیکی کرو تو بے شک اللہ اسے خوب جانتا ہے۔ (اللہ کی راہ میں) قتال

عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ

عَلَيْكُمُ	الْقِتَالُ	وَ	هُوَ	كُرْهٌ	لَّكُمْ	وَعَسٰۤى	اَنْ	تَكْرَهُوْا	شَيْـًٔا	وَّ	هُوَ
تم پر	جہاد	اور	وہ	گراں ہے	تم پر	اور قریب ہے	یہ کہ	ناپسند کرو تم	کسی چیز کو	اور	وہ

تم پر فرض کیا گیا اور وہ طبعاً تم پر ناپسندیدہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسندیدہ سمجھو اور

خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَ	عَسٰۤى	اَنْ	تُحِبُّوْا	شَيْـًٔا	وَّ	هُوَ	شَرٌّ	لَّكُمْ	وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ
بہتر ہو	تمہارے لئے	اور	قریب ہے	یہ کہ	پسند کرو تم	کسی چیز کو	اور	وہ	بری ہو	تمہارے لئے	اور	اللہ	جانتا ہے

وہ تمہارے لئے بہتر ہو اور ہو سکتا ہے کہ تم کسی چیز کو پسند کرو اور وہ تمہارے لئے بُری ہو

وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ ع ۲۶ ۱۰

وَ	اَنْتُمْ	لَا	تَعْلَمُوْنَ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ الشَّهْرِ	الْحَرَامِ	قِتَالٍ	فِيْهِ	قُلْ
اور	تم	نہیں	جانتے	پوچھتے ہیں آپ سے	مہینے	ماہ حرام میں	کہ لڑائی کرنا	اس میں کیسا ہے	فرمادیں

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ آپ ﷺ سے ماہ حرام میں لڑنے کا حکم پوچھتے ہیں آپ ﷺ فرمادیں

قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ

قِتَالٌ	فِيْهِ	كَبِيْرٌ	وَ	صَدٌّ	عَنْ سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَ	كُفْرٌۢ	بِهٖ	وَالْمَسْجِدِ
لڑائی کرنا	اس میں	بڑا گناہ ہے	اور	روکنا	راستے سے	اللہ کے	اور	کفر کرنا	اس کے ساتھ	اور مسجد

اس میں لڑنا بڑا گناہ ہے اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس پر ایمان نہ لانا اور مسجد

الْحَرَامِ ق وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ج وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ

الْحَرَامِ	وَ	اِخْرَاجُ	اَهْلِهٖ	مِنْهُ	اَكْبَرُ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَ	الْفِتْنَةُ	اَكْبَرُ
حرام سے	اور	نکالنا	اس کے رہنے والوں کو	اس سے	بہت بڑا گناہ ہے	نزدیک	اللہ کے	اور	فساد	بہت بڑا ہے

حرام سے روکنا اور اس کے بسنے والوں کو نکال دینا اللہ کے نزدیک یہ گناہ اس سے بھی بڑے ہیں

مِنَ الْقَتْلِ ط وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ

مِنَ الْقَتْلِ	وَ	لَا	يَزَالُوْنَ	يُقَاتِلُوْنَكُمْ	حَتّٰى	يَرُدُّوْكُمْ	عَنْ دِيْنِكُمْ	اِنِ
قتل سے	اور	نہ	ٹلیں گے	لڑائی کرتے رہیں گے تم سے	یہاں تک کہ	پھیر دیں وہ تم کو	تمہارے دین سے	اگر

اور ان کا فساد قتل سے سخت تر ہے اور یہ لوگ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے

اسْتَطَاعُوْا ط وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ

اسْتَطَاعُوْا	وَ	مَنْ	يَّرْتَدِدْ	مِنْكُمْ	عَنْ دِيْنِهٖ	فَيَمُتْ	وَ	هُوَ	كَافِرٌ
وہ طاقت رکھیں	اور	جو	پھر جائے	تم میں سے	اپنے دین سے	پھر مرے	اور	وہ	کافر ہی ہو

یہاں تک کہ وہ تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں اور تم میں جو کوئی اپنے دین سے پھرے گا پھر کافر ہو کر مرے

فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ج وَاُولٰٓئِكَ

فَاُولٰٓئِكَ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ	فِى	الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةِ	وَاُولٰٓئِكَ
تو یہ لوگ	اکارت گئے	ان کے عمل	میں	دنیا	اور	آخرت میں	اور یہی لوگ ہیں

تو ایسے لوگوں کے اعمال دنیا و آخرت میں ضائع ہوگئے۔

اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢١٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اَصْحٰبُ	النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
ساتھی	آگ کے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	بیشک	وہ جو	ایمان لائے

دنیا اور آخرت میں اور یہی لوگ جہنمی ہیں اور انہیں اس میں ہمیشہ رہنا ہے۔ بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ

وَ	الَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	وَ	جٰهَدُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	يَرْجُوْنَ
اور	وہ جنہوں نے	گھر بار چھوڑے	اور	جہاد کیا	میں	رستے	اللہ کے	یہ لوگ	امیدوار ہیں

اور وہ جنہوں نے اللہ کیلئے اپنے گھر بار کو چھوڑا اور اللہ کی راہ میں لڑے یہی لوگ

رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ

رَحْمَتَ	اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْخَمْرِ
رحمت کے	اللہ کی	اور	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	پوچھتے ہیں آپ سے	شراب کے متعلق

رحمتِ الٰہی کے امیدوار ہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ ﷺ سے شراب اور جوئے کی نسبت سوال

وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۫ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ

وَ	الْمَيْسِرِ	قُلْ	فِيْهِمَآ	اِثْمٌ	كَبِيْرٌ	وَّ	مَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَ	اِثْمُهُمَآ	اَكْبَرُ
اور	جوئے سے	فرمادو	ان دونوں میں	گناہ	بڑا ہے	اور	فائدہ بھی ہے	لوگوں کیلئے	اور	ان کا گناہ	بہت بڑا ہے

کرتے ہیں، فرما دیں ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کیلئے کچھ (دنیوی) فائدے بھی ہیں، مگر ان دونوں کا گناہ ان کے

مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ ؕ قُلِ الْعَفْوَ ؕ كَذٰلِكَ

مِنْ نَّفْعِهِمَا	وَ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَا	يُنْفِقُوْنَ	قُلِ	الْعَفْوَ	كَذٰلِكَ
ان کے نفع سے	اور	پوچھتے ہیں آپ سے	کیا	خرچ کریں	فرمادو	جو بچ جائے	اسی طرح

نفع سے بڑھ کر ہے، اور آپ سے یہ بھی پوچھتے ہیں کہ کیا کچھ خرچ کریں؟ فرمادیں جو ضرورت سے زائد ہے (خرچ کردو)، اسی طرح اللہ

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱۹﴾ ۙ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَفَكَّرُوْنَ	فِيْ	الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةِ
بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	آیتیں	تاکہ تم	غور و فکر کرو	میں	دنیا کے	اور	آخرت کے

تمہارے لئے (اپنے) احکام کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو۔ (تمہارا غور و فکر) دنیا اور آخرت

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ وَ اِنْ

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْيَتٰمٰى	قُلْ	اِصْلَاحٌ	لَّهُمْ	خَيْرٌ	وَ	اِنْ
اور پوچھتے ہیں آپ سے	یتیموں کے متعلق	فرمادو	بھلا کرنا	ان کیلئے	بہتر ہے	اور	اگر

(دونوں کے معاملات) میں (رہے)، اور آپ سے یتیموں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، فرمادیں ان (کے معاملات) کا سنوارنا بہتر ہے اور اگر

تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ

تُخَالِطُوْهُمْ	فَاِخْوَانُكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	الْمُفْسِدَ	مِنَ الْمُصْلِحِ	وَ	لَوْ
ملالو تم ان کو	تو وہ تمہارے بھائی ہیں	اور اللہ	جانتا ہے	بگاڑنے والے کو	سنوارنے والے سے	اور	اگر

انہیں (نفقہ وکاروبار میں) اپنے ساتھ ملالو تو وہ بھی تمہارے بھائی ہیں اور اللہ خرابی کرنے والے کو بھلائی کرنے والے سے خوب جانتا ہے اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا تَنْكِحُوا

شَآءَ	اللّٰهُ	لَاَعْنَتَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	وَ	لَا	تَنْكِحُوا
چاہتا	اللہ	تو تمہیں مشقت میں ڈالتا	بیشک	اللہ	زبردست	حکمت والا ہے	اور	نہ	نکاح کرو

اللہ چاہے تو تمہیں مشقت میں ڈال دے، بے شک اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے۔ اور تم شرک کرنے

الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ

الْمُشْرِكٰتِ	حَتّٰى	يُؤْمِنَّ	وَلَاَمَةٌ	مُّؤْمِنَةٌ	خَيْرٌ	مِّنْ مُّشْرِكَةٍ	وَّ	لَوْ
مشرک عورتوں سے	یہاں تک کہ	ایمان لائیں	اور یقیناً لونڈی	مومن	بہتر ہے	مشرک عورت سے	اور	اگرچہ

والی عورتوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں اور بے شک ایمان والی باندی بہتر ہے (آزاد) مشرکہ سے

اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ

اَعْجَبَتْكُمْ	وَ	لَا	تُنْكِحُوا	الْمُشْرِكِيْنَ	حَتّٰى	يُؤْمِنُوْا	وَ	لَعَبْدٌ
تمہیں بھلی لگے	اور	نہ	نکاح کرکے دو	مشرکوں کو	یہاں تک کہ	ایمان لائیں	اور	یقیناً غلام

اگرچہ وہ تمہیں اچھی لگے اور شرک کرنے والے مردوں کے نکاح میں ایمان والی عورتوں کو نہ دو یہاں تک کہ وہ (مشرک)

مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى

مُّؤْمِنٌ	خَيْرٌ	مِّنْ مُّشْرِكٍ	وَّ	لَوْ	اَعْجَبَكُمْ	اُولٰٓئِكَ	يَدْعُوْنَ	اِلَى
مومن	بہتر ہے	مشرک آدمی سے	اور	اگرچہ	تمہیں اچھا لگے	یہ لوگ	بلاتے ہیں	طرف

ایمان لائیں اور بے شک مومن غلام، شرک کرنے والے سے بہتر ہے اگرچہ وہ تمہیں اچھا لگے، وہ نارِ جہنم کی

النَّارِ ۖۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ

النَّارِ	وَ	اللّٰهُ	يَدْعُوْٓا	اِلَى	الْجَنَّةِ	وَ	الْمَغْفِرَةِ	بِاِذْنِهٖ	وَ	يُبَيِّنُ	اٰيٰتِهٖ
دوزخ کی	اور	اللہ	بلاتا ہے	طرف	جنت کی	اور	بخشش کی	اپنے حکم سے	اور	بیان کرتا ہے	اپنی آیتیں

طرف بلاتے ہیں اور اللہ اپنے اذن سے جنت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے اور اپنی آیتیں

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ ع وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ

۲۷ ع ۱۱

لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ	وَ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْمَحِيْضِ	قُلْ	هُوَ
لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	نصیحت حاصل کریں	اور	آپ سے پوچھتے ہیں	حیض کے متعلق	فرما دیجئے	وہ

لوگوں کیلئے بیان فرماتا ہے تاکہ وہ نصیحت قبول کریں۔ اور پوچھتے ہیں آپ سے حیض کے بارے میں، فرما دیجئے

اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى

اَذًى	فَاعْتَزِلُوا	النِّسَآءَ	فِي الْمَحِيْضِ	وَ	لَا	تَقْرَبُوْهُنَّ	حَتّٰى
ناپاکی ہے	تو الگ رہو	عورتوں سے	حیض کے دنوں میں	اور	نہ	نزدیکی کرو ان سے	یہاں تک کہ

وہ گندگی ہے پس عورتوں سے حالتِ حیض میں الگ رہو اور انؐ سے قربت (جماع) نہ کرو یہاں تک کہ

يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ

يَطْهُرْنَ	فَاِذَا	تَطَهَّرْنَ	فَاْتُوْهُنَّ	مِنْ حَيْثُ	اَمَرَكُمْ	اللّٰهُ	اِنَّ
پاک ہو جائیں	پھر جب	پاک ہو جائیں	تو جاؤ ان کے پاس	جہاں سے	حکم دیا تم کو	اللہ نے	بیشک

وہ پاک ہو جائیں، پھر جب وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں تو آؤ ان کے پاس جہاں سے اللہ نے تمہیں حکم دیا، بے شک اللہ

اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَآؤُکُمْ حَرْثٌ

اللّٰہَ	یُحِبُّ	التَّوَّابِیْنَ	وَ	یُحِبُّ	الْمُتَطَهِّرِیْنَ	نِسَآؤُکُمْ	حَرْثٌ
اللہ	پسند کرتا ہے	بہت توبہ کرنے والوں کو	اور	پسند کرتا ہے	ستھروں کو	تمہاری عورتیں	کھیتی ہیں

بہت توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور خوب پاکی حاصل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ تمہاری عورتیں تمہاری

لَّکُمْ ص فَاْتُوْا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ ز وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ ط وَاتَّقُوا اللّٰہَ

لَّکُمْ	فَاْتُوْا	حَرْثَکُمْ	اَنّٰی	شِئْتُمْ	وَ	قَدِّمُوْا	لِاَنْفُسِکُمْ	وَ	اتَّقُوا	اللّٰہَ
تمہاری	تو آؤ	اپنی کھیتی کو	جیسے	تم چاہو	اور	آگے بھیجو	اپنی جانوں کیلئے	اور	ڈرو	اللہ سے

کھیتیاں ہیں تو آؤ اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو اور اپنے لئے تم کچھ آگے بھی بھیجتے رہو اور اللہ سے ڈرتے رہو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّکُمْ مُّلٰقُوْهُ ط وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰہَ

وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّکُمْ	مُّلٰقُوْهُ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِیْنَ	وَلَا	تَجْعَلُوْا	اللّٰہَ
اور	جان لو	کہ تم	اس کو ملنے والے ہو	اور خوشخبری سناؤ	ایمان والوں کو	اور نہ	بناؤ	اللہ کو

اور جان رکھو کہ تمہیں اس سے ملنا ہے اور اے محبوب ﷺ! ایمان والوں کو بشارت دے دو۔ اور اللہ تعالیٰ کو اپنی قسموں کے

عُرْضَةً لِّاَیْمَانِکُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَیْنَ النَّاسِ ط وَاللّٰہُ

عُرْضَةً	لِّاَیْمَانِکُمْ	اَنْ	تَبَرُّوْا	وَ	تَتَّقُوْا	وَ	تُصْلِحُوْا	بَیْنَ	النَّاسِ	وَ	اللّٰہُ
نشانہ	اپنی قسموں کا	یہ کہ	نیک بن جاؤ	اور	پرہیزگار ہو جاؤ	اور	اصلاح کرو	درمیان	لوگوں کے	اور	اللہ

لیے نشانہ نہ بناؤ کہ تم بھلائی اور پرہیزگاری نہ کرو اور لوگوں کے درمیان صلح نہ کراؤ اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والا، سب

سمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمَانِکُمْ وَلٰکِنْ

سمِیْعٌ	عَلِیْمٌ	لَا	یُؤَاخِذُکُمْ	اللّٰہُ	بِاللَّغْوِ	فِیْٓ	اَیْمَانِکُمْ	وَ	لٰکِنْ
تا ہے	جانتا ہے	نہیں	پکڑتا تم کو	اللہ	بیہودہ گوئی پر	میں	تمہاری قسموں	اور	لیکن

جاننے والا ہے۔ اللہ تمہاری بیہودہ قسموں پر تم سے مواخذہ نہیں فرمائے گا مگر ان کا ضرور مواخذہ

يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿٢٢٥﴾ لِلَّذِيْنَ

يُؤَاخِذُكُمْ	بِمَا	كَسَبَتْ	قُلُوْبُكُمْ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ	لِلَّذِيْنَ
گرفت فرماتا ہے تم پر	اس میں جو	کمایا	تمہارے دلوں نے	اور	اللہ	بخشنے والا	حلم والا ہے	ان کیلئے جو

فرمائے گا جن کا تمہارے دلوں نے ارادہ کیا ہو اور اللہ بخشنے والا بہت حلم والا ہے۔ اور ان لوگوں

يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ ۚ فَإِنْ فَآءُوْ فَإِنَّ اللّٰهَ

يُؤْلُوْنَ	مِنْ نِّسَآئِهِمْ	تَرَبُّصُ	أَرْبَعَةِ	أَشْهُرٍ	فَإِنْ	فَآءُوْ	فَإِنَّ	اللّٰهَ
قسمیں کھائیں	اپنی عورتوں سے	انتظار کرنا ہے	چار	مہینے	پھر اگر	لوٹ آئیں	تو بیشک	اللہ

کیلئے جو اپنی بیویوں کے قریب نہ جانے کی قسم کھائیں چار ماہ کی مہلت ہے، پس اگر وہ (اس مدت میں) رجوع کر لیں تو بے شک

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٢٦﴾ وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٢٧﴾

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	إِنْ	عَزَمُوا	الطَّلَاقَ	فَإِنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ
بخشنے والا	مہربان ہے	اور	اگر	ارادہ کریں	طلاق کا	تو بے شک	اللہ	سننے والا	جاننے والا ہے

اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اگر انہوں نے طلاق کا پختہ ارادہ کر لیا تو بے شک اللہ خوب سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ۗ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ

وَالْمُطَلَّقٰتُ	يَتَرَبَّصْنَ	بِأَنْفُسِهِنَّ	ثَلٰثَةَ	قُرُوْٓءٍ	وَ	لَا	يَحِلُّ	لَهُنَّ	أَنْ
اور مطلقہ عورتیں	انتظار کریں	اپنی جانوں سے	تین	حیض	اور	نہیں	حلال	واسطے ان کے	یہ کہ

اور طلاق پانے والی عورتیں روکے رکھیں اپنے آپ کو تین حیضوں تک اور ان کیلئے حلال نہیں کہ وہ چھپائیں

يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ أَرْحَامِهِنَّ إِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

يَّكْتُمْنَ	مَا	خَلَقَ	اللّٰهُ	فِيْٓ أَرْحَامِهِنَّ	إِنْ	كُنَّ	يُؤْمِنَّ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ
چھپائیں وہ	جو	پیدا کیا	اللہ نے	ان کے پیٹ میں	اگر	ہیں وہ	ایمان رکھتیں	اللہ	اور	دن

جو اللہ نے ان کے رحموں میں پیدا کیا اگر وہ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی

الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِیْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْۤا

الْاٰخِرِ	وَبُعُوْلَتُهُنَّ	اَحَقُّ	بِرَدِّهِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	اِنْ	اَرَادُوْۤا
پچھلے پر	اوران کے خاوند	زیادہ حقدار ہیں	ان کے لوٹانے میں	اس میں	اگر	ارادہ کریں

ہوں اور ان کے خاوند حقدار ہیں اس مدت میں انہیں لوٹانے کے اگر وہ حسن سلوک کے ساتھ رہنا

اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ

اِصْلَاحًا	وَ	لَهُنَّ	مِثْلُ	الَّذِیْ	عَلَیْهِنَّ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَ	لِلرِّجَالِ
صلح کا	اور	ان کا حق ہے	مثل	اس کے جو	ان پر ہے	شریعت کے موافق	اور	مردوں کو

چاہیں اور ان (عورتوں) کیلئے بھی ایسا ہی (حق) ہے جیسے (مردوں کا) ان پر (حق) ہے دستور (شرع) کے

عَلَیْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۲۸﴾ ع اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪

۲۸
ع
۱۲

عَلَیْهِنَّ	دَرَجَةٌ	وَ	اللّٰهُ	عَزِیْزٌ	حَكِیْمٌ	اَلطَّلَاقُ	مَرَّتٰنِ
ان پر	فضیلت ہے	اور	اللہ	غالب ہے	حکمت والا ہے	طلاق	دو مرتبہ ہے

مطابق اور مردوں کو عورتوں پر فضیلت ہے اور اللہ بہت غالب ہے حکمت والا۔ یہ طلاق دوبار ہے پھر معروف

فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِیْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ

فَاِمْسَاكٌ	بِمَعْرُوْفٍ	اَوْ	تَسْرِیْحٌ	بِاِحْسَانٍ	وَلَا	یَحِلُّ	لَكُمْ	اَنْ
پھر روک لینا ہے	بھلائی سے	یا	چھوڑ دینا ہے	بھلائی سے	اور نہیں	روا	تمہارے لئے	یہ کہ

طریقہ سے روک لینا ہے یا بھلائی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے اور تمہیں جائز نہیں ہے

تَاْخُذُوْا مِمَّاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ شَیْـًٔا اِلَّاۤ اَنْ یَّخَافَاۤ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ

تَاْخُذُوْا	مِمَّاۤ	اٰتَیْتُمُوْهُنَّ	شَیْـًٔا	اِلَّاۤ	اَنْ	یَّخَافَاۤ	اَلَّا	یُقِیْمَا	حُدُوْدَ
تم لے لو	اس سے جو	دیا تم نے ان کو	کچھ بھی	مگر	یہ کہ	ڈریں	یہ کہ نہ	قائم کرسکیں گے	حدیں

کہ جو کچھ عورتوں کو دیا ہے اس میں سے کچھ واپس لو مگر جب دونوں کو

اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا

اللّٰهِ	فَاِنْ	خِفْتُمْ	اَلَّا	يُقِيْمَا	حُدُوْدَ	اللّٰهِ	فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْهِمَا	فِيْمَا
اللہ کی	پھر اگر	تم ڈرو	یہ کہ نہ	قائم کریں گے	حدیں	اللہ کی	تو نہیں	گناہ	ان پر	اس میں جو

اندیشہ ہو کہ اللہ کی حدیں قائم نہ رکھ سکیں گے تو ان دونوں پر کچھ گناہ نہیں اس مال میں سے

افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ

افْتَدَتْ	بِهٖ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ	فَلَا تَعْتَدُوْهَا	وَ	مَنْ	يَّتَعَدَّ
بدلہ دے	اس کا	یہ	حدیں ہیں	اللہ کی	تو ان سے آگے نہ بڑھو	اور	جو کوئی	آگے بڑھے

جو عورت بدلے میں دے یہ اللہ کی حدیں ہیں۔ ان سے آگے نہ بڑھو اور

حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ

حُدُوْدَ	اللّٰهِ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	فَاِنْ	طَلَّقَهَا	فَلَا	تَحِلُّ	لَهٗ
حدوں سے	اللہ کی	تو یہ لوگ	وہی ہیں	ظالم	پھر اگر	طلاق دے اس کو	تو نہیں	حلال ہے	اس کیلئے

جو اللہ کی حدوں سے آگے بڑھے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ پھر اگر (تیسری) طلاق اسے دی تو اب

مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ

مِنْۢ بَعْدُ	حَتّٰى	تَنْكِحَ	زَوْجًا غَيْرَهٗ	فَاِنْ	طَلَّقَهَا	فَلَا	جُنَاحَ
اس کے بعد	یہاں تک کہ	نکاح کرے	دوسرے شوہر سے	پھر اگر	وہ طلاق دے اس کو	تو نہیں	گناہ

وہ عورت اس کے لئے حلال نہ ہو گی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے پھر وہ دوسرا اگر طلاق دے دے

عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ

عَلَيْهِمَآ	اَنْ	يَّتَرَاجَعَآ	اِنْ	ظَنَّآ	اَنْ	يُّقِيْمَا	حُدُوْدَ	اللّٰهِ	وَتِلْكَ
ان پر	یہ کہ	رجوع کریں	اگر	وہ خیال کریں	یہ کہ	بنائیں گے	حدیں	اللہ کی	اور یہ ہیں

تو ان دونوں پر گناہ نہیں کہ پھر آپس میں مل جائیں اگر وہ دونوں سمجھتے ہوں کہ اللہ کی حدوں پر قائم رہیں گے اور یہ اللہ کی

حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ

حُدُوْدُ	اللّٰهِ	يُبَيِّنُهَا	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	وَ	اِذَا	طَلَّقْتُمُ	النِّسَآءَ	فَبَلَغْنَ
حدیں	اللہ کی	بیان کرتا ہے ان کو	واسطے قوم	جاننے والے کی	اور	جب	طلاق دو تم	عورتوں کو	پس وہ پہنچ جائیں

حدیں ہیں جنہیں اللہ علم والوں کیلئے بیان کرتا ہے اور جب تم عورتوں کو طلاق دے

اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ص

اَجَلَهُنَّ	فَاَمْسِكُوْهُنَّ	بِمَعْرُوْفٍ	اَوْ	سَرِّحُوْهُنَّ	بِمَعْرُوْفٍ
اپنی معیاد کو	تو ان عورتوں کو روک لو	نیکوئی کے ساتھ	یا	چھوڑ دو	نیکوئی کے ساتھ

دو اور وہ اپنی عدت پوری کرلیں پس یا تو روک لو انہیں بھلائی کے ساتھ یا چھوڑ دو انہیں بھلائی کے ساتھ

وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ج وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ

وَ	لَا	تُمْسِكُوْهُنَّ	ضِرَارًا	لِّتَعْتَدُوْا	وَ	مَنْ	يَّفْعَلْ	ذٰلِكَ	فَقَدْ	ظَلَمَ
اور	نہ	روکو ان کو	ضرر دینے کیلئے	تاکہ تم زیادتی کرو	اور	جو	کرے	ایسا	تو بیشک	اس نے ظلم کیا

اور نہ روکو انہیں تکلیف دینے کی غرض سے تاکہ زیادتی کرو اور جوکوئی اس طرح کرے گا تو وہ اپنی ہی جان پر

نَفْسَهٗ ط وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ز وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

نَفْسَهٗ	وَ	لَا	تَتَّخِذُوْٓا	اٰيٰتِ اللّٰهِ	هُزُوًا	وَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ
اپنی جان پر	اور	نہ	بناؤ	اللہ کی آیتیں کو	ٹھٹھا	اور	یاد کرو	احسان	اللہ کا

ظلم کریگا اور اللہ کی آیتوں کو مذاق نہ بناؤ اور یاد کرو اللہ کی نعمت کو جو تم پر ہے

عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ط

عَلَيْكُمْ	وَ	مَآ	اَنْزَلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنَ الْكِتٰبِ	وَ	الْحِكْمَةِ	يَعِظُكُمْ	بِهٖ
اپنے اوپر	اور	جو	اتارا اس نے	تم پر	کتاب سے	اور	حکمت	نصیحت کرتا ہے تم کو	ساتھ اسکے

اور (یاد کرو) جو اس نے نازل فرمایا تم پر قرآن اور حکمت وہ تمہیں اس سے نصیحت فرماتا ہے

ع ۲۹ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۲۳۱﴾ ع وَاِذَا طَلَّقْتُمُ

وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَیْءٍ	عَلِیْمٌ	وَ	اِذَا	طَلَّقْتُمُ
اور	ڈرو	اللہ سے	اور	جان لو	بیشک	اللہ	ہر ایک	چیز کو	جاننے والا ہے	اور	جب	طلاق دو تم

اور اللہ سے ڈرتے رہوا اور خوب جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ اور جب تم عورتوں کو طلاق دو،

النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ یَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ

النِّسَآءَ	فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ	فَلَا	تَعْضُلُوْهُنَّ	اَنْ	یَّنْكِحْنَ	اَزْوَاجَهُنَّ
عورتوں کو	پس ان کی میعاد پوری ہو جائے	تو نہ	روکو ان کو	یہ کہ	نکاح کریں	اپنے شوہروں سے

پھر وہ اپنی عدت پوری کرلیں تو ان کو اپنے شوہروں سے نکاح کرنے سے نہ روکو

اِذَا تَرَاضَوْا بَیْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ یُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ

اِذَا	تَرَاضَوْا	بَیْنَهُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	ذٰلِكَ	یُوْعَظُ	بِهٖ	مَنْ	كَانَ	مِنْكُمْ
جبکہ	وہ راضی ہوں	آپس میں	شرع کے مطابق	یہ	نصیحت کیا جاتا ہے	اس کو	وہ جو	ہے	تم میں سے

جبکہ وہ بھلے طریقے سے آپس میں راضی ہو جائیں۔ یہ نصیحت اس شخص کو کی جاتی ہے جو تم میں

یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ

یُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَ	الْیَوْمِ	الْاٰخِرِ	ذٰلِكُمْ	اَزْكٰى	لَكُمْ	وَ	اَطْهَرُ	وَاللّٰهُ
ایمان رکھتا	اللہ	اور	دن	آخرت پر	یہ	بہت پاکیزہ ہے	تمہارے لئے	اور	بہت ستھرا	اور اللہ

سے اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو۔ یہ تمہارے لیے بہترین تزکیہ اور پاکیزگی کا ذریعہ ہوگا

یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ

یَعْلَمُ	وَ	اَنْتُمْ	لَا	تَعْلَمُوْنَ	وَ	الْوَالِدٰتُ	یُرْضِعْنَ	اَوْلَادَهُنَّ
جانتا ہے	اور	تم	نہیں	جانتے	اور	مائیں	دودھ پلائیں	اپنی اولاد کو

اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ اور مائیں دودھ پلائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال (بیہ)

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ

حَوْلَيْنِ	كَامِلَيْنِ	لِمَنْ	اَرَادَ	اَنْ	يُّتِمَّ	الرَّضَاعَةَ	وَ	عَلَى	الْمَوْلُوْدِ لَهٗ
دو سال	پورے	اس کے لیے جو	چاہے	یہ کہ	پورا کرے	دودھ کی مدت	اور	اوپر	بچے کے باپ کے

اس کیلئے (ہے) جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے اور جس کا بچہ ہے اس کے ذمہ ہے

رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

رِزْقُهُنَّ	وَ	كِسْوَتُهُنَّ	بِالْمَعْرُوْفِ	لَا	تُكَلَّفُ	نَفْسٌ	اِلَّا	وُسْعَهَا
ان کا نان ونفقہ	اور	ان کا کپڑا	دستور کے مطابق	نہیں	تکلیف دیا جانا	کوئی آدمی	مگر	اسکے مقدور بھر

ان (دودھ پلانے والی ماؤں) کا دستور کے مطابق کھانا اور ان کا پہننا، کسی شخص کو تکلیف نہ دی جائے گی مگر اس کی

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَى الْوَارِثِ

لَا تُضَآرَّ	وَالِدَةٌ	بِوَلَدِهَا	وَلَا	مَوْلُوْدٌ لَّهٗ	بِوَلَدِهٖ	وَ	عَلَى	الْوَارِثِ
اور نہ ضرر دیا جائے	ماں کو	اسکے بچے کے سبب	اور نہ	بچے کے باپ کو	اسکے بچے کے سبب	اور	اوپر	وارث کے

طاقت کے مطابق، ماں کو ضرر نہ دیا جائے اس کے بچے کی وجہ سے اور نہ بچے والے کو اس کے بچے کی وجہ سے اور وارث

مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا

مِثْلُ	ذٰلِكَ	فَاِنْ	اَرَادَا	فِصَالًا	عَنْ تَرَاضٍ	مِّنْهُمَا	وَتَشَاوُرٍ	فَلَا
مثل	اسی کے ہے	پھر اگر	ارادہ کریں	دودھ چھڑانے کا	رضامندی سے	دونوں کی	اور مشورے سے	تو نہیں

پر بھی اس کی مثل لازم ہے پھر اگر ماں باپ باہمی رضا مندی اور مشورے سے دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کچھ

الْحَكِيْمُ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِالْمُفْسِدِيْنَ	قُلْ	يٰٓاَهْلَ
حکمت والا	تو اگر	وہ منہ پھیریں	تو بیشک	اللہ	جاننے والا ہے	فسادی لوگوں کو	فرمائیے	اے اہل

حکمت والا۔ پھر اگر وہ لوگ روگردانی کریں تو یقیناً اللہ فساد کرنے والوں کو اللہ خوب جانتا ہے۔ آپ ﷺ فرما دیں اے

۱ ع ۳

الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ

الْكِتٰبِ	تَعَالَوْا	اِلٰى	كَلِمَةٍ	سَوَآءٍ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمْ	اَلَّا	نَعْبُدَ	اِلَّا	اللّٰهَ
کتاب	آؤ	طرف	ایک کلمہ کی	جو یکساں ہے	ہمارے مابین	اور تمہارے مابین	یہ کہ نہ	عبادت کریں	مگر	اللہ کی

اہل کتاب! تم اس بات کی طرف آ جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے (وہ یہ) کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کریں

وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْــًٔـا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ

وَلَا	نُشْرِكَ	بِهٖ	شَيْــًٔـا	وَ	لَا	يَتَّخِذَ	بَعْضُنَا	بَعْضًا	اَرْبَابًا	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ
اور نہ	شریک کریں ہم	اس کے ساتھ	کسی کو	اور	نہ	پکڑے	بعض ہمارا	بعض	رب	سوائے	اللہ کے

گے اور ہم اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور ہم میں سے کوئی ایک دوسرے کو اللہ کے سوا رب نہیں بنائے گا پھر اگر وہ

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَقُوْلُوا	اشْهَدُوْا	بِاَنَّا	مُسْلِمُوْنَ	يٰۤاَهْلَ	الْكِتٰبِ	لِمَ
تو اگر	نہ مانے	تو کہدو	گواہ رہو	اس پر کہ ہم	مسلمان ہیں	اے اہل	کتاب	کیوں

روگردانی کریں تو فرما دو کہ گواہ ہو جاؤ کہ ہم تو اللہ کے تابع فرمان (مسلمان) ہیں۔ اے کتاب والو! کیوں

تُحَآجُّوْنَ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَمَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

تُحَآجُّوْنَ	فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ	وَمَاۤ	اُنْزِلَتِ	التَّوْرٰىةُ	وَالْاِنْجِيْلُ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِهٖ
جھگڑتے ہو	ابراہیم میں	اور نہ	اتری	توریت	اور انجیل	مگر	اس کے بعد

جھگڑتے ہو ابراہیم کے بارے میں حالانکہ نہیں اتری تورات اور انجیل لیکن ان کے بعد

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ

اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ	هٰۤاَنْتُمْ	هٰۤؤُلَآءِ	حَاجَجْتُمْ	فِيْمَا	لَكُمْ	بِهٖ
کیا نہیں	تمہیں عقل	سنتے ہو	یہ جو تم ہو	جھگڑتے	اس میں	کہ تمہیں	اس کا

تو کیا تم نہیں سمجھتے؟۔ سن لو تم ہی وہ لوگ ہو جنہوں نے حجت بازی کی اس چیز میں

عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

عِلْمٌ	فَلِمَ	تُحَآجُّوْنَ	فِيْمَا	لَيْسَ	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ
علم ہے	تو کیوں	جھگڑتے ہو	اس میں کہ	نہیں ہے	تمہیں	اس کا	علم	اور اللہ	جانتے	اور تم

جس کا تمہیں کچھ بھی علم تھا تو اب تم کیوں جھگڑتے ہو اس چیز میں جس کی تمہیں کچھ خبر نہیں اور اللہ جانتا ہے اور

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ

لَا	تَعْلَمُوْنَ	مَا	كَانَ	اِبْرٰهِيْمُ	يَهُوْدِيًّا	وَّ	لَا	نَصْرَانِيًّا	وَّلٰكِنْ	كَانَ
نہیں	جانتے	نہیں	تھے	ابراہیم	یہودی	اور	نہ	نصرانی	اور لیکن	تھے

تم نہیں جانتے۔ ابراہیم نہ یہودی تھے اور نہ نصرانی بلکہ ہر باطل سے جدا

حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (٦٧) اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ

حَنِيْفًا	مُّسْلِمًا	وَمَا	كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّ	اَوْلَى	النَّاسِ
ایک رخ	مسلمان	اور نہ	تھے	مشرکوں سے	بے شک	زیادہ قریب	لوگوں سے

مسلمان تھے اور مشرکوں میں سے نہیں تھے۔ بے شک سب لوگوں سے

بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِيُّ

بِاِبْرٰهِيْمَ	لَلَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ	وَهٰذَا	النَّبِيُّ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَاللّٰهُ	وَلِيُّ
ابراہیم کے	وہ ہیں جو	اس کے پیرو ہیں	اور یہ	نبی	اور وہ جو	ایمان لائے	اور اللہ	والی ہے

ابراہیم کے زیادہ حق دار وہ تھے جو ان کے پیروکار ہوئے اور یہ نبی اور ایمان والے اور ایمان والوں کا

الْمُؤْمِنِيْنَ (٦٨) وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

الْمُؤْمِنِيْنَ	وَدَّتْ	طَّآئِفَةٌ	مِّنْ	اَهْلِ	الْكِتٰبِ	لَوْ	يُضِلُّوْنَكُمْ
مومنوں کا	چاہتا ہے	ایک گروہ	سے	اہل	کتاب سے	اگر	وہ گمراہ کریں تم کو

والی اللہ ہے۔ (اے مسلمانو!) اہلِ کتاب میں سے ایک گروہ تو (شاید) خواہش رکھتا ہے کہ کاش وہ تمہیں گمراہ کریں،

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ (٦٩) يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

وَمَا	يُضِلُّوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَمَا	يَشْعُرُوْنَ	يٰٓاَهْلَ	الْكِتٰبِ	لِمَ
اور نہیں	گمراہ کرتے	مگر	اپنی جانوں کو	اور نہیں	سمجھتے	اے اہل	کتاب	کیوں

مگر وہ فقط اپنے آپ ہی کو گمراہی میں مبتلا کیے ہوئے ہیں اور انہیں (اس بات کا) شعور نہیں۔ اے اہلِ کتاب!

تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ (٧٠) يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

تَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَاَنْتُمْ	تَشْهَدُوْنَ	يٰٓاَهْلَ	الْكِتٰبِ	لِمَ
کفر کرتے ہو	آیتوں سے	اللہ کی	اور تم	گواہ ہو	اے اہل	کتاب	کیوں

تم اللہ کی آیتوں کا انکار کیوں کر رہے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو۔ اے کتاب والو! کیوں ملاتے ہو

تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع

تَلْبِسُوْنَ	الْحَقَّ	بِالْبَاطِلِ	وَتَكْتُمُوْنَ	الْحَقَّ	وَاَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ
ملاتے ہو	حق کو	باطل سے	اور چھپاتے ہو	حق کو	اور تم	جانتے ہو

حق کو باطل کے ساتھ اور کیوں حق چھپاتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو۔

وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ

وَقَالَتْ	طَّآئِفَةٌ	مِّنْ اَهْلِ	الْكِتٰبِ	اٰمِنُوْا	بِالَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	عَلَى	الَّذِيْنَ
اور کہا	ایک گروہ نے	اہل	کتاب سے	ایمان لاؤ	اس پر جو	اتارا گیا	اوپر	ان کے جو

اور اہلِ کتاب کے ایک گروہ نے کہا کہ تم صبح کو ایمان لاؤ اس چیز پر جو مسلمانوں پر

اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾ ج

اٰمَنُوْا	وَجْهَ	النَّهَارِ	وَاكْفُرُوْٓا	اٰخِرَهٗ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ
ایمان لائے	شروع	دن میں	اور انکار کرو	پچھلے وقت	تا کہ وہ	لوٹ آئیں

نازل ہوئی اور شام کو اس کے منکر ہو جاؤ شاید وہ پھر جائیں۔

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ

وَلَا	تُؤْمِنُوْٓا	اِلَّا	لِمَنْ	تَبِعَ	دِيْنَكُمْ	قُلْ	اِنَّ	الْهُدٰى	هُدَى	اللّٰهِ	اَنْ
اور نہ	ایمان لاؤ	مگر	جو	پیروکار ہو	تمہارے دین کا	فرمادو	بیشک	ہدایت	ہدایت	اللہ کی ہے	یہ کہ

اور یقین نہ لاؤ مگر اس کا جو تمہارے دین کا پیروکار ہے آپ فرما دیجئے کہ اللہ کی ہدایت ہی ہدایت ہے

يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ

يُّؤْتٰٓى	اَحَدٌ	مِّثْلَ	مَآ	اُوْتِيْتُمْ	اَوْ	يُحَآجُّوْكُمْ	عِنْدَ	رَبِّكُمْ	قُلْ
دیا جائے	کوئی	مثل	اس کے	جو تم دیئے گئے	یا	حجت کریں تم سے	پاس	تمہارے رب کے	فرمادو

(یقین) اس کا کہ کسی کو ملے جیسا تمہیں ملا یا کوئی تم پر حجت لا سکے تمہارے رب کے پاس فرما دیجئے

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ ع

اِنَّ	الْفَضْلَ	بِيَدِ	اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ
بیشک	فضل	ہاتھ میں	اللہ کے ہے	دیتا ہے وہ	جسے	چاہے	اور اللہ	وسعت والا	علم والا ہے

کہ فضل تو اللہ ہی کے ہاتھ ہے جسے چاہے دے اور اللہ وسعت والا علم والا ہے۔

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾

يَّخْتَصُّ	بِرَحْمَتِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ
خاص کرتا ہے	اپنی رحمت کے ساتھ	جسے	چاہے	اور اللہ	صاحب فضل	عظیم ہے

اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ

وَ	مِنْ اَهْلِ	الْكِتٰبِ	مَنْ	اِنْ	تَاْمَنْهُ	بِقِنْطَارٍ	يُّؤَدِّهٖٓ
اور	بعض اہل	کتاب	وہ ہیں کہ	اگر	امانت دو اس کو	ڈھیر مال	ادا کردے اس کو

اور اہلِ کتاب میں بعض ایسے بھی ہیں کہ اگر آپ اس کے پاس مال کا ڈھیر امانت رکھ

اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ

اِلَيْكَ ۚ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	اِنْ	تَاْمَنْهُ	بِدِيْنَارٍ	لَّا	يُؤَدِّهٖٓ	اِلَيْكَ
تجھے	اور بعض ان سے	وہ ہیں کہ	اگر	امانت دے اسے	ایک دینار	نہ	ادا کردے گا	تجھے

دیں تو وہ آپ کو لوٹا دے گا اور انہی میں بعض ایسے ہیں کہ اگر اس کے پاس ایک

اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا

اِلَّا	مَا دُمْتَ	عَلَيْهِ	قَآئِمًا	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْا	لَيْسَ	عَلَيْنَا
مگر	جب تک تو	اس پر	کھڑا رہے	یہ	اس لئے ہے کہ	کہا انہوں نے	نہیں ہے	ہم پر

دینار امانت رکھ دیں تو آپ کو وہ بھی نہیں لوٹائے گا سوائے اس کے کہ آپ اس کے سر پر کھڑے رہیں یہ اس لئے

فِي الْأُمِّيِّينَ سَبِيلٌ ۚ وَيَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ

فِي	الْأُمِّيِّينَ	سَبِيلٌ	وَيَقُولُونَ	عَلَى	اللَّهِ	الْكَذِبَ	وَهُمْ
میں	ان پڑھوں	کوئی راہ	اور کہتے ہیں	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	اور وہ

کہ وہ کہتے ہیں کہ ان پڑھوں کے معاملہ میں ہم پر کوئی مواخذہ نہیں اور اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں اور انہیں

يَعْلَمُونَ ﴿٧٥﴾ بَلَىٰ مَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ وَاتَّقَىٰ فَإِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ

يَعْلَمُونَ	بَلَىٰ	مَنْ	أَوْفَىٰ	بِعَهْدِهِ	وَاتَّقَىٰ	فَإِنَّ	اللَّهَ	يُحِبُّ
جانتے ہیں	ہاں کیوں نہیں	جو	پورا کرے	اس کا عہد	اور ڈرے	تو بے شک	اللہ	پسند کرتا ہے

خود (بھی) معلوم ہے۔ ہاں جو اپنا وعدہ پورا کرے اور تقویٰ اختیار کرے سو بے شک اللہ پرہیز گاروں سے

الْمُتَّقِينَ ﴿٧٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ

الْمُتَّقِينَ	إِنَّ	الَّذِينَ	يَشْتَرُونَ	بِعَهْدِ	اللَّهِ	وَأَيْمَانِهِمْ
پرہیز گاروں کو	بے شک	وہ جو	لیتے ہیں	ساتھ عہد	اللہ کے	اور اپنی قسموں کے

محبت فرماتا ہے۔ بے شک وہ لوگ جو خریدتے ہیں اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے تھوڑی

ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

ثَمَنًا	قَلِيلًا	أُولَٰئِكَ	لَا	خَلَاقَ	لَهُمْ	فِي	الْآخِرَةِ	وَلَا	يُكَلِّمُهُمُ
دام	تھوڑے	یہ لوگ	نہیں ہے	حصہ	ان کا	میں	آخرت	اور نہ	کلام کرے گا ان سے

سی قیمت، یہی لوگ ہیں کہ ان کا کچھ حصہ نہیں آخرت میں اور اللہ ان سے کلام نہیں

اللَّهُ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ

اللَّهُ	وَلَا	يَنْظُرُ	إِلَيْهِمْ	يَوْمَ	الْقِيَامَةِ	وَلَا	يُزَكِّيهِمْ	وَلَهُمْ
اللہ	اور نہ	نظر فرمائے گا	ان کی طرف	دن	قیامت کے	اور نہ	پاک کرے گا ان کو	اور ان کے لیے

کرے گا اور ان کی طرف نظرِ رحمت نہیں فرمائے گا قیامت کے دن اور نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ (۷۷) وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَاِنَّ	مِنْهُمْ	لَفَرِيْقًا	يَلْوٗنَ	اَلْسِنَتَهُمْ
عذاب ہے	دردناک	اور بے شک	ان میں سے	ایک گروہ ہے	پھیرتے ہیں	اپنی زبانیں

دردناک عذاب ہے۔ اور بے شک ان میں کچھ ایسے لوگ ہیں کہ وہ (اللہ کی)

بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ج

بِالْكِتٰبِ	لِتَحْسَبُوْهُ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَمَا	هُوَ	مِنَ الْكِتٰبِ
ساتھ کتاب کے	تا کہ سمجھو تم اس کو	کتاب سے	حالانکہ نہیں	وہ	کتاب سے

کتاب (تورات) پڑھنے میں اپنی زبانوں کو مروڑ لیتے ہیں تا کہ تم سمجھو کہ وہ کتاب کا حصہ ہے

وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ج

وَيَقُوْلُوْنَ	هُوَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	وَمَا	هُوَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
اور کہتے ہیں	وہ ہے	اللہ سے	حالانکہ نہیں	وہ	اللہ کی طرف سے

حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں ہے اور کہتے ہیں کہ وہ اللہ کی طرف سے ہے

وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (۷۸) مَا كَانَ

وَيَقُوْلُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	مَا	كَانَ
اور کہتے ہیں	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	اور وہ	جانتے ہیں	نہیں ہے	حق

حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں ہے اور اللہ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولتے ہیں۔ کسی بشر کا

لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ

لِبَشَرٍ	اَنْ	يُّؤْتِيَهُ	اللّٰهُ	الْكِتٰبَ	وَالْحُكْمَ	وَالنُّبُوَّةَ	ثُمَّ	يَقُوْلَ
کسی آدمی کا	یہ کہ	دے اس کو	اللہ	کتاب	اور حکمت	اور پیغمبری	پھر	وہ کہے

یہ حق نہیں کہ اللہ اسے کتاب اور حکمت و نبوت دے پھر وہ

لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا

لِلنَّاسِ	كُوْنُوْا	عِبَادًا	لِّيْ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلٰكِنْ	كُوْنُوْا
لوگوں سے	ہو جاؤ	بندے	میرے	سوائے	اللہ کے	اور لیکن	ہو جاؤ

لوگوں سے کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے ہو جاؤ ہاں یہ کہے گا

رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ

رَبّٰنِيّٖنَ	بِمَا	كُنْتُمْ	تُعَلِّمُوْنَ	الْكِتٰبَ	وَبِمَا	كُنْتُمْ
رب کے بندے	بسبب اس کے کہ	ہو تم	سکھاتے	کتاب	اور بسبب اس کے کہ	ہو تم

کہ اللہ والے ہو جاؤ اس سبب سے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور اس سے کہ تم کتاب (اللہ) پڑھتے

تَدْرُسُوْنَ ﴿۷۹﴾ۙ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

تَدْرُسُوْنَ	وَلَا	يَاْمُرَكُمْ	اَنْ	تَتَّخِذُوا	الْمَلٰٓئِكَةَ
پڑھتے	اور نہ	حکم دے گا تم کو	یہ کہ	پکڑو تم	فرشتوں کو

پڑھاتے رہتے ہو۔ اور نہ تمہیں یہ حکم دے گا کہ فرشتوں

وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ

وَالنَّبِيّٖنَ	اَرْبَابًا	اَيَاْمُرُكُمْ	بِالْكُفْرِ	بَعْدَ	اِذْ	اَنْتُمْ
اور پیغمبروں کو	رب	کیا حکم دے گا تم کو	کفر کا	بعد اس کے	جبکہ	تم

اور پیغمبروں کو خدا ٹھہرا لو کیا تمہیں کفر کا حکم دے گا بعد اس کے کہ تم

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۰﴾ؑ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ

ع ۸
۱۲

مُّسْلِمُوْنَ	وَاِذْ	اَخَذَ	اللّٰهُ	مِيْثَاقَ	النَّبِيّٖنَ	لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ
مسلمان ہو	اور یاد کرو جب	لیا	اللہ نے	عہد	پیغمبروں سے	اس پر جو میں تمہیں دوں

مسلمان ہو گئے۔ اور (اے محبوب! وہ وقت یاد کریں) جب اللہ نے انبیاء سے پختہ عہد لیا کہ جب میں

مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا

مِّنْ كِتٰبٍ	وَّ	حِكْمَةٍ	ثُمَّ	جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ	مُّصَدِّقٌ	لِّمَا
کتاب	اور	حکمت	پھر	آئے تمہارے پاس	ایک رسول	جو تصدیق کرے	ان کی جو

تمہیں کتاب اور حکمت عطا کر دوں پھر تمہارے پاس وہ (سب مومنوں پر شفقت و رحمت والا) رسول تشریف لائے

مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ

مَعَكُمْ	لَتُؤْمِنُنَّ	بِهٖ	وَلَتَنْصُرُنَّهٗ	قَالَ	ءَاَقْرَرْتُمْ
تمہارے ساتھ ہے	تو ضرور ایمان لانا	اس پر	اور ضرور مدد کرنا اس کی	فرمایا	کیا اقرار کیا تم نے

جو ان کتابوں کی تصدیق فرمانے والا ہو جو تمہارے ساتھ ہوں گی تو ضرور بالضرور ان پر ایمان لاؤ گے اور ضرور بالضرور

وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ

وَاَخَذْتُمْ	عَلٰى	ذٰلِكُمْ	اِصْرِىْ	قَالُوْٓا	اَقْرَرْنَا	قَالَ
اور پکڑا تم نے	اوپر	اس کے	میرا ذمہ	بولے	ہم نے اقرار کیا	فرمایا

ان کی مدد کرو گے، فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس (شرط) پر میرا بھاری عہد مضبوطی سے تھام لیا؟ سب نے عرض کیا ہم نے

فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ

فَاشْهَدُوْا	وَاَنَا	مَعَكُمْ	مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ	فَمَنْ	تَوَلّٰى	بَعْدَ
تو گواہ رہو	اور میں	تمہارے ساتھ	گواہوں سے ہوں	تو جو	منحرف ہو	بعد

اقرار کر لیا، فرمایا کہ تم گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔ پھر جس نے اس (اقرار) کے

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ

ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	اَفَغَيْرَ	دِيْنِ	اللّٰهِ	يَبْغُوْنَ
اس کے	تو وہی	وہ ہیں	فاسق	کیا سوائے	دین	اللہ کے	چاہتے ہیں

بعد روگردانی کی پس وہی لوگ نافرمان ہوں گے۔ تو کیا اللہ کے دین کے سوا کوئی اور دین تلاش کرتے ہیں

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا

وَلَهٗٓ	اَسْلَمَ	مَنْ	فِى	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	طَوْعًا	وَّ	كَرْهًا
اور اسی کے لیے	جھکے ہوئے ہیں	جو	میں	آسمانوں	اور زمین ہے	خوشی سے	اور	مجبوری سے

حالانکہ اسی کیلئے گردن جھکائی ان سب نے جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں خوشی اور ناخوشی سے اور اسی کی

وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ

وَّاِلَيْهِ	يُرْجَعُوْنَ	قُلْ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَمَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	وَمَآ
اور اسی کی طرف	واپس لوٹیں گے	فرمادو	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور اس پر جو	اتارا گیا	ہم پر	اور جو

طرف سب لوٹائے جائیں گے۔ فرما دو ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس چیز پر جو ہم پر

اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

اُنْزِلَ	عَلٰٓى	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ
اتارا گیا	اوپر	ابراہیم	اور اسماعیل	اور اسحاق	اور یعقوب

نازل کی گئی اور اس چیز پر جو ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِىَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۖ

وَالْاَسْبَاطِ	وَمَآ	اُوْتِىَ	مُوْسٰى	وَعِيْسٰى	وَالنَّبِيُّوْنَ	مِنْ رَّبِّهِمْ
اور ان کے بیٹوں پر	اور جو	دیئے گئے	موسیٰ	وعیسیٰ	اور انبیاء کو	اپنے رب کی طرف سے

اور ان کی اولاد پر اُتاری گئی اور جو دیا گیا موسیٰ اور عیسیٰ اور (دوسرے) نبیوں کو ان کے

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَنَحْنُ لَهٗ

لَا	نُفَرِّقُ	بَيْنَ	اَحَدٍ	مِّنْهُمْ	وَنَحْنُ	لَهٗ
نہیں	فرق کرتے ہم	درمیان	کسی کے	ان میں سے	اور ہم	اس کے

رب کی طرف سے (ایمان لانے میں) ہم فرق نہیں کرتے ان میں سے کسی کے درمیان اور ہم اسی کیلئے گردن

مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ

مُسْلِمُوْنَ	وَمَنْ	يَّبْتَغِ	غَيْرَ	الْاِسْلَامِ	دِيْنًا	فَلَنْ
فرمانبردار ہیں	اور جو	چاہے گا	سوائے	اسلام کے	کوئی اور دین	تو ہرگز نہ

جھکائے ہوئے ہیں۔ اور جو اسلام کے سوا کوئی دین چاہے گا وہ ہرگز اس سے قبول نہ کیا

يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

يُّقْبَلَ	مِنْهُ	وَهُوَ	فِي	الْاٰخِرَةِ	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ
قبول کیا جائے گا	اس سے	اور وہ	میں	آخرت	زیاں کاروں سے ہوگا

جائے گا اور وہ آخرت میں زیاں کاروں سے ہوگا۔

كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ

كَيْفَ	يَهْدِي	اللّٰهُ	قَوْمًا	كَفَرُوْا	بَعْدَ	اِيْمَانِهِمْ
کس طرح	ہدایت دے	اللہ	اس قوم کو	جو کافر ہوئے	بعد	ایمان لانے کے

کیونکر اللہ ایسی قوم کی ہدایت چاہے جو ایمان لا کر کافر ہو گئے

وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ

وَشَهِدُوْٓا	اَنَّ	الرَّسُوْلَ	حَقٌّ	وَّ	جَآءَهُمُ	الْبَيِّنٰتُ
اور گواہی دی کہ	یقیناً	رسول	سچا ہے	اور	آ چکی ان کے پاس	نشانیاں

اور گواہی دے چکے تھے کہ رسول سچا ہے اور انہیں کھلی نشانیاں

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾ اُولٰٓئِكَ

وَاللّٰهُ	لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	اُولٰٓئِكَ
اور اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	قوم	ظالموں کو	یہ لوگ

آ چکی تھیں اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔ ایسے لوگوں

جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

جَزَآؤُهُمْ	اَنَّ	عَلَيْهِمْ	لَعْنَةَ	اللّٰهِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ
ان کا بدلہ	یہ ہے کہ	ان پر	لعنت ہے	اللہ کی	اور فرشتوں کی

کی سزا یہ ہے کہ ان پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور تمام انسانوں

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ج لَا يُخَفَّفُ

وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	لَا	يُخَفَّفُ
اور آدمیوں کی	سب کی	ہمیشہ رہنے والے	اس میں	نہ	ہلکا کیا جائے گا

کی لعنت پڑتی رہے۔ وہ اس پھٹکار میں ہمیشہ (گرفتار) رہیں گیاور ان سے

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا

عَنْهُمُ	الْعَذَابُ	وَ	لَا هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	اِلَّا
ان سے	عذاب	اور	نہ وہ	مہلت دیے جائیں	مگر

اس عذاب میں کمی نہیں کی جائے گی اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ مگر

الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا قف فَاِنَّ

الَّذِيْنَ	تَابُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَاَصْلَحُوْا	فَاِنَّ
وہ جو	توبہ کریں	بعد	اس کے	اور درست ہو جائیں	تو بے شک

جنہوں نے اسکے بعد توبہ کی اور وہ نیک ہو گئے تو بیشک اللہ

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۸۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ

اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بَعْدَ
اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	بے شک	وہ جو	کافر ہوئے	بعد

بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا پھر

اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ج

اِیْمَانِهِمْ	ثُمَّ	ازْدَادُوْا	کُفْرًا	لَنْ	تُقْبَلَ	تَوْبَتُهُمْ
اپنے ایمان کے	پھر	زیادہ ہوگئے	کفر میں	ہرگز نہ	قبول کی جائے گی	ان کی توبہ

وہ اپنے کفر میں بڑھ گئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الضَّآلُّوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور یہ لوگ	وہی ہیں	بھٹکے ہوئے	بیشک	وہ جو	کافر ہوئے

کی جائے گی اور وہی گمراہ ہیں۔ وہ جو کافر ہوئے

وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ

وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كُفَّارٌ	فَلَنْ	يُّقْبَلَ	مِنْ اَحَدِهِمْ
اور مر گئے	اور وہ	کافر ہوں	تو ہرگز نہ	قبول کیا جائے گا	ان میں سے کسی سے

اور کافر ہی مرے ان میں کسی سے زمین بھر سونا ہرگز

مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ط اُولٰٓئِكَ

مِّلْءُ	الْاَرْضِ	ذَهَبًا	وَّ	لَوِ	افْتَدٰى	بِهٖ	اُولٰٓئِكَ
بھری	زمین	سونا	اور	اگرچہ	وہ فدیہ دیں	اس کا	یہ لوگ

قبول نہ کیا جائے گا اگرچہ اپنی خلاصی کو

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۹۱﴾ ع

لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَّمَا	لَهُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ
واسطے ان کے	عذاب ہے	دردناک	اور نہیں	ان کا	کوئی مددگار

دے ان کیلئے درد ناک عذاب ہے اور ان کا کوئی مددگار نہیں۔

الجزء ۴

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ

لَنْ تَنَالُوا	الْبِرَّ	حَتّٰى	تُنْفِقُوْا	مِمَّا	تُحِبُّوْنَ	وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ شَيْءٍ
تم ہرگز نہیں پہنچو گے	بھلائی کو	جب تک	خرچ نہ کرو	اس چیز کو جو	پیاری ہے	اور جو	تم خرچ کرو	کچھ

تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہِ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو اور تم جو کچھ خرچ

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِهٖ	عَلِيْمٌ	كُلُّ	الطَّعَامِ	كَانَ	حِلًّا	لِّبَنِيْٓ	اِسْرَآءِيْلَ
تو بیشک	اللہ	اسے	جانتا ہے	سب	کھانے	تھے	حلال	اولاد	یعقوب کو

کرو اللہ کو معلوم ہے۔ تورات کے اترنے سے پہلے بنی اسرائیل

اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ

اِلَّا	مَا	حَرَّمَ	اِسْرَآءِيْلُ	عَلٰى	نَفْسِهٖ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تُنَزَّلَ	التَّوْرٰىةُ
مگر	وہ جو	حرام کر لئے	یعقوب نے	اوپر	اپنے نفس کے	قبل اس کے	یہ کہ	نازل ہو	توریت

کیلئے ہر کھانے کی چیز حلال تھی سوائے ان (چیزوں) کے جو یعقوب نے خود اپنے اوپر حرام کر لی تھیں،

قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى

قُلْ	فَاْتُوْا	بِالتَّوْرٰىةِ	فَاتْلُوْهَآ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَمَنِ	افْتَرٰى
فرما دیجئے	لاؤ	توریت	تو پڑھو اسے	اگر	ہو تم	سچے	پھر جو	باندھے

فرما دیں تورات لاؤ اور اسے پڑھو اگر تم سچے ہو۔ پھر اس کے

وقف جبرئیل علیہ السلام

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ ؕ قُلْ

عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	قُلْ
اوپر	اللہ کے	جھوٹ	اس کے بعد	تو یہی لوگ	وہ ہیں	ظالم	فرمادیں

بعد بھی جو شخص اللہ پر جھوٹ گھڑے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ (اے محبوب ﷺ) آپ

صَدَقَ اللّٰهُ قف فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ط وَمَا كَانَ مِنَ

صَدَقَ	اللّٰهُ	فَاتَّبِعُوْا	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا	وَمَا	كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ
سچ کہا	اللہ نے	تو پیروی کرو	دین	ابراہیم کی	ہر باطل سے جدا	اور نہ	تھے وہ	مشرکوں سے

فرما دیجئے کہ اللہ نے سچ فرمایا پس تم پیروی کرو دین ابراہیم کی جو ہر باطل کو چھوڑ کر حق کی طرف مائل ہونے والے تھے اور وہ

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا

اِنَّ	اَوَّلَ	بَيْتٍ	وُّضِعَ	لِلنَّاسِ	لَلَّذِيْ	بِبَكَّةَ	مُبٰرَكًا
شک	پہلا	گھر	جو بنایا گیا	لوگوں کے لئے	وہ ہے	جو مکہ میں ہے	برکت والا

مشرکین میں سے نہ تھے۔ بے شک سب سے پہلا گھر جو لوگوں کیلئے بنایا گیا (اللہ کی عبادت کیلئے) وہی ہے جو مکہ میں ہے برکت والا

وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾ ج فِيْهِ اٰيٰتٌ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ج وَمَنْ

وَّ	هُدًى	لِّلْعٰلَمِيْنَ	فِيْهِ	اٰيٰتٌ	بَيِّنٰتٌ	مَّقَامُ	اِبْرٰهِيْمَ	وَمَنْ
اور	ہدایت	جہانوں کے لئے	اس میں	نشانیاں ہیں	کھلی	مقام	ابراہیم	اور جو

اور تمام جہانوں کیلئے ہدایت کا مرکز ہے۔ اس میں روشن نشانیاں ہیں مقام ابراہیم ہے اور جو اس میں داخل ہو جائے

دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ط وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ

دَخَلَهٗ	كَانَ	اٰمِنًا	وَلِلّٰهِ	عَلَى	النَّاسِ	حِجُّ	الْبَيْتِ	مَنِ	اسْتَطَاعَ
داخل ہوا اس میں	ہے وہ	امن والا	اور اللہ کیلئے ہے	اوپر	لوگوں کے	حج کرنا	بیت اللہ کا	جو	طاقت رکھے

امن میں ہے اور اللہ کیلئے لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا ہے جو اس تک پہنچنے کی استطاعت

اِلَيْهِ سَبِيْلًا ط وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾ قُلْ

اِلَيْهِ	سَبِيْلًا	وَمَنْ	كَفَرَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَنِيٌّ	عَنِ الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ
اس کی طرف	رستے کی	اور جو	منکر ہو	تو بیشک	اللہ	بے پرواہ ہے	سارے جہان سے	فرماؤ

رکھتا ہو وہ جو اس کا انکار کرے تو یقیناً اللہ تعالیٰ تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔ اے

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا

يٰٓاَهْلَ	الْكِتٰبِ	لِمَ	تَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	شَهِيْدٌ	عَلٰى	مَا
اے اہل	کتاب	کیوں	نہیں مانتے	آیتیں	اللہ کی	اور اللہ	گواہ ہے	اوپر	اس کے جو

رسول فرما دیجئے اے اہل کتاب اللہ کی آیتیں کیوں نہیں مانتے حالانکہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

تَعْمَلُوْنَ	قُلْ	يٰٓاَهْلَ	الْكِتٰبِ	لِمَ	تَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	مَنْ
تم کرتے ہو	فرمادیں	اے اہل	کتاب	کیوں	روکتے ہو	اللہ کی راہ سے	جو

پر گواہ ہے۔ فرما دیں اے اہلِ کتاب! جو شخص ایمان لے آیا ہے تم اسے اللہ کی راہ سے

اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ۗ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

اٰمَنَ	تَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَّ	اَنْتُمْ	شُهَدَآءُ	وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا
ایمان لائے	چاہتے ہو اس میں	ٹیڑھ	اور	تم	گواہ ہو	اور نہیں	اللہ	بے خبر	اس سے جو

کیوں روکتے ہو تم ان کی راہ میں بھی کجی چاہتے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو اور اللہ تمہارے اعمال سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ

تَعْمَلُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِنْ	تُطِيْعُوْا	فَرِيْقًا	مِّنَ الَّذِيْنَ
تم کرتے ہو	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	اگر	تابعداری کروگے	ایک گروہ (کی)	ان میں سے جو

بے خبر نہیں۔ اے ایمان والو! اگر تم اہلِ کتاب میں سے کسی گروہ کا بھی کہنا

اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ

اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	يَرُدُّوْكُمْ	بَعْدَ	اِيْمَانِكُمْ	كٰفِرِيْنَ	وَكَيْفَ	تَكْفُرُوْنَ
دیئے گئے	کتاب	پھیر دیں گے تم کو	بعد	ایمان تمہارے کے	کافر	اور کیوں کر	تم کفر کروگے

مانو گے تو وہ تمہارے ایمان (لانے) کے بعد پھر تمہیں کفر کی طرف لوٹا دیں گے۔ اور تم کیوں کر کفر کرو

وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ

وَاَنْتُمْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتُ	اللّٰهِ	وَفِيْكُمْ	رَسُوْلُهٗ	وَمَنْ	يَّعْتَصِمْ
اور تم پر	پڑھی جاتی ہیں	تم پر	آیتیں	اللہ کی	اور تم میں	اس کا رسول ہے	اور جس	سہارا لیا

گے حالانکہ تم پر اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں اور تم میں اس کے رسول جلوہ فرما ہیں اور جس نے اللہ کا سہارا لیا تو

بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

بِاللّٰهِ	فَقَدْ	هُدِيَ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
اللہ کا	تو بیشک	وہ ہدایت دیا گیا	طرف	رستے	سیدھے کے	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

بے شک اسے ہدایت کی گئی سیدھے راستے کی طرف۔ اے ایمان والو! اللہ سے

اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

اتَّقُوا	اللّٰهَ	حَقَّ	تُقٰتِهٖ	وَلَا تَمُوْتُنَّ	اِلَّا	وَاَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ
ڈرو	اللہ سے	حق ہے	اس کے ڈرنے کا	اور ہرگز نہ مرنا	مگر	اور تم ہو	مسلمان

ڈرو جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے اور تمہیں ہرگز موت نہ آئے مگر مسلمان ہونے کی حالت میں۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

وَاعْتَصِمُوْا	بِحَبْلِ	اللّٰهِ	جَمِيْعًا	وَّ	لَا	تَفَرَّقُوْا	وَاذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ
اور تھام لو	رسی	اللہ کی	سب مل کر	اور	نہ	آپس میں پھٹ جانا	اور یاد کرو	احسان	اللہ کا

اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور گروہ بندی نہ کرو اور اللہ کا احسان

عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ

عَلَيْكُمْ	اِذْ	كُنْتُمْ	اَعْدَآءً	فَاَلَّفَ	بَيْنَ	قُلُوْبِكُمْ	فَاَصْبَحْتُمْ	بِنِعْمَتِهٖۤ
وپر اپنے	جب کہ	تھے تم	دشمن	تو اس نے ملا دیا	درمیان	تمہارے دلوں کے	تو تم ہو گئے	اس کے فضل سے

د کرو جب تم آپس میں دشمن تھے اس نے تمہارے دلوں میں محبت ڈال دی تو اس کے فضل

اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ

اِخْوَانًا	وَكُنْتُمْ	عَلٰى	شَفَا	حُفْرَةٍ	مِّنَ النَّارِ	فَاَنْقَذَكُمْ	مِّنْهَا
بھائی بھائی	اور تھے تم	اوپر	کنارے	گڑھے	آگ کے	تو بچالیا اس نے تم کو	اس سے

سے تم آپس میں بھائی بھائی ہو گئے اور تم ایک غار دوزخ کے کنارے پر تھے تو اس نے تمہیں اس سے بچا لی

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ	وَلْتَكُنْ	مِّنْكُمْ
اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنی آیتیں	تا کہ تم	ہدایت پاؤ	اور چاہئے کہ ہو	تم میں سے

اللہ تم سے یوں ہی اپنی آیتیں بیان فرماتا ہے کہ کہیں تم ہدایت پاؤ۔ اور تم میں ایک گرو

اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

اُمَّةٌ	يَّدْعُوْنَ	اِلَى	الْخَيْرِ	وَيَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَ
ایک گروہ	جو بلائیں	طرف	بھلائی کی	اور حکم دیں	بھلائی کا	اور روکیں	برائی سے

ایسا ہونا چاہئے کہ بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور برائی سے م

الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا

وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	وَلَا	تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	تَفَرَّقُوْا
اور یہی لوگ ہیں	وہ	مراد کو پہنچے	اور نہ	ہو جاؤ	ان کی طرح جو	آپس میں پھٹ گ

کریں اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو فرقو

وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

وَاخْتَلَفُوْا	مِنْ بَعْدِ	مَا	جَآءَهُمُ	الْبَيِّنٰتُ	وَاُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ
اور ان میں پھوٹ پڑ گئی	بعد	اس کے کہ	آئیں انکے پاس	نشانیاں	اور یہ لوگ	ان کیلئے	عذاب

میں بٹ گئے تھے اور جب ان کے پاس واضح نشانیاں آ چکیں اس کے بعد بھی اختلاف کرنے لگے اور انہی لوگوں

عَظِيْمٌ ۙ ﴿١٠٥﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

عَظِيْمٌ	يَوْمَ	تَبْيَضُّ	وُجُوْهٌ	وَ	تَسْوَدُّ	وُجُوْهٌ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ
بڑا	جس دن	روشن ہوں گے	کئی چہرے	اور	سیاہ ہوں گے	کئی چہرے	پھر وہ	جن کے

سخت عذاب ہے۔ جس دن کئی چہرے سفید ہوں گے اور کئی چہرے سیاہ ہوں گے تو جن کے چہرے

اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۣ قف اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ

اسْوَدَّتْ	وُجُوْهُهُمْ	اَكَفَرْتُمْ	بَعْدَ	اِيْمَانِكُمْ	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ
سیاہ ہوں گے	چہرے	کیا تم نے کفر کیا	بعد	اپنے ایمان کے	تو چکھو	عذاب

سیاہ ہو جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) کیا تم نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا؟ تو جو کفر تم کرتے رہے تھے

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿١٠٦﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ

بِمَا	كُنْتُمْ	تَكْفُرُوْنَ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	ابْيَضَّتْ	وُجُوْهُهُمْ	فَفِيْ
بدلہ اس کا جو	تھے تم	کفر کرتے	اور پھر	وہ جو	سفید ہوں گے	ان کے چہرے	تو وہ

سو (اس کے) عذاب (کا مزہ) چکھو۔ اور وہ جن کے چہرے سفید ہوئے وہ اللہ کی

رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٧﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ

رَحْمَةِ	اللّٰهِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	اللّٰهِ	نَتْلُوْهَا	عَلَيْكَ
رحمت	خدا میں	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	یہ	آیتیں ہیں	اللہ کی	پڑھتے ہیں ہم ان کو	آپ پر

رحمت میں ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں کہ ہم انہیں آپ پر حق کے

بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٨﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

الْحَقِّ	وَمَا	اللّٰهُ	يُرِيْدُ	ظُلْمًا	لِلْعٰلَمِيْنَ	وَلِلّٰهِ	مَا فِي السَّمٰوٰتِ
ٹھیک	اور نہیں	اللہ	چاہتا	ظلم کرنا	جہانوں پر	اور اللہ ہی کا ہے	آسمانوں میں ہے

تلاوت فرماتے ہیں اور اللہ جہان والوں پر ظلم کا ارادہ نہیں رکھتا۔ یہ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں

ع ۱۱ ۸

وَمَا فِي الْأَرْضِ ط وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ ع كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ

وَمَا	فِي الْأَرْضِ	وَإِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْأُمُوْرُ	كُنْتُمْ	خَيْرَ	أُمَّةٍ
اور جو کچھ	زمین میں	اور طرف	اللہ کی	رجوع ہے	سب کام	ہو تم	بہتر	امت

میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہی کی طرف سب کاموں کی رجوع ہے۔ تم بہترین امت ہو

أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

أُخْرِجَتْ	لِلنَّاسِ	تَأْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَتَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ
جو ظاہر ہوئیں	لوگوں میں	حکم کریں	بھلائی کا	اور منع کریں	برائی سے

جو لوگوں میں ظاہر کی گئی ہے تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی

وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ط وَلَوْ اٰمَنَ أَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ط

وَتُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَلَوْ	اٰمَنَ	أَهْلُ	الْكِتٰبِ	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ
اور ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور اگر	ایمان لاتے	اہل	کتاب	تو ہوتا	بہتر	ان کیلئے

سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے

مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ إِلَّا

مِنْهُمُ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَأَكْثَرُهُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	لَنْ	يَّضُرُّوْكُمْ	إِلَّا
ان میں سے	کچھ ایماندار	اور اکثر ان کے	فاسق ہیں	ہرگز نہ	بگاڑیں گے تمہارا	مگر

تو ان کا بھلا تھا ان میں کچھ مسلمان ہیں اور زیادہ فاسق ہیں۔ یہ لوگ ستانے کے سوا

أَذًى ط وَإِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْأَدْبَارَ قف ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

أَذًى	وَإِنْ	يُّقَاتِلُوْكُمْ	يُوَلُّوْكُمُ	الْأَدْبَارَ	ثُمَّ	لَا	يُنْصَرُوْنَ
ستانا	اور اگر	لڑائی کریں تم سے	تو پلٹ جائینگے تم سے	پیٹھوں پر	پھر	نہ	مدد دیئے جائینگے

تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے اور اگر یہ تم سے جنگ کریں تو تمہارے سامنے پیٹھ پھیر جائیں گے پھر ان کی مدد (بھی) نہیں کی جائے گی۔

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ

ضُرِبَتْ	عَلَيْهِمُ	الذِّلَّةُ	اَيْنَ مَا	ثُقِفُوْٓا	اِلَّا	بِحَبْلٍ
مقرر ہوگئی	ان پر	خواری	جہاں کہیں	پائے گئے	مگر	رسی

وہ جہاں کہیں بھی پائے جائیں ان پر ذلت مسلط کر دی گئی ہے سوائے اس کے کہ انہیں کہیں اللہ کے

مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ

مِّنَ اللّٰهِ	وَحَبْلٍ	مِّنَ النَّاسِ	وَبَآءُوْ	بِغَضَبٍ	مِّنَ اللّٰهِ	وَضُرِبَتْ
اللہ کی سے	اور رسی	لوگوں کی سے	اور چھا گیا ان پر	غضب	اللہ کا	اور مقرر ہوئی

عہد سے یا لوگوں کے عہد سے (پناہ دے دی جائے) اور وہ اللہ کے غضب کے سزا وار ہوئے ہیں اور ان

عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

عَلَيْهِمُ	الْمَسْكَنَةُ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانُوْا	يَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ
ان پر	محتاجی	یہ	اس وجہ سے کہ	تھے وہ	کفر کرتے	آیات	الٰہی کا

پر محتاجی مسلط کی گئی ہے، یہ اس لئے کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے

وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

وَيَقْتُلُوْنَ	الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ	حَقٍّ	ذٰلِكَ	بِمَا	عَصَوْا	وَّ	كَانُوْا
اور شہید کرتے	انبیاء کو	بغیر	حق کے	یہ	اس لئے کہ	وہ نافرمان ہیں	اور	تھے

اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے کیونکہ وہ نافرمان ہو گئے تھے اور (سرکشی میں) حد سے

يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ

يَعْتَدُوْنَ	لَيْسُوْا	سَوَآءً	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	اُمَّةٌ	قَآئِمَةٌ	يَّتْلُوْنَ
سرکش	نہیں سب	برابر	کتاب والے	ایک جماعت	قائم ہے	پڑھتے ہیں

بڑھ گئے تھے۔ وہ سب برابر نہیں، اہلِ کتاب میں سے کچھ لوگ (حق پر) قائم ہیں رات کی گھڑیوں میں

اٰیٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّیْلِ وَهُمْ یَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ

اٰیٰتِ	اللّٰهِ	اٰنَآءَ	الَّیْلِ	وَهُمْ	یَسْجُدُوْنَ	یُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالْیَوْمِ
آیات	الٰہی	گھڑیوں میں	رات کی	اور وہ	سجدہ کرتے ہیں	وہ ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور دن

اللہ کی آیتیں تلاوت کرتے اور وہ سجدہ کرتے ہیں۔ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان

الْاٰخِرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَیُسَارِعُوْنَ

الْاٰخِرِ	وَیَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَیَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَیُسَارِعُوْنَ
آخرت پر	اور حکم دیتے ہیں	بھلائی کا	اور روکتے ہیں	برائی سے	اور دوڑتے ہیں

لاتے ہیں اور نیکی کا حکم کرتے اور برائی سے روکتے ہیں اور نیک کاموں میں ایک دوسرے سے

فِی الْخَیْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓىِٕكَ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا یَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ

فِی الْخَیْرٰتِ	وَاُولٰٓىِٕكَ	مِنَ الصّٰلِحِیْنَ	وَمَا	یَفْعَلُوْا	مِنْ خَیْرٍ
بھلائی کے کاموں میں	اور یہ لوگ ہیں	نیکوں میں سے	اور جو کچھ	کریں	بھلائی

جلدی کرتے ہیں اور یہی لوگ صالحین میں سے ہیں۔ اور جو وہ بھلائی بھی کریں گے

فَلَنْ یُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ

فَلَنْ	یُّكْفَرُوْهُ	وَاللّٰهُ	عَلِیْمٌۢ	بِالْمُتَّقِیْنَ	اِنَّ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	لَنْ
تو ہرگز	ضائع نہ ہوگی وہ	اور اللہ	جانتا ہے	ڈروالوں کو	بیشک	وہ لوگ جو	کفر کریں	ہرگز نہ

اس کی ناقدری ہرگز نہیں کی جائے گی اور اللہ متقیوں کا خوب جانتا ہے۔ وہ جو کافر ہوئے ان کے مال

تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْــًٔا ؕ وَاُولٰٓىِٕكَ

تُغْنِیَ	عَنْهُمْ	اَمْوَالُهُمْ	وَلَاۤ	اَوْلَادُهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	شَیْــًٔا	وَاُولٰٓىِٕكَ
کام آئے گی	ان کے	ان کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	اللہ سے	کچھ	اور یہی ہیں

اور اولاد ان کو اللہ سے کچھ نہ بچائیں گے اور وہ جہنمی

أَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا يُنْفِقُونَ فِي

أَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيهَا	خٰلِدُونَ	مَثَلُ	مَا	يُنْفِقُونَ	فِي
جہنمی	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	کہاوت	اس کی جو	خرچ کریں	میں

ہیں ان کو ہمیشہ اس میں رہنا۔ (یہ لوگ) جو مال (بھی)

هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ

هٰذِهِ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	كَمَثَلِ	رِيحٍ	فِيهَا	صِرٌّ	أَصَابَتْ	حَرْثَ	قَوْمٍ
اس	زندگی	دنیا کی	اس کی کہاوت ہے کہ	ہوا ہو	اس میں	پالا ہو	پہنچے	کھیتی	اس قوم کو

اس دنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں، اس کی مثال اس ہوا جیسی ہے جس میں شدید سردی ہو (اور) وہ ایسی قوم کی

ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ ۗ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ أَنْفُسَهُمْ

ظَلَمُوا	أَنْفُسَهُمْ	فَأَهْلَكَتْهُ	وَمَا	ظَلَمَهُمُ	اللّٰهُ	وَلٰكِنْ	أَنْفُسَهُمْ
ظلم کیا	اپنی جان پر	تو اس کو ہلاک کر دیا	اور نہ	ظلم کرتے ہیں	اللہ	اور لیکن	اپنی جان پر خود

کھیتی پر جا پڑے جو اپنی جانوں پر ظلم کرتی ہو اور وہ اسے تباہ کر دے، اور اللہ نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں

يَظْلِمُونَ ﴿۱۱۷﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً مِّنْ دُونِكُمْ

يَظْلِمُونَ	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ	اٰمَنُوا	لَا	تَتَّخِذُوا	بِطَانَةً	مِّنْ دُونِكُمْ
ظلم کرتے ہیں	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	نہ	پکڑو	رازدار	اپنے سوا

پر ظلم کرتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم غیروں کو (اپنا) راز دار نہ بناؤ، وہ تمہاری نسبت فتنہ انگیزی میں (بھی)

لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا ۗ وَدُّوا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ

لَا	يَأْلُونَكُمْ	خَبَالًا	وَدُّوا	مَا	عَنِتُّمْ	قَدْ	بَدَتِ	الْبَغْضَآءُ
نہیں	کمی کرتے تمہاری	تباہی میں	اور پسند کرتے ہیں	جو	تم تکلیف پاؤ	بیشک	ظاہر ہو گئی	دشمنی

کمی نہیں کریں گے، وہ تمہیں سخت تکلیف پہنچنے کی خواہش رکھتے ہیں، بغض تو ان کی زبانوں سے خود ظاہر ہو چکا ہے اور جو

اَفْوَاهِهِمْ ۚ وَمَا تُخْفِیْ صُدُوْرُهُمْ اَکْبَرُ ؕ قَدْ بَیَّنَّا لَکُمُ الْاٰیٰتِ

مِنْ اَفْوَاهِهِمْ	وَمَا	تُخْفِیْ	صُدُوْرُهُمْ	اَکْبَرُ	قَدْ	بَیَّنَّا	لَکُمُ	الْاٰیٰتِ
ان کے مونہوں سے	اور جو	چھپاتے ہیں	ان کے سینے	وہ بہت بڑا ہے	بیشک	ہم نے بیان کیں	تمہارے لئے	آیتیں

(عداوت) ان کے سینوں نے چھپا رکھی ہے، وہ اس سے (بھی) بڑھ کر ہے، ہم نے تمہارے لئے نشانیاں واضح کر دی ہیں،

اِنْ کُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ هٰۤاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا یُحِبُّوْنَکُمْ

اِنْ	کُنْتُمْ	تَعْقِلُوْنَ	هٰۤاَنْتُمْ	اُولَآءِ	تُحِبُّوْنَهُمْ	وَلَا	یُحِبُّوْنَکُمْ
اگر	تمہیں	عقل ہو	تم	جو ہو	ان کو چاہتے ہو	اور نہیں	چاہتے وہ تم کو

اگر تمہیں عقل ہو۔ سن لو! تم ہو جو ان سے محبت کرتے ہو اور وہ تمہیں پسند نہیں کرتے

وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْکِتٰبِ کُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْکُمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا

وَتُؤْمِنُوْنَ	بِالْکِتٰبِ	کُلِّهٖ	وَاِذَا	لَقُوْکُمْ	قَالُوْۤا	اٰمَنَّا	وَاِذَا	خَلَوْا
اور ایمان لاتے ہو تم	کتابوں	سب پر	اور جب	تم سے ملتے ہیں	کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور جب	اکیلے ہوں

اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو اور جب وہ تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اور جب

عَضُّوْا عَلَیْکُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَیْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَیْظِکُمْ ؕ

عَضُّوْا	عَلَیْکُمُ	الْاَنَامِلَ	مِنَ الْغَیْظِ	قُلْ	مُوْتُوْا	بِغَیْظِکُمْ
تو چبائیں	تم پر	انگلیاں	غصہ سے	فرما دو	مر جاؤ	اپنے غصے میں

اکیلے ہوتے ہیں تو غصے سے تم پر انگلیاں کاٹتے ہیں، فرما دیجئے، تم مر جاؤ اپنے غصے میں

اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ تَمْسَسْکُمْ حَسَنَةٌ

اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِیْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اِنْ	تَمْسَسْکُمْ	حَسَنَةٌ
بیشک	اللہ	جانتا ہے	دلوں کی باتیں	اگر	پہنچے تمہیں	بھلائی تو

بے شک اللہ خوب جاننے والا ہے، دل کی باتیں۔ اگر تمہیں کچھ بھلائی حاصل ہو تو انہیں

تَسُؤْهُمْ ۫ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا

تَسُؤْهُمْ	وَ اِنْ	تُصِبْكُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّفْرَحُوْا	بِهَا	وَ اِنْ	تَصْبِرُوْا
بری لگتی ہے ان کو	اور اگر	پہنچے تم کو	برائی	تو خوش ہوتے ہیں	اس سے	اور اگر	تم صبر کرو

بری لگے اور اگر تمہیں کوئی برائی پہنچ جائے تو وہ اس سے خوش ہوں اور اگر تم صبر کرو

وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ ع

وَتَتَّقُوْا	لَا	يَضُرُّكُمْ	كَيْدُهُمْ	شَيْـًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ
اور پرہیزگاری کرو	نہ	نقصان دے گا تم کو	مکر ان کا	کچھ بھی	بیشک	اللہ	جو کچھ	وہ کرتے ہیں	گھیرے والا ہے

اور پرہیزگار ہو تو ان کا فریب تمہیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا، بے شک اللہ ان کے سب کاموں احاطہ کیے ہوئے ہے۔

وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ؕ

وَ اِذْ	غَدَوْتَ	مِنْ اَهْلِكَ	تُبَوِّئُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مَقَاعِدَ	لِلْقِتَالِ
اور یاد کرو جب	آپ صبح کو نکلے	اپنے دولت خانہ سے	قائم کرتے ہوئے	مسلمانوں کو	مورچوں پر	لڑائی کے لیے

اور یاد کرو اے محبوب ﷺ جب تم صبح کو اپنے دولت خانہ سے برآمد ہوئے مسلمانوں کو لڑائی کے مورچوں پر قائم کر رہے تھے

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾ لا اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ

وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اِذْ	هَمَّتْ	طَّآئِفَتٰنِ	مِنْكُمْ	اَنْ	تَفْشَلَا
اور اللہ	سنتا	جانتا ہے	جب	تیار ہوئے	دو گروہ	تم میں سے	اس پر کہ	ہمت ہار جائیں

اور اللہ خوب سننے والا اور جاننے والا ہے۔ جب تم میں سے دو جماعتوں نے ہمت ہارنے کا ارادہ کر لیا تھا اور اللہ ان کا

وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ

وَاللّٰهُ	وَلِيُّهُمَا	وَ	عَلَى	اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَلَقَدْ	نَصَرَكُمُ
اور اللہ	ان دونوں کا والی ہے	اور	اوپر	اللہ کے	بھروسہ کریں	مسلمان	اور بے شک	مدد دی تم کو

سنبھالنے والا ہے اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ چاہیے۔ اور اللہ نے بدر میں

اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ تَقُوْلُ

اللّٰهُ	بِبَدْرٍ	وَّ	اَنْتُمْ	اَذِلَّةٌ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	اِذْ	تَقُوْلُ
اللہ نے	بدر میں	اور	تم	بے سروسامان تھے	تو ڈرو	اللہ سے	تا کہ تم	شکر کرو	جب	آپ فرما رہے تھے

تمہاری مدد فرمائی حالانکہ تم (اس وقت) بالکل بے سروسامان تھے، پس اللہ سے ڈرا کرو تا کہ تم شکر گزار بن جاؤ۔ جب آپ ﷺ

لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

لِلْمُؤْمِنِيْنَ	اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ	اَنْ	يُّمِدَّكُمْ	رَبُّكُمْ	بِثَلٰثَةِ	اٰلٰفٍ	مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
مسلمانوں کو	کیا نہیں کافی تم کو	یہ کہ	مدد کرے تمہاری	تمہارا رب	تین	ہزار	فرشتوں سے

مسلمانوں سے فرما رہے تھے کہ کیا تمہارے لئے یہ کافی نہیں کہ تمہارا رب تین ہزار اتارے ہوئے

مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ

مُنْزَلِيْنَ	بَلٰٓى	اِنْ	تَصْبِرُوْا	وَ	تَتَّقُوْا	وَيَاْتُوْكُمْ	مِّنْ فَوْرِهِمْ
اتار کر	کیوں نہیں	اگر	تم صبر کرو	اور	ڈرو	اور آپڑے کافر تم پر	اسی دم

فرشتوں کے ذریعے تمہاری مدد فرمائے۔ کیوں نہیں اگر تم ٹھہرے رہو اور (اللہ سے) ڈرو اور وہ دشمن یک دم

هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

هٰذَا	يُمْدِدْكُمْ	رَبُّكُمْ	بِخَمْسَةِ	اٰلٰفٍ	مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
یہ	مدد کرے تمہاری	تمہارا رب	پانچ	ہزار	فرشتوں سے

تم پر آ پڑیں تو تمہارا رب تمہاری مدد فرمائے گا پانچ ہزار نشان

مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ

مُسَوِّمِيْنَ	وَ	مَا	جَعَلَهُ	اللّٰهُ	اِلَّا	بُشْرٰى	لَكُمْ	وَلِتَطْمَئِنَّ	قُلُوْبُكُمْ
نشان والوں	اور	نہیں	بنایا اسے	اللہ نے	مگر	خوشخبری	تمہارے لئے	اور چین دینے کیلئے	تمہارے دلوں کو

والے فرشتوں سے۔ اور اس کو اللہ نے محض تمہارے لیے خوشخبری بنایا اور تا کہ اس سے تمہارے دل مطمئن ہو

بِهٖ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لا لِيَقْطَعَ

بِهٖ	وَ	مَا	النَّصْرُ	اِلَّا	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ	لِيَقْطَعَ
اس سے	اور	نہیں	مدد	مگر	اللہ کے پاس سے	جو غالب	حکمت والا ہے	تاکہ کاٹے

جائیں اور مدد صرف اللہ بہت غالب نہایت حکمت والے کی طرف سے ہے۔ اس لئے کہ

طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ

طَرَفًا	مِّنَ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اَوْ	يَكْبِتَهُمْ	فَيَنْقَلِبُوْا	خَآئِبِيْنَ	لَيْسَ
ایک حصہ	ان لوگوں سے جو	کافر ہوئے	یا	ذلیل کرے ان کو	تو پھر جائیں	نامراد	نہیں ہے

اللہ کافروں کے ایک حصہ کو کاٹ دے یا انہیں ذلیل کر دے کہ نامراد لوٹ جائیں۔ یہ بات

لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ

لَكَ	مِنَ الْاَمْرِ	شَيْءٌ	اَوْ	يَتُوْبَ	عَلَيْهِمْ	اَوْ	يُعَذِّبَهُمْ	فَاِنَّهُمْ
آپ کیلئے ایک	اس کام سے	کچھ	یا	توبہ کی توفیق ہو	ان پر	یا	عذاب ہو ان پر	تو وہ

تمہارے اختیار میں نہیں یا اللہ انہیں توبہ کی توفیق دے یا ان پر عذاب کرے کہ وہ

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ

ظٰلِمُوْنَ	وَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	يَغْفِرُ	لِمَنْ
ظالم ہیں	اور	اللہ ہی کا ہے	جو	آسمانوں میں	اور	جو	زمین میں	بخشے	جسے

ظالم ہیں۔ اور اللہ ہی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے، وہ جسے چاہے بخش

يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

يَّشَآءُ	وَ	يُعَذِّبُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
چاہے	اور	عذاب کرے	جسے	چاہے	اور اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	اے	وہ جو

دے جسے چاہے عذاب دے اور اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہے۔ اے ایمان والو!

ع ۱۳

اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

اٰمَنُوْا	لَا	تَاْكُلُوا	الرِّبٰوٓا	اَضْعَافًا	مُّضٰعَفَةً	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ
ایمان لائے ہو	نہ	کھاؤ	سود	دگنا	چوگنا	اور ڈرو	اللہ سے	تاکہ تم

دوگنا اور چار گنا کرکے سود مت کھایا کرو اور اللہ سے ڈرا کرو تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ ۚ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۳۱﴾ ۚ وَاَطِیْعُوا

تُفْلِحُوْنَ	وَاتَّقُوا	النَّارَ	الَّتِیْٓ	اُعِدَّتْ	لِلْكٰفِرِیْنَ	وَاَطِیْعُوا
فلاح پاؤ	اور ڈرو	آگ سے	وہ جو	تیار کی گئی ہے	کافروں کے لئے	اور فرمانبرداری کرو

فلاح پاؤ۔ اور اس آگ سے بچو جو کافروں کیلئے تیار کی گئی ہے۔ اور اطاعت

اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ ۚ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ

اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	وَسَارِعُوْٓا	اِلٰى	مَغْفِرَةٍ	مِّنْ رَّبِّكُمْ
اللہ کی	اور رسول کی	تاکہ تم پر	رحمت کی جائے	اور دوڑو	طرف	بخشش کی	اپنے رب سے

کرو اللہ کی اور رسول کی تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور دوڑو اپنے رب کی بخشش اور ایسی جنت کی طرف

رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۳۳﴾ ۙ

وَ	جَنَّةٍ	عَرْضُهَا	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	اُعِدَّتْ	لِلْمُتَّقِیْنَ
اور	جنت کی	جس کی چوڑائی	آسمان ہیں	اور زمین	تیار کی گئی ہے	پرہیزگاروں کے لئے

جس کی وسعت میں سب آسمان و زمین آ جائیں پرہیزگاروں کیلئے تیار کی گئی ہیں۔

الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ فِی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ

الَّذِیْنَ	یُنْفِقُوْنَ	فِی السَّرَّآءِ	وَ	الضَّرَّآءِ	وَ	الْكٰظِمِیْنَ	الْغَیْظَ
وہ جو	خرچ کرتے ہیں	خوشی میں	اور	رنج میں	اور	پینے والے	غصہ

وہ جو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں خوشی میں اور رنج میں اور غصہ پینے والے

وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۱۳۴ وَالَّذِیْنَ

وَالْعَافِیْنَ	عَنِ النَّاسِ	وَ	اللّٰهُ	یُحِبُّ	الْمُحْسِنِیْنَ	وَالَّذِیْنَ
اور معاف کردینے والے	لوگوں کو	اور	اللہ	پسند کرتا ہے	نیک لوگوں کو	اور وہ جو کہ

اور لوگوں سے درگزر کرنے والے اور نیک لوگ اللہ کے محبوب ہیں۔ اور (یہ)

اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا

اِذَا	فَعَلُوْا	فَاحِشَةً	اَوْ	ظَلَمُوْۤا	اَنْفُسَهُمْ	ذَكَرُوْا	اللّٰهَ	فَاسْتَغْفَرُوْا
جب	کرتے ہیں	کوئی بے حیائی	یا	ظلم	اپنی جانوں پر	یاد کریں	اللہ کو	تو معافی مانگیں

ایسے لوگ ہیں کہ جب کوئی برائی کر بیٹھتے ہیں یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کا ذکر کرتے ہیں پھر

لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۠ قف وَلَمْ یُصِرُّوْا عَلٰى مَا

لِذُنُوْبِهِمْ	وَمَنْ	یَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ	اِلَّا	اللّٰهُ	وَ	لَمْ	یُصِرُّوْا	عَلٰى	مَا
اپنے گناہوں کی	اور کون	بخشتا ہے	گناہوں کو	مگر	اللہ	اور	نہ	اصرار کریں	اوپر	اسکے کہ

اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہوں کی بخشش کون کرتا ہے اور پھر جو گناہ وہ کر بیٹھے تھے،

فَعَلُوْا وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ۱۳۵ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ

فَعَلُوْا	وَ	هُمْ	یَعْلَمُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	جَزَآؤُهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ
کیا انہوں نے	اور	وہ	جانتے ہیں	یہ لوگ	ان کا بدلہ	بخشش ہے	انکے رب کی طرف سے

ان پر جان بوجھ کر اصرار بھی نہیں کرتے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی جزاء ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے

وَجَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ

وَجَنّٰتٌ	تَجْرِیْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِیْنَ	فِیْهَا	وَنِعْمَ	اَجْرُ
اور جنت	رواں ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	اور اچھا ہے	اجر

اور جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور (نیک) عمل کرنے والوں کا

الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

الْعٰمِلِيْنَ	قَدْ	خَلَتْ	مِنْ قَبْلِكُمْ	سُنَنٌ	فَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ
عمل کرنے والوں کا	بیشک	گزر چکے	تم سے پہلے	طریقے	تو سیر کرو	زمین میں

کیا اچھا بدلہ ہے۔ بے شک تم سے پہلے (قانون قدرت کے) طریقے گزر چکے ہیں تو زمین

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ

فَانْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	هٰذَا	بَيَانٌ	لِّلنَّاسِ
تو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والوں کا	یہ	بیان ہے	لوگوں کیلئے

میں چلو اور دیکھو کیسا انجام ہوا جھٹلانے والوں کا۔ یہ لوگوں کیلئے واضح بیان

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ

وَ	هُدًى	وَّ	مَوْعِظَةٌ	لِّلْمُتَّقِيْنَ	وَ	لَا	تَهِنُوْا	وَ	لَا	تَحْزَنُوْا	وَ	اَنْتُمُ
اور	ہدایت	اور	نصیحت	پرہیزگاروں کیلئے	اور	نہ	سستی کرو	اور	نہ	غم کھاؤ	اور	تم ہی

اور پرہیزگاروں کیلئے ہدایت اور نصیحت ہے۔ اور نہ سستی کرو اور نہ غم کھاؤ تمہیں

الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ

الْاَعْلَوْنَ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	اِنْ	يَّمْسَسْكُمْ	قَرْحٌ	فَقَدْ	مَسَّ
غالب رہوگے	اگر	ہو تم	مومن	اگر	پہنچے تم کو	تکلیف	تو بیشک	پہنچی

غالب آؤ گے اگر تم ایمان رکھتے ہو۔ اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچی تو وہ

الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ۭ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ

الْقَوْمَ	قَرْحٌ	مِّثْلُهٗ	وَ	تِلْكَ	الْاَيَّامُ	نُدَاوِلُهَا	بَيْنَ	النَّاسِ	وَلِيَعْلَمَ
اس قوم کو بھی	تکلیف	اسی جیسی	اور	یہ	دن ہیں	جن کو ہم بدلتے ہیں	درمیان	لوگوں کے	اور تاکہ ظاہر کرے

لوگ بھی ویسی ہی تکلیف پا چکے ہیں اور یہ دن ہیں جن میں ہم لوگوں کے درمیان گردش کرواتے رہتے ہیں اور اس

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	يَتَّخِذَ	مِنْكُمْ	شُهَدَآءَ	وَاللّٰهُ	لَا	يُحِبُّ
اللہ	ان کو جو	ایمان لائے	اور	بنائے	تم میں سے	شہید	اور اللہ	نہیں	پسند کرتا

لئے کہ اللہ پہچان کرا دے ایمان والوں کی اور تم میں سے کچھ لوگوں کو شہادت کا مرتبہ دے اور اللہ دوست نہیں

الظّٰلِمِيْنَ ۙ (۱۴۰) وَ لِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ

الظّٰلِمِيْنَ	وَ	لِيُمَحِّصَ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ يَمْحَقَ
ظالموں کو	اور	تاکہ خالص کرے	اللہ	ان کو	جو ایمان لائے	اور مٹا دے

رکھتا ظالموں کو۔ اور یہ اس لئے (بھی) ہے کہ اللہ ایمان والوں کو (مزید) نکھار دے (یعنی پاک و صاف کر دے)

الْكٰفِرِيْنَ (۱۴۱) اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ

الْكٰفِرِيْنَ	اَمْ	حَسِبْتُمْ	اَنْ	تَدْخُلُوا	الْجَنَّةَ	وَ	لَمَّا	يَعْلَمِ	اللّٰهُ
کافروں کو	کیا	گمان کرتے ہو تم	یہ کہ	داخل ہو گے	جنت میں	اور	ابھی تک نہ	امتحان لیا	اللہ نے

اور کافروں کو مٹا دے۔ کیا تم یہ گمان کئے ہوئے ہو کہ تم (یونہی) جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں

الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ (۱۴۲) وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ

الَّذِيْنَ	جٰهَدُوْا	مِنْكُمْ	وَ	يَعْلَمَ	الصّٰبِرِيْنَ	وَ	لَقَدْ	كُنْتُمْ	تَمَنَّوْنَ
ان کا	جو مجاہد ہیں	تم میں سے	اور	آزمائش کرے	صبر والوں کی	اور	یقیناً	تھے تم	تمنا کرتے

سے جہاد کرنے والوں کو پرکھا ہی نہیں ہے اور نہ ہی صبر کرنے والوں کو آزمایا ہے۔ بے شک تم موت کی تمنا کرتے تھے

الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۠ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ (۱۴۳) ع

ع ۱۴ ۵

الْمَوْتَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تَلْقَوْهُ	فَقَدْ	رَاَيْتُمُوْهُ	وَاَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ
موت کی	پہلے	اس سے کہ	ملو اس کو	تو بے شک	دیکھ لیا تم نے اس کو	اور تم	دیکھ رہے ہو

اس کے ملنے سے پہلے تو اب تم نے اسے دیکھ لیا اور وہ تمہاری آنکھوں کے سامنے ہے۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ

وَمَا	مُحَمَّدٌ	اِلَّا	رَسُوْلٌ	قَدْ	خَلَتْ	مِنْ قَبْلِهِ	الرُّسُلُ	اَفَاۡئِنْ
اور نہیں	محمد	مگر	ایک رسول	بے شک	ہو چکے	ان سے پہلے	کئی رسول	کیا اگر

اور محمد ﷺ (معبود نہیں) صرف رسول ہیں، ان سے پہلے اور رسول ہو چکے تو کیا اگر وہ وفات پا جائیں یا شہید

مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ

مَّاتَ	اَوْ	قُتِلَ	انْقَلَبْتُمْ	عَلٰٓى	اَعْقَابِكُمْ	وَ	مَنْ	يَّنْقَلِبْ	عَلٰى	عَقِبَيْهِ
وفات پائیں	یا	شہید ہوں تو	پھر جاؤ گے تم	اوپر	اپنی ایڑیوں کے	اور	جو	پھر جائے	اوپر	اپنی ایڑیوں کے

ہوں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟ اور جو اُلٹے پاؤں پھرے گا تو وہ اللہ کو کچھ نقصان

فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا كَانَ

فَلَنْ	يَّضُرَّ	اللّٰهَ	شَيْـًٔا	وَ	سَيَجْزِى	اللّٰهُ	الشّٰكِرِيْنَ	وَمَا	كَانَ
تو ہرگز نہ	نقصان دے گا	اللہ کو	کچھ	اور	جلدی بدلہ دے گا	اللہ	شکر کرنے والوں کو	اور نہیں	ہے

نہ پہنچائے گا اور عنقریب اللہ شکرگزاروں کو (نیک) بدلہ عطا فرمائے گا۔ اور کوئی جان

لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ

لِنَفْسٍ	اَنْ	تَمُوْتَ	اِلَّا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	كِتٰبًا	مُّؤَجَّلًا	وَ	مَنْ	يُّرِدْ	ثَوَابَ
کسی جان کا اختیار	یہ کہ	مرجائے	مگر	ساتھ حکم	اللہ کے	لکھا ہوا ہے	مقررہ وقت	اور	جو	چاہے گا	انعام

اللہ کے حکم کے بغیر مر نہیں سکتی سب کا وقت لکھ رکھا ہے اور جو دنیا کا انعام

الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ

الدُّنْيَا	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا	وَمَنْ	يُّرِدْ	ثَوَابَ	الْاٰخِرَةِ	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا
دنیا کا	دیں گے ہم اس کو	اس سے	اور جو	چاہے گا	انعام	آخرت کا	دیں گے ہم اسے	اس سے

چاہے ہم اس میں سے اسے دیں گے اور جو آخرت کا انعام چاہے ہم اس میں سے اسے دیں گے

وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ

وَسَنَجْزِي	الشّٰكِرِيْنَ	وَ	كَاَيِّنْ	مِّنْ نَّبِيٍّ	قٰتَلَ ۔	مَعَهٗ	رِبِّيُّوْنَ
اور جلدی بدلہ دیں گے ہم	شکر کرنے والوں کو	اور	کتنے ہی	نبی تھے	کہ لڑائی کی	اس کے ساتھ ہو کر	اللہ والوں نے

اور قریب ہے کہ ہم شکر والوں کو صلہ عطا کریں۔ اور کتنے ہی انبیاء نے جہاد کیا ان کے ساتھ بہت اللہ والے تھے

كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا

كَثِيْرٌ	فَمَا	وَهَنُوْا	لِمَآ	اَصَابَهُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَ	مَا	ضَعُفُوْا	وَ	مَا
بہت سے	تو نہ	سست پڑے	جو	پہنچا انہیں	میں	راہ	اللہ کے	اور	نہ	کمزور ہوئے	اور	نہ

تو سست نہ پڑے ان مصیبتوں سے جو اللہ کی راہ میں انہیں پہنچیں اور نہ کمزور ہوئے اور نہ

اسْتَكَانُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٣٦﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ

اسْتَكَانُوْا	وَ	اللّٰهُ	يُحِبُّ	الصّٰبِرِيْنَ	وَ	مَا	كَانَ	قَوْلَهُمْ	اِلَّآ	اَنْ
دبے	اور	اللہ	پسند کرتا ہے	صبر والوں کو	اور	نہیں	تھی	ان کی بات	مگر	یہ کہ

دبے اور اللہ تعالٰی صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔ اوران کا کہنا کچھ نہ تھا سوائے اس التجا

قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ

قَالُوْا	رَبَّنَا	اغْفِرْ لَنَا	ذُنُوْبَنَا	وَاِسْرَافَنَا	فِيْ	اَمْرِنَا	وَ	ثَبِّتْ
بولے	اے ہمارے رب	بخش دے ہم کو	ہمارے گناہ	اور ہماری زیادتیاں	میں	ہمارے کام	اور	مضبوط رکھ

کے کہ اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے اور ہمارے کام میں ہم سے ہونے والی زیادتیوں سے درگزر فرما

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٣٧﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ

اَقْدَامَنَا	وَانْصُرْنَا	عَلَى	الْقَوْمِ	الْكٰفِرِيْنَ	فَاٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	ثَوَابَ
ہمارے قدم	اور مدد دے ہمیں	اوپر	قوم	کافروں کے	تو دیا ان کو	اللہ نے	انعام

اور ہمیں (اپنی راہ میں) ثابت قدم رکھ اور ہمیں کافروں پر غلبہ عطا فرما۔ پس اللہ نے انہیں دنیا کا بھی انعام

الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ ع ۱۵ ع ۵ ۶

الدُّنْيَا	وَ	حُسْنَ	ثَوَابِ	الْاٰخِرَةِ	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ
دنیا کا	اور	اچھا	ثواب	آخرت کا	اور اللہ	پسند کرتا ہے	نیکوں کو

عطا فرمایا اور آخرت کے بھی عمدہ اجر سے نوازا اور اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰۤى

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِنْ	تُطِيْعُوا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يَرُدُّوْكُمْ	عَلٰۤى
اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	اگر	پیروی کرو گے	ان کی جو	کافر ہیں	تو پھیر دیں گے تم کو	اوپر

اے ایمان والو! اگر تم نے کافروں کا کہا مانا تو وہ تمہیں اُلٹے پاؤں پھیر دیں گے

اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ

اَعْقَابِكُمْ	فَتَنْقَلِبُوْا	خٰسِرِيْنَ	بَلِ	اللّٰهُ	مَوْلٰىكُمْ	وَ	هُوَ	خَيْرُ
تمہاری ایڑیوں کے	تو تم پھرو گے	نقصان میں	بلکہ	اللہ	تمہارا مولا ہے	اور	وہ	بہترین

پھر تم نقصان اٹھا کر پلٹ جاؤ گے۔ بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ سب سے بہتر

النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَاۤ

النّٰصِرِيْنَ	سَنُلْقِيْ	فِيْ قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	الرُّعْبَ	بِمَاۤ
مدد دینے والا ہے	جلدی ڈالیں گے ہم	دلوں میں	ان کے جو	کافر ہیں	رعب	بوجہ اس کے جو

مدد کرنے والا ہے۔ عنقریب ہم کافروں کے دلوں میں رعب ڈالیں گے کہ انہوں نے اللہ کا شریک

اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَبِئْسَ

اَشْرَكُوْا	بِاللّٰهِ	مَا	لَمْ	يُنَزِّلْ	بِهٖ	سُلْطٰنًا	وَمَاْوٰىهُمُ	النَّارُ	وَبِئْسَ
شریک کیا	اللہ کے ساتھ	ان کو جو	نہیں	اتاری گئی	اس کی	کوئی دلیل	اور ان کی جگہ	آگ ہے	اور بری

ٹھہرایا جس پر اس نے کوئی دلیل نہیں اتاری اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا ہی

مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ

مَثْوَى	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	لَقَدْ	صَدَقَكُمُ	اللّٰهُ	وَعْدَهٗٓ	اِذْ	تَحُسُّوْنَهُمْ
جگہ ہے	ظالموں کی	اور	بے شک	سچا کر دیا تم سے	اللہ نے	اپنا وعدہ	جب	قتل کرتے تھے تم ان کو

بُرا ٹھکانا ظالموں کا۔ اور بے شک اللہ نے تمہیں سچ کر دکھایا اپنا وعدہ جبکہ تم اس کے حکم سے کافروں کو قتل

بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

بِاِذْنِهٖ	حَتّٰى	اِذَا	فَشِلْتُمْ	وَتَنَازَعْتُمْ	فِى	الْاَمْرِ	وَعَصَيْتُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ
اسکے حکم سے	یہاں تک کہ	جب	تم بزدل ہوئے	اور جھگڑا کیا تم نے	میں	حکم	اور نافرمانی کی تم نے	بعد اس کے

کرتے تھے یہاں تک کہ جب تم نے بزدلی کی اور کام کے بارے میں جھگڑا کیا اور نافرمانی کی بعد

مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ

مَآ	اَرٰىكُمْ	مَّا	تُحِبُّوْنَ	مِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرِيْدُ	الدُّنْيَا	وَمِنْكُمْ	مَّنْ
جو	دکھایا تم کو	جو	تم پسند کرتے تھے	تم میں سے	جو	چاہتے ہیں	دنیا	اور تم میں سے	جو

اس کے کہ اللہ تمہیں دکھا چکا تمہاری خوشی کی بات تم میں کوئی دنیا چاہتا تھا اور تم

يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا

يُّرِيْدُ	الْاٰخِرَةَ	ثُمَّ	صَرَفَكُمْ	عَنْهُمْ	لِيَبْتَلِيَكُمْ	وَ	لَقَدْ	عَفَا
چاہتے ہیں	آخرت	پھر	پھیر دیا تم کو	ان سے	تا کہ آزمائش کرے تمہاری	اور	بیشک	معاف کیا

میں کوئی آخرت چاہتا تھا پھر تمہارا منہ ان سے پھیر دیا کہ تمہیں آزمائے اور بے شک اس

عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ

عَنْكُمْ	وَاللّٰهُ	ذُوْ فَضْلٍ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ	تُصْعِدُوْنَ
تم کو	اور اللہ	صاحب فضل ہے	اوپر	مومنوں کے	جب	تم اوپر چڑھے جا رہے تھے

نے تمہیں معاف کر دیا اور اللہ مسلمانوں پر فضل کرنے والا ہے۔ جب تم بھاگے

وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ

وَ	لَا	تَلْوٗنَ	عَلٰٓى	اَحَدٍ	وَّالرَّسُوْلُ	يَدْعُوْكُمْ	فِيْٓ	اُخْرٰىكُمْ	فَاَثَابَكُمْ
اور	نہیں	متوجہ ہوتے تھے	اوپر	کسی کے	اور رسول	بلا رہے تھے تم کو	میں	دوسری جماعت تمہاری کے	تو پہنچا تم کو

جا رہے تھے اور کسی کو مڑ کر نہیں دیکھتے تھے اور رسول اس جماعت میں (کھڑے) جو تمہارے پیچھے (ثابت قدم) رہی تھی تمہیں پکار رہے تھے پھر اس

غَمًّاۢ بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ

غَمًّاۢ	بِغَمٍّ	لِّكَيْلَا	تَحْزَنُوْا	عَلٰى	مَا	فَاتَكُمْ	وَلَا	مَآ	اَصَابَكُمْ ۭ	وَاللّٰهُ	خَبِيْرٌۢ
غم	غم کے بدلے	تاکہ نہ	غم کھاؤ تم	لیں اوپر	جو	گزر چکی	اور نہ	اس پر جو	تمہیں پہنچی۔	اور اللہ	خبردار ہے

نے تمہیں غم پر غم دیا (یہ نصیحت و تربیت تھی) تاکہ تم اس پر جو تمہارے ہاتھ سے جاتا رہا اور اس مصیبت پر جو تم پر آن پڑی، رنج نہ کرو اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ (١٥٣) ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	ثُمَّ	اَنْزَلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	الْغَمِّ	اَمَنَةً	نُّعَاسًا
اس سے	جو تم کرتے ہو	پھر	اتاری	تم پر	بعد	غم کے	چین کی	نیند

تمہارے کاموں سے خبر دار ہے۔ پھر اس نے غم کے بعد تم پر (تسکین کیلئے) غنودگی کی صورت میں امان اُتاری جو تم

يَّغْشٰى طَاۗىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَاۗىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُھُمْ يَظُنُّوْنَ

يَّغْشٰى	طَاۗىِٕفَةً	مِّنْكُمْ	وَ	طَاۗىِٕفَةٌ	قَدْ	اَهَمَّتْهُمْ	اَنْفُسُھُمْ	يَظُنُّوْنَ
ڈھانپتی تھی	ایک گروہ کو	تم میں سے	اور	ایک گروہ	بیشک	انکو اپنی جان کی پڑی تھی	انکی جانوں نے	گمان کرتے تھے

میں سے ایک جماعت پر چھا گئی اور ایک گروہ کو (جو منافقوں کا تھا) صرف اپنی جانوں کی فکر پڑی ہوئی تھی، وہ اللہ

بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ

بِاللّٰهِ	غَيْرَ	الْحَقِّ	ظَنَّ	الْجَاهِلِيَّةِ	يَقُوْلُوْنَ	هَلْ	لَّنَا	مِنَ الْاَمْرِ
اللہ کے ساتھ	بغیر	حق کے	گمان	جاہلیت کا	کہتے تھے	کیا ہے	ہمارے لئے	کام سے

کے ساتھ ناحق گمان کرتے تھے جو (محض) جاہلیت کے گمان تھے، وہ کہتے، کیا اس کام میں ہمارے لئے بھی کچھ

مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا

مِنْ شَيْءٍ	قُلْ	اِنَّ	الْاَمْرَ	كُلَّهٗ	لِلّٰهِ	يُخْفُوْنَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	مَّا
کچھ	فرمادیجئے	بیشک	اختیار	سارا	اللہ کیلئے ہے	چھپاتے ہیں	اپنے دلوں میں	جو

(اختیار) ہے؟ فرما دیں کہ سب کام اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے، وہ اپنے دلوں میں وہ باتیں چھپائے ہوئے ہیں جو آپ

لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا

لَا	يُبْدُوْنَ	لَكَ	يَقُوْلُوْنَ	لَوْ	كَانَ	لَنَا	مِنَ الْاَمْرِ	شَيْءٌ	مَّا	قُتِلْنَا
نہیں	ظاہر کرتے	تیرے لئے	کہتے ہیں	اگر	ہوتا	ہمارے لئے	کام سے	کچھ دخل تو	نہ	مارے جاتے

پر ظاہر نہیں ہونے دیتے، کہتے ہیں کہ اگر اس کام میں کچھ ہمارا اختیار ہوتا تو ہم اس جگہ قتل نہ کئے جاتے۔ فرما دیں اگر

هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى

هٰهُنَا	قُلْ	لَوْ	كُنْتُمْ	فِيْ بُيُوْتِكُمْ	لَبَرَزَ	الَّذِيْنَ	كُتِبَ	عَلَيْهِمُ	الْقَتْلُ	اِلٰى
اس جگہ	فرمادو	اگر	ہوتے تم	اپنے گھروں میں	تو نکلتے	وہ جو	لکھا گیا	ان پر	قتل ہونا	طرف

تم اپنے گھروں میں (بھی) ہوتے، تب بھی جن کا مارا جانا لکھا جا چکا تھا وہ ضرور اپنی قتل گاہوں کی طرف نکل

مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا

مَضَاجِعِهِمْ	وَلِيَبْتَلِيَ	اللّٰهُ	مَا	فِيْ صُدُوْرِكُمْ	وَ	لِيُمَحِّصَ	مَا
اپنی قتل گاہوں کے	اور تاکہ آزمائے	اللہ	جو	تمہارے سینوں میں ہے	اور	تاکہ خالص کرے	جو

کر آجاتے اور یہ اس لئے (کیا گیا) ہے جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اللہ اسے آزمائے اور جو تمہارے دلوں میں ہیں،

فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا

فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَوَلَّوْا
تمہارے دلوں میں ہے	اور	اللہ	جانتا ہے	دلوں کی باتیں	بیشک	وہ جو	پھر گئے

کو خوب صاف کر دے اور اللہ سینوں کی بات خوب جانتا ہے۔ بیشک وہ لوگ جو تم میں سے

مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا

مِنْكُمْ	يَوْمَ	الْتَقَى	الْجَمْعٰنِ	اِنَّمَا	اسْتَزَلَّهُمُ	الشَّيْطٰنُ	بِبَعْضِ	مَا
تم میں سے	جس دن	آمنے سامنے ہوئیں	دو جماعتیں	اس کے سوا نہیں کہ	لغزش دی ان کو	شیطان نے	بعض	ان کے

پھر گئے جس دن دونوں فوجیں ایک دوسرے کے مقابل ہوئی تھیں شیطان ہی نے ان کے قدم پھسلا دیئے تھے ان کے

كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ ع يٰاَيُّهَا ع ۱۶

كَسَبُوْا	وَ	لَقَدْ	عَفَا	اللّٰهُ	عَنْهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ	يٰاَيُّهَا
اعمال کے	اور	بیشک	معاف فرمایا	اللہ نے	ان کو	بیشک	اللہ	بخشنے والا	حلم والا ہے	اے وہ

بعض کاموں کی وجہ سے اور بیشک اللہ نے انہیں معاف فرما دیا یقیناً اللہ بہت بخشنے والا نہایت حلم والا ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	قَالُوْا	لِاِخْوَانِهِمْ	اِذَا
لوگو جو	ایمان لائے ہو	نہ	ہو جاؤ	ان کی طرح	جو کافر ہوئے	اور	بولے	اپنے بھائیوں سے	جب

ایمان والو! کافروں کی طرح نہ ہونا جنہوں نے اپنے بھائیوں کے متعلق کہا جب انہوں نے سفر

ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا

ضَرَبُوْا	فِي الْاَرْضِ	اَوْ	كَانُوْا	غُزًّى	لَوْ	كَانُوْا	عِنْدَنَا	مَا	مَاتُوْا
وہ نکلے	زمین میں	یا	تھے	لڑتے	اگر	ہوتے تم	پاس ہمارے تو	نہ	مرتے

کیا یا کسی لڑائی میں گئے (اور لقمہ ، اجل بن گئے) اگر وہ ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے

وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ يُحْيٖ

وَ	مَا	قُتِلُوْا	لِيَجْعَلَ	اللّٰهُ	ذٰلِكَ	حَسْرَةً	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	وَ	اللّٰهُ	يُحْيٖ
اور	نہ	قتل ہوتے	تا کہ بنائے	اللہ	یہ	حسرت	ان کے دلوں میں	اور	اللہ	جلاتا ہے

اور نہ قتل کیے جاتے تاکہ اللہ اس بات کو ان کے دلوں میں حسرت (کا سبب) بنا دے اور اللہ (ہی) زندہ کرتا

وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

وَ	يُمِيْتُ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	لَئِنْ	قُتِلْتُمْ	فِيْ سَبِيْلِ	اللّٰهِ
اور	مارتا ہے	اور اللہ	اس کو جو	تم کرتے ہو	دیکھ رہا ہے	اور	اگر	تم مارے جاؤ	راہ میں	اللہ کی

اور موت دیتا ہے اور اللہ تمہارے سب کاموں کو خوب دیکھ رہا ہے۔ اور بے شک اگر تم اللہ کی راہ میں مارے جاؤ

اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَلَئِنْ

اَوْ	مُتُّمْ	لَمَغْفِرَةٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	رَحْمَةٌ	خَيْرٌ	مِّمَّا	يَجْمَعُوْنَ	وَ	لَئِنْ
یا	مرو تم	تو بخشش ہے	اللہ کی	اور	اس کی رحمت	بہتر ہے	اس سے جو	وہ جمع کرتے ہیں	اور	اگر

یا مر جاؤ تو اللہ کی بخشش اور رحمت اس سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔ اور اگر تم

مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ

مُّتُّمْ	اَوْ	قُتِلْتُمْ	لَاِلَى	اللّٰهِ	تُحْشَرُوْنَ	فَبِمَا	رَحْمَةٍ	مِّنَ اللّٰهِ
مرجاؤ تم	یا	قتل ہو جاؤ	تو یقیناً طرف	اللہ کی	اکٹھے کئے جاؤ گے	تو کیسی	رحمت ہے	اللہ کی

مر جاؤ یا مارے جاؤ تو تم سب اللہ ہی کے حضور جمع کئے جاؤ گے۔ (اے حبیب ﷺ) پس اللہ کی کیسی رحمت ہے

لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ

لِنْتَ	لَهُمْ	وَ	لَوْ	كُنْتَ	فَظًّا	غَلِيْظَ	الْقَلْبِ	لَانْفَضُّوْا	مِنْ حَوْلِكَ
کہ آپ نرم ہیں	ان کیلئے	اور	اگر	آپ ہوتے	تند مزاج	سخت	دل	تو پریشان ہو جاتے	سب آپ کے اردگرد سے

کہ آپ ان کیلئے نرم طبع ہیں اور اگر آپ تندخو اور سخت دل ہوتے تو لوگ آپ کے گرد سے چھٹ کر بھاگ جاتے

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا

فَاعْفُ	عَنْهُمْ	وَ	اسْتَغْفِرْ لَهُمْ	وَ	شَاوِرْهُمْ	فِي الْاَمْرِ	فَاِذَا
تو معاف فرما دیں	ان کو	اور	بخشش مانگیں ان کیلئے	اور	مشورہ کریں ان سے	کام میں	پھر جب

سو آپ ان سے درگزر فرمایا کریں اور ان کیلئے بخشش مانگا کریں اور کاموں میں ان سے مشورہ کیا کریں

عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ

عَزَمْتَ	فَتَوَكَّلْ	عَلَى	اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُتَوَكِّلِيْنَ	اِنْ
پختہ ارادہ کرلو	تو بھروسہ کرو	اوپر	اللہ کے	بیشک	اللہ	پسند کرتا ہے	توکل کرنے والوں کو	اگر

پھر جب آپ پختہ ارادہ کرلیں تو اللہ پر بھروسہ کیا کریں، بے شک اللہ توکل والوں سے محبت کرتا ہے۔ اگر

يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ

يَّنْصُرْكُمُ	اللّٰهُ	فَلَا	غَالِبَ	لَكُمْ	وَاِنْ	يَّخْذُلْكُمْ	فَمَنْ	ذَا الَّذِيْ
مدد کرے تمہاری	اللہ	تو نہیں کوئی	غالب آنے والا	تم پر	اور اگر	چھوڑ دے تم کو	تو کون ہے	وہ جو

اللہ تمہاری مدد فرمائے تو تم پر کوئی غالب نہیں آ سکتا اور اگر وہ تمہیں بے سہارا چھوڑ دے تو پھر کون ایسا ہے

يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَمَا

يَنْصُرُكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِهٖ	وَعَلَى	اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَ	مَا
مدد دے تم کو	اس کے بعد	اور اوپر	اللہ کے	بھروسہ کرنا چاہئے	مسلمانوں کو	اور	نہیں

جو اس کے بعد تمہاری مدد کر سکے اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہئے۔ اور کسی

كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۭ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ

كَانَ	لِنَبِيٍّ	اَنْ	يَّغُلَّ	وَ	مَنْ	يَّغْلُلْ	يَاْتِ	بِمَا	غَلَّ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ
ہے	کسی نبی کو زیبا	یہ کہ	چھپا رکھے	اور	جو	چھپا رکھے	لائے گا	جو کچھ	اس نے چھپایا	دن	قیامت کے

نبی کے لائق نہیں کہ وہ چھپا رکھے اور جو چھپا رکھے گا وہ قیامت کے دن چھپائی ہوئی چیز کو لے کر آئے گا

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَھُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اَفَمَنِ اتَّبَعَ

ثُمَّ	تُوَفّٰى	كُلُّ	نَفْسٍ	مَّا	كَسَبَتْ	وَ	ھُمْ	لَا	يُظْلَمُوْنَ	اَفَمَنِ	اتَّبَعَ
پھر	پورا پائے گا	ہر	آدمی	جو	اس نے کمایا	اور	وہ	نہ	ظلم کیے جائیں گے	تو کیا جو	پیروی کرے

پھر ہر شخص کو اس کے عمل کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ ہو گا۔ تو کیا وہ شخص

رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ

رِضْوَانَ	اللّٰهِ	كَمَنْ	بَآءَ	بِسَخَطٍ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	مَاْوٰىهُ	جَهَنَّمُ
رضامندی	اللہ کی	وہ اس کی طرح ہے جو	پھرا	ناراضگی لے کر	اللہ کی	اور	اس کا ٹھکانہ	جہنم ہے

جس نے رضائے الٰہی کی پیروی کی اس جیسا ہوگا جو اللہ کے غضب کے ساتھ لوٹا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے؟ اور وہ کیا ہی

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (۱۶۲) هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا

وَ	بِئْسَ	الْمَصِيْرُ	هُمْ	دَرَجٰتٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	بَصِيْرٌ	بِمَا
اور	وہ برا ہے	ٹھکانہ	ان کے	درجے ہیں	اللہ کے پاس	اور اللہ	دیکھتا ہے	جو وہ

برا ٹھکانا ہے۔ اللہ کے ہاں انکے درجے ہیں اور اللہ ان کے

يَعْمَلُوْنَ (۱۶۳) لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا

يَعْمَلُوْنَ	لَقَدْ	مَنَّ	اللّٰهُ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ	بَعَثَ	فِيْهِمْ	رَسُوْلًا
کرتے ہیں	بیشک	احسان کیا	اللہ نے	اوپر	مومنوں کے	جبکہ	بھیجا	ان میں	رسول

کام دیکھتا ہے۔ بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ انہیں میں سے ایک رسول بھیجا

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ	يَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِهٖ	وَيُزَكِّيْهِمْ	وَ	يُعَلِّمُهُمُ	الْكِتٰبَ
انہیں میں سے جو	پڑھتے ہیں	ان پر	اس کی آیتیں	اور پاک کرتے ہیں ان کو	اور	سکھاتے ہیں ان کو	کتاب

جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب

وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (۱۶۴) اَوَلَمَّآ

النصف

وَ	الْحِكْمَةَ	وَ	اِنْ	كَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	لَفِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	اَوَلَمَّآ
اور	حکمت	اور	بیشک	تھے وہ لوگ	اس سے پہلے	میں	گمراہی	کھلی	کیا جب

و حکمت سکھاتا ہے اور وہ ضرور اس سے پہلے گمراہی میں تھے۔ کیا جب

أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ أَنَّىٰ هَٰذَا ؕ قُلْ هُوَ

أَصَابَتْكُمْ	مُّصِيبَةٌ	قَدْ	أَصَبْتُمْ	مِّثْلَيْهَا	قُلْتُمْ	أَنَّىٰ	هَٰذَا	قُلْ	هُوَ
پہنچی تم کو	مصیبت	کہ بیشک	پہنچا چکے تھے تم	اس سے دگنی	تم نے کہا	کہاں سے ہے	یہ	فرمادیں	وہ

تمہیں ایک مصیبت پہنچی حالانکہ تم اس سے دو گنا (دشمن کو) پہنچا چکے تھے تو تم کہنے لگے

مِنْ عِندِ أَنفُسِكُمْ ؕ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٦٥﴾ وَمَا

مِنْ عِندِ	أَنفُسِكُمْ	إِنَّ	اللَّهَ	عَلَىٰ	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيرٌ	وَ	مَا
پاس سے	تمہاری جانوں کے ہے	بیشک	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	اور	جو

کہ یہ کہاں سے آ پڑی؟ فرمادیں یہ تمہاری اپنی ہی طرف سے ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھتا ہے۔ اور اس

أَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٦٦﴾ ۙ

أَصَابَكُمْ	يَوْمَ	الْتَقَى	الْجَمْعَانِ	فَبِإِذْنِ	اللَّهِ	وَ	لِيَعْلَمَ	الْمُؤْمِنِينَ
پہنچے تم کو	جس دن	ملیں	دونوں فوجیں	تو حکم	الٰہی سے ہے	اور	تاکہ ظاہر کرے	مومنوں کو

دن جو تکلیف تمہیں پہنچی جب دونوں لشکر باہم مقابل ہو گئے تھے، سو وہ اللہ کے حکم سے (ہی) تھی اور یہ اس لئے کہ اللہ ایمان والوں کو پہچان کرادے۔

وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُوا ۚ وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

وَلِيَعْلَمَ	الَّذِينَ	نَافَقُوا	وَقِيلَ	لَهُمْ	تَعَالَوْا	قَاتِلُوا	فِي	سَبِيلِ	اللَّهِ
اور تاکہ ظاہر کرے	ان کو جو	منافق ہیں	اور کہا گیا	ان کو	آؤ	لڑائی کرو	میں	راہ	اللہ کی

اور تاکہ جدا کر دے ان لوگوں کو جو منافق ہوئے اور ان سے کہا گیا آؤ اللہ کی راہ میں لڑو یا

أَوِ ادْفَعُوا ؕ قَالُوا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّاتَّبَعْنَاكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ

أَوِ	ادْفَعُوا	قَالُوا	لَوْ	نَعْلَمُ	قِتَالًا	لَّاتَّبَعْنَاكُمْ	هُمْ	لِلْكُفْرِ	يَوْمَئِذٍ
یا	مدافعت کرو	کہتے ہیں	اگر	ہم جانتے	لڑائی کرنا	تو ضرور ہم تمہاری پیروی کرتے	وہ	کفر کے	اس دن

(دشمن کو) دفع کرو وہ بولے اگر ہم جانتے کہ لڑائی ہو گی تو ضرور تمہارے ساتھ جاتے وہ اس دن ایمان کی

اَقۡرَبُ مِنۡهُمۡ لِلۡاِيۡمَانِ ۚ يَقُوۡلُوۡنَ بِاَفۡوَاهِهِمۡ مَّا لَيۡسَ

اَقۡرَبُ	مِنۡهُمۡ	لِلۡاِيۡمَانِ	يَقُوۡلُوۡنَ	بِاَفۡوَاهِهِمۡ	مَّا	لَيۡسَ
زیادہ قریب تھے	ان کے	ایمان سے	کہتے ہیں	اپنے مونہوں سے	جو	نہیں

بہ نسبت کفر سے زیادہ قریب تھے اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں

فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ ؕ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا يَكۡتُمُوۡنَ ﴿۱۶۷﴾ ۚ اَلَّذِيۡنَ قَالُوۡا لِاِخۡوَانِهِمۡ

فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ	وَ	اللّٰهُ	اَعۡلَمُ	بِمَا	يَكۡتُمُوۡنَ	اَلَّذِيۡنَ	قَالُوۡا	لِاِخۡوَانِهِمۡ
ان کے دلوں میں	اور	اللہ	خوب جانتا ہے	جو کچھ	وہ چھپاتے ہیں	وہ جنہوں نے	کہا	اپنے بھائیوں و

اور اللہ خوب جانتا ہے جسے وہ چھپاتے ہیں۔ وہ (منافق) جنہوں نے اپنے (شہید)

وَقَعَدُوۡا لَوۡ اَطَاعُوۡنَا مَا قُتِلُوۡا ؕ قُلۡ فَادۡرَءُوۡا عَنۡ اَنۡفُسِكُمُ

وَ	قَعَدُوۡا	لَوۡ	اَطَاعُوۡنَا	مَا	قُتِلُوۡا	قُلۡ	فَادۡرَءُوۡا	عَنۡ اَنۡفُسِكُمُ
اور	بیٹھ رہے	اگر	کہا مانتے ہمارا	تو نہ	مارے جاتے	فرمادو	ہٹالو	اپنی جانوں سے

بھائیوں کے حق میں کہا جب کہ خود بیٹھے رہے اگر وہ ہماری بات مانتے تو قتل نہ ہوتے، فرما دیجئے تم اپنی جانوں ہی سے

الۡمَوۡتَ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۱۶۸﴾ وَلَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ قُتِلُوۡا فِيۡ

الۡمَوۡتَ	اِنۡ	كُنۡتُمۡ	صٰدِقِيۡنَ	وَ	لَا	تَحۡسَبَنَّ	الَّذِيۡنَ	قُتِلُوۡا	فِيۡ
موت	اگر	ہو تم	سچے	اور	نہ	تم خیال کرو	ان لوگوں کو جو	مارے گئے ہیں	میں

موت کو ٹال دو اگر تم سچے ہو۔ اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہرگز انہیں

سَبِيۡلِ اللّٰهِ اَمۡوَاتًا ؕ بَلۡ اَحۡيَآءٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ يُرۡزَقُوۡنَ ﴿۱۶۹﴾ لا

سَبِيۡلِ	اللّٰهِ	اَمۡوَاتًا	بَلۡ	اَحۡيَآءٌ	عِنۡدَ	رَبِّهِمۡ	يُرۡزَقُوۡنَ
راہ	خدا کی	مردہ	بلکہ	زندہ ہیں	پاس	اپنے رب کے	کھاتے ہیں

مردہ نہ خیال کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں ذوق پا رہے ہیں۔

فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ

فَرِحِيْنَ	بِمَآ	اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	بِالَّذِيْنَ	لَمْ
خوش ہیں	اس پر جو	دیا ان کو	اللہ نے	اپنے فضل سے	اور	خوشیاں مناتے ہیں	ان پر	جو نہیں

اللہ نے اپنے فضل سے جو کچھ دیا ہے اس پر وہ بہت خوش ہیں اور جو لوگ ان کے پیچھے ہیں

يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وقف لازم

يَلْحَقُوْا	بِهِمْ	مِّنْ خَلْفِهِمْ	اَلَّا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
ملے	انہیں	پیچھے سے کہ	یہ کہ نہیں	اندیشہ	ان پر	اور	نہ	وہ	غم کھاتے ہیں

اور ابھی ان سے ملے نہیں ان پر مطمئن ہیں کہ ان کیلئے بھی نہ خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

يَسْتَبْشِرُوْنَ	بِنِعْمَةٍ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	فَضْلٍ	وَّاَنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُضِيْعُ
خوشیاں مناتے ہیں	نعمتوں کے	اللہ سے	اور	فضل کے	اور بیشک	اللہ	نہیں	ضائع کرتا

وہ اللہ کی نعمت اور فضل پر خوشیاں منا رہے ہیں اور اس پر (بھی) کہ اللہ ایمان والوں کا

اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ ع ۱۷ ۸

اَجْرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَلَّذِيْنَ	اسْتَجَابُوْا	لِلّٰهِ	وَ	الرَّسُوْلِ	مِنْ بَعْدِ
اجر	مسلمانوں کا	وہ جو	بلانے پر آئے	اللہ	اور	رسول کے	بعد اس کے

اجر ضائع نہیں فرماتا۔ جن لوگوں نے زخم کھا چکنے کے بعد بھی اللہ اور رسول کا حکم مانا، ان میں

مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ مع

مَآ	اَصَابَهُمُ	الْقَرْحُ	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوْا	مِنْهُمْ	وَ	اتَّقَوْا	اَجْرٌ
جو	پہنچا انہیں	زخم	ان کے لئے جو	اچھے ہوئے	ان سے	اور	پرہیزگار ہوئے	اجر

جو نیکی کرنے والے ہیں اور پرہیز گار ہیں ان کیلئے بڑا

عَظِیْمٌ (۱۷۲) ۚ اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ

عَظِیْمٌ	اَلَّذِیْنَ	قَالَ	لَهُمُ	النَّاسُ	اِنَّ	النَّاسَ	قَدْ جَمَعُوْا	لَكُمْ
بڑا	وہ جن کو	کہا	ان کو	لوگوں نے	بے شک	لوگ	یقیناً اکٹھے ہو چکے	تمہارے لیے

اجر ہے۔ جن سے لوگوں نے کہا کہ بے شک لوگوں نے تمہارے (مقابلے کے) لئے (بڑے لشکر) جمع کئے ہیں

فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِیْمَانًا ۖۗ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ

فَاخْشَوْهُمْ	فَزَادَهُمْ	اِیْمَانًا	وَ	قَالُوْا	حَسْبُنَا	اللّٰهُ	وَنِعْمَ
تو ڈرو ان سے	تو زیادہ ہوا ان کا	ایمان	اور	بولے	کافی ہے ہم کو	اللہ	اور اچھا ہے

تو ان سے ڈرو تو ان کا ایمان اور زیادہ ہو گیا اور وہ بولے ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ کیا ہی اچھا

الْوَكِیْلُ (۱۷۳) فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ

الْوَكِیْلُ	فَانْقَلَبُوْا	بِنِعْمَةٍ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	فَضْلٍ	لَمْ	یَمْسَسْهُمْ
کارساز	تو پلٹے وہ	احسان	اللہ سے	اور	فضل سے	نہ	پہنچی ان کو

کارساز ہے۔ تو (مسلمان) واپس لوٹے اللہ کی نعمت اور اس کے فضل کے ساتھ اس حال میں کہ انہیں

سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ (۱۷۴) اِنَّمَا

سُوْٓءٌ	وَ	اتَّبَعُوْا	رِضْوَانَ	اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	ذُوْ	فَضْلٍ	عَظِیْمٍ	اِنَّمَا
کوئی برائی	اور	پیروی کی	رضامندی	اللہ کی	اور	اللہ	صاحب	فضل	بڑا ہے	اسکے سوا نہیں کہ

کوئی ضرر نہ پہنچا اور وہ اللہ کی رضا پر چلے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ وہ تو

ذٰلِكُمُ الشَّیْطٰنُ یُخَوِّفُ اَوْلِیَآءَهٗ ۪ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ

ذٰلِكُمُ	الشَّیْطٰنُ	یُخَوِّفُ	اَوْلِیَآءَهٗ	فَلَا	تَخَافُوْهُمْ	وَ	خَافُوْنِ	اِنْ
یہ	شیطان ہے	دھمکاتا ہے	اپنے دوستوں سے	تو نہ	خوف کرو تم ان سے	اور	مجھ سے ڈرو	اگر

شیطان ہی ہے کہ اپنے دوستوں سے دھمکاتا ہے تو ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ

كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	لَا	يَحْزُنْكَ	الَّذِيْنَ	يُسَارِعُوْنَ	فِي	الْكُفْرِ
ہوتم	ایمان والے	اور	نہ	غمگین کریں آپ کو	وہ جو	دوڑے	میں	کفر کے

اگر ایمان رکھتے ہو۔ اور اے محبوب ﷺ ان کا کچھ غم نہ کرو جو کفر پر دوڑتے ہیں

اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۗ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي

اِنَّهُمْ	لَنْ	يَّضُرُّوا	اللّٰهَ	شَيْـًٔا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَلَّا	يَجْعَلَ	لَهُمْ	حَظًّا	فِي
بیشک وہ	ہرگز نہ	نقصان پہنچاسکیں گے	اللہ کو	کچھ	چاہتا ہے	اللہ	یہ کہ نہ	بنائے	ان کا	حصہ	میں

وہ اللہ کا کچھ نہ بگاڑیں گے اور اللہ چاہتا ہے کہ آخرت میں ان کا کوئی حصہ نہ رکھے

الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ

الْاٰخِرَةِ	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الْكُفْرَ
آخرت	اور	ان کے لئے	عذاب ہے	بڑا	بے شک	وہ جو	خریدیں	کفرکو

اور ان کیلئے بڑا عذاب ہے۔ بے شک جنہوں نے ایمان کے بدلے

بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾

بِالْاِيْمَانِ	لَنْ	يَّضُرُّوا	اللّٰهَ	شَيْـًٔا	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
ایمان کے بدلے	ہرگز نہ	بگاڑیں گے	اللہ کا	کچھ بھی	اور	ان کیلئے	عذاب ہے	دردناک

کفر خرید لیا ہے وہ اللہ کا کچھ نقصان نہیں کر سکتے اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۗ اِنَّمَا

وَ	لَا	يَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اَنَّمَا	نُمْلِيْ	لَهُمْ	خَيْرٌ	لِّاَنْفُسِهِمْ	اِنَّمَا
اور	نہ	خیال کریں	وہ جو	کافر ہیں	کہ جو	مہلت دی ہے ہم نے	ان کو	بہتر ہے	ان کے لئے	اس لئے کہ انہیں

اور کافر یہ گمان ہرگز نہ کریں کہ ہم جو انہیں مہلت دے رہے ہیں (یہ) ان کی جانوں کیلئے بہتر ہے، ہم تو (یہ) مہلت انہیں صرف اس

نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ

نُمْلِيْ	لَهُمْ	لِيَزْدَادُوْٓا	اِثْمًا	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	مَا	كَانَ	اللّٰهُ
ہم مہلت دیتے ہیں	ان کو	تا کہ بڑھ جائیں	گناہ	اور ان کیلئے	عذاب ہے	رسوا کرنے والا	نہیں	ہے	اللہ

لئے دے رہے ہیں کہ وہ گناہ میں اور بڑھ جائیں اور ان کے لئے (بالآخر) ذلت انگیز عذاب ہے۔ (اے لوگو!) اللہ

لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ

لِيَذَرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	عَلٰى	مَآ	اَنْتُمْ	عَلَيْهِ	حَتّٰى	يَمِيْزَ	الْخَبِيْثَ	مِنَ الطَّيِّبِ
کہ چھوڑ دے	مومنوں کو	اوپر	اس کے جو	تم ہو	اس پر	یہاں تک کہ	جدا کر دے	گندے کو	ستھرے سے

ایمان والوں کو اس حال پر نہ چھوڑے گا جس پر تم ہو یہاں تک کہ جدا کر دے ناپاک کو

الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ

وَمَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيُطْلِعَكُمْ	عَلَى	الْغَيْبِ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَجْتَبِيْ
اور نہیں	ہے	اللہ	کہ خبردار کرے تم کو	اوپر	غیب کے	اور لیکن	اللہ	چن لیتا ہے

پاک سے اور اللہ کی شان نہیں کہ وہ تمہیں غیب پر مطلع کر دے ہاں اللہ چن لیتا ہے جسے چاہے

مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا

مِنْ رُّسُلِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	وَاِنْ	تُؤْمِنُوْا
اپنے رسولوں میں سے	جسے	چاہے	تو ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسولوں پر	اور اگر	تم ایمان لاؤ

اور وہ اللہ کے رسول ہیں تو ایمان لاؤ اللہ اور اسکے رسولوں پر اور اگر تم ایمان لاؤ

وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ

وَ	تَتَّقُوْا	فَلَكُمْ	اَجْرٌ	عَظِيْمٌ	وَ	لَا	يَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	بِمَآ
اور	پرہیزگاری کرو	تو تمہارے لئے	ثواب ہے	بڑا	اور	نہ	خیال کریں	وہ لوگ جو	بخل کرتے ہیں	اس سے جو

اور پرہیزگاری اختیار کرو تو تمہارے لئے بڑا ثواب ہے۔ اور ہرگز نہ گمان کریں وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اس چیز میں

اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ

اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	هُوَ	خَيْرًا	لَّهُمْ	بَلْ	هُوَ	شَرٌّ	لَّهُمْ
دیاان کو	اللہ نے	اپنے فضل سے	وہ	بہتر ہے	ان کے لئے	بلکہ	وہ	برا ہے	ان کے لئے

جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دی کہ وہ بخل ان کے حق میں بہتر ہے بلکہ وہ ان کے حق میں بہت برا ہے، عنقریب قیامت کے دن ان کے

سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ

سَيُطَوَّقُوْنَ	مَا	بَخِلُوْا	بِهٖ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	وَلِلّٰهِ	مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ
طوق ڈالے جائیں گے	جو	بخل کیا	اس کے ساتھ	دن	قیامت کے	اور اللہ ہی کی	ملکیت ہے	آسمانوں

گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا اس چیز کا جس میں انہوں نے بخل کیا اور (آخر کار) اللہ ہی وارث ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ ع لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ

ع ۱۸

وَ	الْاَرْضِ	وَ	اللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	لَقَدْ	سَمِعَ	اللّٰهُ	قَوْلَ
اور	زمین	اور	اللہ	اس سے جو	تم کرتے ہو	خبردار ہے	بیشک	سنی	اللہ نے	بات

اور زمین کا اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب خبردار ہے۔ بیشک اللہ نے سنا

الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا

وقف لازم

الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	فَقِيْرٌ	وَّ	نَحْنُ	اَغْنِيَآءُ	سَنَكْتُبُ	مَا	قَالُوْا
ان کی جو	بولے	بیشک	اللہ	محتاج ہے	اور	ہم	غنی ہیں	جلدی لکھیں گے ہم	جو	انہوں نے کہا

جنہوں نے کہا کہ اللہ محتاج ہے اور ہم غنی اور ہم لکھ رکھیں گے ان کا کہا

وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

وَقَتْلَهُمُ	الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	وَّ	نَقُوْلُ	ذُوْقُوْا	عَذَابَ	الْحَرِيْقِ
اور قتل کرنا ان کا	نبیوں کو	بغیر حق کے	اور	ہم کہیں گے	چکھو	عذاب	آگ کا

اور انبیاء کو ان کا ناحق شہید کرنا اور فرمائیں گے کہ چکھو اب آگ کا عذاب۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۲﴾ ج

ذٰلِكَ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْكُمْ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَيْسَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيْدِ
یہ	بدلہ اس کا جو	آگے بھیجا	تمہارے ہاتھوں نے	اور	بیشک	اللہ	نہیں ہے	ظلم کرنے والا	بندوں پر

یہ بدلا ہے اس کا جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى

اَلَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَهِدَ	اِلَيْنَآ	اَلَّا	نُؤْمِنَ	لِرَسُوْلٍ	حَتّٰى
وہ جو	بولے	بیشک	اللہ نے	عہد لیا	ہم سے	یہ کہ نہ	ایمان لائیں ہم	کسی رسول پر	یہاں تک کہ

جو لوگ (یعنی یہود) یہ کہتے ہیں کہ اللہ نے ہمیں یہ حکم بھیجا تھا کہ ہم کسی پیغمبر پر ایمان نہ لائیں جب تک وہ (اپنی رسالت کے ثبوت میں)

يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ

يَاْتِيَنَا	بِقُرْبَانٍ	تَاْكُلُهُ	النَّارُ	قُلْ	قَدْ	جَآءَكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْ قَبْلِيْ
لائے ہمارے پاس	قربانی	کہ کھائے اس کو	آگ	فرما دیجیے	بیشک	آئے تمہارے پاس	رسول	اس سے پہلے

ایسی قربانی نہ لائے جسے آگ (آکر) کھا جائے، آپ (ان سے) فرما دیں، بے شک مجھ سے پہلے بہت سے رسول

بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

بِالْبَيِّنٰتِ	وَ	بِالَّذِيْ	قُلْتُمْ	فَلِمَ	قَتَلْتُمُوْهُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
کھلی نشانیوں کے ساتھ	اور	وہ جو	تم نے کہا	پھر کیوں	شہید کیا تم نے ان کو	اگر	ہو تم	سچے

واضح نشانیاں لے کر آئے اور اس نشانی کے ساتھ بھی (آئے) جو تم کہہ رہے ہو تو تم نے انہیں شہید کیوں کیا اگر تم سچے ہو۔

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ

فَاِنْ	كَذَّبُوْكَ	فَقَدْ	كُذِّبَ	رُسُلٌ	مِّنْ قَبْلِكَ	جَآءُوْ	بِالْبَيِّنٰتِ
پھر اگر	جھٹلائیں تجھ کو	تو بیشک	جھٹلائے گئے	رسول	آپ سے پہلے	لائے وہ	نشانیاں

پھر بھی اگر آپ کو جھٹلائیں تو (محبوب آپ غمگین نہ ہوں) آپ سے پہلے بھی بہت سے رسولوں کو جھٹلایا گیا جو واضح نشانیاں (یعنی

وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ اِنَّمَا

وَالزُّبُرِ	وَالْكِتٰبِ	الْمُنِيْرِ	كُلُّ	نَفْسٍ	ذَآئِقَةُ	الْمَوْتِ	وَ	اِنَّمَا
اور صحیفے	اور کتاب	روشن	ہر	جان	چکھنے والی ہے	موت	اور	اسکے سوا نہیں کہ

معجزات) اور صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے تھے۔ ہر شخص موت کا ذائقہ چکھنے والا ہے اور تمہارے کاموں کے

تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ

تُوَفَّوْنَ	اُجُوْرَكُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	فَمَنْ	زُحْزِحَ	عَنِ النَّارِ	وَاُدْخِلَ
پورا دیے جاؤ گے تم	اپنا بدلہ	دن	قیامت کے	پھر جو	بچایا گیا	آگ سے	اور داخل کیا گیا

بدلے (تو) قیامت ہی کے دن پورے دیئے جائیں گے تو جو آگ سے بچایا گیا

الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾

الْجَنَّةَ	فَقَدْ	فَازَ	وَ	مَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَآ	اِلَّا	مَتَاعُ	الْغُرُوْرِ
جنت میں	تو بیشک	وہ کامیاب ہوا	اور	نہیں	زندگی	دنیا کی	مگر	سامان	دھوکے کا

اور جنت میں داخل کیا گیا تو وہ کامیاب ہوا اور دنیا کی زندگی (تو) صرف دھوکے کا سامان ہے۔

لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۟ قف وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

لَتُبْلَوُنَّ	فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ	وَ	اَنْفُسِكُمْ	وَلَتَسْمَعُنَّ	مِنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا
ضرور آزمائے جاؤ گے	اپنے مالوں میں	اور	اپنی جانوں میں	اور ضرور سنو گے تم	ان سے جو	دیے گئے

بے شک ضرور تمہاری آزمائش ہو گی تمہارے مال و جان میں اور تم ضرور سنو گے ان لوگوں سے جنہیں

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ؕ وَاِنْ

الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَ	مِنَ الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْٓا	اَذًى	كَثِيْرًا	وَ	اِنْ
کتاب	تم سے پہلے	اور	ان سے جو	مشرک ہیں	برا	بہت	اور	اگر

تم سے پہلے کتاب دی گئی اور مشرکوں سے بہت سی تکلیف کی باتیں اور اگر تم صبر کرو اور

تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ

تَصْبِرُوْا	وَ	تَتَّقُوْا	فَاِنَّ	ذٰلِكَ	مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ	وَ	اِذْ	اَخَذَ	اللّٰهُ
تم صبر کرو	اور	پرہیزگاری کرو	تو بیشک	یہ	ہمت کے کاموں سے ہے	اور	جب	لیا	اللہ نے

تقویٰ اختیار کرو تو بے شک یہ بڑے حوصلے کا کام ہے۔ اور یاد کرو جب اللہ نے

مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ز

مِيْثَاقَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	لَتُبَيِّنُنَّهٗ	لِلنَّاسِ	وَ	لَا	تَكْتُمُوْنَهٗ
وعدہ	ان سے جو	دیئے گئے	کتاب	ضرور بیان کرنا اس کو	لوگوں کے لئے	اور	نہ	چھپانا اس کو

عہد لیا ان سے جنہیں کتاب عطا ہوئی کہ تم ضرور اسے لوگوں سے بیان کر دینا اور نہ چھپانا تو انہوں

فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ط فَبِئْسَ مَا

فَنَبَذُوْهُ	وَرَآءَ	ظُهُوْرِهِمْ	وَ	اشْتَرَوْا	بِهٖ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	فَبِئْسَ	مَا
پھینک دیا اس کو	پیچھے	پیٹھوں اپنی کے	اور	خریدی انہوں نے	اس کے ساتھ	قیمت	تھوڑی	تو برا ہے	جو

نے اسے اپنی پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا اور اس کے بدلے ذلیل دام حاصل کئے تو کتنی بری

يَشْتَرُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ

يَشْتَرُوْنَ	لَا	تَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ	يَفْرَحُوْنَ	بِمَآ	اَتَوْا	وَّ	يُحِبُّوْنَ
وہ خریدتے ہیں	نہ	سمجھنا	ان کو جو	خوش ہوتے ہیں	اس سے جو	وہ لائے	اور	پسند کرتے ہیں

خریداری ہے۔ ہرگز نہ سمجھنا انہیں جو خوش ہوتے ہیں اپنے کئے پر

اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ

اَنْ	يُّحْمَدُوْا	بِمَا	لَمْ	يَفْعَلُوْا	فَلَا	تَحْسَبَنَّهُمْ	بِمَفَازَةٍ	مِّنَ الْعَذَابِ
یہ کہ	تعریف کیے جائیں	اس سے جو	نہ	کیا انہوں نے	تو نہ	جاننا ان کو	بچنے والے	عذاب سے

اور چاہتے ہیں ایسے کاموں پر ان کی تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کیے پھر ہرگز عذاب سے

الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ
اور	ان کے لئے	عذاب ہے	دردناک	اور	اللہ کے لئے ہے	بادشاہی	آسمانوں

دور نہ جانا اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ اور سب آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۸۹﴾ ع اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ ۱۹ ع ۱۰

وَ	الْاَرْضِ	وَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَیْءٍ	قَدِيْرٌ	اِنَّ	فِیْ خَلْقِ	السَّمٰوٰتِ
اور	زمین کی	اور	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	بیشک	پیدائش میں	آسمانوں

اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کیلئے ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی

وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ ۚ لا

وَ	الْاَرْضِ	وَاخْتِلَافِ	الَّيْلِ	وَ	النَّهَارِ	لَاٰيٰتٍ	لِّاُولِی الْاَلْبَابِ
اور	زمین کے	اور اختلاف	رات	اور	دن میں	یقیناً نشانیاں ہیں	صاحب عقل کیلئے

تخلیق میں اور شب و روز کی گردش میں عقل سلیم والوں کیلئے (اللہ کی قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ

الَّذِيْنَ	يَذْكُرُوْنَ	اللّٰهَ	قِيٰمًا	وَّقُعُوْدًا	وَّ	عَلٰى	جُنُوْبِهِمْ	وَيَتَفَكَّرُوْنَ
وہ جو	یاد کرتے ہیں	اللہ کو	کھڑے	اور بیٹھے	اور	اوپر	اپنی کروٹوں کے	اور غور کرتے ہیں

جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور پہلو پر لیٹے ہوئے اور آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش میں وہ غور کرتے ہیں

فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

فِیْ خَلْقِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	رَبَّنَا	مَا	خَلَقْتَ	هٰذَا	بَاطِلًا
پیدائش میں	آسمانوں	اور زمین کے	اے ہمارے رب	نہیں	پیدا کیا تو نے	یہ	بیکار

(کہتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے یہ (سب کچھ) بیکار پیدا نہیں کیا تو پاک ہے،

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (۱۹۱) رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

سُبْحٰنَكَ	فَقِنَا	عَذَابَ	النَّارِ	رَبَّنَآ	اِنَّكَ	مَنْ	تُدْخِلِ	النَّارَ
تو پاک ہے	تو بچا ہم کو	عذاب	آگ سے	اے ہمارے رب	بیشک تو نے	جسے	داخل کیا	آگ میں

پس ہمیں نار جہنم کے عذاب سے بچا۔ اے ہمارے رب! تو جسے دوزخ میں ڈال دے

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ (۱۹۲) رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا

فَقَدْ	اَخْزَيْتَهٗ	وَ	مَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ اَنْصَارٍ	رَبَّنَآ	اِنَّنَا	سَمِعْنَا
تو بیشک	تو نے اسے رسوا کیا	اور	نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی مدد کرنے والا	اے ہمارے رب	بیشک ہم نے	سنا

تو ضرور تو نے اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مدد گار نہیں۔ اے ہمارے رب ہم نے

مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖۗ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

مُنَادِيًا	يُّنَادِيْ	لِلْاِيْمَانِ	اَنْ	اٰمِنُوْا	بِرَبِّكُمْ	فَاٰمَنَّا	رَبَّنَا	فَاغْفِرْ لَنَا
ایک آواز دینے والا	جو ندا فرماتا ہے	ایمان کی	یہ کہ	ایمان لاؤ	اپنے رب پر	تو ہم ایمان لائے	اے ہمارے رب	بخش دے

ایک منادی کو سنا کہ ایمان کیلئے ندا فرماتا ہے کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لائے اے رب ہمارے تو ہمارے

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۚ (۱۹۳) رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

ذُنُوْبَنَا	وَ	كَفِّرْ عَنَّا	سَيِّاٰتِنَا	وَ	تَوَفَّنَا	مَعَ	الْاَبْرَارِ	رَبَّنَا	وَاٰتِنَا	مَا
ہمارے گناہ	اور	محو کر ہم سے	ہماری برائیاں	اور	موت دے ہم کو	ساتھ	نیکوں کے	اے ہمارے رب	اور دے ہم کو	جو

گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں ہم سے دور کر دے اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کر۔ اے ہمارے رب! ہمیں دے

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

وَعَدْتَّنَا	عَلٰى	رُسُلِكَ	وَ	لَا	تُخْزِنَا	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	اِنَّكَ	لَا	تُخْلِفُ
وعدہ کیا تو نے ہم سے	بواسطہ	اپنے رسولوں کے	اور	نہ	رسوا کر ہم کو	دن	قیامت کے	بیشک تو	نہیں	خلاف کرتا

جس کا تو نے اپنے رسولوں (کی زبان) پر وعدہ فرمایا اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا، بے شک تو وعدہ خلافی

الْمِیْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَاۤ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ

الْمِیْعَادَ	فَاسْتَجَابَ	لَهُمْ	رَبُّهُمْ	اَنِّیْ	لَاۤ	اُضِیْعُ	عَمَلَ	عَامِلٍ
وعدہ	تو سن لی	ان کی	ان کے رب نے	کہ بیشک میں	نہیں	ضائع کرتا	عمل	کسی عمل کرنے والے کا

نہیں کرتا۔ پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرما لی (اور فرمایا) یقیناً میں تم میں سے کسی محنت والے

مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِیْنَ

مِّنْكُمْ	مِّنْ ذَكَرٍ	اَوْ	اُنْثٰى	بَعْضُكُمْ	مِّنْۢ بَعْضٍ	فَالَّذِیْنَ
تم میں سے	مرد ہو	یا	عورت	بعض تمہارا	بعض سے ہے	تو وہ جنہوں نے

کی مزدوری ضائع نہیں کرتا خواہ مرد ہو یا عورت تم سب ایک دوسرے میں سے (ہی) ہو پس جن

هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ وَ قٰتَلُوْا

هَاجَرُوْا	وَ اُخْرِجُوْا	مِنْ دِیَارِهِمْ	وَ اُوْذُوْا	فِیْ سَبِیْلِیْ	وَ	قٰتَلُوْا
ہجرت کی	اور نکالے گئے	اپنے گھروں سے	اور ستائے گئے	میری راہ میں	اور	لڑے

لوگوں نے (اللہ کیلئے) وطن چھوڑ دیئے اور اپنے گھروں سے نکال دیئے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے

وَ قُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَ لَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ

وَ قُتِلُوْا	لَاُكَفِّرَنَّ	عَنْهُمْ	سَیِّاٰتِهِمْ	وَ	لَاُدْخِلَنَّهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ
اور مارے گئے	تو دور کروں گا میں	ان سے	ان کی برائیاں	اور	ضرور داخل کروں گا میں انکو	باغوں میں	رواں ہیں

اور لڑے اور مارے گئے تو میں ضرور ان کے گناہ ان سے مٹا دوں گا اور انہیں یقیناً

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ

مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	ثَوَابًا	مِّنْ عِنْدِ	اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	عِنْدَهٗ	حُسْنُ
ان کے نیچے	نہریں	بدلہ ہے	نزدیک	اللہ کے	اور	اللہ	اس کے پاس ہے	اچھا

ان جنتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہ اللہ کے حضور سے اجر ہے اور اللہ ہی کے پاس بہتر

الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ

الثَّوَابِ	لَا	يَغُرَّنَّكَ	تَقَلُّبُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فِي الْبِلَادِ	مَتَاعٌ
ثواب ہے	نہ	دھوکہ دے تجھے	پھرنا	ان کا جو	کافر ہوئے	شہروں میں	برتنا ہے

اَجر ہے۔ (اے اللہ کے بندے) کافروں کا شہروں میں (عیش و عشرت کے کے ساتھ) گھومنا پھرنا تجھے کسی دھوکہ میں نہ ڈال دے۔ یہ تھوڑا

قَلِيْلٌ قف ثُمَّ مَأْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ط وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ

قَلِيْلٌ	ثُمَّ	مَأْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَ	بِئْسَ	الْمِهَادُ	لٰكِنِ	الَّذِيْنَ
تھوڑا سا	پھر	ان کا ٹھکانا	دوزخ ہے	اور	برا ہے	بچھونا	لیکن	وہ جو

سا فائدہ ہے پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ کیا ہی بری جگہ ہے۔ لیکن جو لوگ اپنے رب

اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ	لَهُمْ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ
ڈرے	اپنے رب سے	ان کے لئے	باغ ہیں	رواں ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں

سے ڈرتے رہے ان کیلئے باغ ہیں ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے

فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ط وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَاِنَّ

فِيْهَا	نُزُلًا	مِّنْ عِنْدِ	اللّٰهِ	وَمَا	عِنْدَ	اللّٰهِ	خَيْرٌ	لِّلْاَبْرَارِ	وَاِنَّ
اس میں	مہمانی ہے	پاس	اللہ کے	اور جو	پاس ہے	اللہ کے	بھلا ہے	نیکوں کیلئے	اور بیشک

(یہ) اللہ کی طرف سے مہمانی (ہے) اور جو اللہ کے پاس ہے وہ نیکوں کیلئے سب سے بہتر ہے۔ اور بے شک

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ

مِنْ اَهْلِ	الْكِتٰبِ	لَمَنْ	يُّؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ	وَمَآ
بعض اہل	کتاب	ایسے ہیں جو	ایمان لاتے ہے	اللہ پر	اور جو	اتارا گیا	تمہاری طرف	اور جو

کچھ اہل کتاب ایسے ہیں کہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور اس پر جو تمہاری طرف اترا اور جو

أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا

اُنْزِلَ	اِلَيْهِمْ	خٰشِعِيْنَ	لِلّٰهِ	لَا	يَشْتَرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	ثَمَنًا
اتارا گیا	ان کی طرف	جھکنے والے	اللہ کے لئے	نہیں	خریدتے	آیات	الٰہی پر	قیمت

ان کی طرف اترا ان کے دل اللہ کے حضور جھکے ہوئے اللہ کی آیتوں کے بدلے

قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

قَلِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ
تھوڑی	یہ لوگ	ان کے لئے	ان کا اجر ہے	نزدیک	ان کے رب کے	بیشک	اللہ	جلدی

ذلیل دام نہیں لیتے یہ وہ ہیں جن کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور اللہ جلد

الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا

الْحِسَابِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اصْبِرُوْا	وَصَابِرُوْا
حساب لینے والا ہے	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	صبر کرو	اور صبر کی تلقین کرو

حساب کرنے والا ہے۔ اے ایمان والوں صبر کرو اور صبر میں دشمنوں سے آگے رہو اور ایک دوسرے سے رابطہ قائم رکھو

وَرَابِطُوْا ۟ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ ع

ع ۲۰

وَرَابِطُوْا	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ
اور نگرانی کرو	اور ڈرو	اللہ سے	تاکہ تم	کامیاب ہو

اور اللہ سے ڈرتے رہو اس امید پر کہ کامیاب ہو جاؤ گے۔

ایاتها ۱۷۶ ۴ سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ ۹۲ رکوعاتها ۲۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اتَّقُوْا	رَبَّكُمُ	الَّذِىْ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ نَّفْسٍ	وَّاحِدَةٍ
اے	لوگو	ڈرو	اپنے رب سے	جس نے	پیدا کیا تم کو	جان سے	ایک

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا

وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا

وَّ	خَلَقَ	مِنْهَا	زَوْجَهَا	وَ	بَثَّ	مِنْهُمَا	رِجَالًا	كَثِيْرًا	وَّ	نِسَآءً	وَ	اتَّقُوا
اور	پیدا کی	اس سے	اس کی بیوی	اور	پھیلائے	ان سے	مرد	بہت	اور	عورتیں	اور	ڈرو

اور اسی میں سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت مرد و عورت پھیلا دیئے اور اللہ سے ڈرو

اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ

اللّٰهَ	الَّذِىْ	تَسَآءَلُوْنَ	بِهٖ	وَ	الْاَرْحَامَ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلَيْكُمْ
اللہ سے	وہ کہ	سوال کرتے ہو	اسکے نام سے	اور	رشتوں کا لحاظ رکھو	بیشک	اللہ	ہے	تم پر

جس کے نام پر مانگتے ہو اور رشتوں کا لحاظ رکھو، بے شک اللہ ہر وقت تمہیں

رَقِيْبًا ① وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۪

رَقِيْبًا	وَ	اٰتُوا	الْيَتٰمٰٓى	اَمْوَالَهُمْ	وَ	لَا	تَتَبَدَّلُوا	الْخَبِيْثَ	بِالطَّيِّبِ
نگہبان	اور	دو	یتیموں کو	ان کے مال	اور	نہ	بدلو	گندے کو	ستھرے سے

دیکھ رہا ہے۔ یتیموں کو ان کے مال دو اور ستھرے کے بدلے گندا نہ لو اور

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ② وَاِنْ

وَ	لَا	تَاْكُلُوْٓا	اَمْوَالَهُمْ	اِلٰٓى	اَمْوَالِكُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	حُوْبًا	كَبِيْرًا	وَ	اِنْ
اور	نہ	کھاؤ	ان کے مال	طرف	اپنے مالوں کے ملا کر	بیشک وہ	ہے	گناہ	بڑا	اور	اگر

ان کے مال اپنے مالوں میں ملا کر نہ کھاؤ بے شک یہ بڑا گناہ ہے اور اگر

خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ

خِفْتُمْ	اَلَّا	تُقْسِطُوْا	فِي	الْيَتٰمٰى	فَانْكِحُوْا	مَا	طَابَ	لَكُمْ	مِّنَ النِّسَآءِ
تمہیں اندیشہ ہو	یہ کہ نہ	انصاف کرسکو گے	میں	یتیموں	تو نکاح کرو	جو	پسند ہو	تم کو	عورتوں سے

تمہیں خوف ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کرسکو گے تو ان عورتوں سے نکاح کرو جو تمہارے لئے پسندیدہ اور حلال ہوں، دو دو اور تین

النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً

مَثْنٰى	وَ	ثُلٰثَ	وَ	رُبٰعَ	فَاِنْ	خِفْتُمْ	اَلَّا	تَعْدِلُوْا	فَوَاحِدَةً
دو دو	اور	تین تین	اور	چار چار	تو اگر	تم ڈرو	یہ کہ نہ	انصاف کرسکو گے	تو ایک ہی

تین اور چار چار (مگر یہ اجازت بشرطِ عدل ہے) پھر اگر تمہیں خوف ہو کہ تم (زائد بیویوں میں) عدل نہیں کرسکو گے تو صرف ایک ہی عورت سے

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ؕ ③ وَاٰتُوا النِّسَآءَ

اَوْ	مَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ	ذٰلِكَ	اَدْنٰٓى	اَلَّا	تَعُوْلُوْا	وَاٰتُوا	النِّسَآءَ
یا	جو	مالک ہوئے	تمہارے دائیں ہاتھ	یہ	بہت قریب ہے	یہ کہ نہ	ظلم کرو	اور دو	عورتوں کو

(نکاح کرو) یا وہ کنیزیں جو (شرعاً) تمہاری ملکیت میں آگئی ہوں، یہ بات اس سے قریب تر ہے کہ تم سے ظلم نہ ہو۔ اور عورتوں کو

صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ

صَدُقٰتِهِنَّ	نِحْلَةً	فَاِنْ	طِبْنَ	لَكُمْ	عَنْ شَيْءٍ	مِّنْهُ	نَفْسًا	فَكُلُوْهُ
ان کے مہر	خوشی سے	پھر اگر	خوشی سے دیں	تم کو	کچھ	اس میں سے	اپنے آپ	تو کھاؤ اسے

ان کے مہر خوش دلی سے ادا کیا کرو پھر اگر وہ اس (مہر) میں سے کچھ تمہارے لئے اپنی خوشی سے چھوڑ دیں تو تب اسے (اپنے لئے)

هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ④ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ

هَنِيْٓـًٔا	مَّرِيْٓـًٔا	وَ	لَا	تُؤْتُوا	السُّفَهَآءَ	اَمْوَالَكُمُ	الَّتِيْ	جَعَلَ	اللّٰهُ
رچتا	پچتا	اور	نہ	دو تم	نادانوں کو	اپنے مال	کہ	بنایا	اللہ نے

سازگار اور خوشگوار سمجھ کر کھاؤ۔ اور نہ دو بیوقوفوں کو ان کے مال (جو تمہاری تحویل میں ہیں) جنہیں بنایا اللہ

لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا

لَكُمْ	قِيٰمًا	وَّارْزُقُوْهُمْ	فِيْهَا	وَ	اكْسُوْهُمْ	وَقُوْلُوْا	لَهُمْ	قَوْلًا
تم کو	نگران	اور کھلاؤ ان کو	اس میں سے	اور	پہناؤ ان کو	اور کہو	ان کیلئے	بات

نے (اے لوگو!) تمہاری بسر اوقات کا ذریعہ اور اس (مال) میں سے تم ان کو کھلاؤ اور پہناؤ اور ان سے

مَّعْرُوْفًا ﴿۵﴾ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ

مَّعْرُوْفًا	وَ	ابْتَلُوا	الْيَتٰمٰى	حَتّٰٓى	اِذَا	بَلَغُوا	النِّكَاحَ	فَاِنْ	اٰنَسْتُمْ
اچھی	اور	آزماؤ	یتیموں کو	یہاں تک کہ	جب	پہنچ جائیں	نکاح کو	تو اگر	معلوم کرو تم

پسندیدہ بات کہو۔ اور یتیموں کی آزمائش کرتے رہو یہاں تک کہ جب وہ نکاح (کی عمر) کو پہنچ جائیں پس

مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا

مِّنْهُمْ	رُشْدًا	فَادْفَعُوْٓا	اِلَيْهِمْ	اَمْوَالَهُمْ	وَ	لَا	تَاْكُلُوْهَآ	اِسْرَافًا
ان سے	دانائی	تو دے دو	ان کو	ان کے مال	اور	نہ	کھاؤ اس کو	حد سے زیادہ

اگر تم ان میں عقل مندی (کے آثار) دیکھو تو ان کے مال ان کے حوالے کر دو

وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ۭ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ

وَّ	بِدَارًا	اَنْ	يَّكْبَرُوْا	وَمَنْ	كَانَ	غَنِيًّا	فَلْيَسْتَعْفِفْ	وَ	مَنْ	كَانَ
اور	جلدی سے	یہ کہ	بڑے ہو جائینگے	اور جو	ہو	غنی	تو وہ بچے	اور	جو	ہو

اور انہیں فضول خرچی اور جلد بازی سے نہ کھاؤ کہ وہ بڑے ہو جائیں (اور تم سے اپنا حق طلب کریں)

فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ

فَقِيْرًا	فَلْيَاْكُلْ	بِالْمَعْرُوْفِ	فَاِذَا	دَفَعْتُمْ	اِلَيْهِمْ	اَمْوَالَهُمْ
فقیر	تو وہ کھائے	مناسب دستور کے	تو جب	دو تم	ان کو	ان کے مال

اور (یتیم کا وہ ولی) جسے حاجت نہ ہو بچتا رہے اور جو حاجت مند ہو وہ کھائے دستور کے مطابق پھر جب تم ان کے مال ان کے

فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ⑥ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

فَاَشْهِدُوْا	عَلَيْهِمْ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	حَسِيْبًا	لِلرِّجَالِ	نَصِيْبٌ	مِّمَّا
اِذَآ	اٰتَیْتُمُوْھُنَّ	اُجُوْرَھُنَّ	مُحْصِنِیْنَ	غَیْرَ	مُسٰفِحِیْنَ
جب	دے دو تم ان کو	مہران کے	نکاح کرنیوالے	نہ	بدکاری کرنیوالے

نکاح کی قید میں لاتے ہوئے نہ بدکاری کرتے اور نہ چھپے دوست بنانے والے

وَلَا مُتَّخِذِیْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ یَّکْفُرْ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ

وَ	لَا	مُتَّخِذِیْٓ	اَخْدَانٍ	وَ	مَنْ	یَّکْفُرْ	بِالْاِیْمَانِ	فَقَدْ	حَبِطَ
اور	نہ	پکڑنے والے	پوشیدہ دوستی	اور	جو	کفر کرے	ایمان کے بدلے	تو بیشک	غارت گئے

اور جس نے ایمان (لانے) سے انکار کیا تو بے شک اس کا عمل ضائع ہو

عَمَلُهٗ ؗ وَھُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۟ ع یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا ع ٢

عَمَلُهٗ	وَھُوَ	فِی	الْاٰخِرَةِ	مِنَ الْخٰسِرِیْنَ	یٰٓاَیُّهَا	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْٓا
اس کے عمل	اور وہ ہوگا	میں	آخرت	خسارہ اٹھانے والا	اے لوگو	جو	ایمان لائے ہو

اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہے۔ اے ایمان والو! جب تم نماز کیلئے

اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَکُمْ وَاَیْدِیَکُمْ اِلَی الْمَرَافِقِ

اِذَا	قُمْتُمْ	اِلَی	الصَّلٰوةِ	فَاغْسِلُوْا	وُجُوْهَکُمْ	وَ	اَیْدِیَکُمْ	اِلَی الْمَرَافِقِ
جب	کھڑے ہو	طرف	نماز کی	تو دھوؤ	اپنے منہ	اور	اپنے ہاتھ	کہنیوں تک

کھڑے ہو تم اپنے چہرے اور اپنے ہاتھ کہنیوں سمیت دھو لو اور اپنے سروں کا مسح کرو اور ٹخنوں

وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِکُمْ وَاَرْجُلَکُمْ اِلَی الْکَعْبَیْنِ ؕ وَاِنْ

وَ	امْسَحُوْا	بِرُءُوْسِکُمْ	وَ	اَرْجُلَکُمْ	اِلَی الْکَعْبَیْنِ	وَ	اِنْ
اور	مسح کرو	اپنے سروں کا	اور	دھوؤ اپنے پاؤں	ٹخنوں تک	اور	اگر

سمیت اپنے پاؤں (دھو لو) اور اگر تم جنابت کی حالت میں ہو تو غسل کر کے پاک ہو جاؤ

كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ

كُنْتُمْ	جُنُبًا	فَاطَّهَّرُوْا	وَ	اِنْ	كُنْتُمْ	مَّرْضٰٓى	اَوْ	عَلٰى	سَفَرٍ
ہوتم	جنبی	تو پاک ہوجاؤ	اور	اگر	ہوتم	بیمار	یا	اوپر	سفر کے

اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا کوئی تم میں سے قضائے حاجت کر کے آئے یا

اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً

اَوْ	جَآءَ	اَحَدٌ	مِّنْكُمْ	مِّنَ الْغَآئِطِ	اَوْلٰمَسْتُمُ	النِّسَآءَ	فَلَمْ	تَجِدُوْا	مَآءً
یا	آئے	کوئی	تم میں سے	حاجت سے	یا ہم بستری کی ہو تم نے	عورتوں سے	تو نہ	پایا تم نے	پانی

تم نے عورتوں سے قربت کی ہو (یعنی جماع کیا ہو) پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی سے تیمم کرو

فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا

فَتَيَمَّمُوْا	صَعِيْدًا	طَيِّبًا	فَامْسَحُوْا	بِوُجُوْهِكُمْ	وَ	اَيْدِيْكُمْ	مِّنْهُ	مَا
تو تیمم کرو	مٹی سے	پاک	تو مسح کرو	اپنے منہ کا	اور	اپنے ہاتھوں کا	اس سے	نہیں

پس اپنے چہروں اور اپنے (پورے) ہاتھوں کا مسح کرو اس (پاک مٹی) سے اللہ نہیں چاہتا کہ تم

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ

يُرِيْدُ	اللّٰهُ	لِيَجْعَلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ حَرَجٍ	وَّ	لٰكِنْ	يُّرِيْدُ	لِيُطَهِّرَكُمْ
چاہتا	اللہ	کر رکھے	تم پر	کوئی تنگی	اور	لیکن	چاہتا ہے	کہ پاک کرے تم کو

کوئی تنگی کرے لیکن اللہ چاہتا ہے کہ تمہیں خوب پاک کر دے اور تم

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٦ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

وَ	لِيُتِمَّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ	اللّٰهِ
اور	پورا کرے	اپنی نعمت کو	تم پر	تاکہ تم	احسان مانو	اور	یاد کرو	احسان	اللہ

اپنی نعمت کو پورا کر دے تاکہ تم شکر کرو۔ اور یاد کرو تم اللہ کا احسا

عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ز

عَلَيْكُمْ	وَ	مِيْثَاقَهُ	الَّذِيْ	وَاثَقَكُمْ بِهٖ	اِذْ	قُلْتُمْ	سَمِعْنَا	وَ	اَطَعْنَا
اپنے اوپر	اور	وہ عہد	جو	تم سے پختہ لیا	جب	تم نے کہا	ہم نے سنا	اور	ہم نے مانا

اپنے اوپر اور وہ عہد جو اس نے تم سے لیا جب کہ تم نے کہا ہم نے سنا اور مانا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌۢ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اور	ڈرو	اللہ سے	بیشک	اللہ	جانتا ہے	دل کی باتیں	اے وہ	جو	ایمان لائے ہو

اور تم اللہ سے ڈرو بے شک اللہ دلوں کی بات جانتا ہے۔ اے ایمان والو اللہ کے

كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ز وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ

كُوْنُوْا	قَوّٰمِيْنَ	لِلّٰهِ	شُهَدَآءَ	بِالْقِسْطِ	وَ	لَا	يَجْرِمَنَّكُمْ	شَنَاٰنُ
ہو جاؤ	خوب قائم	اللہ کیلئے	گواہ	انصاف کے ساتھ	اور	نہ	ابھارے تم کو	دشمنی

حکم پر خوب قائم ہو جاؤ انصاف کے ساتھ گواہی دیتے اور تم کو کسی قوم کی عداوت

قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ط اِعْدِلُوْا قف هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ز وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط

قَوْمٍ	عَلٰٓى	اَلَّا	تَعْدِلُوْا	اِعْدِلُوْا	هُوَ	اَقْرَبُ	لِلتَّقْوٰى	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ
کسی قوم کی	اوپر	اس کے کہ نہ	انصاف کرو	انصاف کرو	وہ	بہت قریب ہے	پرہیزگاری کے	اور	ڈرو	اللہ سے

اس پر نہ ابھارے کہ انصاف نہ کرو انصاف کرو وہ پرہیزگاری سے زیادہ قریب ہے اللہ سے ڈرو

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اِنَّ	اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	وَعَدَ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا
بیشک	اللہ	خبردار ہے	اس کا جو	تم کرتے ہو	وعدہ کیا	اللہ نے	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے

بے شک اللہ تعالیٰ باخبر ہے اس سے جو تم کرتے ہو۔ اللہ نے ایسے لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے

الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ⑨ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	اَجْرٌ	عَظِيْمٌ	وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اچھے	ان کے لئے	بخشش ہے	اور	ثواب	بہت بڑا	اور	وہ جنہوں نے	کفر کیا

وعدہ فرمایا ہے (کہ) ان کیلئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ⑩ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اور جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	یہ ہیں	دوزخ والے	اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخ (میں جلنے) والے ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ کا احسان

اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ

اذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ	هَمَّ	قَوْمٌ	اَنْ	يَّبْسُطُوْٓا	اِلَيْكُمْ
یاد کرو	احسان	اللہ کا	تم پر	جب	قصد کیا	ایک قوم نے	یہ کہ	پھیلائیں	تمہاری طرف

یاد کرو جو تم پر ہوا جب قصد کیا ایک قوم نے کہ (لڑنے کیلئے) وہ تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں تو اللہ نے

اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى

اَيْدِيَهُمْ	فَكَفَّ	اَيْدِيَهُمْ	عَنْكُمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	عَلَى
اپنے ہاتھ	تو روکے اس نے	ان کے ہاتھ	تم سے	اور ڈرو	اللہ سے	اور	اوپر

ان کے ہاتھوں کو تم سے روک دیا اور اللہ سے ڈرو اور ایمان والوں کو

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑪ ع ٢ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ

اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَلَقَدْ	اَخَذَ	اللّٰهُ	مِيْثَاقَ
اللہ کے	چاہئے بھروسہ کریں	مسلمان	اور بیشک	لیا	اللہ نے	عہد

اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ اور بیشک اللہ نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَ	بَعَثْنَا	مِنْهُمُ	اثْنَيْ عَشَرَ	نَقِيْبًا	وَ	قَالَ	اللّٰهُ	اِنِّيْ
بنی اسرائیل سے	اور	مقرر کیے ہم نے	ان میں سے	بارہ	سردار	اور	کہا	اللہ نے	بیشک میں

اور ہم نے ان میں بارہ سردار مقرر کیے اور اللہ نے (بنی اسرائیل سے) فرمایا کہ میں

مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ

مَعَكُمْ	لَىِٕنْ	اَقَمْتُمُ	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتَيْتُمُ	الزَّكٰوةَ	وَ	اٰمَنْتُمْ	بِرُسُلِيْ
تمہارے ساتھ ہوں	اگر	قائم کی تم نے	نماز	اور	دی تم نے	زکوٰۃ	اور	ایمان لائے تم	میرے رسولوں پر

تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نے نماز قائم رکھی اور تم زکوٰۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر (ہمیشہ)

وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ

وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ	وَ	اَقْرَضْتُمُ	اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا	لَّاُكَفِّرَنَّ	عَنْكُمْ
اور تعظیم کی تم نے ان کی	اور	قرضہ دیا تم نے	اللہ کو	قرضہ	اچھا	تو دور کروں گا میں	تم سے

ایمان لاتے رہے اور ان (کے پیغمبرانہ مشن) کی مدد کرتے رہے اور اللہ کو قرض حسنہ دیتے رہے تو میں تم سے تمہارے گناہوں

سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ

سَيِّاٰتِكُمْ	وَ	لَاُدْخِلَنَّكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	فَمَنْ
تمہاری برائیاں	اور	ضرور داخل کروں تم کو	باغوں میں	رواں ہیں	ان کے نیچے	نہریں	پھر جو

کو ضرور مٹا دوں گا اور تمہیں یقیناً ایسی جنتوں میں داخل کر دوں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں پھر اس کے بعد

كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ⑫ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

كَفَرَ	بَعْدَ	ذٰلِكَ	مِنْكُمْ	فَقَدْ	ضَلَّ	سَوَآءَ	السَّبِيْلِ	فَبِمَا	نَقْضِهِمْ
کفر کرے	بعد	اس کے	تم میں سے	تو بیشک	گمراہ ہوا	سیدھے	راستہ سے	تو بسبب	توڑنے ان کے

تم میں سے جس نے (بھی) کفر کیا تو بیشک وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا۔ پھر ان کے اپنے معاہدے کو

مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ

مِّيْثَاقَهُمْ	لَعَنّٰهُمْ	وَ	جَعَلْنَا	قُلُوْبَهُمْ	قٰسِيَةً	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ
اپنے عہد کو	لعنت کی ہم نے ان پر	اور	کر دیے ہم نے	ان کے دل	سخت	بدلتے ہیں	کلمات کو

توڑ دینے کی وجہ سے ہم نے ان پر لعنت کر دی اور ہم نے ان کے دلوں کو سخت بنا دیا وہ کلام کو اس کی جگہ سے بدل دیتے ہیں

عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى

عَنْ مَّوَاضِعِهٖ	وَ	نَسُوْا	حَظًّا	مِّمَّا	ذُكِّرُوْا	بِهٖ	وَلَا تَزَالُ	تَطَّلِعُ	عَلٰى
ان کی جگہ سے	اور	بھول گئے	حصہ	اس چیز کا جو	نصیحت کیے گئے	اس کی	اور تم ہمیشہ	مطلع ہوتے رہو گے	اوپر

اور جو نصیحت انہیں کی گئی تھی اس کے ایک بڑے حصے کو وہ بھلا بیٹھے اور تم ان کی کسی نہ کسی خیانت سے آگاہ ہوتے رہو گے ان میں

خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ اِنَّ

خَآئِنَةٍ	مِّنْهُمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْهُمْ	فَاعْفُ	عَنْهُمْ	وَ	اصْفَحْ	اِنَّ
خیانت	ان کی کے	مگر	تھوڑے	ان میں سے	پس معاف کرو	ان کو	اور	درگزر کرو	بیشک

سے تھوڑے لوگوں کے سوا پھر ان کو معاف کر دو اور ان سے درگزر کرو یقیناً

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ⑬ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى

اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	مِنَ الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا	نَصٰرٰٓى
اللہ	پسند کرتا ہے	احسان والوں کو	اور	ان سے جنہوں نے	کہا	ہم	نصاریٰ ہیں

اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ اور وہ جنہوں نے دعویٰ کیا کہ ہم نصاریٰ ہیں ہم نے

اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ

اَخَذْنَا	مِيْثَاقَهُمْ	فَنَسُوْا	حَظًّا	مِّمَّا	ذُكِّرُوْا	بِهٖ	فَاَغْرَيْنَا	بَيْنَهُمُ
لیا ہم نے	ان سے عہد	تو بھول گئے	حصہ	اس کا جو	نصیحت کیے گئے	اس کی	تو ڈال دی ہم نے	انکے درمیان

ان سے عہد لیا تو وہ بھلا بیٹھے بڑا حصہ ان نصیحتوں کا جو انہیں دی گئیں تو ہم نے ان کے

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا

الْعَدَاوَةَ	وَ	الْبَغْضَآءَ	اِلٰى يَوْمِ	الْقِيٰمَةِ	وَ	سَوْفَ	يُنَبِّئُهُمُ	اللّٰهُ	بِمَا
عداوت	اور	بغض	دن تک	قیامت کے	اور	عنقریب	بتادے گا ان کو	اللہ	اس کا جو

آپس میں قیامت کے دن تک عداوت اور بغض ڈال دیا اور عنقریب اللہ انہیں بتادے گا

كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ

كَانُوْا	يَصْنَعُوْنَ	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ	جَآءَكُمْ	رَسُوْلُنَا	يُبَيِّنُ	لَكُمْ
وہ	کرتے تھے	اے کتاب والو	بیشک	تشریف لائے تمہارے پاس	ہمارے رسول	ظاہر فرماتے ہیں	تمہارے لئے

جو کچھ کیا کرتے تھے۔ اے اہل کتاب! بیشک تمہارے پاس ہمارے رسول تشریف لائے ہیں وہ تمہارے لئے بہت سی ایسی

كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ

كَثِيْرًا	مِّمَّا كُنْتُمْ	تُخْفُوْنَ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَ	يَعْفُوْا	عَنْ كَثِيْرٍ	قَدْ
بہت سی	وہ چیزیں جو تم	چھپاتے ہو	کتاب سے	اور	معاف فرماتے ہیں	بہت سی	بیشک

باتیں ظاہر فرماتے ہیں جو تم کتاب میں چھپائے رکھتے ہو اور (تمہاری) بہت سی باتوں سے درگزر (بھی) فرماتے ہیں بے شک تمہارے

جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ

جَآءَكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	نُوْرٌ	وَّ	كِتٰبٌ	مُّبِيْنٌ	يَّهْدِيْ	بِهِ	اللّٰهُ	مَنِ
آیا تمہارے پاس	اللہ سے	نور	اور	کتاب	روشن	ہدایت دیتا ہے	اس سے	اللہ	اس کو جو

پاس اللہ کی طرف سے ایک نور (یعنی حضرت محمد ﷺ) آگئے ہیں اور ایک روشن کتاب (یعنی قرآن مجید)۔ اللہ اس کے ذریعے ان

اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

اتَّبَعَ	رِضْوَانَهٗ	سُبُلَ السَّلٰمِ	وَيُخْرِجُهُمْ	مِّنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى	النُّوْرِ
پیروی کرے	اسکی رضامندی کی	سلامتی کے راستوں کی	اور نکالتا ہے ان کو	اندھیروں سے	طرف	روشنی کے

لوگوں کو جو اس کی رضا کے طلب گار ہیں سلامتی کی راہوں کی ہدایت فرماتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے (کفر و جہالت کی) تاریکیوں

بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ

بِاِذْنِهٖ	وَ	يَهْدِيْهِمْ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	لَقَدْ	كَفَرَ	الَّذِيْنَ
اپنے حکم سے	اور	راہنمائی کرتا ہے ان کی	طرف	راہ	سیدھی کے	بیشک	کافر ہوگئے	وہ جنہوں نے

سے نکال کر (ایمان وہدایت کی) روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرماتا ہے۔ بیشک کفر کیا ان

قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ

قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْمَسِيْحُ	ابْنُ	مَرْيَمَ	قُلْ	فَمَنْ	يَّمْلِكُ	مِنَ اللّٰهِ
کہا	بیشک	اللہ	وہی ہے	مسیح	بیٹا	مریم کا	فرمادو	پھر کون	اختیار رکھتاہے	اللہ سے

لوگوں نے جنہوں نے کہا کہ یقیناً مسیح ابن مریم علیہ السلام ہی اللہ ہے فرما دیجئے تو کون مالک ہے اللہ سے

شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ

شَيْـًٔا	اِنْ	اَرَادَ	اَنْ	يُّهْلِكَ	الْمَسِيْحَ	ابْنَ مَرْيَمَ	وَ	اُمَّهٗ	وَ	مَنْ
کچھ بھی	اگر	ارادہ کرے	یہ کہ	ہلاک کردے	مسیح	مریم کے بیٹے کو	اور	اسکی ماں کو	اور	جو

کسی چیز کا اگر وہ ارادہ کرے ہلاک کرنے کا مسیح ابن مریم کو اور اس کی ماں کو اور سب

فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ

فِى الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا
جو زمین میں ہے	سب کو	اور	اللہ ہی کی	سلطنت ہے	آسمانوں	اور	زمین میں	اور	جو	اسکے درمیان ہے

زمین والوں کو اور اللہ ہی کا ہے ملک آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

يَخْلُقُ	مَا	يَشَآءُ	وَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَ	قَالَتِ	الْيَهُوْدُ
پیدا کرتا ہے	جو	چاہتا ہے	اور	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	اور	کہا	یہودیوں نے

جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر چاہت پر قادر ہے۔ اور یہود اور نصاریٰ نے کہا

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ

وَ	النَّصٰرٰى	نَحْنُ	اَبْنٰٓؤُا	اللّٰهِ	وَاَحِبَّآؤُهٗ	قُلْ	فَلِمَ	يُعَذِّبُكُمْ	بِذُنُوْبِكُمْ
اور	عیسائیوں نے	ہم	بیٹے ہیں	اللہ کے	اور پیارے ہیں اسکے	فرمادو	پھر کیوں	سزا دیتا ہے تم کو	تمہارے گناہوں کی

کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے محبوب ہیں فرمادیجئے (اگر تم سچ کہتے ہو) تو اللہ تمہیں تمہارے گناہوں پر کیوں عذاب دیتا ہے بلکہ تم بشر

بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

بَلْ	اَنْتُمْ	بَشَرٌ	مِّمَّنْ	خَلَقَ	يَغْفِرُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يُعَذِّبُ	مَنْ	يَّشَآءُ
بلکہ	تم	آدمی ہو	اس سے جو	پیدا کیا	بخشتا ہے	جسے	چاہے	اور	عذاب دیتا ہے	جسے	چاہے

ہو ان میں سے جنہیں اللہ نے پیدا کیا اللہ بخشے گا جسے چاہے اور عذاب دے گا جسے چاہے

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؗ وَاِلَيْهِ

وَ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	وَ	اِلَيْهِ
اور	اللہ ہی کی	سلطنت ہے	آسمانوں	اور	زمین میں	اور	جو	انکے درمیان ہے	اور	اسی کی طرف

اور اللہ ہی کیلئے ہے حکومت آسمانوں کی اور زمین کی اور ان سب کو جو ان کے درمیان ہیں اور اسی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى

الْمَصِيْرُ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ	جَآءَكُمْ	رَسُوْلُنَا	يُبَيِّنُ	لَكُمْ	عَلٰى
پھرنا ہے	اے کتاب والو	بیشک	تشریف لائے تمہارے پاس	ہمارے رسول	کھول کر بیان کرتے ہیں	تمہارے لئے	اوپر

(سب کو) لوٹ کر جانا ہے۔ اے کتاب والو! بے شک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ہمارے احکام

فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ؗ

فَتْرَةٍ	مِّنَ الرُّسُلِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا	مَا	جَآءَنَا	مِنْۢ بَشِيْرٍ	وَ	لَا	نَذِيْرٍ
مدتوں بند رہے	رسولوں سے	یہ کہ	تم کہو کہ	نہیں	آیا ہمارے پاس	کوئی خوشخبری سنانیوالا	اور	نہ	ڈرانے والا

ظاہر فرماتے ہیں بعد اس کے کہ رسولوں کا آنا مدتوں بند رہا تھا کہ تم کہیں یہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی خوشخبری اور ڈر سنانے والا نہ آیا تو

فَقَدۡ جَآءَكُمۡ بَشِيۡرٌ وَّنَذِيۡرٌ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿١٩﴾ ع وَاِذۡ ع ٤

فَقَدۡ	جَآءَكُمۡ	بَشِيۡرٌ	وَّ	نَذِيۡرٌ	وَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَىۡءٍ	قَدِيۡرٌ	وَ	اِذۡ
تو یقیناً	آیا تمہارے پاس	خوشخبری سنانے والا	اور	ڈر سنانے والا	اور	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	اور	جب

یہ خوشخبری اور ڈر سنانے والے تمہارے پاس تشریف لے آئے ہیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور جب

قَالَ مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ يٰقَوۡمِ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ اِذۡ جَعَلَ

قَالَ	مُوۡسٰى	لِقَوۡمِهٖ	يٰقَوۡمِ	اذۡكُرُوۡا	نِعۡمَةَ	اللّٰهِ	عَلَيۡكُمۡ	اِذۡ	جَعَلَ
کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے	اے میری قوم	یاد کرو	احسان	اللہ کا	تم پر	جبکہ	بنائے

موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری قوم اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو کہ تم میں سے

فِيۡكُمۡ اَنۡۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمۡ مُّلُوۡكًا ۖ وَّاٰتٰٮكُمۡ مَّا لَمۡ يُؤۡتِ اَحَدًا مِّنَ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿٢٠﴾

فِيۡكُمۡ	اَنۡۢبِيَآءَ	وَجَعَلَكُمۡ	مُّلُوۡكًا	وَّ	اٰتٰٮكُمۡ	مَّا لَمۡ	يُؤۡتِ	اَحَدًا	مِّنَ الۡعٰلَمِيۡنَ
تم میں	نبی	اور بنایا تم کو	بادشاہ	اور	دیا تم کو	جو نہ	دیا	کسی کو	جہان سے

انبیاء کئے اور تمہیں بادشاہ کیا اور تمہیں وہ دیا جو آج سارے جہاں میں کسی کو نہ دیا۔

يٰقَوۡمِ ادۡخُلُوا الۡاَرۡضَ الۡمُقَدَّسَةَ الَّتِىۡ كَتَبَ اللّٰهُ

يٰقَوۡمِ	ادۡخُلُوا	الۡاَرۡضَ	الۡمُقَدَّسَةَ	الَّتِىۡ	كَتَبَ	اللّٰهُ
اے میری قوم	داخل ہو	زمین	پاک میں	جو	لکھی	اللہ نے

اے میری قوم! اس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے

لَـكُمۡ وَلَا تَرۡتَدُّوۡا عَلٰٓى اَدۡبَارِكُمۡ فَتَـنۡقَلِبُوۡا خٰسِرِيۡنَ ﴿٢١﴾ قَالُوۡا

لَكُمۡ	وَ	لَا	تَرۡتَدُّوۡا	عَلٰٓى	اَدۡبَارِكُمۡ	فَتَنۡقَلِبُوۡا	خٰسِرِيۡنَ	قَالُوۡا
تمہارے لئے	اور	نہ	پلٹو	اوپر	ایڑیوں اپنی کے	تو پھرو گے	نقصان پر	بولے

اور اپنی پشت پر (پیچھے) نہ پلٹنا ورنہ تم نقصان اٹھانے والے بن کر پلٹو گے۔ انہوں نے (جواباً) کہا

يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى

يٰمُوْسٰٓى	اِنَّ	فِيْهَا	قَوْمًا	جَبَّارِيْنَ	وَاِنَّا	لَنْ	نَّدْخُلَهَا	حَتّٰى
اے موسیٰ	بیشک	اس میں	قوم ہے	طاقتور	اور ہم	ہرگز نہ	داخل ہوں گے	یہاں تک

اے موسیٰ علیہ السلام! اس میں تو زبردست (ظالم) لوگ (رہتے) ہیں اور ہم اس میں ہرگز داخل نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ اس

يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ قَالَ رَجُلٰنِ

يَخْرُجُوْا	مِنْهَا	فَاِنْ	يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	فَاِنَّا	دٰخِلُوْنَ	قَالَ	رَجُلٰنِ
نکل جائیں وہ	اس سے	پھر اگر	نکل جائیں	اس سے	تو ہم	داخل ہوں گے	کہا	دو آدمیوں نے

(زمین) سے نکل جائیں پس اگر وہ یہاں سے نکل جائیں تو ہم ضرور داخل ہو جائیں گے۔ اللہ سے ڈرنے والوں میں

مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ

مِنَ الَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	اَنْعَمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمَا	ادْخُلُوْا	عَلَيْهِمُ	الْبَابَ
ان سے جو	ڈرتے تھے	انعام کیا	اللہ نے	ان پر	داخل ہو	ان پر	دروازے سے

سے دو آدمیوں نے کہا جن پر اللہ نے انعام فرمایا کہ تم (بے خوف ہو کر) ان پر دروازہ سے داخل ہو جاؤ

فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ۬ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ

فَاِذَا	دَخَلْتُمُوْهُ	فَاِنَّكُمْ	غٰلِبُوْنَ	وَ	عَلَى	اللّٰهِ	فَتَوَكَّلُوْٓا	اِنْ	كُنْتُمْ
پھر جب	داخل ہو تم	تو تم ہی	غالب ہو	اور	اوپر	اللہ ہی کے	بھروسہ کرو	اگر	ہو تم

جب تم دروازہ میں داخل ہو جاؤ گے تو بے شک تم ہی غالب رہو گے اور اگر تم مومن ہو تو صرف

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا

مُّؤْمِنِيْنَ	قَالُوْا	يٰمُوْسٰٓى	اِنَّا	لَنْ	نَّدْخُلَهَآ	اَبَدًا	مَّا دَامُوْا	فِيْهَا
مومن	بولے	اے موسیٰ	ہم	ہرگز نہ	داخل ہوں گے اس میں	کبھی بھی	جب تک رہیں وہ	اس میں

اللہ پر بھروسہ کرو۔ انہوں نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام! یقیناً ہم تو اس میں ہرگز کبھی داخل نہ ہوں گے جب تک وہ وہاں ہیں

فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ

فَاذْهَبْ	اَنْتَ	وَ	رَبُّكَ	فَقَاتِلَآ	اِنَّا	هٰهُنَا	قٰعِدُوْنَ	قَالَ	رَبِّ
تو جائیے	آپ	اور	آپکا رب	جا کر لڑو	ہم بیشک ہم	یہاں	بیٹھے ہیں	کہا موسیٰ نے	اے میرے اللہ

پس تم جاؤ اور تمہارا رب تم دونوں (ہی) ان سے لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے

اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِیْ وَاَخِیْ فَافْرُقْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ الْقَوْمِ

اِنِّیْ	لَآ	اَمْلِكُ	اِلَّا	نَفْسِیْ	وَ	اَخِیْ	فَافْرُقْ	بَیْنَنَا	وَ	بَیْنَ	الْقَوْمِ
میں	نہیں	اختیار رکھتا	مگر	اپنی جان کا	اور	اپنے بھائی کا	تو علیحدگی کردے	ہمارے درمیان	اور	درمیان	قوم

عرض کی کہ اے میرے رب میرے مجھے اختیار نہیں مگر اپنا اور اپنے بھائی کا تو تو ہم کو نافرمان

الْفٰسِقِیْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَیْهِمْ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ج

الْفٰسِقِیْنَ	قَالَ	فَاِنَّهَا	مُحَرَّمَةٌ	عَلَیْهِمْ	اَرْبَعِیْنَ	سَنَةً
بے حکم کے	فرمایا	بیشک وہ	حرام ہے	ان پر	چالیس	سال تک

قوم سے جدا رکھ۔ فرمایا تو وہ زمین ان پر حرام ہے چالیس برس تک بھٹکتے پھریں

یَتِیْهُوْنَ فِی الْاَرْضِ ط فَلَا تَاْسَ عَلَی الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ ﴿٢٦﴾ ع وَاتْلُ

ربع

یَتِیْهُوْنَ	فِی الْاَرْضِ	فَلَا	تَاْسَ	عَلَی	الْقَوْمِ	الْفٰسِقِیْنَ	وَاتْلُ
پھریں گے پریشان	زمین میں	تو نہ	غم کھائیں	اوپر	قوم	نافرمان کے	اور پڑھو

زمین میں تو پھر تم نافرمان قوم پر غم نہ کرو۔ (اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم) آپ

عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ م اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ

وقف لازم

عَلَیْهِمْ	نَبَاَ ابْنَیْ	اٰدَمَ	بِالْحَقِّ	اِذْ	قَرَّبَا	قُرْبَانًا	فَتُقُبِّلَ
ان پر	خبر دو بیٹوں	آدم کی	سچی	جب	منت	پیش کی	قبول ہوئی

ان لوگوں کو آدم کے دو بیٹوں کی خبر سنائیں جو بالکل سچی ہے جب دونوں نے قربانی پیش کی سو

مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا

مِنْ اَحَدِهِمَا	وَ	لَمْ	يُتَقَبَّلْ	مِنَ الْاٰخَرِ	قَالَ	لَاَقْتُلَنَّكَ	قَالَ	اِنَّمَا
ان میں سے ایک کی	اور	نہ	قبول ہوئی	دوسرے کی	بولا	میں تجھے قتل کردوں گا	بولا	اسکے سوا نہیں کہ

ان میں سے ایک کی قبول کرلی گئی اور دوسرے سے قبول نہ کی گئی تو اس نے کہا میں تجھے ضرور بضرور قتل کروں گا اس نے کہا

يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ (٢٧) لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ

يَتَقَبَّلُ	اللّٰهُ	مِنَ الْمُتَّقِيْنَ	لَئِنْ	بَسَطْتَ	اِلَيَّ	يَدَكَ	لِتَقْتُلَنِيْ	مَآ
قبول کرتا ہے	اللہ	پرہیزگاروں سے	اگر	تو بڑھائے گا	میری طرف	اپنا ہاتھ	تاکہ مجھے قتل کرے	نہیں

بے شک اللہ پرہیزگاروں سے ہی قبول فرماتا ہے۔ اگر تو اپنا ہاتھ مجھے قتل کرنے کیلئے میری طرف بڑھائے گا (تو پھر بھی)

اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ

اَنَا	بِبَاسِطٍ	يَدِيَ	اِلَيْكَ	لِاَقْتُلَكَ	اِنِّيْ	اَخَافُ	اللّٰهَ	رَبَّ
میں	بڑھانے والا	اپنا ہاتھ	تیری طرف	تاکہ میں تجھے قتل کروں	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اللہ سے جو	پروردگار ہے

میں اپنا ہاتھ تجھے قتل کرنے کیلئے تیری طرف نہیں بڑھاؤں گا کیونکہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں

الْعٰلَمِيْنَ (٢٨) اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ

الْعٰلَمِيْنَ	اِنِّيْ	اُرِيْدُ	اَنْ	تَبُوْٓاَ	بِاِثْمِيْ	وَ	اِثْمِكَ	فَتَكُوْنَ
سب جہانوں کا	بیشک میں	چاہتا ہوں	یہ کہ	لے پڑے تمہارے	میرے گناہ	اور	تمہارے گناہ	تو ہوجائے تو

کا پروردگار ہے۔ میں تو یہی چاہتا ہوں کہ میرا اور تیرا گناہ تیرے ہی سر پڑے پس تو

مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ (٢٩) فَطَوَّعَتْ لَهٗ

مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ	وَ	ذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا	الظّٰلِمِيْنَ	فَطَوَّعَتْ	لَهٗ
آگ والوں سے	اور	یہ	سزا ہے	بے انصافوں کی	تو چاہا	اس کے

دوزخیوں میں سے ہو جائے اور یہ ظالموں کی سزا ہے۔ پس اس کے نفس نے

نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ

نَفْسُهٗ	قَتْلَ	اَخِيْهِ	فَقَتَلَهٗ	فَاَصْبَحَ	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ	فَبَعَثَ
نفس نے	قتل کرنا	اپنے بھائی کا	تو قتل کردیا اس کو	تو وہ گیا	نقصان میں	تو بھیجا

اس کے بھائی کے قتل پر اسے آمادہ کردیا تو اس نے اسے قتل کردیا تو وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگیا۔ تو اللہ نے

اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ

اللّٰهُ	غُرَابًا	يَّبْحَثُ	فِي الْاَرْضِ	لِيُرِيَهٗ	كَيْفَ	يُوَارِيْ	سَوْءَةَ
اللہ نے	ایک کوا	کریدتا تھا	زمین میں	تاکہ دکھائے اسکو	کس طرح	چھپائے	لاش

کوا بھیجا جو زمین کریدتا کہ اسے دکھائے کہ کس طرح اپنے بھائی کی لاش چھپائے

اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ

اَخِيْهِ	قَالَ	يٰوَيْلَتٰۤى	اَعَجَزْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِثْلَ	هٰذَا	الْغُرَابِ
اپنے بھائی کی	کہا	کاش	میں عاجز آگیا	یہ کہ	ہوجاتا	مثل	اس	کوے کے

اس نے کہا ہائے افسوس مجھ پر کہ میں اس کوے جیسا بھی نہ ہو سکا کہ میں

فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ ۛ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛ

معانقة ۵
وقف النبی
[illegible]

فَاُوَارِيَ	سَوْءَةَ	اَخِيْ	فَاَصْبَحَ	مِنَ النّٰدِمِيْنَ	مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ
تو چھپالیتا	لاش	اپنے بھائی کی	تو ہوگیا	پچھتانے والوں سے	اس سبب سے

اپنے بھائی کی لاش چھپاتا تو وہ پچھتاتا رہ گیا۔ اس سبب سے ہم نے

كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ

كَتَبْنَا	عَلٰى	بَنِيْٓ	اِسْرَآءِيْلَ	اَنَّهٗ	مَنْ	قَتَلَ	نَفْسًۢا	بِغَيْرِ
ہم نے لکھا	اوپر	بنی	اسرائیل کے	یہ کہ	جو	قتل کرے	کسی آدمی کو	بغیر

بنی اسرائیل پر لکھ دیا کہ جس نے کوئی جان قتل کی۔ بغیر جان کے بدلے ، یا

نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِی الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ وَ مَنْ اَحْیَاهَا

نَفْسٍ	اَوْ	فَسَادٍ	فِی الْاَرْضِ	فَكَاَنَّمَا	قَتَلَ	النَّاسَ	جَمِیْعًا	وَمَنْ	اَحْیَاهَا
دلے کے	یا	فساد کیا	زمین میں	تو گویا	قتل کیا	لوگوں	سب کو	اور جس نے	زندہ رکھا اسکو

زمین میں فساد کیا تو گویا اس نے سب لوگوں کو قتل کیا اور جس
نے ایک جان کو بچایا

فَكَاَنَّمَاۤ اَحْیَا النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ وَ لَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا

فَكَاَنَّمَاۤ	اَحْیَا	النَّاسَ	جَمِیْعًا	وَ	لَقَدْ	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُنَا
گویا کہ	زندہ رکھا	لوگوں کو	تمام کو	اور	بیشک	آئے ان کے پاس	ہمارے رسول

گویا اس نے تمام انسانوں کو بچالیا
اور بے شک ان کے پاس ہمارے رسول روشن

بِالْبَیِّنٰتِ ثُمَّ اِنَّ كَثِیْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِی الْاَرْضِ

بِالْبَیِّنٰتِ	ثُمَّ	اِنَّ	كَثِیْرًا	مِّنْهُمْ	بَعْدَ	ذٰلِكَ	فِی	الْاَرْضِ
کھلے دلائل لے کر	پھر	بیشک	بہت سے	ان میں سے	بعد	اس کے	میں	زمین

دلیلوں کے ساتھ آئے پھر بے شک ان میں
اکثر نے زمین میں

لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ

لَمُسْرِفُوْنَ	اِنَّمَا	جَزٰٓؤُا	الَّذِیْنَ	یُحَارِبُوْنَ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ
ھے بڑھنے والے ہیں	درحقیقت	بدلہ	ان کا جو	لڑیں	اللہ	اور	اس کے رسول سے

یادتی کا ارتکاب کیا۔
بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ کرتے ہیں

یَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْۤا اَوْ یُصَلَّبُوْۤا اَوْ تُقَطَّعَ

	یَسْعَوْنَ	فِی الْاَرْضِ	فَسَادًا	اَنْ	یُّقَتَّلُوْۤا	اَوْ	یُصَلَّبُوْۤا	اَوْ	تُقَطَّعَ
	کوشش کریں	زمین میں	فسادکی	یہ کہ	قتل کیے جائیں	یا	سولی دیے جائیں	یا	کاٹے جائیں

زمین میں فساد انگیزی کرتے پھرتے ہیں ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کیے جائیں یا پھانسی دیے جائیں یا

اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ

اَيْدِيْهِمْ	وَ	اَرْجُلُهُمْ	مِّنْ خِلَافٍ	اَوْ	يُنْفَوْا	مِنَ الْاَرْضِ	ذٰلِكَ
ان کے ہاتھ	اور	ان کے پاؤں	برخلاف	یا	دور کردیے جائیں	زمین سے	یہ

ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں مخالف سمتوں سے کاٹے جائیں یا (وطن کی) زمین سے دور (یعنی ملک بدر یا قید

لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۳۳﴾ لا اِلَّا

لَهُمْ	خِزْيٌ	فِي	الدُّنْيَا	وَلَهُمْ	فِي	الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	اِلَّا
ان کے لئے	ذلت ہے	میں	دنیا	اور ان کے لئے	میں	آخرت	عذاب ہے	بڑا	مگر

کردیے جائیں یہ (تو) ان کیلئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کیلئے آخرت میں (بھی) بڑا عذاب ہے۔

الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰه

الَّذِيْنَ	تَابُوْا	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تَقْدِرُوْا	عَلَيْهِمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	الل
وہ جو	توبہ کرلیں	پہلے اس سے	کہ	قابو پاؤ	ان پر	تو جان لو	بیشک	الل

جن لوگوں نے اس سے پہلے کہ تم ان پر قابو پا جاؤ توبہ کر لی پس تم جان لو کہ اللہ بھ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۴﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْ ع ٥ ٨ ٩

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	اتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَ	ابْتَغُوْٓا	اِلَ
بخشنے والا	مہربان ہے	اے وہ	جو	ایمان لائے ہو	ڈرو	اللہ سے	اور	ڈھونڈو	اسکی طر

بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کی طر

الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْ

الْوَسِيْلَةَ	وَ	جَاهِدُوْا	فِيْ	سَبِيْلِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	اِنَّ	الَّذِ
وسیلہ	اور	جہاد کر	میں	اس کی راہ	تاکہ تم	کامیاب ہوجاؤ	بیشک	و

وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ بے شک جنہوں

كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا

كَفَرُوْا	لَوْ	اَنَّ	لَهُمْ	مَّا	فِي	الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَّمِثْلَهٗ	مَعَهٗ	لِيَفْتَدُوْا
کافر ہوئے	اگر	یقیناً	ہو ان کیلئے	جو	میں	زمین ہے	سب	اور اسکے برابر	اور بھی	تاکہ فدیہ دیں

کفر کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اتنا ہی اس کے ساتھ (اور بھی) تاکہ

بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

بِهٖ	مِنْ عَذَابِ	يَوْمِ	الْقِيٰمَةِ	مَا	تُقُبِّلَ	مِنْهُمْ	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ
اسے	عذاب سے	دن	قیامت کے	تو نہ	قبول ہوگا	ان سے	اور	ان کیلئے	عذاب ہے

روز قیامت کے عذاب سے (بچنے کیلئے) اسے فدیہ میں دیں دے تو ان سے نہ قبول کیا جائے گا اور ان کیلئے نہایت دردناک

اَلِيْمٌ ﴿٣٦﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ

اَلِيْمٌ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّخْرُجُوْا	مِنَ النَّارِ	وَ	مَا	هُمْ	بِخٰرِجِيْنَ
دردناک	چاہیں گے	یہ کہ	نکل جائیں	دوزخ سے	اور	نہیں	وہ	نکلنے والے

عذاب ہے۔ وہ دوزخ سے نکلنا چاہیں گے حالانکہ وہ اس سے نکلنے والے

مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٣٧﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا

مِنْهَا	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ	وَ	السَّارِقُ	وَ	السَّارِقَةُ	فَاقْطَعُوْٓا
اس سے	اور	ان کے لئے	عذاب ہے	دوامی	اور	چور مرد	اور	چور عورت	کاٹ دو

نہیں ہیں اور ان کیلئے دائمی سزا ہے۔ اور جو مرد اور عورت چوری کرنے والا ہو تو ان کا ہاتھ کا

اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٣٨﴾

اَيْدِيَهُمَا	جَزَآءًۢ	بِمَا	كَسَبَا	نَكَالًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ
ان کے ہاتھ	بدلہ ہے	اس کا جو	کیا انہوں نے	سزا ہے	اللہ کی طرف سے	اور	اللہ	غالب ہے	حکمت والا

یہ ان دونوں کی کمائی کا بدلہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عبرت ناک سزا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ

فَمَنْ	تَابَ	مِنْۢ بَعْدِ	ظُلْمِهٖ	وَ	اَصْلَحَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	يَتُوْبُ	عَلَيْهِ	اِنَّ
پھر جو	توبہ کرے	بعد	اپنے ظلم کے	اور	درست کرے	تو بیشک	اللہ	رجوع کرے گا	اس پر	بیشک

پھر جو شخص اپنے (اس) ظلم کے بعد توبہ اور اپنی اصلاح کرلے تو بے شک اللہ اس پر رحمت کے ساتھ رجوع فرمانے والا ہے یقیناً

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اَلَمْ	تَعْلَمْ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ
اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا ہے	کیا نہ	جانا تو نے	بیشک	اللہ	ہی کی	بادشاہی ہے	آسمانوں

اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے۔ (اے انسان!) کیا تو نہیں جانتا کہ آسمانوں اور زمین کی (ساری)

وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

وَ	الْاَرْضِ	يُعَذِّبُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَيَغْفِرُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ
اور	زمین کی	سزا دے	جسے	چاہے	اور بخشے	جسے	چاہے	اور	اللہ	اوپر	ہر

بادشاہت اللہ ہی کیلئے ہے وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور اللہ ہر چیز پر خوب

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي

شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰۤاَيُّهَا	الرَّسُوْلُ	لَا	يَحْزُنْكَ	الَّذِيْنَ	يُسَارِعُوْنَ	فِي
چیز کے	قادر ہے	اے	رسول	نہ	غمگین کریں آپ کو	وہ جو	دوڑتے ہیں	میں

قدرت رکھتا ہے۔ اے رسول ﷺ! وہ لوگ آپ کو رنجیدہ خاطر نہ کریں جو کفر میں تیزی کرتے ہیں ان میں (ایک) وہ

الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛۚ

ع [illegible]

الْكُفْرِ	مِنَ الَّذِيْنَ	قَالُوْۤا	اٰمَنَّا	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَ	لَمْ	تُؤْمِنْ	قُلُوْبُهُمْ
کفر پر	ان سے	کہا جنہوں نے	ہم ایمان لائے	اپنے منہ سے	اور	نہ	ایمان لائے	دل ان کے

(منافق) ہیں جو اپنے منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے حالانکہ ان کے دل ایمان نہیں لائے اور ان میں (دوسرے) یہودی

وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۚۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ

وَ	مِنَ الَّذِيْنَ	هَادُوْا	سَمّٰعُوْنَ	لِلْكَذِبِ	سَمّٰعُوْنَ	لِقَوْمٍ
اور	ان سے	جو یہودی ہیں	سننے والے ہیں	جھوٹ کو	سننے والے ہیں	لوگوں کیلئے

ہیں (یہ) جھوٹی باتیں بنانے کے لئے (آپ کو) خوب سنتے ہیں (یہ حقیقت میں) دوسرے لوگوں کے لئے سننے والے ہیں

اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

اٰخَرِيْنَ	لَمْ	يَاْتُوْكَ	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَوَاضِعِهٖ
دوسرے	جو نہ	آئے آپ کے پاس	بدلتے ہیں	کلمات کو	بعد	ان کی جگہ کے

جو (ابھی تک) آپ کے پاس نہیں آئے (یہ وہ لوگ ہیں) جو (اللہ کے) کلمات کو ان کے مواقع (مقرر ہونے) کے بعد

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ۭ

يَقُوْلُوْنَ	اِنْ	اُوْتِيْتُمْ	هٰذَا	فَخُذُوْهُ	وَ	اِنْ	لَمْ	تُؤْتَوْهُ	فَاحْذَرُوْا
کہتے ہیں	اگر	دیئے جاؤ	یہ	تو لے لو اس کو	اور	اگر	نہ	دیئے جاؤ	تو بچو اس سے

(بھی) بدل دیتے ہیں (اور) کہتے ہیں اگر تمہیں یہ دیا جائے تو اسے اختیار کرلو اور اگر تمہیں یہ (حکم) نہ دیا جائے تو (اس

وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ

وَ	مَنْ	يُّرِدِ	اللّٰهُ	فِتْنَتَهٗ	فَلَنْ	تَمْلِكَ	لَهٗ	مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اُولٰۗىِٕكَ
اور	جو کہ	چاہے	اللہ	اس کو گمراہ کرنا	تو ہرگز نہیں	اختیار رکھتے آپ	اس کیلئے	اللہ سے	کچھ بھی	یہ لوگ

سے) احتراز کرو، اور اللہ جس شخص کی گمراہی کا ارادہ فرمالے تو تم اس کیلئے اللہ (کے حکم کو روکنے) کا ہرگز کوئی اختیار نہیں رکھتے۔

الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ۭ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ښ

الَّذِيْنَ	لَمْ	يُرِدِ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّطَهِّرَ	قُلُوْبَهُمْ	لَهُمْ	فِي الدُّنْيَا	خِزْيٌ
وہ ہیں کہ	نہ	چاہا	اللہ نے	یہ کہ	پاک کرے	انکے دلوں کو	ان کیلئے	دنیا میں	ذلت ہے

یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو پاک کرنے کا اللہ نے ارادہ (ہی) نہیں فرمایا۔ ان کے لئے دنیا میں (کفر کی)

وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٤١﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ

وَ	لَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	سَمّٰعُوْنَ	لِلْكَذِبِ	اَكّٰلُوْنَ
اور	ان کیلئے	آخرت میں	عذاب ہے	بڑا	سننے والے ہیں	جھوٹ	کھانے والے ہیں

ذلت ہے اور ان کیلئے آخرت میں بڑا عذاب ہے۔ جھوٹی باتیں سننے والے بڑے ہی حرام خور ہیں

لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ

لِلسُّحْتِ	فَاِنْ	جَآءُوْكَ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ	اَوْ	اَعْرِضْ	عَنْهُمْ
حرام	پھر	آئیں آپ کے پاس	تو فیصلہ کرو	ان میں	یا	منہ پھیرلو	ان سے

اگر وہ آپ کے پاس آئیں تو ان کے درمیان فیصلہ فرمائیں یا ان سے منہ پھیر لیں

وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ

وَ	اِنْ	تُعْرِضْ	عَنْهُمْ	فَلَنْ	يَّضُرُّوْكَ	شَيْـًٔا	وَ	اِنْ	حَكَمْتَ	فَاحْكُمْ
اور	اگر	منہ پھیرو	ان سے	تو ہرگز نہ	بگاڑ سکیں گے آپکا	کچھ بھی	اور	اگر	فیصلہ کرو	تو فیصلہ کرو

اور اگر آپ ان سے منہ پھیر لیں تو وہ آپ کو کچھ بھی ضرر نہ پہنچا سکیں گے اور اگر آپ ان کے درمیان فیصلہ کریں تو عدل کے

بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَكَيْفَ

بَيْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ	وَ	كَيْفَ
ان میں	انصاف سے	بیشک	اللہ	پسند کرتا ہے	انصاف والوں کو	اور	کیسے

ساتھ ان کا فیصلہ فرمائیں بے شک اللہ عدل کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔ اور وہ آپ سے

يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ

يُحَكِّمُوْنَكَ	وَ	عِنْدَ	هُمُ	التَّوْرٰىةُ	فِيْهَا	حُكْمُ	اللّٰهِ	ثُمَّ	يَتَوَلَّوْنَ
حاکم بنائیں گے آپ کو	اور	پاس	ان کے	توریت ہے	اس میں	حکم ہے	اللہ کا	پھر	پھر جاتے ہیں

کیونکر فیصلہ چاہیں گے حالانکہ ان کے پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم موجود ہے پھر وہ اس کے بعد

مِنۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿٤٣﴾ ع اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا التَّوۡرٰىةَ فِيۡهَا

مِنۢ بَعۡدِ	ذٰلِكَ	وَ	مَاۤ	اُولٰٓئِكَ	بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ	اِنَّاۤ	اَنۡزَلۡنَا	التَّوۡرٰىةَ	فِيۡهَا
بعد	اس کے	اور	نہیں	یہ لوگ	ایمان والے	بیشک	اتاری ہم نے	توریت	اس میں

اس سے منہ پھیرتے ہیں اور وہ ایمان والے نہیں۔ بے شک ہم نے تورات نازل کی

هُدًى وَّنُوۡرٌ ۚ يَحۡكُمُ بِهَا النَّبِيُّوۡنَ الَّذِيۡنَ اَسۡلَمُوۡا لِلَّذِيۡنَ هَادُوۡا

هُدًى	وَ	نُوۡرٌ	يَحۡكُمُ	بِهَا	النَّبِيُّوۡنَ	الَّذِيۡنَ	اَسۡلَمُوۡا	لِلَّذِيۡنَ	هَادُوۡا
ہدایت	اور	نور ہے	فیصلہ کرتے تھے	اسکے ساتھ	نبی	وہ جو	فرمانبردار تھے	ان کیلئے جو	یہودی ہوئے

اس میں ہدایت اور نور ہے اس کے مطابق یہود کو حکم دیتے تھے ہمارے فرمانبردار انبیاء

وَالرَّبّٰنِيُّوۡنَ وَالۡاَحۡبَارُ بِمَا اسۡتُحۡفِظُوۡا مِنۡ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوۡا

وَالرَّبّٰنِيُّوۡنَ	وَالۡاَحۡبَارُ	بِمَا	اسۡتُحۡفِظُوۡا	مِنۡ كِتٰبِ	اللّٰهِ	وَ	كَانُوۡا
اور اللہ والے علماء	اور فقیہ	جن سے	حفاظت چاہی گئی تھی	کتاب	اللہ کی	اور	تھے

اور عالم اور فقیہ کہ ان سے کتاب اللہ کی حفاظت چاہی گئی تھی اور وہ

عَلَيۡهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخۡشَوُا النَّاسَ وَاخۡشَوۡنِ وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِاٰيٰتِىۡ

عَلَيۡهِ	شُهَدَآءَ	فَلَا	تَخۡشَوُا	النَّاسَ	وَ	اخۡشَوۡنِ	وَ	لَا	تَشۡتَرُوۡا	بِاٰيٰتِىۡ
اس پر	گواہ	تو نہ	ڈرو	لوگوں سے	اور	ڈرو مجھ سے	اور	نہ	خریدو	میری آیات کے بدلے

اس پر گواہ تھے تو لوگوں سے خوف نہ کرو اور مجھ سے ڈرو اور میری آیات کو

ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ وَمَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

ثَمَنًا	قَلِيۡلًا	وَ	مَنۡ	لَمۡ	يَحۡكُمۡ	بِمَاۤ	اَنۡزَلَ	اللّٰهُ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
قیمت	تھوڑی	اور	جو	نہ	فیصلہ کرے	وہ جو	اتارا	اللہ نے	تو وہ	وہی ہیں

تھوڑی قیمت پر نہ بیچ ڈالو اور جو اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق فیصلہ نہ کریں تو وہ ہی

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ

الْكٰفِرُوْنَ	وَ	كَتَبْنَا	عَلَيْهِمْ	فِيْهَآ	اَنَّ	النَّفْسَ	بِالنَّفْسِ	وَ	الْعَيْنَ
کافر	اور	لکھا ہم نے	ان پر	اس میں	بیشک	جان کے	بدلے جان	اور	آنکھ کے

لوگ کافر ہیں۔ اور ہم نے اس (تورات) میں ان پر فرض کر دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ

بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ

بِالْعَيْنِ	وَ	الْاَنْفَ	بِالْاَنْفِ	وَ	الْاُذُنَ	بِالْاُذُنِ	وَالسِّنَّ	بِالسِّنِّ
بدلے آنکھ	اور	ناک کے	بدلے ناک	اور	کان کے	بدلے کان	اور دانت کے	بدلے دانت کے

کے عوض آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے عوض کان اور دانت کے بدلے دانت

وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ

وَالْجُرُوْحَ	قِصَاصٌ	فَمَنْ	تَصَدَّقَ	بِهٖ	فَهُوَ	كَفَّارَةٌ	لَّهٗ	وَ	مَنْ	لَّمْ
اور زخموں کا	بدلہ ہے	تو جو	صدقہ کرے	اس کا	تو وہ	کفارہ ہے	اس کے لئے	اور	جو	نہ

اور زخموں میں (بھی) بدلہ ہے تو جو شخص اس (قصاص) کو صدقہ (یعنی معاف) کر دے تو یہ اس (کے گناہوں) کیلئے کفارہ

يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى

يَحْكُمْ	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَقَفَّيْنَا	عَلٰٓى
حکم کرے	اس پر جو	اتارا	اللہ نے	تو یہ لوگ	وہی ہیں	ظالم	اور پیچھے بھیجا ہم نے	اوپر

ہوگا اور جو شخص اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ نہ کرے سو وہی لوگ ظالم ہیں۔ اور ہم نے ان (پیغمبروں)

اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۠

اٰثَارِهِمْ	بِعِيْسَى	ابْنِ	مَرْيَمَ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ التَّوْرٰىةِ
ان کے قدموں کے	عیسیٰ	بیٹے	مریم کو	تصدیق کرتے	اس کی	جو ان سے آگے ہے	توریت کی

کے پیچھے ان (ہی) کے نقشِ قدم پر عیسیٰ علیہ السلام بن مریم کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی (کتاب) تورات کی تصدیق

وَاٰتَیۡنٰهُ الۡاِنۡجِیۡلَ فِیۡهِ هُدًی وَّنُوۡرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡهِ

وَ	اٰتَیۡنٰهُ	الۡاِنۡجِیۡلَ	فِیۡهِ	هُدًی	وَّنُوۡرٌ	وَ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَیۡنَ یَدَیۡهِ
اور	دی ہم نے اس کو	انجیل	اس میں	ہدایت	اور نور ہے	اور	تصدیق کرتی ہے	اسکی جو	ان سے آگے ہے

کرنے والے تھے اور ہم نے ان کو انجیل عطا کی جس میں ہدایت اور نور ہے اور (یہ انجیل بھی) اپنے سے پہلے کی (کتاب)

مِنَ التَّوۡرٰىةِ وَهُدًی وَّمَوۡعِظَةً لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ؕ﴿۴۶﴾ وَلۡیَحۡکُمۡ اَهۡلُ الۡاِنۡجِیۡلِ

مِنَ التَّوۡرٰىةِ	وَ	هُدًی	وَّمَوۡعِظَةً	لِّلۡمُتَّقِیۡنَ	وَلۡیَحۡکُمۡ	اَهۡلُ الۡاِنۡجِیۡلِ
توریت سے	اور	ہدایت	نصیحت تھی	پرہیزگاروں کیلئے	اور چاہئے کہ حکم کریں	انجیل والے

توراۃ کی تصدیق کرنے والی اور ہدایت اور پرہیزگاروں کیلئے نصیحت تھی۔ اور انجیل والے اس کے مطابق

بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فِیۡهِ ؕ وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ

بِمَاۤ	اَنۡزَلَ	اللّٰهُ	فِیۡهِ	وَ	مَنۡ	لَّمۡ	یَحۡکُمۡ	بِمَاۤ	اَنۡزَلَ	اللّٰهُ
اس پر جو	اتارا	اللہ نے	اس میں	اور	جو	نہ	حکم کرے	اس پر جو	اتارا	اللہ نے

فیصلہ کریں جو اللہ نے اس میں نازل کیا اور جو فیصلہ نہ کرے اس کے مطابق جو اللہ نے

فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿۴۷﴾ وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡکَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ مُصَدِّقًا

فَاُولٰٓئِکَ	هُمُ	الۡفٰسِقُوۡنَ	وَ	اَنۡزَلۡنَاۤ	اِلَیۡکَ	الۡکِتٰبَ	بِالۡحَقِّ	مُصَدِّقًا
تو وہ	وہی ہیں	فاسق	اور	اتاری ہم نے	آپ کی طرف	کتاب	حق کے ساتھ	تصدیق فرماتی

کیا تو وہی لوگ نافرمان ہیں۔ اور (اے حبیب ﷺ!) ہم نے یہ کتاب آپ پر حق کے ساتھ نازل کی تصدیق کرتی ہوئی

لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡهِ مِنَ الۡکِتٰبِ وَمُهَیۡمِنًا عَلَیۡهِ فَاحۡکُمۡ بَیۡنَهُمۡ بِمَاۤ

لِّمَا	بَیۡنَ	یَدَیۡهِ	مِنَ الۡکِتٰبِ	وَ	مُهَیۡمِنًا	عَلَیۡهِ	فَاحۡکُمۡ	بَیۡنَهُمۡ	بِمَاۤ
اسکی جو	آگے	اس کے ہے	کتاب سے	اور	محافظ ہے	اس پر	تو فیصلہ کریں	ان میں	اس پر جو

اس کی جو اس کے سامنے ہے (آسمانی) کتاب سے اور اس پر نگہبان پس فیصلہ کیجئے ان کے درمیان اس سے جو اللہ نے نازل کیا

أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ لِكُلٍّ

أَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَ	لَا	تَتَّبِعْ	أَهْوَآءَهُمْ	عَمَّا	جَآءَكَ	مِنَ الْحَقِّ	لِكُلٍّ
اتارا	اللہ نے	اور	نہ	پیروی کریں	اپنے خواہشات کی	اس سے جو	آیا تمہارے پاس	سے حق	ہر ایک کے لئے

اور آپ ان کی خواہشات کے پیچھے نہ لگیں اس حق سے دور ہو کر جو آپ کے پاس آیا ہم نے تم میں سے ہر ایک کیلئے الگ شریعت

جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً

جَعَلْنَا	مِنْكُمْ	شِرْعَةً	وَّ	مِنْهَاجًا	وَ	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ	أُمَّةً
بنائی ہم نے	تم سب کیلئے	شریعت	اور	رستہ	اور	اگر	چاہتا	اللہ	تو بنا دیتا تم کو	امت

اور واضح راہ عمل بنائی ہے اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت کر دیتا لیکن اس نے (تمہارے حسب حال) جو (الگ الگ)

وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ إِلَى

وَّاحِدَةً	وَّ	لٰكِنْ	لِّيَبْلُوَكُمْ	فِيْ مَآ	اٰتٰىكُمْ	فَاسْتَبِقُوْا	الْخَيْرٰتِ	إِلَى
ایک	اور	لیکن	تاکہ آزمائے تم کو	اس میں جو	دیا تم کو	تو سبقت چاہو	بھلائیوں کی طرف	طرف

احکام تمہیں دیئے وہ ان میں تمہیں آزمانا چاہتا ہے تو بھلائیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو،

اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۙ ﴿٤٨﴾ وَأَنِ

اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	وَ	أَنِ
اللہ ہی کے ہے	تمہارا لوٹنا	سب کا	پھر بتا دے گا تم کو	اس کی	کرتے تم	اس میں	جھگڑتے	اور	یہ کہ

تم سب کو لوٹنا اللہ ہی کی طرف ہے تو وہ تمہیں خبر دے گا اس کی جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور یہ کہ

احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَنْ

احْكُمْ	بَيْنَهُمْ	بِمَآ	أَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَ	لَا	تَتَّبِعْ	أَهْوَآءَهُمْ	وَ	احْذَرْهُمْ	أَنْ
حکم کریں	ان میں	اس پر جو	اتارا	اللہ نے	اور	نہ	پیروی کریں	ان کی خواہشات کی	اور	بچتے رہو ان سے	یہ کہ

اے مسلمان اللہ کے نازل کیے ہوئے پر فیصلہ کر اور ان کی خواہشوں پر نہ چل اور ان سے بچتا رہ

يَفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا

يَفْتِنُوْكَ	عَنْۢ بَعْضِ	مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	اِلَيْكَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاعْلَمْ	اَنَّمَا
لغزش نہ دے دیں آپ کو	بعض اس سے	جو	اتارا	اللہ نے	آپ کی	پھر اگر	منہ پھیریں	تو جان لے	ایسے سوا نہیں۔

کہ کہیں تجھے لغزش نہ دے دیں کسی حکم میں جو تیری طرف اترا پھر اگر وہ منہ پھیریں تو جان لو

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ

يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّصِيْبَهُمْ	بِبَعْضِ	ذُنُوْبِهِمْ	وَ	اِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ النَّاسِ
چاہتا ہے	اللہ	یہ کہ	پہنچے ان کو	ان کے بعض	گناہوں کا بدلہ	اور	بیشک	بہت سے	لوگ

کہ اللہ ان کے بعض گناہوں کی سزا کو پہنچاتے اور بے شک لوگوں کی اکثریت

لَفٰسِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ

لَفٰسِقُوْنَ	اَفَحُكْمَ	الْجَاهِلِيَّةِ	يَبْغُوْنَ	وَ	مَنْ	اَحْسَنُ
فاسق ہیں	کیا حکم	جاہلیت کا	چاہتے ہیں	اور	کون	اچھا ہے

نافرمانوں کی ہے۔ تو کیا وہ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں اور اللہ سے بہتر

مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ع ۱۰

مِنَ اللّٰهِ	حُكْمًا	لِّقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اللہ سے	حکم میں	اس قوم کے لئے	جو یقین والے ہیں	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

کس کا فیصلہ ہے یقین والوں کیلئے۔ اے ایمان والو! یہود

لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ؔ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ

وقف لازم
وقف غفران

لَا	تَتَّخِذُوْا	الْيَهُوْدَ	وَالنَّصٰرٰۤى	اَوْلِيَآءَ	بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَآءُ	بَعْضٍ
نہ	بناؤ	یہود	اور نصاریٰ کو	دوست	بعض ان کا	دوست ہے	بعض کا

اور نصاریٰ کو دوست مت بناؤ یہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں سے جو شخص

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

وَ	مَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ	مِّنْكُمْ	فَاِنَّهٗ	مِنْهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَهْدِى	الْقَوْمَ
اور	جو	دوستی رکھے ان سے	تم میں سے	تو وہ	انہی میں سے ہے	بیشک	اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	قوم

ان کو دوست بنائے گا بے شک وہ (بھی) ان میں سے ہو (جائے) گا یقیناً اللہ ظالم قوم کو

الظّٰلِمِيْنَ (٥١) فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ

الظّٰلِمِيْنَ	فَتَرَى	الَّذِيْنَ	فِىْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	يُّسَارِعُوْنَ
ظالموں کو	تم دیکھو گے	ان کو کہ	ان کے دلوں میں	بیماری ہے	دوڑتے ہیں

ہدایت نہیں فرماتا۔ سو آپ ایسے لوگوں کو دیکھیں گے جن کے دلوں میں (نفاق) کی بیماری ہے

فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ

فِيْهِمْ	يَقُوْلُوْنَ	نَخْشٰٓى	اَنْ	تُصِيْبَنَا	دَآئِرَةٌ	فَعَسَى	اللّٰهُ	اَنْ
ان میں	کہتے ہیں	ہم ڈرتے ہیں	یہ کہ	پہنچے ہمیں	کوئی گردش	تو قریب ہے	اللہ	یہ کہ

کہ وہ ان (یہود ونصاریٰ) میں دوڑتے ہیں کہتے ہیں ہمیں خوف ہے کہ ہم پر کوئی مصیبت (نہ) آجائے تو بعید نہیں کہ اللہ (واقعتاً)

يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا

يَّاْتِىَ	بِالْفَتْحِ	اَوْ	اَمْرٍ	مِّنْ عِنْدِهٖ	فَيُصْبِحُوْا	عَلٰى	مَآ	اَسَرُّوْا
لائے	فتح	یا	کوئی حکم	اپنی طرف سے	پھر ہو جائیں	اوپر	اسکے	جو چھپایا انہوں نے

مسلمانوں کی) فتح کیلئے یا اپنی طرف سے کوئی خاص بات ظاہر کردے تو یہ لوگ اس پر جسے یہ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں

فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ؕ (٥٢) وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ

فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ	نٰدِمِيْنَ	وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَهٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ
اپنی جانوں میں	پشیمان	اور کہتے ہیں	وہ جو	مومن ہیں	کیا یہ	وہ ہیں کہ

شرمندہ ہو کر رہ جائیں گے۔ اور (اس وقت) ایمان والے کہیں گے کیا یہی ہیں وہ لوگ جنہوں نے تاکید کے ساتھ

أَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۚ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ

أَقْسَمُوا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ	أَيْمَانِهِمْ	إِنَّهُمْ	لَمَعَكُمْ	حَبِطَتْ	أَعْمَالُهُمْ
قسمیں کھائیں انہوں نے	اللہ کی	مضبوط	قسمیں	کہ بیشک وہ	تمہارے ساتھ ہیں	اکارت ہوئے	ان کے عمل

اللہ کی پکی قسمیں کھا کر کہا تھا کہ بے شک ضرور ہم تمہارے ساتھ ہیں مٹ گئے ان کے سب عمل تو ہو گئے

فَأَصْبَحُوا خٰسِرِينَ ﴿٥٣﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ

فَأَصْبَحُوا	خٰسِرِينَ	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ	اٰمَنُوا	مَنْ	يَّرْتَدَّ	مِنْكُمْ
تو ہوگئے	نقصان اٹھانے والے	اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو	جو	پھر جائے گا	تم میں سے

نقصان اٹھانے والے۔ اے ایمان والو! تم میں سے جو مرتد ہو جائے اپنے دین سے تو عنقریب لائے گا

عَنْ دِينِهٖ فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗٓ ۙ أَذِلَّةٍ عَلَى

عَنْ دِينِهٖ	فَسَوْفَ	يَأْتِي	اللّٰهُ	بِقَوْمٍ	يُّحِبُّهُمْ	وَيُحِبُّونَهٗٓ	أَذِلَّةٍ	عَلَى
اپنے دین سے	تو جلدی	لائے گا	اللہ	ایک قوم کو	کہ اللہ انکو دوست رکھتا ہے	اور وہ اللہ کو دوست رکھتے ہیں	نرم	اوپر

اللہ ایک قوم کو کہ اللہ ان سے محبت کرے گا اور وہ اللہ سے محبت کریں گے مومنوں پر نرم ہوں گے

الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِينَ ۫ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

الْمُؤْمِنِينَ	أَعِزَّةٍ	عَلَى	الْكٰفِرِينَ	يُجَاهِدُونَ	فِي	سَبِيلِ	اللّٰهِ
مسلمانوں کے	سخت	اوپر	کافروں کے	جہاد کریں گے	میں	راہ	اللہ کے

(اور) کافروں پر سخت ہوں گے جہاد کریں گے اللہ کی راہ میں اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے

وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۚ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

وَ	لَا	يَخَافُونَ	لَوْمَةَ	لَآئِمٍ	ذٰلِكَ	فَضْلُ	اللّٰهِ	يُؤْتِيهِ	مَنْ	يَّشَآءُ
اور	نہ	ڈریں گے	ملامت سے	ملامت کرنے والوں کی	یہ	فضل ہے	اللہ کا	دیتا ہے یہ	جسے	چاہے

نہ ڈریں گے یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑی

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٥٤﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا

وَ	اللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	اِنَّمَا	وَلِيُّكُمُ	اللّٰهُ	وَ	رَسُوْلُهٗ	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
اور	اللہ	وسعت والا	جاننے والا ہے	اسکے سوا نہیں کہ	تمہارا دوست	اللہ ہے	اور	اس کا رسول	اور	وہ جو	مومن ہیں

وسعت والا بہت علم والا ہے۔ تمہارے دوست تو صرف اللہ اور اس کا رسول ﷺ اور ایمان والے ہیں

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿٥٥﴾

الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَ	يُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَ	هُمْ	رٰكِعُوْنَ
وہ جو	قائم کرتے ہیں	نماز	اور	دیتے ہیں	زکوٰۃ	اور	وہ	رکوع میں جھکے ہوئے ہیں

جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے حضور جھکنے والے ہیں۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ

وَ	مَنْ	يَّتَوَلَّ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَاِنَّ	حِزْبَ	اللّٰهِ	هُمُ
اور	جو	دوستی رکھے	اللہ سے	اور	اسکے رسول سے	اور	ان سے جو	مومن ہیں	تو بیشک	گروہ	اللہ کا	وہی ہے

اور جو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کو اپنا دوست بنائے تو بے شک اللہ ہی کا

الْغٰلِبُوْنَ ﴿٥٦﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

ع ٨

الْغٰلِبُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تَتَّخِذُوا	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا
غالب	اے	لوگو	جو ایمان لائے ہو	نہ	پکڑو	ان کو جنہوں نے	پکڑا

گروہ غالب ہے۔ اے ایمان والو! ایسے لوگوں میں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی

دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ

دِيْنَكُمْ	هُزُوًا	وَ	لَعِبًا	مِّنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَ	الْكُفَّارَ
تمہارے دین کو	ہنسی	اور	کھیل	ان سے	جو دیئے گئے	کتاب	تم سے پہلے	اور	کافروں کو

ان کو جو تمہارے دین کو مذاق اور کھیل بنائے ہوئے ہیں اور کافروں کو دوست مت بناؤ

أَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى

أَوْلِيَآءَ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	إِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	إِذَا	نَادَيْتُمْ	إِلَى
دوست	اور ڈرو	اللہ سے	اگر	ہو تم	مومن	اور	جب	بلاتے ہو تم	طرف

سوا	اللہ کے	اس کو جو	نہ	نفع دے ہم کو	اور	نہ	تکلیف دے ہم کو	اور	ہم پھیرے جائیں	اوپر	اپنی ایڑیوں کے	بعد	اسکے کہ

ہم اللہ کے سوا اس کو پوجیں جو نہ ہمیں کچھ نفع پہنچا سکتا ہے اور نہ کوئی نقصان اور ہم اپنے الٹے پاؤں لوٹا دیے جائیں؟ اس کے بعد

هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ

هَدٰىنَا	اللّٰهُ	كَالَّذِي	اسْتَهْوَتْهُ	الشَّيٰطِيْنُ	فِي الْاَرْضِ	حَيْرَانَ	لَهٗ
ہدایت دی ہم کو	اللہ نے	جیسے وہ آدمی	بھٹکا دیا ہوا اس کو	شیطان نے	زمین میں	حیران کرے	اسکے

کہ اللہ نے ہمیں ہدایت دے دی اس شخص کی طرح جسے زمین میں شیطانوں نے بھٹکا دیا ہو اس حال میں کہ وہ حیران ہو اس کے

اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ

اَصْحٰبٌ	يَّدْعُوْنَهٗٓ	اِلَى	الْهُدَى	ائْتِنَا	قُلْ	اِنَّ	هُدَى	اللّٰهِ	هُوَ
رفیق ہیں جو	جو بلاتے ہیں اس کو	طرف	ہدایت کی	آجا ہمارے پاس	فرمادو	بیشک	ہدایت	اللہ کی	وہی ہے

ساتھی اسے ہدایت کی طرف بلا رہے ہوں کہ ہمارے پاس آجا فرما دیجئے بے شک اللہ کی ہدایت ہی (اصل)

الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

الْهُدٰى	وَاُمِرْنَا	لِنُسْلِمَ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	وَ	اَنْ	اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ
ہدایت	اور حکم دیا گیا ہم کو	کہ فرمانبردار ہوں	واسطے رب	جہانوں کے	اور	یہ کہ	قائم کرو	نماز

ہدایت ہے اور ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم سارے جہانوں کے رب کے آگے جھک جائیں۔ اور یہ کہ تم نماز قائم رکھو اور اللہ سے

وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

وَ	اتَّقُوْهُ	وَ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
اور	ڈرو اس سے	اور	وہ	وہ اللہ ہے کہ	اسکی طرف	اکٹھے کیے جاؤ گے تم	اور	وہ	اللہ وہ ہے جس نے	پیدا کیے	آسمان

ڈرتے رہو اور وہی ہے جس کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور وہی ہے جس نے آسمان و زمین

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ

وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	وَ	يَوْمَ	يَقُوْلُ	كُنْ	فَيَكُوْنُ	قَوْلُهُ	الْحَقُّ	وَلَهُ
اور زمین	حق کے ساتھ	اور	جس دن	کہے گا	ہوجا	تو ہوجائے گا	بات اس کی	سچی ہے	اور اسی کی

ٹھیک ٹھیک بنائے اور جس دن ہر فانی چیز کو فرمائے گا ہو جا وہ فوراً ہوجائے گی اس کی بات سچی ہے اور اسی کی

الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

الْمُلْكُ	يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَ	الشَّهَادَةِ	وَ	هُوَ	الْحَكِيْمُ
سلطنت ہے	جس دن	پھونکا جائے گا	صور میں	جاننے والا ہے	چھپے	اور	ظاہر کا	اور	وہ	حکمت والا

سلطنت ہے جس دن صور پھونکا جائے گا وہ ہر چھپے اور ظاہر کا جاننے والا ہے اور وہی حکمت والا

الْخَبِيْرُ ﴿٧٣﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ

الْخَبِيْرُ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ	لِاَبِيْهِ	اٰزَرَ	اَتَتَّخِذُ	اَصْنَامًا	اٰلِهَةً	اِنِّيْٓ
خبردار ہے	اور جب	کہا	ابراہیم نے	اپنے باپ	آزر سے	کیا بناتا ہے تو	بتوں کو	معبود	بیشک میں

خبردار ہے۔ اور یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر سے فرمایا کیا تم بتوں کو خدا بناتے ہو

اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٤﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ

اَرٰىكَ	وَقَوْمَكَ	فِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	وَكَذٰلِكَ	نُرِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ	مَلَكُوْتَ
دیکھتا ہوں تجھ کو	اور تیری قوم کو	گمراہی میں	ظاہر کے	اور اسی طرح	دکھاتے تھے ہم	ابراہیم کو	بادشاہی

بے شک میں تمہیں اور تمہاری قوم کو کھلی گمراہی میں پاتا ہوں۔ اور اسی طرح ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو آسمانوں اور زمین کی تمام

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَلِيَكُوْنَ	مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ	فَلَمَّا	جَنَّ	عَلَيْهِ
آسمانوں کی	اور	زمین کی	اور تاکہ ہوجائے	یقین کرنے والوں سے	پھر جب	ڈھانپ لیا	اس کو

بادشاہتیں دکھا میں اور اس لئے کہ وہ عین الیقین والوں میں ہو جائیں۔ پھر جب ان پر رات نے اندھیرا کر دیا تو انہوں نے

الَّیۡلُ رَاٰ كَوۡكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّیۡ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَاۤ اُحِبُّ الۡاٰفِلِیۡنَ ﴿٧٦﴾

الَّیۡلُ	رَاٰ	كَوۡكَبًا	قَالَ	هٰذَا	رَبِّیۡ	فَلَمَّاۤ	اَفَلَ	قَالَ	لَاۤ	اُحِبُّ	الۡاٰفِلِیۡنَ
رات نے	اس نے دیکھا	ایک ستارہ	کہنے لگا	یہ ہے	میرا رب	پھر جب	غروب ہو گیا	تو کہا	نہیں	پسند کرتا میں	غروب ہونے والوں کو

(ایک) ستارہ دیکھا کہا (کیا تمہارے خیال میں) یہ میرا رب ہے؟ پھر جب وہ ڈوب گیا تو (اپنی قوم کو سنا کر) کہنے لگے میں ڈوب جانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

فَلَمَّا رَاَ الۡقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّیۡ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَئِنۡ لَّمۡ یَهۡدِنِیۡ

فَلَمَّا	رَاَ	الۡقَمَرَ	بَازِغًا	قَالَ	هٰذَا	رَبِّیۡ	فَلَمَّاۤ	اَفَلَ	قَالَ	لَئِنۡ	لَّمۡ	یَهۡدِنِیۡ
پھر جب	دیکھا	چاند کو	چمکتا ہوا	فرمایا	یہ ہے	میرا رب	پھر جب	غروب ہو گیا	کہا	اگر	نہ	ہدایت دی مجھ کو

پھر جب چاند کو چمکتا ہوا دیکھا کہ یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ غائب ہو گیا تو فرمایا اگر میرا رب مجھے ہدایت نہ دیتا

رَبِّیۡ لَاَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡقَوۡمِ الضَّآلِّیۡنَ ﴿٧٧﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمۡسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا

رَبِّیۡ	لَاَكُوۡنَنَّ	مِنَ الۡقَوۡمِ	الضَّآلِّیۡنَ	فَلَمَّا	رَاَ	الشَّمۡسَ	بَازِغَةً	قَالَ	هٰذَا
میرے رب نے	تو ہو جاؤں گا میں	قوم سے	گمراہوں سے	پھر جب	دیکھا	سورج کو	چمکتا ہوا	فرمایا	یہ

تو ضرور میں بھی گمراہ ہونے والی قوم میں سے ہو جاتا۔ پھر جب سورج کو جگمگاتا دیکھا کہنے لگے کیا یہ میرا رب ہے؟ یہ (ان سب

رَبِّیۡ هٰذَاۤ اَكۡبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَتۡ قَالَ یٰقَوۡمِ اِنِّیۡ بَرِیۡٓءٌ مِّمَّا تُشۡرِكُوۡنَ ﴿٧٨﴾

رَبِّیۡ	هٰذَاۤ	اَكۡبَرُ	فَلَمَّاۤ	اَفَلَتۡ	قَالَ	یٰقَوۡمِ	اِنِّیۡ	بَرِیۡٓءٌ	مِّمَّا	تُشۡرِكُوۡنَ
میرا رب ہے	یہ	بہت بڑا ہے	پھر جب	غروب ہو گیا	تو کہا	اے میری قوم	بیشک میں	بیزار ہوں	اس سے	جو شریک بناتے ہو تم

میں) بڑا ہے پھر جب وہ (بھی) چھپ گیا تو کہا اے میرے مخاطبین! میں بیزار ہوں ان چیزوں سے جنہیں تم (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہو۔

اِنِّیۡ وَجَّهۡتُ وَجۡهِیَ لِلَّذِیۡ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ حَنِیۡفًا وَّمَاۤ

اِنِّیۡ	وَجَّهۡتُ	وَجۡهِیَ	لِلَّذِیۡ	فَطَرَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضَ	حَنِیۡفًا	وَ	مَاۤ
بیشک میں نے	رخ کیا	اپنے چہرے کا	اس اللہ کی طرف جس نے	پیدا کیے	آسمان	اور	زمین	ایک رخ ہو کر	اور	نہیں

میں نے اپنا چہرہ اس کی طرف کیا جس نے آسمان و زمین بنائے ایک اسی کا ہو کر اور میں

اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٧٩﴾ ج وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ط قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ

اَنَا	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ	وَ	حَآجَّهٗ	قَوْمُهٗ	قَالَ	اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ	فِي اللّٰهِ
ہوں میں	مشرکوں سے	اور	جھگڑا کیا اس سے	اس کی قوم نے	کہا	کیا جھگڑتے ہو تم مجھ سے	اللہ کے بارے میں

مشرکوں سے میں نہیں ہوں۔ اور ان کی قوم ان سے جھگڑنے لگی کہا کیا اللہ کے بارے میں مجھ سے جھگڑتے ہو

وَقَدْ هَدٰىنِ ط وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْـًٔا ط

وَ	قَدْ	هَدٰىنِ	وَلَآ	اَخَافُ	مَا	تُشْرِكُوْنَ	بِهٖٓ	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ	رَبِّيْ	شَيْـًٔا
اور	بیشک	ہدایت دی اس نے مجھے	اور نہیں	ڈرتا میں	جو	شریک ٹھہراتے ہو تم	اس کے	مگر	یہ کہ	چاہے	میرا رب	کچھ

وہ تو مجھے راہ بتا چکا اور مجھے ان کا ڈر نہیں جنہیں تم اللہ کا شریک بناتے ہو مگر یہ کہ میرا رب جو چاہے۔

وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ط اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ

وَسِعَ	رَبِّيْ	كُلَّ	شَيْءٍ	عِلْمًا	اَفَلَا	تَتَذَكَّرُوْنَ	وَ	كَيْفَ	اَخَافُ	مَآ
گھیر لیا ہے	میرے رب نے	ہر	چیز کو	علم میں	کیا پھر نہیں	نصیحت حاصل کرتے تم	اور	کیسے	ڈروں میں	اس سے

میرے رب کا علم ہر چیز کو محیط ہے تو کیا تم نصیحت نہیں مانتے۔ اور میں ان (معبودانِ باطلہ) سے کیونکر خوفزدہ ہو سکتا ہوں

اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ

اَشْرَكْتُمْ	وَ	لَا	تَخَافُوْنَ	اَنَّكُمْ	اَشْرَكْتُمْ	بِاللّٰهِ	مَا	لَمْ	يُنَزِّلْ	بِهٖ
جو شریک بنائے تم نے	اور	نہیں	ڈرتے تم	کہ تم نے	شرک کیا	اللہ کے ساتھ	جو	نہیں	اتاری	اس کے ساتھ

جنہیں تم (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہو حالانکہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ تم نے اللہ کے ساتھ (بتوں کو) شریک بنا رکھا ہے (جبکہ)

عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ط فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ج اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨١﴾

وقف لازم

عَلَيْكُمْ	سُلْطٰنًا	فَاَيُّ	الْفَرِيْقَيْنِ	اَحَقُّ	بِالْاَمْنِ	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ
تم پر	کوئی سند	تو کون سا	دونوں گروہوں سے	زیادہ حقدار ہے	امن کا	اگر	ہو تم	جانتے

اس نے تم پر اس (شرک) کی کوئی دلیل نہیں اُتاری ہر دو فریق میں سے بے خوف رہنے کا زیادہ حقدار کون ہے؟ بتاؤ اگر تم جانتے ہو۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	لَمْ	يَلْبِسُوْٓا	اِيْمَانَهُمْ	بِظُلْمٍ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمُ	الْاَمْنُ	وَ	هُمْ
وہ جو	ایمان لائے	اور	نہ	ملایا انہوں نے	اپنے ایمان کو	شرک سے	یہی ہیں	کہ ان کے لیے	امن ہے	اور	وہ

جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک کے) ظلم کے ساتھ نہیں ملایا انکے لیئے امن ہے اور وہی

مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ

مُّهْتَدُوْنَ	وَ	تِلْكَ	حُجَّتُنَآ	اٰتَيْنٰهَآ	اِبْرٰهِيْمَ	عَلٰى	قَوْمِهٖ	نَرْفَعُ
ہدایت والے ہیں	اور	یہ	ہماری دلیل ہے	دی ہم نے	ابراہیم کو	اوپر	اس کی قوم کے	بلند کرتے ہیں ہم

ہدایت یافتہ ہیں۔ اور یہ ہماری قوی دلیل ہے جو ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو ان کے (مخالف) لوگوں پر دی ہم جس کے چاہتے

دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

دَرَجٰتٍ	مَّنْ	نَّشَآءُ	اِنَّ	رَبَّكَ	حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	وَ	وَهَبْنَا	لَهٗٓ	اِسْحٰقَ
درجے	جس کے	چاہیں	بیشک	آپ کا رب	حکمت والا	جاننے والا ہے	اور	عطا کیا ہم نے	اس کو	اسحاق

درجے بلند کرتے ہیں بے شک آپ کا رب نہایت حکمت والا بہت علم والا ہے۔ اور عطا کیے ہم نے ابراہیم علیہ السلام

وَيَعْقُوْبَ ۭ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ

وَ	يَعْقُوْبَ	كُلًّا	هَدَيْنَا	وَنُوْحًا	هَدَيْنَا	مِنْ قَبْلُ	وَ	مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ	دَاوٗدَ
اور	یعقوب	سب کو	ہدایت دی ہم نے	اور نوح کو	ہدایت دی ہم نے	پہلے سے	اور	اولاد دی	داؤد

کو اسحاق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام سب کو ہم نے ہدایت دی اور اس سے پہلے نوح علیہ السلام کو ہدایت دی اور ان کی اولاد سے داؤد علیہ السلام

وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي

وَ	سُلَيْمٰنَ	وَ	اَيُّوْبَ	وَ	يُوْسُفَ	وَ	مُوْسٰى	وَ	هٰرُوْنَ	وَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي
اور	سلیمان	اور	ایوب	اور	یوسف	اور	موسیٰ	اور	ہارون کو	اور	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں ہم

اور سلیمان علیہ السلام اور ایوب علیہ السلام اور یوسف علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو (ہدایت دی) اور ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ۭ كُلٌّ مِّنَ

الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	زَكَرِيَّا	وَ	يَحْيٰى	وَ	عِيْسٰى	وَاِلْيَاسَ	كُلٌّ	مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ
نیکوں کو	اور	زکریا	اور	یحییٰ	اور	عیسیٰ	اور الیاس	سب ہی	نیکوں میں سے ہیں

نیکی کرنے والوں کو۔ اور زکریا علیہ السلام اور یحییٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام اور الیاس علیہ السلام کو یہ سب ہمارے

الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا فَضَّلْنَا

وَ	اِسْمٰعِيْلَ	وَ	الْيَسَعَ	وَ	يُوْنُسَ	وَ	لُوْطًا	وَ	كُلًّا	فَضَّلْنَا
اور	اسماعیل	اور	الیسع	اور	یونس	اور	لوط کو	اور	ہر ایک کو	فضیلت دی ہم نے

قرب کے لائق ہیں۔ اور اسماعیل علیہ السلام اور یسع علیہ السلام اور یونس علیہ السلام اور لوط علیہ السلام کو اور ہم نے ہر ایک کو ان کے وقت میں

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَمِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ

عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَ	مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ	وَ	ذُرِّيّٰتِهِمْ	وَ	اِخْوَانِهِمْ	وَ	اجْتَبَيْنٰهُمْ
اوپر	جہان والوں کے	اور	ان کے باپ دادا	اور	ان کی اولاد	اور	بھائیوں میں سے	اور	چن لیا ہم نے انہیں

سب پر فضیلت دی۔ اور ان کے آباؤ اجداد اور ان کی اولاد اور ان کے بھائیوں میں سے بھی اور ہم نے

وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٨٧﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ

وَهَدَيْنٰهُمْ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	ذٰلِكَ	هُدَى	اللّٰهِ	يَهْدِيْ	بِهٖ
اور ہدایت دی ہم نے ان کو	طرف	راہ	سیدھی کی	یہ	ہدایت ہے	اللہ کی	ہدایت کرے	اس سے

انہیں چن لیا تھا اور انہیں سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرمادی تھی۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا

مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

مَنْ	يَّشَاۗءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَ	لَوْ	اَشْرَكُوْا	لَحَبِطَ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا
جسے	چاہے	اپنے بندوں سے	اور	اگر	وہ شرک کریں	تو اکارت ہوں	ان سے	جو کچھ	تھے

ہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے اور اگر یہ لوگ شرک کرتے تو ان سے وہ سب اکارت ہو جاتے جو کام وہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ

يَعْمَلُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	وَ	الْحُكْمَ	وَ	النُّبُوَّةَ	فَاِنْ
وہ کرتے	یہ	وہ ہیں	جنہیں دی ہم نے	کتاب	اور	حکم	اور	نبوت	تو اگر

انجام دیتے تھے۔ وہی لوگ ہیں جنہیں ہم نے کتاب وحکمت اور نبوت عطا کی پس اگر ان چیزوں سے ساتھ یہ ذ

يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ

يَّكْفُرْ بِهَا	هٰٓؤُلَآءِ	فَقَدْ	وَكَّلْنَا	بِهَا	قَوْمًا	لَّيْسُوْا	بِهَا	بِكٰفِرِيْنَ	اُولٰٓئِكَ
کفر کریں اس سے	یہ لوگ	تو بیشک	مقرر کی ہم نے	اس کے لئے	ایک قوم	کہ نہیں وہ	اس سے	انکار کرنے والے	یہ ہیں

کفر کریں تو بے شک ہم نے ان چیزوں پر ایسی قوم کو مقرر کر دیا ہے جو ان سے انکار کرنے والے نہیں۔ (یہ) وہی

الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ

الَّذِيْنَ	هَدَى	اللّٰهُ	فَبِهُدٰىهُمُ	اقْتَدِهْ	قُلْ	لَآ	اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	اَجْرًا
وہ جن کو	ہدایت کی	اللہ نے	تو ہدایت والوں کی	پیروی کرو	فرمادو	نہیں	مانگتا میں تم سے	اس پر	کوئی مزدوری

لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی تو آپ (بھی) ان کے طریقے پر چلیں فرمادیجئے میں اس (تبلیغ دین) پر تم سے کوئی بدلہ طلب

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾ ع وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ ع

اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٰى	لِلْعٰلَمِيْنَ	وَ	مَا	قَدَرُوا	اللّٰهَ	حَقَّ	قَدْرِهٖٓ	اِذْ	قَالُوْا	مَآ
نہیں	وہ	مگر	نصیحت	جہان کے لئے	اور	نہ	قدر کی انہوں نے	اللہ کی	حق	قدر اس کے کا	جبکہ	کہا انہوں نے	نہیں

نہیں کرتا یہ تو صرف نصیحت ہے سب جہان والوں کیلئے۔ اور یہود نے اللہ کی قدر نہ پہچانی جیسا کہ اس کی قدر پہچاننے کا حق

اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ

اَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلٰى	بَشَرٍ	مِّنْ شَيْءٍ	قُلْ	مَنْ	اَنْزَلَ	الْكِتٰبَ	الَّذِيْ	جَآءَ	بِهٖ
اتاری	اللہ نے	اوپر	کسی بندے کے	کوئی چیز	فرمادو	کس نے	اتاری تھی	کتاب	وہ جو	لائے	اس کو

ہے جب بولے اللہ نے کسی انسان پر کچھ نہیں نازل کیا آپ فرمادیجئے کس نے نازل کی وہ کتاب جو موسیٰ ؑ لائے تھے

مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا

مُوْسٰى	نُوْرًا	وَّ	هُدًى	لِّلنَّاسِ	تَجْعَلُوْنَهٗ	قَرَاطِيْسَ	تُبْدُوْنَهَا
موسیٰ	روشنی	اور	ہدایت تھی	لوگوں کے لئے	جسے بنالیا تم نے	بہت سے کاغذ	ظاہر کرتے ہوا سے

روشنی اور لوگوں کیلئے ہدایت جس کے تم نے الگ الگ ورق بنا لئے ظاہر کرتے ہو اور بہت سا چھپا لیتے ہو

وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ

وَتُخْفُوْنَ	كَثِيْرًا	وَ	عُلِّمْتُمْ	مَّا	لَمْ	تَعْلَمُوْٓا	اَنْتُمْ	وَ	لَآ	اٰبَآؤُكُمْ	قُلِ	اللّٰهُ	ثُمَّ
اور چھپاتے ہو تم	زیادہ	اور	سکھائے گئے تم	جو	نہ	جانتے تھے	تم	اور	نہ	باپ دادا تمہارے	فرمایئے	اللہ نے	پھر

اور تمہیں وہ سکھایا جاتا ہے جو نہ تم کو معلوم تھا نہ تمہارے باپ دادا کو فرما دیجئے (یہ سب) اللہ ہی کا ہے پھر انہیں ان کی

ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ

ذَرْهُمْ	فِيْ خَوْضِهِمْ	يَلْعَبُوْنَ	وَ	هٰذَا	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	مُبٰرَكٌ
چھوڑ دو ان کو	ان کی گمراہی میں	کھیلتے رہیں	اور	یہ	کتاب ہے	اتارا ہم نے اس کو	برکت والی

بیہودگیوں میں چھوڑ دو تا کہ وہ ان میں پڑے رہے۔ اور یہ ہے برکت والی کتاب کہ ہم نے نازل کیا ہے

مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ

مُّصَدِّقُ	الَّذِيْ	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَ	لِتُنْذِرَ	اُمَّ الْقُرٰى	وَ	مَنْ	حَوْلَهَا
تصدیق کرتی	اس کی	جو اس سے پہلے ہے	اور	تا کہ آپ ڈرائیں	مکہ والوں کو	اور	جو	اس کے اردگرد ہیں

تصدیق کرنے والی ہے ان کتابوں کی جو اس سے پہلے آئی ہوئی تھیں اور اس لئے کہ آپ ڈر سناؤ سب بستیوں کے سرداروں کو

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ

وَالَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَ	هُمْ	عَلٰى	صَلَاتِهِمْ
اور وہ جو	ایمان لاتے ہیں	آخرت پر	ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور	وہ	اوپر	اپنی نمازوں کے

اور جو کوئی ان کے اردگرد ہیں اور وہ جو آخرت پر ایمان لاتے ہیں اور اپنی اس کتاب پر ایمان لاتے ہیں

يُحَافِظُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ

يُحَافِظُوْنَ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ	قَالَ
حفاظت کرتے ہیں	اور کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جو	باندھے	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	یا	کہے

اور اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ تہمت باندھے یا اس طرح کہے

اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ

اُوْحِيَ	اِلَيَّ	وَ	لَمْ	يُوْحَ	اِلَيْهِ	شَيْءٌ	وَ	مَنْ	قَالَ	سَاُنْزِلُ	مِثْلَ
وحی کی گئی	میری طرف	اور	نہ	وحی کی گئی	اسکی طرف	کوئی چیز	اور	جو	کہے	ابھی میں اتارتا ہوں	ایسا جیسا

کہ مجھ پر وحی نازل ہوتی ہے اور حال یہ ہے کہ اس کے پاس کبھی بھی وحی نہیں آئی اور جو شخص یہ کہے کہ

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ

مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَ	لَوْ	تَرٰٓى	اِذِ	الظّٰلِمُوْنَ	فِيْ	غَمَرٰتِ	الْمَوْتِ
جو	اتارا	اللہ نے	اور	اگر	تم دیکھو	جب	ظالم ہوں	میں	سختیوں	موت کی

جس طرح کا کلام اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے اس طرح کا کلام میں بھی لاتا ہوں اور آپ اے محبوب ہمارے! اس

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْيَوْمَ

وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	بَاسِطُوْٓا	اَيْدِيْهِمْ	اَخْرِجُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	اَلْيَوْمَ
اور	فرشتے	پھیلائے ہوئے ہوں	اپنے ہاتھ	نکالو	اپنی جانوں کو	آج

وقت ان کو دیکھیں جبکہ یہ ظالم لوگ موت کی سختیوں میں مبتلا ہوں گے اور فرشتے اپنے ہاتھ پھیلا رہے ہوں گے

تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ

تُجْزَوْنَ	عَذَابَ	الْهُوْنِ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَقُوْلُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	غَيْرَ الْحَقِّ
بدلہ دیے جاؤ گے تم	عذاب	ذلت کا	بسبب اسکے جو	تم تھے	کہتے	اوپر	اللہ کے	سوائے حق بات کے

لاؤ نکالو اپنی جانیں۔ آج تم کو ذلت آمیز سزا دی جائے گی۔ یہ سب اس لیے کہ تم اللہ تعالیٰ پر ناحق

وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

وَكُنْتُمْ	عَنْ اٰيٰتِهٖ	تَسْتَكْبِرُوْنَ	وَ	لَقَدْ	جِئْتُمُوْنَا
اور تھے تم	اس کی آیتوں سے	تکبر کرتے	اور	بیشک	آئے تم ہمارے پاس

باتیں کہتے تھے۔ اور اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے منکر تھے۔ اور بے شک تم (روزِ قیامت)

فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ

فُرَادٰى	كَمَا	خَلَقْنٰكُمْ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ	وَّ	تَرَكْتُمْ	مَّا	خَوَّلْنٰكُمْ	وَرَآءَ
اکیلے	جیسے	پیدا کیا ہم نے تم کو	پہلی	مرتبہ	اور	چھوڑا تم نے	جو	دولت دی ہم نے تم کو	پیچھے

ہمارے پاس اسی طرح تنہا آؤ گے جیسے ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ (تنہا) پیدا کیا تھا اور جو کچھ ہم نے تمہیں دے رکھا تھا

ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

ظُهُوْرِكُمْ	وَ	مَا	نَرٰى	مَعَكُمْ	شُفَعَآءَكُمْ	الَّذِيْنَ	زَعَمْتُمْ
اپنی پیٹھ کے	اور	نہیں	دیکھتے ہم	تمہارے ساتھ	سفارشی تمہارے	وہ جو	خیال کیا تم نے کہ

وہ سب اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آؤ گے اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے ان سفارشیوں کو نہیں دیکھیں گے جن کی نسبت تم (یہ) گمان کرتے تھے

اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۭ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ

اَنَّهُمْ	فِيْكُمْ	شُرَكٰٓؤُا	لَقَدْ	تَّقَطَّعَ	بَيْنَكُمْ	وَ	ضَلَّ	عَنْكُمْ
وہ	تمہارے	شریک ہیں	بیشک	کٹ گئے	تمہارے تعلقات	اور	بھول گئے	تم سے

کہ وہ تمہارے (معاملات) میں ہمارے شریک ہیں بے شک (آج) تمہارا اور ان کا باہمی تعلق (واعتماد) منقطع ہو گیا اور وہ (سب)

مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۭ ۱۱ ع ۱۲

مَّا	كُنْتُمْ	تَزْعُمُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	فَالِقُ	الْحَبِّ	وَ	النَّوٰى
جو	تم تھے	دعوے کرتے	بیشک	اللہ	چیرنے والا ہے	دانے کو	اور	گٹھلی کو

دعویٰ جو تم کیا کرتے تھے تم سے جاتے رہے۔ بے شک اللہ پھاڑنے والا ہے دانے اور گٹھلی کو

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۚ ذٰلِكُمُ

يُخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ الْمَيِّتِ	وَ	مُخْرِجُ	الْمَيِّتِ	مِنَ الْحَيِّ	ذٰلِكُمُ
نکالتا ہے	زندہ کو	مردہ سے	اور	نکالنے والا ہے	مردہ کو	زندہ سے	یہ ہے تمہارا

نکالتا ہے زندہ کو مردے سے اور وہ نکالنے والا ہے مردے کو زندہ سے وہی اللہ تعالیٰ ہے پس

اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٩٥﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا

اللّٰهُ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	فَالِقُ	الْاِصْبَاحِ	وَ	جَعَلَ	الَّيْلَ	سَكَنًا
اللہ	پھر کہاں	اوندھے جا رہے ہو	چیرنے والا ہے	صبح کا	اور	بنایا	رات کو	چین

تم کہاں بھٹکے پھرتے ہو۔ رات کی تاریکی چاک کر کے صبح کو نکالنے والا اور اس نے رات کو آرام کیلئے بنایا

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٩٦﴾

وَّالشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ	حُسْبَانًا	ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ
اور سورج	اور	چاند کو	حساب	یہ ہے	سادھا	زبردست	جاننے والے کا

اور سورج اور چاند کو حساب کیلئے یہ مقرر کیا ہوا حکم ہے بہت غالب بے حد علم والے کا۔

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ

وَ	هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	النُّجُوْمَ	لِتَهْتَدُوْا	بِهَا	فِيْ	ظُلُمٰتِ
اور	وہ	وہ ہے کہ	بنائے	تمہارے لئے	ستارے	تاکہ راہ پاؤ	ان سے	میں	اندھیریوں

اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے تارے بنائے کہ ان سے راہ پاؤ خشکی اور سمندر کے

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٩٧﴾ وَهُوَ

الْبَرِّ	وَ	الْبَحْرِ	قَدْ	فَصَّلْنَا	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	وَ	هُوَ
خشکی	اور	دریا کے	بیشک	مفصل بیان کرتے ہیں ہم	آیتیں	ان کیلئے جو	جانتے ہیں	اور	وہ

اندھیروں میں ہم نے نشانیاں واضح بیان کر دیں علم والوں کیلئے۔ اور وہی ہے

الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ط

الَّذِيْٓ	اَنْشَاَكُمْ	مِّنْ نَّفْسٍ	وَّاحِدَةٍ	فَمُسْتَقَرٌّ	وَّ	مُسْتَوْدَعٌ
وہ جس نے	پیدا کیا تم کو	جان	ایک سے	تو کہیں ٹھہرنا ہے	اور	کہیں امانت رہنا

جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا پھر کہیں تمہیں ٹھہرنا ہے اور کہیں (بطور) امانت رہنا

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿٩٨﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ

قَدْ	فَصَّلْنَا	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّفْقَهُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ
بیشک	مفصل بیان کیں ہم نے	آیتیں	ان کے لئے جو	سمجھتے ہیں	اور	وہ	وہ ہے جس نے	اتارا

بے شک ہم نے سمجھ والوں کیلئے مفصل آیتیں بیان کر دیں ۔ اور وہی ہے جس نے آسمان کی طرف

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ج فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ

مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖ	نَبَاتَ	كُلِّ شَيْءٍ
آسمان سے	پانی	تو نکالے ہم نے	اس سے	اگنے والی	ہر چیز

سے پانی اتارا پھر ہم نے اس (بارش) سے ہر قسم کی نباتات نکالی پھر ہم نے اس سے سبز (کھیتی) نکالی

فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ج وَمِنَ النَّخْلِ

فَاَخْرَجْنَا	مِنْهُ	خَضِرًا	نُّخْرِجُ	مِنْهُ	حَبًّا	مُّتَرَاكِبًا	وَ	مِنَ النَّخْلِ
تو نکالتے ہیں ہم	اس سے	سبزہ	نکالتے ہیں ہم	اس سے	دانے	ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے	اور	کھجور سے

جس سے ہم اوپر تلے پیوستہ دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے شگوفوں سے لٹکتے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغات

مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّ جَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ

مِنْ طَلْعِهَا	قِنْوَانٌ	دَانِيَةٌ	وَّ	جَنّٰتٍ	مِّنْ اَعْنَابٍ
اس کے خوشوں سے	گچھے ہیں	پاس پاس	اور	باغ	انگور کے

اور زیتون اور انار (بھی پیدا کیے جو کئی اعتبار سے) آپس میں ایک جیسے (لگتے) ہیں

وَّالزَّيۡتُوۡنَ وَالرُّمَّانَ مُشۡتَبِهًا وَّغَيۡرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنۡظُرُوۡۤا

وَّالزَّيۡتُوۡنَ	وَالرُّمَّانَ	مُشۡتَبِهًا	وَّ	غَيۡرَ	مُتَشَابِهٍ	اُنۡظُرُوۡۤا
اور زیتون کے	اور انار	ملتے جلتے	اور	نہ	ملتے جلتے	دیکھو

اور (ان پھلوں کے، ذائقے اور تاثیرات) جداگانہ ہیں تم درخت کے پھل کی طرف دیکھو

اِلٰى ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثۡمَرَ وَيَنۡعِهٖ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكُمۡ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ

اِلٰى	ثَمَرِهٖۤ	اِذَاۤ	اَثۡمَرَ	وَ	يَنۡعِهٖ	اِنَّ	فِىۡ	ذٰلِكُمۡ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوۡمٍ
طرف	پھل اس کے	جب	پھل لائے	اور	اس کے پکنے کو	بیشک	میں	اس	نشانیاں ہیں	ان کیلئے جو

جب وہ پھل لائے اور اس کے پکنے کو (بھی دیکھو) بے شک ان میں ایمان رکھنے والے لوگوں

يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۹۹﴾ وَجَعَلُوۡا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الۡجِنَّ وَخَلَقَهُمۡ وَخَرَقُوۡا

يُّؤۡمِنُوۡنَ	وَ	جَعَلُوۡا	لِلّٰهِ شُرَكَآءَ	الۡجِنَّ	وَ	خَلَقَهُمۡ	وَخَرَقُوۡا
ایمان لاتے ہیں	اور	بنائے انہوں نے	اللہ کے شریک	جنوں کو	حالانکہ	اسی نے ان کو بنایا	اور بنائے

کیلئے نشانیاں ہیں۔ اور ان (کافروں) نے جنات کو اللہ کا شریک بنایا حالانکہ اللہ نے ان کو پیدا کیا ہے اور انہوں نے اللہ کیلئے بغیر علم

لَهٗ بَنِيۡنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ ؕ سُبۡحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿۱۰۰﴾ ع

لَهٗ	بَنِيۡنَ	وَ	بَنٰتٍ	بِغَيۡرِ	عِلۡمٍ	سُبۡحٰنَهٗ	وَ	تَعٰلٰى	عَمَّا	يَصِفُوۡنَ
کیلئے	بیٹے	اور	بیٹیاں	بغیر	علم کے	پاک ہے وہ	اور	بلند ہے	اس سے	جو بیان کرتے ہیں

لڑکے اور لڑکیاں (بھی) گھڑ لیں حالانکہ وہ ان (تمام) باتوں سے پاک اور بلند و بالا ہے جو یہ (اس سے متعلق) کرتے پھرتے ہیں۔

بَدِيۡعُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ اَنّٰى يَكُوۡنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمۡ تَكُنۡ

بَدِيۡعُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضِ	اَنّٰى	يَكُوۡنُ	لَهٗ	وَلَدٌ	وَّ	لَمۡ	تَكُنۡ
بنانے والا ہے	آسمانوں	اور	زمین کو	کیسے	ہو سکتی ہے	اس کی	اولاد	اور	نہیں ہے	ہے

وہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اس کا کوئی بیٹا کیسے ہو سکتا ہے؟

لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۰۱﴾

لَّهٗ	صَاحِبَةٌ	وَ	خَلَقَ	كُلَّ	شَیْءٍ	وَ	هُوَ	بِكُلِّ	شَیْءٍ	عَلِیْمٌ
اس کی	بیوی	اور	پیدا کیا اس نے	ہر	چیز کو	اور	وہ	ہر	چیز	کو جاننے والا ہے

جب کہ اس کی کوئی بیوی نہیں اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے۔ اور وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ

ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	خَالِقُ	كُلِّ	شَیْءٍ
یہ ہے	اللہ	تمہارا رب	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	پیدا کرنے والا ہے وہ	ہر	چیز کو

یہ ہے اللہ تمہارا پروردگار اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہر چیز کا

فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدْرِكُهُ

فَاعْبُدُوْهُ	وَ	هُوَ	عَلٰی	كُلِّ	شَیْءٍ	وَّكِیْلٌ	لَا	تُدْرِكُهُ
سو اسی کی عبادت کرو	اور	وہ	اوپر	ہر	چیز کے	کارساز ہے	نہیں	پا سکتیں اسے

پیدا کرنے والا تو اسی کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ آنکھیں اسے احاطہ نہیں

الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ یُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ﴿۱۰۳﴾

الْاَبْصَارُ	وَ	هُوَ	یُدْرِكُ	الْاَبْصَارَ	وَ	هُوَ	اللَّطِیْفُ	الْخَبِیْرُ
آنکھیں	اور	وہ	پالیتا ہے	آنکھوں کو	اور	وہ	باریک بین ہے	خبردار ہے

کرتیں اور سب آنکھیں اس کے احاطہ میں ہیں اور وہ بہت مہربان باخبر ہے۔

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ

قَدْ	جَآءَكُمْ	بَصَآىِٕرُ	مِنْ رَّبِّكُمْ	فَمَنْ	اَبْصَرَ	فَلِنَفْسِهٖ
بیشک	آئیں تمہارے پاس	نشانیاں	تمہارے رب کی طرف سے	تو جس نے	دیکھا	تو اپنے بھلے کو

بیشک تمہارے پاس آنکھیں کھولنے والی دلیلیں آئیں تمہارے رب کی طرف سے

وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۱۰۴﴾

وَ	مَنْ	عَمِيَ	فَعَلَيْهَا	وَمَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِحَفِيْظٍ
اور	جو	اندھا ہوا	تو اپنے برے کو	اور نہیں	میں	تم پر	نگہبان

اور جو اندھا ہوا اپنے برے کو اور میں تم پر نگہبان نہیں۔ جس نے دیکھا تو اپنے بھلے کو

وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ

وَكَذٰلِكَ	نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	وَلِيَقُوْلُوْا	دَرَسْتَ
اور اسی طرح	پھیرتے ہیں ہم	آیتیں	اور تاکہ کہیں	تو نے پڑھا ہے

اور ہم اس طرح (اپنی) آیتوں کو بار بار بیان کرتے ہیں اور تاکہ یہ لوگ یوں کہیں کہ آپ نے کسی سے پڑھ لیا ہے تاکہ ہم اس کو

وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ

وَلِنُبَيِّنَهٗ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	اِتَّبِعْ	مَآ	اُوْحِيَ	اِلَيْكَ
اور تاکہ ہم بیان کریں اس کو	اس قوم کے لیے	جو جانتے ہیں	پیروی کرو	اس کی جو	وحی ہوئی ہے	آپ کی طرف

جاننے والے لوگوں کیلئے خوب واضح کر دیں۔ آپ اس (قرآن) کی پیروی کیجئے جو آپ کی طرف

مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ

مِنْ رَّبِّكَ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	وَاَعْرِضْ
تمہارے رب سے	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	اور منہ پھیرلو

آپ کے رب کی جانب سے وحی کیا گیا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ مشرکوں سے

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ	وَ	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مَآ	اَشْرَكُوْا	وَ	مَا
مشرکوں سے	اور	اگر	چاہتا	اللہ	تو نہ	شرک کرتے	اور	نہیں

کنارہ کشی کر لیجئے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے اور ہم نے آپ کو

جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ

جَعَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيْظًا	وَ	مَآ	اَنْتَ	عَلَيْهِمْ
بنایا ہم نے آپ کو	ان پر	نگہبان	اور	نہیں	آپ	ان پر

ان پر پاسبان نہیں بنایا اور آپ ان پر نگہبان

بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۷﴾ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

بِوَكِيْلٍ	وَ	لَا	تَسُبُّوا	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ
کارساز	اور	نہ	گالی دو	ان کو جن کو	وہ پکارتے ہیں	سوا

بھی نہیں ہیں۔ اور (اے مسلمانو!) تم برا نہ کہو ان کو جن کی یہ عبادت کرتے ہیں

اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا

اللّٰهِ	فَيَسُبُّوا	اللّٰهَ	عَدْوًۢا	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	كَذٰلِكَ	زَيَّنَّا
اللہ کے	تو وہ بے ادبی کریں گے	اللہ کی	دشمنی سے	بغیر	علم کے	اسی طرح	زینت دی ہم نے

اللہ کے سوا ورنہ (اس طرح) وہ اللہ کی شان میں بے ادبی کریں گے سرکشی کرتے ہوئے جہالت کی وجہ سے

لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۖ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ

لِكُلِّ	اُمَّةٍ	عَمَلَهُمْ	ثُمَّ	اِلٰى	رَبِّهِمْ	مَّرْجِعُهُمْ
ہر	امت کو	ان کے اعمال کی	پھر	طرف	ان کے رب کی	ان کا لوٹنا ہے

اسی طرح ہم نے مزین کر دیا ہر جماعت کیلئے ان کا عمل پھر ان کے رب کی طرف ان کا لوٹنا ہے تو وہ انہیں

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ

فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	وَ	اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ
تو وہ بتادے گا ان کو	اس کی جو	تھے وہ	عمل کرتے	اور	قسمیں اٹھائیں انہوں نے	اللہ کی	مضبوط

خبر دے گا اس چیز کی جو وہ کرتے تھے۔ اور انہوں نے اللہ کی قسم کھائی اپنے حلف

أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۭ قُلْ

أَيْمَانِهِمْ	لَئِنْ	جَآءَتْهُمْ	اٰيَةٌ	لَّيُؤْمِنُنَّ	بِهَا	قُلْ
اپنے حلف میں	اگر	آئے ان کے پاس	کوئی نشانی	تو ضرور ایمان لائیں گے	اس پر	فرمادیجئے

میں پوری کوشش سے کہ اگر ان کے پاس کوئی نشانی آئی تو ضرور اس پر ایمان لائیں گے

إِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ أَنَّهَآ إِذَا

إِنَّمَا	الْاٰيٰتُ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَمَا	يُشْعِرُكُمْ	أَنَّهَآ	إِذَا
اسکے سوا نہیں کہ	نشانیاں	پاس	اللہ کے ہیں	اور کیا ہے	تم کو خبر	کہ وہ	جب

آپ فرما دیجئے کہ نشانیاں تو اللہ کے پاس ہیں اور تمہیں کیا خبر کہ جب وہ آئیں تو

جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠٩﴾ وَنُقَلِّبُ أَفْـِٕدَتَهُمْ

جَآءَتْ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	وَنُقَلِّبُ	أَفْـِٕدَتَهُمْ
آئے گی	تو نہیں	ایمان لائیں گے	اور ہم پھیر دیتے ہیں	ان کے دلوں کو

یہ ایمان نہ لائیں۔ اور ہم پھیر دیتے ہیں

وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ

وَأَبْصَارَهُمْ	كَمَا	لَمْ	يُؤْمِنُوْا	بِهٖٓ	أَوَّلَ	مَرَّةٍ	وَّ
اور ان آنکھوں کو	جیسا کہ	نہیں	ایمان لائے	اس پر	پہلی	بار	اور

ان کے دلوں اور آنکھوں کو جیسا وہ پہلی بار اس پر ایمان نہ لائے تھے

نَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١١٠﴾ ع

نَذَرُهُمْ	فِيْ	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ
چھوڑ دیتے ہیں ہم ان کو	میں	اپنی سرکشی میں	بھٹکا کریں

اور انہیں چھوڑ دیتے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکا کریں۔

ع

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ

وَ	لَوْ	اَنَّنَا	نَزَّلْنَآ	اِلَيْهِمُ	الْمَلٰٓئِكَةَ	وَ	كَلَّمَهُمُ	الْمَوْتٰى	وَحَشَرْنَا	عَلَيْهِمْ
اور	اگر	ہم	اتارتے	ان کی طرف	فرشتے	اور	باتیں کرتے ان سے	مردے	اور ہم اٹھالاتے	ان کے سامنے

اور اگر ہم ان کی طرف فرشتے اُتار دیتے اور ان سے مردے باتیں کرنے لگتے اور ہم ان پر

كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ

كُلَّ	شَيْءٍ	قُبُلًا	مَّا	كَانُوْا	لِيُؤْمِنُوْٓا	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ	اللّٰهُ	وَ	لٰكِنَّ
ہر	چیز	پہلی	نہیں	تھے	کہ ایمان لاتے	مگر	یہ کہ	چاہے	اللہ	اور	لیکن

ہر چیز گروہ در گروہ جمع کر دیتے وہ تب بھی ایمان نہ لاتے سوائے اس کے جو اللہ چاہتا اور ان میں سے

اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ

اَكْثَرَهُمْ	يَجْهَلُوْنَ	وَ	كَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ	نَبِيٍّ	عَدُوًّا	شَيٰطِيْنَ
اکثر ان کے	جاہل ہیں	اور	اسی طرح	بنایا ہم نے	ہر	نبی کے لئے	دشمن	شیطان

اکثر لوگ جہالت کی باتیں کرتے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کیلئے انسانوں اور جنوں میں سے شیطانوں کو دشمن

الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ

الْاِنْسِ	وَ	الْجِنِّ	يُوْحِيْ	بَعْضُهُمْ	اِلٰى	بَعْضٍ	زُخْرُفَ	الْقَوْلِ
انسانوں سے	اور	جنوں سے	ڈالتا ہے	بعض ان کا	طرف	بعض کی	بناوٹ کی	بات

بنا دیا جو ایک دوسرے کے دل میں پرفریب باتیں (وسوسہ کے طور پر) دھوکہ دینے کیلئے ڈالتے رہتے ہیں اور اگر آپ کا

غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

غُرُوْرًا	وَ	لَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	مَا	فَعَلُوْهُ	فَذَرْهُمْ	وَ	مَا	يَفْتَرُوْنَ
دھوکہ دینے کو	اور	اگر	چاہتا	تمہارا رب	نہ	کرتے اس کو	تو چھوڑ ان کو	اور	جو	جھوٹ بناتے ہیں

رب چاہتا (تو) وہ ایسا نہ کر پاتے سو آپ انہیں (بھی) چھوڑ دیں اور جو کچھ وہ بہتان باندھ رہے ہیں

وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ

وَ	لِتَصْغٰى	اِلَيْهِ	اَفْـِٕدَةُ	الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	وَ	لِيَرْضَوْهُ
اور	تا کہ جھکیں	اس کی طرف	دل	ان کے جو	نہیں	ایمان لاتے	آخرت پر	اور	تا کہ پسند کریں اسکو

اور تا کہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے ان کے دل اسی فریب کی طرف مائل رہیں اور وہ اسے پسند کریں اور ان گناہوں کا

وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ

وَلِيَقْتَرِفُوْا	مَا	هُمْ	مُّقْتَرِفُوْنَ	اَفَغَيْرَ	اللّٰهِ	اَبْتَغِيْ	حَكَمًا	وَ	هُوَ
اور تا کہ بنالیں	جو	وہ	بنانے والے ہیں	کیا سوائے	اللہ کے	میں تلاش کروں	حاکم	اور	وہ

ارتکاب کرتے رہیں جن کا ارتکاب وہ کرنے والے ہیں۔ تو کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور منصف تلاش کروں؟

الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	اِلَيْكُمُ	الْكِتٰبَ	مُفَصَّلًا	وَالَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ
وہ ہے	جس نے اتاری	تمہاری طرف	کتاب	مفصل	اور وہ جو	دی ہم نے ان کو	کتاب

حالانکہ اسی نے تمہاری طرف مفصل کتاب نازل کر دی ہے اور وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی وہ جانتے ہیں کہ یہ (قرآن)

يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿١١٣﴾

يَعْلَمُوْنَ	اَنَّهٗ	مُنَزَّلٌ	مِّنْ رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ	فَلَا	تَكُوْنَنَّ	مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ
جانتے ہیں کہ	وہ	اتارا گیا ہے	آپ کے رب کی طرف سے	حق کے ساتھ	تو نہ	ہو جانا	شک کرنیوالوں میں سے

آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل ہوا تو (اے مخاطب!) لہٰذا تم شک کرنے والوں میں سے نہ ہو جاؤ۔

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ

وَ	تَمَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	صِدْقًا	وَّ	عَدْلًا	لَا	مُبَدِّلَ
اور	پورے ہو گئے	کلمے	آپ کے رب کے	سچائی	اور	انصاف میں	نہیں	کوئی بدلنے والا

اور تمہارے رب کی بات سچ اور انصاف میں پوری ہے اس کی باتوں کا کوئی بدلنے والا نہیں

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي

لِكَلِمٰتِهٖ	وَ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَ	اِنْ	تُطِعْ	اَكْثَرَ	مَنْ	فِي
اس کے کلمات کو	اور	وہ ہے	سننے والا	جاننے والا	اور	اگر	تو پیروی کرے گا	اکثر	جو	میں

اور وہ خوب سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ اور اگر تم لوگوں کی اکثریت کی

الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ

الْاَرْضِ	يُضِلُّوْكَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَ	اِنْ
زمین میں	بہکا دیں گے	تجھ کو	راہ	اللہ سے	نہیں	پیروی کرتے	مگر	گمان کی	اور	نہیں

اطاعت کروگے جو زمین میں رہتے ہیں وہ تمہیں اللہ کے راستے سے بہکا دیں گے وہ محض گمان کی پیروی کرتے ہیں اور محض

هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ

هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ	مَنْ	يَّضِلُّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ
وہ	مگر	اندازہ کرتے ہیں	بیشک	آپکا رب	وہ	خوب جانتا ہے	اس کو جو	گمراہ ہوا	اس کی راہ سے

قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔ بے شک آپ کا رب ہی اسے خوب جانتا ہے جو اسکی راہ سے بہکا ہے

وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ

وَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	فَكُلُوْا	مِمَّا	ذُكِرَ اسْمُ	اللّٰهِ
اور	وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت والوں کو	تو کھاؤ	اس سے جو	لیا گیا نام	اللہ کا

اور وہی ہدایت یافتہ لوگوں سے (بھی) خوب واقف ہے۔ پھر اس میں سے کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو

عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا

عَلَيْهِ	اِنْ	كُنْتُمْ	بِاٰيٰتِهٖ	مُؤْمِنِيْنَ	وَ	مَا	لَكُمْ	اَلَّا	تَاْكُلُوْا	مِمَّا
اس پر	اگر	ہو تم	اس کی آیتوں پر	ایمان رکھتے	اور	کیا ہے	تم کو کہ	نہیں	کھاتے تم	اس سے جو

اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان رکھنے والے ہو۔ اور تمہیں کیا ہے کہ تم نہیں کھاتے اس سے جس پر

ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا

ذُكِرَ اسْمُ	اللّٰهِ	عَلَيْهِ	وَ	قَدْ	فَصَّلَ	لَكُمْ	مَّا	حَرَّمَ	عَلَيْكُمْ	اِلَّا	مَا
لیا گیا نام	اللہ کا	اس پر	اور	بیشک	مفصل بیان کر چکا	تم سے	جو کچھ	حرام ہوا	تم پر	مگر	جب

اللہ کا نام لیا گیا حالانکہ اللہ نے تمہارے لئے کھول کر بیان کر دیا ان چیزوں کو جو تم پر حرام کیں لیکن وہ چیز جس کی طرف تم بے

اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَاۗىِٕهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ

اضْطُرِرْتُمْ	اِلَيْهِ	وَ	اِنَّ	كَثِيْرًا	لَيُضِلُّوْنَ	بِاَهْوَاۗىِٕهِمْ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ
مجبور ہو جاؤ تم	اس کی طرف	اور	بیشک	بہت لوگ	گمراہ ہو جاتے ہیں	اپنی خواہشوں سے	بغیر	علم کے

بس ہو جاؤ اور بے شک بہت لوگ بہکاتے ہیں اپنی نفسانی خواہشات (کی بناء) پر بغیر علم کے

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ

اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُعْتَدِيْنَ	وَ	ذَرُوْا	ظَاهِرَ	الْاِثْمِ	وَ	بَاطِنَهٗ
بیشک	آپ کا رب	وہ	خوب جانتا ہے	حد سے نکلنے والوں کو	اور	چھوڑ دو	کھلا	گناہ	اور	چھپا

بیشک آپ کا رب حد سے بڑھنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ اور چھوڑ دو کھلا گناہ اور پوشیدہ گناہ

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿١٢٠﴾

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْسِبُوْنَ	الْاِثْمَ	سَيُجْزَوْنَ	بِمَا	كَانُوْا	يَقْتَرِفُوْنَ
بیشک	وہ جو	کماتے ہیں	گناہ	جلدی بدلے دیئے جائیں گے	بسبب اسکے کہ	تھے وہ	جھوٹ بنایا کرتے

بے شک جو گناہ کرتے ہیں عنقریب ان کو سزا دی جائے گی اس کی جو وہ کرتے تھے۔

وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ۭ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ

وَ	لَا	تَاْكُلُوْا	مِمَّا	لَمْ	يُذْكَرِ اسْمُ	اللّٰهِ	عَلَيْهِ	وَاِنَّهٗ	لَفِسْقٌ	وَ	اِنَّ	الشَّيٰطِيْنَ
اور	نہ	کھاؤ	اس سے کہ	نہ	ذکر کیا جائے نام	اللہ کا	اس پر	اور بیشک وہ	نافرمانی ہے	اور	بیشک	شیطان

اور اس میں نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا اور وہ بے شک حکم عدولی ہے اور بے شک شیطان

لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ

لَيُوْحُوْنَ	اِلٰى	اَوْلِيٰٓئِهِمْ	لِيُجَادِلُوْكُمْ	وَ	اِنْ	اَطَعْتُمُوْهُمْ	اِنَّكُمْ
ڈالتے ہیں	طرف	دوستوں اپنے کی	تاکہ جھگڑیں تم سے	اور	اگر	پیروی کرو تم ان کی	تو تم بھی

اپنے ساتھیوں کی طرف القاء کرتے ہیں کہ تم سے جھگڑیں اور اگر تم ان کا کہنا مانو تو اس وقت تم

لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ

لَمُشْرِكُوْنَ	اَوَ	مَنْ	كَانَ	مَيْتًا	فَاَحْيَيْنٰهُ	وَ	جَعَلْنَا	لَهٗ	نُوْرًا	يَّمْشِيْ
مشرک ہو جاؤ گے	کیا	جو	تھا	مردہ	تو زندہ کیا ہم نے اس کو	اور	بنایا ہم نے	اس کیلئے	نور	چلتا ہے

مشرک ہو جاؤ گے۔ اور کیا بھلا وہ شخص جو مردہ تھا تو ہم نے اسے زندہ کیا اور اس کیلئے ایک نور کر دیا جس سے

بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِى الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ

بِهٖ	فِيْ	النَّاسِ	كَمَنْ	مَّثَلُهٗ	فِى الظُّلُمٰتِ	لَيْسَ	بِخَارِجٍ	مِّنْهَا
اسکے ساتھ	میں	لوگوں	کیا اس	جیسا ہے جو	اندھیریوں میں ہے	نہیں	نکلنے والے	اس سے

لوگوں میں چلتا ہے وہ اس جیسا ہو جائے گا جو اندھیریوں میں ہے ان سے نکلنے والا نہیں

كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ

كَذٰلِكَ	زُيِّنَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	مَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	وَ	كَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	فِيْ
اسی طرح	خوشنما کئے گئے	کافروں کیلئے	جو	تھے	عمل کرتے	اور	اسی طرح	بنائے ہم نے	میں

یونہی کافروں کی آنکھ میں ان کے اعمال بھلے کر دیئے گئے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں

كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَمَا يَمْكُرُوْنَ

كُلِّ	قَرْيَةٍ	اَكٰبِرَ	مُجْرِمِيْهَا	لِيَمْكُرُوْا	فِيْهَا	وَمَا	يَمْكُرُوْنَ
ہر	بستی	بڑے لوگ	مجرم	تاکہ مکر کریں	اس میں	اور نہیں	مکر کرتے

بڑے بڑوں کو وہاں کے جرائم کا سرغنہ بنایا تاکہ وہ اس (بستی) میں مکاریاں کریں اور وہ (حقیقت میں) اپنی جانوں کے سوا کسی (اور)

اِلَّا بِاَنْفُسِہِمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا جَآءَتْہُمْ اٰیَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

اِلَّا	بِاَنْفُسِہِمْ	وَ	مَا	یَشْعُرُوْنَ	وَ	اِذَا	جَآءَتْہُمْ	اٰیَةٌ	قَالُوْا	لَنْ	نُّؤْمِنَ
مگر	اپنی جانوں سے	اور	نہیں	انہیں شعور	اور	جب	آئے انکے پاس	کوئی نشانی	کہتے ہیں	ہرگز	ایمان لائینگے ہم

سے فریب نہیں کر رہے لیکن وہ شعور نہیں رکھتے۔ اور جب ان کے پاس کوئی نشانی آتی ہے (تو) کہتے ہیں

حَتّٰی نُؤْتٰی مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰہِ ۘ اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ

وقف منزل
وقف لازم

حَتّٰی	نُؤْتٰی	مِثْلَ	مَآ	اُوْتِیَ	رُسُلُ	اللّٰہِ	اَللّٰہُ	اَعْلَمُ	حَیْثُ	یَجْعَلُ
یہاں تک کہ	دیئے جائیں ہم	مثل	اسکے جو	دیئے گئے	رسول	اللہ کے	اللہ	خوب جانتا ہے	جہاں	رکھے

ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ ہمیں بھی ویسی ہی (نشانی) دی جائے جیسی اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے

رِسَالَتَہٗ ؕ سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰہِ وَعَذَابٌ

رِسَالَتَہٗ	سَیُصِیْبُ	الَّذِیْنَ	اَجْرَمُوْا	صَغَارٌ	عِنْدَ	اللّٰہِ	وَ	عَذَابٌ
اپنی رسالت	عنقریب پہنچے گی	ان کو جو	مجرم ہیں	ذلت	پاس	اللہ کے	اور	عذاب

اللہ خوب جانتا ہے کہ وہ اپنی رسالت کس کو عطا کرے عنقریب مجرموں کو اللہ کے حضور سے ذلت نصیب ہوگی اور سخت عذاب بھی

شَدِیْدٌۢ بِمَا كَانُوْا یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ یَّہْدِیَہٗ یَشْرَحْ

شَدِیْدٌ	بِمَا	كَانُوْا	یَمْكُرُوْنَ	فَمَنْ	یُّرِدِ	اللّٰہُ	اَنْ	یَّہْدِیَہٗ	یَشْرَحْ
سخت	بدلہ اس کا جو	تھے	مکر کرتے	پھر جسے	چاہے	اللہ	یہ کہ	ہدایت دے اس کو	کھول دیتا

(ملے گا) اس وجہ سے کہ وہ مکر کرتے تھے۔ تو جسے اللہ ہدایت دینا چاہے اس کا سینہ اسلام

صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ یُّرِدْ اَنْ یُّضِلَّہٗ یَجْعَلْ صَدْرَہٗ ضَیِّقًا

صَدْرَہٗ	لِلْاِسْلَامِ	وَ	مَنْ	یُّرِدْ	اَنْ	یُّضِلَّہٗ	یَجْعَلْ	صَدْرَہٗ	ضَیِّقًا
سینہ اس کا	اسلام کے لئے	اور	جسے	چاہے	یہ کہ	گمراہ کرے اس کو	کر دیتا ہے	سینہ اس کا	تنگ

کیلئے کھول دیتا ہے اور جسے گمراہ کرنا چاہے اس کا سینہ خوب رکا ہوا تنگ کر دیتا ہے

حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ

حَرَجًا	كَاَنَّمَا	يَصَّعَّدُ	فِي	السَّمَآءِ	كَذٰلِكَ	يَجْعَلُ	اللّٰهُ	الرِّجْسَ
رکا ہوا	گویا کہ	چڑھتا ہے	میں	آسمان	اسی طرح	ڈال دیتا ہے	اللہ	عذاب

گویا وہ آسمان پر چڑھ رہا ہے اسی طرح ڈالتا ہے اللہ عذاب

عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ

عَلَى	الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	وَ	هٰذَا	صِرَاطُ	رَبِّكَ	مُسْتَقِيْمًا	قَدْ
اوپر	ان لوگوں کے جو	نہیں	ایمان لاتے	اور	یہ ہے	رستہ	آپکے رب کا	سیدھا	بیشک

ان لوگوں پر جو ایمان نہیں لاتے۔ اور یہ (اسلام) آپ کے رب کا (پسندیدہ) سیدھا راستہ ہے ہم نے آیتیں

فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ

فَصَّلْنَا	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّذَّكَّرُوْنَ	لَهُمْ	دَارُ السَّلٰمِ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَهُوَ
ہم نے مفصل بیان کردیں	آیتیں	ان لوگوں کیلئے	جو نصیحت قبول کرتے ہیں	ان کیلئے	گھر ہے سلامتی کا	پاس	ان کے رب کے	اور وہ

تفصیل سے بیان کر دی ہیں نصیحت قبول کرنے والوں کیلئے۔ ان کیلئے سلامتی کا گھر ہے اپنے رب کے ہاں اور وہ ان کا

وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ

وَلِيُّهُمْ	بِمَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	وَ	يَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا	يٰمَعْشَرَ
ان کا مولیٰ ہے	بدلہ اس کا کہ	تھے	عمل کرتے	اور	جس دن	اکٹھا کرے گا ان کو	سب کو	اے گروہ

مددگار ہے یہ ہے ان کے کاموں کا پھل۔ اور جس دن ان سب کو اٹھائے گا اور فرمائے گا اے

الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ

الْجِنِّ	قَدِ	اسْتَكْثَرْتُمْ	مِّنَ الْاِنْسِ	وَ	قَالَ	اَوْلِيٰٓؤُهُمْ	مِّنَ الْاِنْسِ
جن	بیشک	بہت گھیر لئے تم نے	انسانوں سے (کو)	اور	کہیں گے	ان کے دوست	انسانوں سے

جن کے گروہ تم نے بہت آدمی گھیر لئے اور ان کے دوست آدمی عرض کرینگے اے ہمارے رب ہم میں

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِیْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ

رَبَّنَا	اسْتَمْتَعَ	بَعْضُنَا	بِبَعْضٍ	وَّبَلَغْنَآ	اَجَلَنَا	الَّذِیْٓ	اَجَّلْتَ	لَنَا
اے ہمارے رب	فائدہ لیا	ہمارے بعض نے	بعض سے	اور پہنچے ہم	اپنی مدت کو	جو	مقرر کی تو نے	ہمارے لیے

ایک نے دوسرے سے فائدہ اٹھایا اور ہم اپنی اس میعاد کو پہنچ گئے جو تو نے ہمارے لئے مقرر فرمائی تھی

قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

قَالَ	النَّارُ	مَثْوٰىكُمْ	خٰلِدِیْنَ	فِیْهَآ	اِلَّا	مَا	شَآءَ	اللّٰهُ	اِنَّ	رَبَّكَ
فرمائے گا	آگ ہے	ٹھکانا تمہارا	ہمیشہ رہنے والے	اس میں	مگر	جو	چاہا	اللہ نے	بیشک	تمہارا رب

اللہ فرمائے گا آگ تمہارا ٹھکانا ہے ہمیشہ اس میں رہو مگر جسے اللہ چاہے اے محبوب بیشک تمہارا رب

حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ⑱ وَكَذٰلِكَ نُوَلِّیْ بَعْضَ الظّٰلِمِیْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا

حَكِیْمٌ	عَلِیْمٌ	وَ	كَذٰلِكَ	نُوَلِّیْ	بَعْضَ	الظّٰلِمِیْنَ	بَعْضًا	بِمَا	كَانُوْا
حکمت والا	جاننے والا ہے	اور	اسی طرح	مسلط کرتے ہیں ہم	بعض	ظالموں کو	بعض پر	بدلہ اس کا جو	تھے

حکمت والا علم والا ہے۔ اسی طرح ہم ظالموں میں سے بعض کو بعض پر مسلط کرتے رہتے ہیں ان (اعمال بد)

ع ۱۰

یَكْسِبُوْنَ ⑲ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

یَكْسِبُوْنَ	یٰمَعْشَرَ	الْجِنِّ	وَ	الْاِنْسِ	اَلَمْ	یَاْتِكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ
کماتے	اے گروہ	جن	اور	انسان	کیا نہ	آئے تمہارے پاس	رسول	تم میں سے جو

کے باعث جو وہ کمایا کرتے ہیں۔ اے گروہ جن وانس! کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول نہیں آئے تھے جو تم پر میری

یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ وَیُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا

یَقُصُّوْنَ	عَلَیْكُمْ	اٰیٰتِیْ	وَیُنْذِرُوْنَكُمْ	لِقَآءَ	یَوْمِكُمْ	هٰذَا	قَالُوْا
پڑھتے	تم پر	میری آیتیں	اور ڈراتے تم کو	ملاقات	دن تمہارے	اس سے	کہیں گے

آیتیں بیان کرتے تھے اور تمہیں تمہارے اس دن کی ملاقات سے ڈراتے ؟ (تو) وہ کہیں گے

شَهِدْنَا عَلٰۤى اَنْفُسِنَا وَ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ شَهِدُوْا عَلٰۤى

شَهِدْنَا	عَلٰۤى	اَنْفُسِنَا	وَ	غَرَّتْهُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	وَ	شَهِدُوْا	عَلٰۤى
گواہی دی ہم نے	اوپر	اپنی جانوں کے	اور	فریب دیا ان کو	زندگی نے	دنیا کی	اور	گواہی دیں گے	اوپر

ہم اپنی جانوں کے خلاف گواہی دیتے ہیں اور انہیں دنیا کی زندگی نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا اور وہ اپنی جانوں کے خلاف اس

اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ

اَنْفُسِهِمْ	اَنَّهُمْ	كَانُوْا	كٰفِرِيْنَ	ذٰلِكَ	اَنْ	لَّمْ	يَكُنْ	رَّبُّكَ	مُهْلِكَ
اپنی جانوں کے	کہ وہ	تھے	کافر	یہ	اس لئے کہ	نہیں	ہے	آپ کا رب	ہلاک کرنیوالا

(بات) کی گواہی دیں گے کہ وہ (دنیا میں) کافر تھے۔ یہ اس لئے کہ آپ کا رب بستیوں کو ظلم کے ساتھ ہلاک کرنے والا

الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَ لِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ

الْقُرٰى	بِظُلْمٍ	وَّ	اَهْلُهَا	غٰفِلُوْنَ	وَ	لِكُلٍّ	دَرَجٰتٌ	مِّمَّا	عَمِلُوْا
کسی بستی کو	ظلم سے	اور	اسکے رہنے والے	بے خبر ہوں	اور	ہر ایک کے لئے	درجے ہیں	اس سے جو	عمل کیا انہوں نے

نہیں اس حال میں کہ ان کے رہنے والے بے خبر ہوں۔ اور ہر ایک کیلئے درجے ہیں ان کے عملوں کے سبب

وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَ رَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ

وَ	مَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	يَعْمَلُوْنَ	وَ	رَبُّكَ	الْغَنِيُّ	ذُو الرَّحْمَةِ	اِنْ
اور	نہیں	آپکا رب	بے خبر	اس سے جو	عمل کرتے ہیں	اور	آپکا رب	بے پرواہے	رحمت والا	اگر

اور آپ کا رب ان کے کاموں سے بے خبر نہیں۔ اور اے محبوب ﷺ آپکا رب بے نیاز ہے رحمت والا اے لوگو

يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَ يَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَاۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ

يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ	وَ	يَسْتَخْلِفْ	مِنْۢ بَعْدِكُمْ	مَّا	يَشَآءُ	كَمَاۤ	اَنْشَاَكُمْ	مِّنْ ذُرِّيَّةِ
چاہے	لے جائے تم کو	اور	لے آئے	تمہارے بعد	جسے	چاہے	جیسا	پیدا کیا تم کو	اولاد سے

وہ چاہے تو تمہیں لے جائے اور تمہارے بعد جسے چاہے تمہاری جگہ لے آئے جیسے تمہیں اوروں

قَوْمٍ اٰخَرِیْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ

قَوْمٍ	اٰخَرِیْنَ	اِنَّ	مَا	تُوْعَدُوْنَ	لَاٰتٍ	وَ	مَآ	اَنْتُمْ
قوم	دوسری	بیشک	جو	وعدہ دیئے جاتے ہو تم	ضرور آنے والی ہے	اور	نہیں	تم

کی نسل سے پیدا کیا۔ بے شک جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے ضرور آنے والی ہے اور تم

بِمُعْجِزِیْنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ یٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰی مَكَانَتِكُمْ اِنِّیْ عَامِلٌ ۚ

بِمُعْجِزِیْنَ	قُلْ	یٰقَوْمِ	اعْمَلُوْا	عَلٰی	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّیْ	عَامِلٌ
عاجز کرنے والے	فرمادیں	اے میری قوم	کام کرو	اوپر	اپنی جگہ کے	بیشک میں	عمل کرنے والا ہوں

عاجز کردینے والے نہیں ہو۔ اے محبوب ﷺ! فرما دیجئے اے (میری) قوم! تم اپنی جگہ پر عمل کرتے رہو

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ

فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ	تَكُوْنُ	لَهٗ	عَاقِبَةُ	الدَّارِ	اِنَّهٗ	لَا	یُفْلِحُ
تو عنقریب	جانو گے تم	کہ کس کیلئے	ہوتا ہے	اس کیلئے	آخرت کا	گھر	بیشک	نہیں	فلاح پاتے

بے شک میں (اپنی جگہ) عمل کیے جارہا ہوں پھر تم عنقریب جان لوگے کہ آخرت کا انجام کس کیلئے (بہتر ہے) بے شک ظالم لوگ نجات

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِیْبًا

الظّٰلِمُوْنَ	وَ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ	مِمَّا	ذَرَاَ	مِنَ	الْحَرْثِ	وَ	الْاَنْعَامِ	نَصِیْبًا
ظالم	اور	ٹھہرائے انہوں نے	اللہ کے لیے	اس سے جو	پیدا کیا	بعض	کھیتی	اور	مویشی	حصے

نہیں پائیں گے۔ انہوں نے اللہ کیلئے ان (چیزوں) میں سے ایک حصہ مقرر کرلیا ہے جنہیں اس نے کھیتی اور مویشیوں میں

فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآىِٕنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآىِٕهِمْ فَلَا

فَقَالُوْا	هٰذَا	لِلّٰهِ	بِزَعْمِهِمْ	وَهٰذَا	لِشُرَكَآىِٕنَا	فَمَا	كَانَ	لِشُرَكَآىِٕهِمْ	فَلَا
تو بولے	یہ	اللہ کا حصہ ہے	ان کے خیال میں	اور یہ	ہمارے شریکوں کا ہے	پھر جو	ہوتا	ان کے شریکوں کا	تو نہ

سے پیدا فرمایا ہے پھر اپنے گمان (باطل) سے کہتے ہیں کہ یہ (حصہ) اللہ کیلئے ہے اور یہ ہمارے (خود ساختہ) شریکوں کیلئے ہے

يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ۗ سَآءَ مَا

يَصِلُ	اِلَى	اللّٰهِ	وَ	مَا	كَانَ	لِلّٰهِ	فَهُوَ	يَصِلُ	اِلٰى	شُرَكَآئِهِمْ	سَآءَ	مَا
پہنچتا	طرف	اللہ کی	اور	جو	ہوتا	اللہ کا	تو وہ	پہنچتا	طرف	ان کے شریکوں کے	برا ہے	جو

پھر جو (حصہ) ان کے شریکوں کیلئے ہے سو وہ تو اللہ تک نہیں پہنچتا اور جو (حصہ) اللہ کیلئے ہے تو وہ ان کے شریکوں تک پہنچ جاتا ہے

يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ

يَحْكُمُوْنَ	وَ	كَذٰلِكَ	زَيَّنَ	لِكَثِيْرٍ	مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ	قَتْلَ
فیصلہ کرتے ہیں	اور	اسی طرح	بھلا کر دکھایا	بہت	مشرکوں کے لیے	قتل کرنا

وَ	بَشِيْرٌ	لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	هُوَ	الَّذِىْ	خَلَقَكُمْ	مِنْ نَّفْسٍ	وَّاحِدَةٍ
اور	خوشخبری دینے والا	اس قوم کو	جو ایمان لاتے ہیں	وہ	جس نے	پیدا کیا تم کو	جان	ایک سے

اور خوشخبری سنانے والا ہوں انہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور وہی (اللہ) ہے جس نے تم کو ایک جان سے پیدا فرمایا

وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ

وَ	جَعَلَ	مِنْهَا	زَوْجَهَا	لِيَسْكُنَ	اِلَيْهَا	فَلَمَّا	تَغَشّٰىهَا	حَمَلَتْ
اور	بنائی	اس سے	بیوی اس کی	تاکہ چین پائے	اس کی طرف	پھر جب	ڈھانپا اس کو	تو حاملہ ہوئی

اور اسی میں سے اس کا جوڑ بنایا تاکہ وہ اس سے سکون حاصل کرے پھر جب مرد نے اس (عورت) کو ڈھانپ لیا تو وہ خفیف

حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ

حَمْلًا	خَفِيْفًا	فَمَرَّتْ	بِهٖ	فَلَمَّا	اَثْقَلَتْ	دَّعَوَا	اللّٰهَ	رَبَّهُمَا	لَئِنْ
حمل	خفیف سا	تو چلتی رہی	اس کے ساتھ	تو جب	بوجھل ہوئی	دعا کی دونوں نے	اللہ	اپنے رب سے	ضرور اگر

بوجھ کے ساتھ حاملہ ہوگئی پھر وہ اس کے ساتھ چلتی پھرتی رہی پھر جب وہ گراں بار ہوئی تو دونوں نے اپنے رب اللہ سے دعا کی

اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ (۱۸۹) فَلَمَّآ اٰتٰهُمَا صَالِحًا

اٰتَيْتَنَا	صَالِحًا	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ الشّٰكِرِيْنَ	فَلَمَّآ	اٰتٰهُمَا	صَالِحًا
دے تو ہمیں	صالح بچہ	تو ہوں گے ہم	شکر گزاروں سے	تو جب	دیا ان کو	صالح

کہ اگر تو ہمیں خوبصورت تندرست بچہ عطا فرمادے تو ہم ضرور تیرے شکر گزاروں میں سے ہوں گے۔ پھر جب اس نے انہیں

جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (۱۹۰)

جَعَلَا	لَهٗ	شُرَكَآءَ	فِيْمَآ	اٰتٰهُمَا	فَتَعٰلَى	اللّٰهُ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ
تو بنایا انہوں نے	اس کیلئے	شریک	اس میں جو	دیا ان کو	تو بلند ہے	اللہ	اس سے	جو شریک کرتے ہیں

تندرست بچہ عطا فرمادیا تو دونوں اس (بچے) میں جو انہیں عطا فرمایا تھا، اس کیلئے شریک ٹھہرانے لگے اللہ تو بلند و برتر ہے ان سے

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ (۱۹۱) وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

اَيُشْرِكُوْنَ	مَا	لَا	يَخْلُقُ	شَيْـًٔا	وَّ	هُمْ	يُخْلَقُوْنَ	وَ	لَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ
کیا وہ شریک ٹھہراتے ہیں	ان کو جو	نہیں	پیدا کرتے	کچھ	اور	وہ	پیدا کیے گئے ہیں	اور	نہیں	طاقت رکھتے

جنہیں وہ شریک بناتے ہیں۔ کیا وہ انہیں شریک بناتے ہیں جو کچھ پیدا نہیں کر سکتے اور وہ خود پیدا کیے ہوئے ہیں۔ اور وہ ان

لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ (۱۹۲) وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى

لَهُمْ	نَصْرًا	وَّ	لَآ	اَنْفُسَهُمْ	يَنْصُرُوْنَ	وَ	اِنْ	تَدْعُوْهُمْ	اِلَى	الْهُدٰى
ان کیلئے	مدد کی	اور	نہ	اپنی جانوں کی	مدد کرتے ہیں	اور	اگر	بلائے تو ان کو	طرف	ہدایت کی

مشرکوں کیلئے کسی مدد کی طاقت نہیں رکھتے اور نہ خود اپنی مدد کر سکتے ہیں۔ اور اگر آپ انہیں راہ ہدایت

لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ (۱۹۳)

لَا	يَتَّبِعُوْكُمْ	سَوَآءٌ	عَلَيْكُمْ	اَدَعَوْتُمُوْهُمْ	اَمْ	اَنْتُمْ	صَامِتُوْنَ
نہیں	تو تمہارے پیچھے آئیں	برابر ہے	تم پر	کیا پکارو ان کو	یا	تم	چپ رہو

کی طرف بلائیں تو تمہاری پیروی نہیں کریں گے ان کے معاملے میں برابر ہے انہیں بلاؤ یا خاموش رہو۔

إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ

إِنَّ	الَّذِينَ	تَدْعُونَ	مِنْ دُونِ	اللَّهِ	عِبَادٌ	أَمْثَالُكُمْ	فَادْعُوهُمْ
بیشک	وہ جن کو	تم پکارتے ہو	سوا	اللہ کے	بندے ہیں	تمہارے جیسے	تو پکاروان کو

بے شک وہ جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو تمہاری طرح بندے ہیں تو انہیں پکارو پھر

فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿١٩٤﴾ أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ

فَلْيَسْتَجِيبُوا	لَكُمْ	إِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِينَ	أَلَهُمْ	أَرْجُلٌ	يَمْشُونَ
جواب دیں	تمہیں	اگر	ہو تم	سچے	کیا ان کے	پاؤں ہیں	چلتے ہیں

وہ تمہیں جواب دیں اگر تم سچے ہو۔ کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چل سکیں

بِهَآ أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَآ أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَآ

بِهَآ	أَمْ	لَهُمْ	أَيْدٍ	يَبْطِشُونَ	بِهَآ	أَمْ	لَهُمْ	أَعْيُنٌ	يُبْصِرُونَ	بِهَآ
ان سے	یا	ان کے	ہاتھ ہیں	پکڑتے ہیں	ان سے	یا	ان کی	آنکھیں ہیں	دیکھتے ہیں	ان سے

یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑ سکیں یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھ سکیں یا ان کے کان ہیں

أَمْ لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُوا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ فَلَا

أَمْ	لَهُمْ	آذَانٌ	يَسْمَعُونَ	بِهَا	قُلِ	ادْعُوا	شُرَكَآءَكُمْ	ثُمَّ	كِيدُونِ	فَلَا
یا	ان کے	کان ہیں	سنتے ہیں	ان سے	فرماؤ	پکارو	شریکوں اپنے کو	پھر	داؤ چلاؤ مجھ پر	پس نہ

جن سے وہ سن سکیں آپ فرما دیں (اے کافرو) تم اپنے (باطل) شریکوں کو بلا لو پھر مجھ پر (اپنا) داؤ چلاؤ اور مجھے

تُنْظِرُونِ ﴿١٩٥﴾ إِنَّ وَلِيِّـۧ اللَّهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى

تُنْظِرُونِ	إِنَّ	وَلِيِّـۧ	اللَّهُ	الَّذِي	نَزَّلَ	الْكِتٰبَ	وَهُوَ	يَتَوَلَّى
مہلت دو مجھے	بیشک	میرا والی	اللہ ہے	وہ جس نے	اتاری	کتاب	اور وہ	دوست رکھتا ہے

کوئی مہلت نہ دو۔ بے شک میرا مددگار اللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی ہے اور وہی صالحین کی بھی نصرت و

الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩٦﴾ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

الصّٰلِحِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	لَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ
نیکوں کو	اور	وہ جن کو	تم پوجتے ہو	اس کے سوا	نہیں	طاقت رکھتے

کارسازی فرماتا ہے۔ اور اللہ کے سوا تم جن کی عبادت کرتے ہو وہ تمہاری مدد نہیں کر سکتے

نَصْرَكُمْ وَلَاۤ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿١٩٧﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى

نَصْرَكُمْ	وَ	لَاۤ	اَنْفُسَهُمْ	يَنْصُرُوْنَ	وَ	اِنْ	تَدْعُوْهُمْ	اِلَى	الْهُدٰى
تمہاری مدد کی	اور	نہ	اپنی جانوں کی	مدد کرتے ہیں	اور	اگر	پکارو تم ان کو	طرف	ہدایت کی

اور نہ وہ اپنی مدد کر سکتے ہیں۔ اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ سن بھی نہیں سکتے

لَا يَسْمَعُوْا ؕ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٩٨﴾ خُذِ

لَا	يَسْمَعُوْا	وَ	تَرٰىهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَيْكَ	وَ	هُمْ	لَا	يُبْصِرُوْنَ	خُذِ
نہیں	سنتے	اور	دیکھتے ہو تم انکو	دیکھتے ہیں	تیری طرف	اور	وہ	نہیں	دیکھتے	اختیار کرو

اور آپ ان بتوں کو دیکھتے ہیں کہ (گویا) وہ آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں حالانکہ وہ کچھ نہیں دیکھتے۔ اے محبوب ﷺ

الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿١٩٩﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ

الْعَفْوَ	وَاْمُرْ	بِالْعُرْفِ	وَ	اَعْرِضْ	عَنِ الْجٰهِلِيْنَ	وَ	اِمَّا	يَنْزَغَنَّكَ
معاف کرنا	اور حکم کرو	بھلائی کا	اور	پھیر لیں	جاہلوں سے	اور	اگر	وسوسہ ڈالے تجھ کو

درگزر فرمایا کریں اور بھلائی کا حکم دیتے رہیں اور جاہلوں سے کنارہ کشی اختیار کرلیں۔ اور (اے قرآن پڑھنے والے)

مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٠٠﴾ اِنَّ

مِنَ الشَّيْطٰنِ	نَزْغٌ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اِنَّ
شیطان سے	کوئی وسوسہ	تو پناہ مانگ لے	اللہ سے	بیشک وہ	سننے والا	جاننے والا ہے	بیشک وہ

اگر شیطان تجھے کسی وسوسے میں ڈالے تو اللہ کی پناہ مانگ لو بے شک وہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔ بے شک جن لوگوں

الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓىِٕفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ

الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	اِذَا	مَسَّهُمْ	طٰٓىِٕفٌ	مِّنَ الشَّيْطٰنِ	تَذَكَّرُوْا	فَاِذَا	هُمْ
وہ لوگ جو	پرہیزگار ہیں	جب	پہنچتا ہے ان کو	وسوسہ	شیطان کی طرف سے	ہشیار ہو جاتے ہیں	تو اچانک	وہ

نے پرہیزگاری اختیار کی ہے جب انہیں شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ بھی چھو لیتا ہے تو وہ یاد کرنے لگتے ہیں سو اسی وقت ان کی (بصیرت کی)

مُّبْصِرُوْنَ ۚ﴿۲۰۱﴾ وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾

مُّبْصِرُوْنَ	وَاِخْوَانُهُمْ	يَمُدُّوْنَهُمْ	فِي	الْغَيِّ	ثُمَّ	لَا	يُقْصِرُوْنَ
دیکھنے لگتے ہیں	اور ان کے بھائی	کھینچتے ہیں ان کو	میں	گمراہی	پھر	نہیں	کمی کرتے

آنکھیں کھل جاتی ہیں اور (جو) ان شیطانوں کے بھائی (ہیں) وہ انہیں گمراہی میں ہی کھینچے چلے جاتے ہیں پھر اس میں کوئی کمی نہیں کرتے۔

وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ

وَاِذَا	لَمْ	تَاْتِهِمْ	بِاٰيَةٍ	قَالُوْا	لَوْلَا	اجْتَبَيْتَهَا	قُلْ	اِنَّمَآ	اَتَّبِعُ
اور جب	نہیں	لائے آپ انکے پاس	کوئی آیت	کہتے ہیں	کیوں نہ	انتخاب کر لایا اس کو	فرماؤ	اسکے سوا نہیں	میں پیروی کرتا ہوں

اور (اے محبوب ﷺ!) جب ان کے پاس آپ کوئی نشانی نہ لائیں تو کہتے ہیں کوئی نشانی کیوں نہ لائے فرما دیجئے میں اسی کی پیروی کرتا

مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

مَا	يُوْحٰٓى	اِلَيَّ	مِنْ رَّبِّيْ	هٰذَا	بَصَآىِٕرُ	مِنْ رَّبِّكُمْ	وَهُدًى	وَّ	رَحْمَةٌ
کی جو	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	میرے رب سے	یہ	دیکھنے کی چیزیں ہیں	تمہارے رب سے	اور ہدایت	اور	رحمت

ہوں جو میرے رب کی جانب سے میری طرف وحی کی جاتی ہے یہ قرآن تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیلوں کا مجموعہ ہے اور ہدایت

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا

لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَ	اِذَا	قُرِئَ	الْقُرْاٰنُ	فَاسْتَمِعُوْا	لَهٗ	وَ	اَنْصِتُوْا
اس قوم کیلئے	جو ایمان لاتے ہیں	اور	جب	پڑھا جائے	قرآن	تو غور سے سنو	اس کو	اور	خاموش رہو

اور رحمت ہے ایمان والوں کیلئے۔ اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے توجہ سے سنو اور خاموش

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا

لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	وَ	اذْكُرْ	رَّبَّكَ	فِيْ	نَفْسِكَ	تَضَرُّعًا
تاکہ تم	رحم کیے جاؤ	اور	یاد کرو	اپنے رب کو	میں	اپنے دل	زاری

رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور اپنے رب کا اپنے دل میں ذکر کیا کرو عاجزی و زاری

وَّ خِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ

وَّ	خِيْفَةً	وَّ	دُوْنَ	الْجَهْرِ	مِنَ الْقَوْلِ	بِالْغُدُوِّ	وَ	الْاٰصَالِ
اور	آہستگی سے	اور	سوائے	بلند آواز کے	بات سے	صبح	اور	شام

اور خوف و خستگی سے اور میانہ آواز سے پکار کر بھی صبح و شام (یادِ حق جاری رکھو)

وَ لَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ

وَ	لَا	تَكُنْ	مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	عِنْدَ	رَبِّكَ
اور	نہ	ہو جاؤ	غافلوں میں سے	بیشک	وہ جو	پاس	آپ کے رب کے ہیں

اور غافلوں میں سے نہ ہو جاؤ۔ بے شک وہ جو ملائکہ تمہارے رب کے پاس ہیں

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ يُسَبِّحُوْنَهٗ وَ لَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ ع ۲۴ ۱۸ ۱۴

لَا	يَسْتَكْبِرُوْنَ	عَنْ عِبَادَتِهٖ	وَ	يُسَبِّحُوْنَهٗ	وَ	لَهٗ	يَسْجُدُوْنَ
نہیں	تکبر کرتے	اس کی عبادت سے	اور	تسبیح بیان کرتے ہیں	اور	اسی کو	سجدہ کرتے ہیں

اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے رہتے ہیں۔

ایاتہا ۷۵ ۸ سورۃ الانفال مدنیۃ ۸۸ رکوعاتہا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْاَنْفَالِ	قُلِ	الْاَنْفَالُ	لِلّٰهِ	وَ	الرَّسُوْلِ	فَاتَّقُوْا	اللّٰهَ
پوچھتے ہیں آپ سے	غنیمت کے متعلق	فرمادیں	غنیمتیں	اللہ	اور	رسول کی ہیں	تو ڈرو	اللہ سے

اے محبوب ﷺ آپ سے مال غنیمت کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرمادیجئے مال غنیمت کے مالک اللہ

وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ

وَ	اَصْلِحُوْا	ذَاتَ بَيْنِكُمْ	وَ	اَطِيْعُوْا	اللّٰهَ	وَ رَسُوْلَهٗ	اِنْ	كُنْتُمْ
اور	درستی کرو	آپس میں	اور	حکم مانو	اللہ کا	اور اسکے رسول کا	اگر	ہوتم

اور رسول ہیں تو اللہ سے ڈرو اور اپنے باہمی معاملات درست رکھو اور اللہ و رسول کی اطاعت کرو

مُّؤْمِنِيْنَ ① اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ

مُّؤْمِنِيْنَ	اِنَّمَا	الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِرَ	اللّٰهُ	وَجِلَتْ
مومن	درحقیقت	مسلمان تو	وہ لوگ ہیں کہ	جب	ذکر کیا جاتا ہے	اللہ کا	تو ڈر جاتے ہیں

اگر ایمان رکھتے ہو۔ ایمان والے وہی ہیں کہ جب اللہ کو یاد کیا جائے ان کے

قُلُوْبُهُمْ وَ اِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ

قُلُوْبُهُمْ	وَ	اِذَا	تُلِيَتْ	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُهٗ	زَادَتْهُمْ	اِيْمَانًا	وَّ	عَلٰى	رَبِّهِمْ
ان کے دل	اور	جب	پڑھی جاتی ہے	ان پر	اس کی آیتیں	تو زیادہ کرے ان کا	ایمان	اور	اوپر	اپنے رب کے

دل ڈر جائیں اور جب ان پر اس کی آیتیں پڑھی جائیں ان کا ایمان زیادہ (مضبوط) ہو جائے اور اپنے رب ہی

يَتَوَكَّلُوْنَ ② الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

يَتَوَكَّلُوْنَ	الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَ	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
وہ بھروسہ کرتے ہیں	وہ جو	قائم کرتے ہیں	نماز	اور	اس سے جو	دیا ہم نے ان کو

پر بھروسہ کریں۔ وہ جو نماز قائم کرتے ہیں اور اس میں سے جو ہم نے انہیں رزق دیا ہے

يُنْفِقُوْنَ ۝٣ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ

يُنْفِقُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُؤْمِنُوْنَ	حَقًّا	لَهُمْ	دَرَجٰتٌ	عِنْدَ
خرچ کرتے ہیں	یہی	وہ	مسلمان ہیں	سچے	ان کے لئے	درجے ہیں	پاس

خرچ کرتے ہیں۔ وہی پکے اور سچے مؤمن ہیں ان کے رب کے پاس ان کے (بڑے) درجے ہیں

رَبِّهِمْ وَ مَغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝٤ۚ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ

رَبِّهِمْ	وَمَغْفِرَةٌ	وَّ	رِزْقٌ	كَرِيْمٌ	كَمَآ	اَخْرَجَكَ	رَبُّكَ	مِنْۢ بَيْتِكَ
ان کے رب	اور بخشش	اور	رزق	اچھا	جیسے	برآمد کیا	آپ کے رب نے	آپ کے گھر سے

اور بخشش اور بلند درجے کا رزق ہے۔ جیسا کہ آپ کا رب حق کے ساتھ آپ کے

بِالْحَقِّ ۠ وَ اِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝٥ۙ

بِالْحَقِّ	وَ	اِنَّ	فَرِيْقًا	مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	لَكٰرِهُوْنَ
ساتھ حق کے	اور	بیشک	ایک فرقہ	مومنوں میں سے	البتہ ناخوش تھا

گھر سے (جہاد کیلئے) آپ کو باہر لایا اور یقیناً (اس وقت) مؤمنوں کا ایک گروہ ناخوش تھا۔

يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ

يُجَادِلُوْنَكَ	فِي	الْحَقِّ	بَعْدَ	مَا	تَبَيَّنَ	كَاَنَّمَا	يُسَاقُوْنَ	اِلَى	الْمَوْتِ
جھگڑتے ہیں آپ سے	میں	حق	بعد اسکے	جو	ظاہر ہوگیا	گویا کہ	وہ ہانکے جاتے ہیں	طرف	موت کی

وہ لوگ حق بات میں آپ سے اُلجھ رہے تھے اس کے بعد کہ وہ ظاہر ہو چکی تھی گویا وہ زبردستی موت کے منہ میں دھکیلے جا رہے ہیں

وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝٦ؕ وَ اِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ

وَ	هُمْ	يَنْظُرُوْنَ	وَ	اِذْ	يَعِدُكُمُ	اللّٰهُ	اِحْدَى	الطَّآئِفَتَيْنِ	اَنَّهَا	لَكُمْ
اور	وہ	دیکھ رہے ہیں	اور	جب	وعدہ دیا تم کو	اللہ نے	ایک کا	دو گروہوں میں سے	کہ وہ	تمہارے لئے

اور وہ دیکھ رہے ہیں۔ اور یاد کرو جب اللہ نے تمہیں وعدہ دیا تھا کہ ان دونوں گروہوں میں ایک تمہارے لئے ہے

وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ

وَ	تَوَدُّوْنَ	اَنَّ	غَيْرَ	ذَاتِ الشَّوْكَةِ	تَكُوْنُ	لَكُمْ	وَ	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّحِقَّ
اور	تم پسند کرتے تھے کہ	بیشک	بغیر	کانٹے والا	ہو	تمہارے لیے	اور	چاہتا تھا	اللہ	یہ کہ	سچ کرے

اور تم یہ چاہتے تھے کہ تمہیں وہ ملے جس میں کانٹے کا کھٹکا نہیں اور اللہ یہ چاہتا تھا کہ

الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ⑦ لا لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ

الْحَقَّ	بِكَلِمٰتِهٖ	وَ	يَقْطَعَ	دَابِرَ	الْكٰفِرِيْنَ	لِيُحِقَّ	الْحَقَّ	وَيُبْطِلَ
سچ کو	اپنے کلام سے	اور	کاٹ دے	جڑ	کافروں کی	تاکہ حق کرے	حق کو	اور باطل کرے

اپنے کلام سے سچ کر دکھائے اور کافروں کی جڑ کاٹ دے۔ تاکہ حق کا حق ہونا اور باطل کا

الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ⑧ ج اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ

الْبَاطِلَ	وَ	لَوْ	كَرِهَ	الْمُجْرِمُوْنَ	اِذْ	تَسْتَغِيْثُوْنَ	رَبَّكُمْ
باطل کو	اور	اگرچہ	ناپسند کریں	مجرم	جب	آپ فریاد کرتے تھے	اپنے رب سے تو

باطل ہونا ثابت کر دیا جائے اگرچہ مجرموں کو یہ ناگوار ہی ہو۔ جب تم نے اپنے رب سے مدد کیلئے فریاد کی

فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ⑨

فَاسْتَجَابَ	لَكُمْ	اَنِّيْ	مُمِدُّكُمْ	بِاَلْفٍ	مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ	مُرْدِفِيْنَ
سن لی	تمہاری دعا	بیشک میں	مدد دینے والا ہوں تم کو	ہزار	فرشتوں سے	قطار بند

تو اس نے تمہاری دُعا قبول کر لی کہ "یقیناً میں لگاتار ایک ہزار فرشتوں کو بھیج کر تمہاری مدد کروں گا"۔

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ج وَمَا النَّصْرُ

وَ	مَا	جَعَلَهُ	اللّٰهُ	اِلَّا	بُشْرٰى	وَ	لِتَطْمَئِنَّ	بِهٖ	قُلُوْبُكُمْ	وَ	مَا	النَّصْرُ
اور	نہ	بنایا اس کو	اللہ نے	مگر	خوشخبری	اور	تاکہ مطمئن ہو جائیں	اس سے	تمہارے دل	اور	نہیں ہے	مدد

اور اس بات کو تو اللہ نے تمہارے لیے خوشخبری بنایا تھا تاکہ تمہارے دل اس سے تسلی پائیں ورنہ مدد

۱ ع ۱۰ ۲

إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ ع إِذْ يُغَشِّيْكُمُ

إِلَّا	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ	إِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	إِذْ	يُغَشِّيْكُمُ
مگر	پاس	اللہ کے	بیشک	اللہ	غالب	حکمت والا ہے	جب	گھیر لیا تم کو

تو اللہ ہی کے ہاں سے آتی ہے بے شک اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اے محبوب ﷺ (یاد کرو)

النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ

النُّعَاسَ	أَمَنَةً	مِّنْهُ	وَ	يُنَزِّلُ	عَلَيْكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	مَآءً	لِّيُطَهِّرَكُمْ	بِهٖ
اونگھ نے	امن کے لئے	اس سے	اور	اتارتا تھا	تم پر	آسمان سے	پانی	تاکہ پاک کرے تم کو	اس سے

جب (اللہ نے) سکون دینے کیلئے تم پر ہلکی سی نیند طاری کردی اپنی طرف سے اور آسمان سے تم پر پانی اتارتا کہ اس سے وہ تمہیں

وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ

وَ	يُذْهِبَ	عَنْكُمْ	رِجْزَ	الشَّيْطٰنِ	وَلِيَرْبِطَ	عَلٰى	قُلُوْبِكُمْ	وَ	يُثَبِّتَ
اور	دور کردے	تم سے	پلیدی	ناپاکی	اور تاکہ مضبوط کرے	اوپر	تمہارے دلوں کے	اور	ثابت رکھے

پاک کرے اور شیطانی (وسوسہ کی) ناپاکی تم سے دور کردے اور تمہارے دلوں کو مضبوط کردے اور اس کی وجہ سے

بِهِ الْأَقْدَامَ ﴿۱۱﴾ ؕ إِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ إِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ أَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا

بِهِ	الْأَقْدَامَ	إِذْ	يُوْحِيْ	رَبُّكَ	إِلَى	الْمَلٰٓئِكَةِ	أَنِّيْ	مَعَكُمْ	فَثَبِّتُوا
اس سے	قدم	جب	وحی کی	آپ کے رب نے	طرف	فرشتوں کی	بیشک میں	تمہارے ساتھ ہوں	سو ثابت قدم رکھو

تمہارے پاؤں جمادے۔ اے محبوب ﷺ (وہ وقت بھی یاد کرو) جب آپ کے رب نے فرشتوں کو وحی کی کہ میں تمہارے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَأُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	سَأُلْقِيْ	فِيْ	قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	الرُّعْبَ
ان کو	جو مومن ہیں	عنقریب ڈالوں گا میں	میں	دلوں	ان کے جو	کافر ہیں	رعب

ساتھ ہوں تو ایمان والوں کو تم ثابت قدم رکھو عنقریب میں کافروں کے دلوں میں ہیبت ڈال دوں گا

فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۝١٢ ط ذٰلِكَ

فَاضْرِبُوْا	فَوْقَ	الْاَعْنَاقِ	وَ	اضْرِبُوْا	مِنْهُمْ	كُلَّ	بَنَانٍ	ذٰلِكَ
تو مارو	اوپر	گردنوں کے	اور	مارو	ان کو	ہر	پور پور	یہ

تو کافروں کی گردنوں کے اوپر مارو اور کافروں کے ہر جوڑ پر ضرب لگاؤ۔ یہ اس لئے

بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ

بِاَنَّهُمْ	شَآقُّوا	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	وَ	مَنْ	يُّشَاقِقِ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	فَاِنَّ	اللّٰهَ
اس لئے کہ انہوں نے	مخالفت کی	اللہ	اور	اسکے رسول کی	اور	جو	مخالفت کرے	اللہ	اور اسکے رسول کی	تو بیشک	اللہ

کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کی اور جو اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کرے تو بے شک

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝١٣ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ

شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	ذٰلِكُمْ	فَذُوْقُوْهُ	وَ	اَنَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابَ
سخت	عذاب والا ہے	یہ ہے تو	چکھو اس کو	اور	بیشک	کافروں کے لئے	عذاب ہے

اللہ کا عذاب سخت ہے۔ پس یہ سزا تو چکھو اور بے شک جان لو کہ کافروں کے لیے جہنم کا عذاب

النَّارِ ۝١٤ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا

النَّارِ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِذَا	لَقِيْتُمُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	زَحْفًا	فَلَا
آگ کا	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	جب	ملو تم	ان کو	جو کافر ہیں	میدان جنگ میں	تو نہ

مقرر ہے۔ اے ایمان والو! جب تم جنگ میں کافروں کا سامنا کرو تو

تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ۝١٥ ج وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا

تُوَلُّوْهُمُ	الْاَدْبَارَ	وَ	مَنْ	يُّوَلِّهِمْ	يَوْمَئِذٍ	دُبُرَهٗۤ	اِلَّا	مُتَحَرِّفًا
پھیرو ان سے	پیٹھیں	اور	جو	پھیرے ان سے	اس دن	اپنی پیٹھ	مگر	ہنر کرتا ہو

ان کے طرف پیٹھ نہ پھیرو۔ اور جو اس دن ان کی طرف اپنی پیٹھ پھیرے گا سوائے اس کے کہ وہ جنگ

لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ

لِّقِتَالٍ	اَوْ	مُتَحَيِّزًا	اِلٰى	فِئَةٍ	فَقَدْ	بَآءَ	بِغَضَبٍ	مِّنَ اللّٰهِ	وَمَاْوٰىهُ
لڑائی کا	یا	پھرتا ہوا	طرف	جماعت کی	تو بیشک	پھرا	ساتھ غضب	اللہ کے	اور ٹھکانا اس کا

میں پہلو بدل رہا ہو یا کسی دستے کے ساتھ جگہ لینے جا رہا ہو وہ اللہ کے غضب کا مستحق ہو گیا اور اسکا

جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٦﴾ فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۠

جَهَنَّمُ	وَ	بِئْسَ	الْمَصِيْرُ	فَلَمْ	تَقْتُلُوْهُمْ	وَ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ	قَتَلَهُمْ
دوزخ ہے	اور	برا ہے	ٹھکانا	تو نہ	قتل کیا تم نے ان کو	اور	لیکن	اللہ نے	قتل کیا ان کو

ٹھکانہ جہنم ہو گا اور وہ کیا ہی بری جگہ ہے۔ تو آپ نے انہیں قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے انہیں قتل کیا

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ

وَ	مَا	رَمَيْتَ	اِذْ	رَمَيْتَ	وَ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ	رَمٰى	وَلِيُبْلِيَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور	نہ	پھینکی آپ نے	جب	پھینکی آپ نے	اور	لیکن	اللہ نے	پھینکی	اور تا کہ آزمائے	مومنوں کو

اور (اے محبوب ﷺ) اور جب آپ نے خاک پھینکی تھی تو یہ آپ نے نہیں پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی تھی تا کہ عطا فرمائے ایمان

مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٧﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ

مِنْهُ	بَلَآءً	حَسَنًا	اِنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	ذٰلِكُمْ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ
اس سے	انعام عطا فرمائے	اچھا	بیشک	اللہ	سنتا	جانتا ہے	یہ ہے	اور	بیشک	اللہ

والوں کو اپنی طرف سے عطائے جمیل بیشک اللہ ہے بہت سننے والا سب کچھ جاننے والا۔ یہ تو ہو چکا اور یہ (بھی ہے) کہ اللہ

مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٨﴾ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ

مُوْهِنُ	كَيْدِ	الْكٰفِرِيْنَ	اِنْ	تَسْتَفْتِحُوْا	فَقَدْ	جَآءَكُمُ	الْفَتْحُ
کمزور کرنے والا ہے	تدبیر	کافروں کی	اگر	تم فیصلہ چاہتے ہو	تو بیشک	آ گیا تمہارے پاس	فیصلہ

کافروں کے مکر کو کمزور کرنے والا ہے۔ اے کافرو اگر تم فیصلہ مانگتے ہو تو یہ فیصلہ تم پر آ چکا

وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ

وَ	اِنْ	تَنْتَهُوْا	فَهُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَ	اِنْ	تَعُوْدُوْا	نَعُدْ	وَ	لَنْ	تُغْنِيَ	عَنْكُمْ
اور	اگر	تم باز آجاؤ	تو وہ	بہتر ہے	تمہارے لیے	اور	اگر	تم پھر ایسا کروگے	ہم پھر سزا دینگے	اور	ہرگز نہ	کام آئے گی	تمہارے

اور اگر باز آؤ تو تمہارا بھلا ہے اور اگر تم پھر شرارت کرو تو ہم پھر سزا دیں گے اور تمہارا گروہ تمہیں

فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾ ع

فِئَتُكُمْ	شَيْـًٔا	وَّ	لَوْ	كَثُرَتْ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
تمہاری جماعت	کچھ بھی	اور	اگرچہ	زیادہ ہو	اور	بیشک	اللہ	ساتھ	مومنوں کے ہے

کچھ کام نہ دے گا چاہے کتنا ہی زیادہ ہو اور اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ اللہ ایمان والوں کے ساتھ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ	لَا	تَوَلَّوْا
اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	حکم مانو	اللہ کا	اور اس کے رسول کا	اور	نہ	منہ پھیرو

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اس سے منہ

عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾ ۚ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا

عَنْهُ	وَاَنْتُمْ	تَسْمَعُوْنَ	وَ	لَا	تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	قَالُوْا
اس سے	اور تم	سنتے ہو	اور	نہ	ہو جاؤ	ان کی طرح	کہ کہا انہوں نے

نہ پھیرو حالانکہ تم سنتے ہو۔ اور ان لوگوں کی طرح مت ہو جانا جنہوں نے کہا

سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ

سَمِعْنَا	وَ	هُمْ	لَا	يَسْمَعُوْنَ	اِنَّ	شَرَّ	الدَّوَآبِّ	عِنْدَ	اللّٰهِ
ہم نے سنا	اور	وہ	نہیں	سنتے	بیشک	بدترین	جانور	نزدیک	اللہ کے

ہم نے سن لیا حالانکہ وہ نہیں سنتے۔ بے شک اللہ کے نزدیک جانداروں میں سب سے بدتر وہی بہرے

الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ

الصُّمُّ	الْبُكْمُ	الَّذِيْنَ	لَا	يَعْقِلُوْنَ	وَ	لَوْ	عَلِمَ	اللّٰهُ	فِيْهِمْ
بہرے	گونگے ہیں	جو	نہیں	عقل رکھتے	اور	اگر	جانے	اللہ	ان میں

گونگے لوگ ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے ہیں۔ اور اگر اللہ ان میں کوئی بھلائی جانتا تو

خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

خَيْرًا	لَّاَسْمَعَهُمْ	وَلَوْ	اَسْمَعَهُمْ	لَتَوَلَّوْا	وَّهُمْ
بھلائی	تو سنا دیتا ان کو	اور اگر	سنا دیتا ان کو	پھر بھی پلٹ جاتے	اور وہ ہوں

انہیں ضرور سنا دیتا اور اگر اللہ انہیں سنا دیتا تو وہ روگردانی کرتے ہوئے ضرور

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ

مُّعْرِضُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اسْتَجِيْبُوْا	لِلّٰهِ
منہ پھیر کر	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	حاضر ہو	اللہ کے

پیٹھ پھیر دیتے۔ اے ایمان والو! اللہ اور رسول ﷺ کے بلانے پر (فوراً) حاضر ہو جاؤ جب تمہیں

وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

وَلِلرَّسُوْلِ	اِذَا	دَعَاكُمْ	لِمَا	يُحْيِيْكُمْ	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ
اور رسول کے	جب	بلائے تم کو	اس لئے تاکہ	زندگی بخشے تم کو	اور	جان لو	بیشک	اللہ

رسول ﷺ اس چیز کی طرف بلائیں جو تمہیں زندہ کر دے گی اور جان لو کہ اللہ حائل ہے آدمی

يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

يَحُوْلُ	بَيْنَ	الْمَرْءِ	وَ	قَلْبِهٖ	وَاَنَّهٗٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ
حائل ہوتا ہے	درمیان	آدمی کے	اور	اس کے دل	اور بیشک وہ	اس کی طرف	تم اکٹھے کیے جاؤ گے

اور اس کے دل کے ارادوں کے درمیان اور یہ کہ تم (سب) اسی کی طرف جمع کیے جاؤ گے۔

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ

وَاتَّقُوْا	فِتْنَةً	لَا	تُصِيْبَنَّ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْكُمْ	خَآصَّةً
اور ڈرتے رہو	اس فتنہ سے کہ	نہ	پہنچے گا	ان کو	جو ظالم ہیں	تم میں سے	خاص کر کے

اور اس فتنے سے ڈرو جو خاص انکی لوگوں پر نہیں آئے گا جنہوں نے تم میں سے ظلم کیا ہو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ

وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَاذْكُرُوْٓا	اِذْ	اَنْتُمْ
اور	جان لو	بیشک	اللہ	سخت	عذاب دینے والا ہے	اور یاد کرو	جب	تم

اور جان لو کہ یقیناً اللہ تعالی سخت سزا دینے والا ہے۔ اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے۔

قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ

قَلِيْلٌ	مُّسْتَضْعَفُوْنَ	فِي	الْاَرْضِ	تَخَافُوْنَ	اَنْ
تھوڑے تھے	دبے ہوتے	میں	ملک	تم ڈرتے تھے	یہ کہ

زمین، میں تمہیں کمزور سمجھا جاتا تھا۔ تم ڈرتے تھے کہ لوگ اچانک تمہیں اُچک نہ لیں۔

يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ

يَّتَخَطَّفَكُمُ	النَّاسُ	فَاٰوٰىكُمْ	وَاَيَّدَكُمْ	بِنَصْرِهٖ	وَ	رَزَقَكُمْ
اچک لیں گے تم کو	لوگ	تو جگہ دی تم کو	اور قوت دی تم کو	اپنی مدد سے	اور	رزق دیا تم کو

پھر اللہ تعالی نے تمہیں رہنے کو جگہ دی اور اپنی مدد سے تمہاری تائید کی۔ اور تمہیں

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
پاکیزہ چیزوں سے	تا کہ تم	شکر کرو	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

پاک چیزوں میں سے رزق دیا تاکہ تم شکر گزار بنو۔ اے ایمان والو! اللہ

لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ

لَا	تَخُوْنُوا	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	وَتَخُوْنُوْٓا	اَمٰنٰتِكُمْ	وَ	اَنْتُمْ
نہ	خیانت کرو	اللہ سے	اور رسول سے	اور نہ خیانت کرو	اپنی امانتوں میں	اور	تم

اور رسول سے خیانت نہ کرو اور جان بوجھ کر اپنی ذمہ داریوں میں بھی

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ

تَعْلَمُوْنَ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَآ	اَمْوَالُكُمْ	وَ	اَوْلَادُكُمْ	فِتْنَةٌ
جانتے ہو	اور جان لو	اس کے سوا نہیں کہ	تمہارے مال	اور	تمہاری اولاد	فتنہ ہیں

خیانت نہ کرو۔ اور جان لو کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض آزمائش ہیں

وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

وَّ	اَنَّ	اللّٰهَ	عِنْدَهٗٓ	اَجْرٌ	عَظِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
اور	بیشک	اللہ	پاس اس کے	اجر ہے	بہت بڑا	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

اور یہ کہ اللہ ہی کے پاس بڑا اجر ہے۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ

اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ

اِنْ	تَتَّقُوا	اللّٰهَ	يَجْعَلْ	لَّكُمْ	فُرْقَانًا	وَّ	يُكَفِّرْ	عَنْكُمْ
اگر	ڈرو گے تم	اللہ سے	کرے گا	تمہارے لئے	فرقان	اور	دور کرے گا	تم سے

سے ڈرو گے تو وہ تمہیں حق کو باطل سے جدا کرنے والی چیز دے گا

سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ وَاِذْ

سَيِّاٰتِكُمْ	وَيَغْفِرْ لَكُمْ	وَ	اللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ	وَاِذْ
تمہاری برائیاں	اور بخشے گا تم کو	اور	اللہ	صاحب فضل	بڑے کا ہے	اور جب

اور تمہارے گناہ تم سے دور کر دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ اور (یاد کیجئے

يَمْكُرُبِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ

يَمْكُرُبِكَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لِيُثْبِتُوْكَ	اَوْ	يَقْتُلُوْكَ	اَوْ
مکر کرتے تھے آپ کے متعلق	وہ جو	کافر ہیں	کہ قید کریں آپ کو	یا	شہید کریں آپ کو	یا

اے محبوب ﷺ!) جب کافر آپ کے خلاف خفیہ تدبیریں کر رہے تھے کہ آپ کو قید کر دیں یا شہید کر دیں

يُخْرِجُوْكَ ؕ وَ يَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ

يُخْرِجُوْكَ	وَ	يَمْكُرُوْنَ	وَ	يَمْكُرُ	اللّٰهُ	وَ	اللّٰهُ	خَيْرُ
نکال دیں آپ کو	اور	مکر کرتے تھے	اور	تدبیر فرماتا تھا	اللہ	اور	اللہ	بہترین

یا جلا وطن کر دیں اور وہ اپنے مکر میں لگے ہوئے تھے اور اللہ اپنی تدبیر فرما رہا تھا اور اللہ بہترین

الْمٰكِرِيْنَ ۝۳۰ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا

الْمٰكِرِيْنَ	وَ	اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	قَالُوْا	قَدْ	سَمِعْنَا
تدبیر فرمانے والا ہے	اور	جب	پڑھی جاتی ہے	ان پر	ہماری آیتیں	کہتے ہیں	بیشک	سنا ہم نے

تدبیر فرمانے والا ہے۔ اور جب ان پر ہماری آیتیں پڑھی جائیں تو کہتے ہیں

لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ

لَوْ	نَشَآءُ	لَقُلْنَا	مِثْلَ	هٰذَآ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ
اگر	ہم چاہیں	تو کہیں ہم	مثل	اس کی	نہیں	یہ	مگر	کہانیاں

ہاں ہم نے سنا ہم چاہتے تو ایسی ہم بھی کہہ دیتے یہ تو نہیں پہلے لوگوں

الْاَوَّلِيْنَ ۝۳۱ وَ اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ

الْاَوَّلِيْنَ	وَ	اِذْ	قَالُوا	اللّٰهُمَّ	اِنْ	كَانَ	هٰذَا	هُوَ الْحَقَّ	مِنْ عِنْدِكَ
پہلوں کی	اور	جب	کہا انہوں نے	اے اللہ	اگر	ہے	یہ	وہ حق	نزدیک تیرے سے

کے قصے ہیں۔ اور جب بولے کہ اے اللہ اگر یہی (قرآن) تیری طرف سے حق ہے

فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِائْتِنَا

فَاَمْطِرْ	عَلَيْنَا	حِجَارَةً	مِّنَ السَّمَآءِ	اَوِائْتِنَا
تو برسا	ہم پر	پتھر	آسمان سے	یا لے آ ہم پر

تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا ہم پر بھیج کوئی

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (۳۲) وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ

بِعَذَابٍ	اَلِيْمٍ	وَ	مَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيُعَذِّبَهُمْ	وَ	اَنْتَ
عذاب	دردناک	اور	نہیں	ہے	اللہ	کہ عذاب کرے ان کو	اور	آپ

دردناک عذاب۔ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا کہ ان لوگوں کو آپ ﷺ کی موجودگی

فِيْهِمْ ؕ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (۳۳)

فِيْهِمْ	وَ	مَا	كَانَ	اللّٰهُ	مُعَذِّبَهُمْ	وَهُمْ	يَسْتَغْفِرُوْنَ
ان میں موجود ہوں	اور	نہیں	ہے	اللہ	عذاب کرنے والا ان کو	اور وہ	بخشش مانگتے ہوں

میں عذاب دے اس حالت میں کہ وہ مغفرت بھی کرتے رہتے ہیں۔

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ

وَ	مَا	لَهُمْ	اَلَّا	يُعَذِّبَهُمُ	اللّٰهُ	وَهُمْ	يَصُدُّوْنَ	عَنِ الْمَسْجِدِ
اور	کیا ہے	ان کو	کہ نہ	عذاب کرے ان کو	اللہ	اور وہ	روکتے ہیں	مسجد

مگر (اب) ان میں کیا بات ہے کہ اللہ انہیں عذاب نہ دے جب وہ مسجد

الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ

الْحَرَامِ	وَمَا	كَانُوْٓا	اَوْلِيَآءَهٗ	اِنْ	اَوْلِيَآؤُهٗٓ	اِلَّا	الْمُتَّقُوْنَ
حرام سے	اور نہیں	ہیں وہ	اہل اس کے	نہیں	اس کے والی	مگر	پرہیزگار

حرام سے روکتے ہیں حالانکہ وہ اس کے متولی بھی نہیں اس کے متولی تو صرف

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَ مَا كَانَ

وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	مَا	كَانَ
اور لیکن	اکثر ان کے	نہیں	جانتے	اور	نہیں	تھی

متقی لوگ ہیں لیکن ان میں اکثر لوگ جانتے نہیں۔ اور کعبہ کے

صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ

صَلَاتُهُمْ	عِنْدَ	الْبَيْتِ	اِلَّا	مُكَآءً	وَّتَصْدِيَةً
ان کی نماز	نزدیک	بیت اللہ کے	مگر	سیٹیاں	اور تالیاں

نزدیک ان کی نماز نہیں مگر سیٹی اور

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ

فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَكْفُرُوْنَ	اِنَّ
تو چکھو	عذاب	بدلے اس کے جو	تم	کفر کیا کرتے تھے	بیشک

تالی (بجانا) تو (اب) چکھو عذاب اپنے کفر کی وجہ سے۔ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	لِيَصُدُّوْا
وہ جو	کافر ہیں	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	تاکہ روکیں

جنہوں نے کفر کیا اور وہ اپنے مال اس لئے خرچ کرتے ہیں کہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکیں

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ

عَنْ سَبِيْلِ	اللّٰهِ	فَسَيُنْفِقُوْنَهَا	ثُمَّ	تَكُوْنُ	عَلَيْهِمْ
راہ	اللہ سے	تو خرچ کریں گے ان کو	پھر	ہوگی	ان پر

تو اب وہ انہیں خرچ کریں گے پھر وہ مال ان کے لیے حسرت بن جائیں گے پھر (یہ لوگ)

حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۃ وَالَّذِينَ كَفَرُوٓا إِلَىٰ جَهَنَّمَ

حَسْرَةً	ثُمَّ	يُغْلَبُونَ	وَ	الَّذِينَ	كَفَرُوٓا	إِلَىٰ	جَهَنَّمَ
حسرت	پھر	مغلوب ہوں گے	اور	وہ جو	کافر ہیں	طرف	جہنم کی

مغلوب کر دیے جائیں گے اور جنہوں نے کفر کیا وہ دوزخ کی طرف

يُحْشَرُونَ ﴿۳۶﴾ لا لِيَمِيزَ اللَّهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ

يُحْشَرُونَ	لِيَمِيزَ	اللَّهُ	الْخَبِيثَ	مِنَ الطَّيِّبِ
اکٹھے کیے جائیں گے	تاکہ جدا کرے	اللہ	گندے کو	پاک سے

اکٹھے کیے جائیں گے۔ اس لئے کہ اللہ ناپاک کو پاک سے

وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ

وَيَجْعَلَ	الْخَبِيثَ	بَعْضَهُ	عَلَىٰ	بَعْضٍ	فَيَرْكُمَهُ
اور رکھے	نجاستوں کو	بعض کو	اوپر	بعض کے	پھر ایک ڈھیر بنا کر

جدا فرما دے اور نجاستوں کو اوپر نیچے رکھ کر سب

جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ط أُولَٰٓئِكَ هُمُ

جَمِيعًا	فَيَجْعَلَهُ	فِي	جَهَنَّمَ	أُولَٰٓئِكَ	هُمُ
سب کو	پھینکے اس کو	میں	جہنم	یہ لوگ	ہی

ایک ڈھیر بنا کر جہنم میں ڈال دے وہی

الْخَاسِرُونَ ﴿۳۷﴾ ع قُلْ لِلَّذِينَ كَفَرُوٓا إِنْ يَنْتَهُوا ع ۹ ۱۸

الْخَاسِرُونَ	قُلْ	لِلَّذِينَ	كَفَرُوٓا	إِنْ	يَنْتَهُوا
خسارہ اٹھانے والے ہیں	فرما دیجئے	ان سے	جو کافر ہیں	اگر	باز آجائیں

نقصان پانے والے ہیں۔ تم کافروں سے فرماؤ اگر وہ باز رہے تو جو

يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ

يُغْفَرْ لَهُمْ	مَّا	قَدْ سَلَفَ	وَاِنْ	يَّعُوْدُوْا	فَقَدْ
تو بخش دیا جائے گا ان کو	جو	پہلے گزر چکا	اور اگر	پھر کریں گے	تو بیشک

ہو گزرا وہ انہیں معاف فرما دیا جائے گا اور اگر پھر وہی عادت دہرائیں تو پہلے لوگوں پر گزرنے والا

مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا

مَضَتْ	سُنَّتُ	الْاَوَّلِيْنَ	وَقَاتِلُوْهُمْ	حَتّٰى	لَا
گزر چکا	دستور	پہلوں کا	اور لڑو ان سے	یہاں تک کہ	نہ

دستور تو موجود ہے ہی۔ اور ان سے جنگ کرو

تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا

تَكُوْنَ	فِتْنَةٌ	وَّ	يَكُوْنَ	الدِّيْنُ	كُلُّهٗ	لِلّٰهِ	فَاِنِ	انْتَهَوْا
رہے	فساد	اور	ہو جائے	دین	سارا	اللہ کا	پھر اگر	باز آ جائیں

یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین سارا اللہ ہی کا ہو جائے پھر اگر وہ باز آ گئے

فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا

فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	اِنْ	تَوَلَّوْا	فَاعْلَمُوْٓا
تو بیشک	اللہ	اسے جو	کرتے ہیں	دیکھتا ہے	اور	اگر	منہ پھیریں	تو جان لو

تو اللہ ان کے کام دیکھ رہا ہے۔ اور اگر انہوں نے منہ موڑ لیا تو

اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾

اَنَّ	اللّٰهَ	مَوْلٰىكُمْ	نِعْمَ	الْمَوْلٰى	وَ	نِعْمَ	النَّصِيْرُ
بیشک	اللہ	تمہارا مولیٰ ہے	اچھا	مولیٰ ہے	اور	اچھا	مددگار ہے

جان لو کہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے وہ کیا ہی اچھا مولیٰ ہے اور وہ کیا ہی اچھا مدد کرنے والا ہے۔

الجزء

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ

وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا	غَنِمْتُمْ	مِّنْ	شَیْءٍ	فَاَنَّ	لِلّٰهِ	خُمُسَهٗ	وَلِلرَّسُوْلِ
اور	جان لو	بیشک جو	غنیمت لو تم	کوئی بھی	چیز	تو بیشک	اللہ کے لیے	اس کا پانچواں حصہ	اور رسول کے لئے

اور (اے مسلمانو!) جان لو کہ تم جو کچھ مال غنیمت حاصل کرو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ اور رسول کیلئے

وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ ۙ اِنْ کُنْتُمْ

وَلِذِی الْقُرْبٰی	وَ	الْیَتٰمٰی	وَ	الْمَسٰکِیْنِ	وَ	ابْنِ السَّبِیْلِ	اِنْ	کُنْتُمْ
اور قرابت والوں کے لئے	اور	یتیموں	اور	محتاجوں	اور	مسافروں کے لئے	اگر	ہو تم

اور (رسول کے) قرابت داروں کیلئے ہے اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کیلئے ہے اگر تم

اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی

اٰمَنْتُمْ	بِاللّٰهِ	وَ	مَآ	اَنْزَلْنَا	عَلٰی	عَبْدِنَا	یَوْمَ	الْفُرْقَانِ	یَوْمَ	الْتَقَی
ایمان لائے	اللہ پر	اور	جو	اتارا ہم نے	اوپر	بندے اپنے کے	دن	فیصلے کے	جس دن	ٹکرائیں

ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور اس پر جو ہم نے اپنے (خاص) بندے پر فیصلے کے دن اتارا جس دن دونوں

الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ

الْجَمْعٰنِ	وَ	اللّٰهُ	عَلٰی	کُلِّ	شَیْءٍ	قَدِیْرٌ	اِذْ	اَنْتُمْ	بِالْعُدْوَةِ
دو فوجیں	اور	اللہ	اوپر	ہر	شے کے	قادر ہے	جب	تم	کنارے

لشکر مقابل ہوئے اور اللہ جو چاہے اس پر قادر ہے۔ جب تم (میدانِ جہاد کے) قریب والے

الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی وَالرَّکْبُ اَسْفَلَ مِنْکُمْ ؕ وَلَوْ

الدُّنْیَا	وَ	هُمْ	بِالْعُدْوَةِ	الْقُصْوٰی	وَ	الرَّکْبُ	اَسْفَلَ	مِنْکُمْ	وَ	لَوْ
قریب میں تھے	اور	وہ	کنارے	دور میں تھے	اور	قافلہ	نیچے تھا	تم سے	اور	اگر

کنارے پر تھے اور وہ دور والے کنارے پر اور (تجارتی) قافلہ تم سے نیچے اتر گیا تھا اور اگر تم آپس میں وعدہ کرتے

تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ أَمْرًا

تَوَاعَدْتُّمْ	لَاخْتَلَفْتُمْ	فِي	الْمِيعٰدِ	وَ	لٰكِنْ	لِيَقْضِيَ	اللّٰهُ	أَمْرًا
وعدہ کرتے تم	تو اختلاف کرتے	میں	وعدے	اور	لیکن	تاکہ پورا کرے	اللہ	کام کو

تو وقت مقرر (پر پہنچنے) میں ضرور مختلف ہو جاتے لیکن یہ اس لئے کہ اللہ پورا کر دے وہ کام جو ہونے والا تھا

كَانَ مَفْعُولًا ۙ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ

كَانَ	مَفْعُولًا	لِيَهْلِكَ	مَنْ	هَلَكَ	عَنْ بَيِّنَةٍ	وَ	يَحْيٰى	مَنْ	حَيَّ
جو تھا	ہونے والا	تاکہ ہلاک ہو	جو	ہلاک ہو	دلیل سے	اور	زندہ رہے	جو	زندہ رہے

تاکہ روشن دلیل سے ہلاک ہو جائے جسے ہلاک ہونا ہے اور روشن دلیل سے زندہ رہے جسے

عَنْ بَيِّنَةٍ ۗ وَإِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿۴۲﴾ ۙ إِذْ يُرِيكَهُمُ اللّٰهُ فِي

عَنْ بَيِّنَةٍ	وَ	إِنَّ	اللّٰهَ	لَسَمِيعٌ	عَلِيمٌ	إِذْ	يُرِيكَهُمُ	اللّٰهُ	فِي
دلیل سے	اور	بیشک	اللہ	ضرور سنتا	جانتا ہے	جب	دکھایا آپ کو	اللہ نے	میں

زندہ رہنا ہے اور بے شک اللہ ہے ضرور سننے والا سب کچھ جاننے والا۔ جب کہ اے محبوب ﷺ اللہ تمہیں کافروں کو

مَنَامِكَ قَلِيلًا ۗ وَلَوْ أَرٰىكَهُمْ كَثِيرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنٰزَعْتُمْ فِي

مَنَامِكَ	قَلِيلًا	وَ	لَوْ	أَرٰىكَهُمْ	كَثِيرًا	لَفَشِلْتُمْ	وَ	لَتَنٰزَعْتُمْ	فِي
آپ کے خواب	تھوڑے	اور	اگر	دکھاتا آپ کو انہیں	زیادہ	تو تم بزدلی کرتے	اور	تم جھگڑا کرتے	میں

تمہاری خواب میں تھوڑا دکھاتا تھا اور اے مسلمانو اگر وہ تمہیں بہت کر کے دکھاتا تو ضرور تم ہمت ہار جاتے

الْأَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۗ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿۴۳﴾ وَإِذْ

الْأَمْرِ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	سَلَّمَ	إِنَّهُ	عَلِيمٌ	بِذَاتِ الصُّدُورِ	وَ	إِذْ
کام	اور لیکن	اللہ نے	بچا لیا	بیشک وہ	جاننے والا ہے	دل کی باتیں	اور	جب

اور معاملہ میں جھگڑا ڈالتے مگر اللہ نے بچا لیا بے شک وہ دلوں کی بات جانتا ہے۔ اور جب

يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ

يُرِيْكُمُوْهُمْ	اِذِ	الْتَقَيْتُمْ	فِيْٓ	اَعْيُنِكُمْ	قَلِيْلًا	وَّيُقَلِّلُكُمْ	فِيْٓ	اَعْيُنِهِمْ
دکھاتا تھا تمہیں انکو	جب	تم ملے	میں	تمہاری آنکھوں	تھوڑے	اور تھوڑے دکھاتا تھا تمہیں	میں	انکی آنکھوں

لڑتے وقت تمہیں کافر تھوڑے کر کے دکھائے اور تمہیں ان کی نگاہوں میں تھوڑا کیا

لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ (۴۴) ع

۵ع۱

لِيَقْضِيَ	اللّٰهُ	اَمْرًا	كَانَ	مَفْعُوْلًا	وَ	اِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ
تاکہ پورا کرے	اللہ	وہ کام	جو تھا	ہونے والا	اور	طرف	اللہ کی	لوٹائے جاتے ہیں	سب کام

کہ اللہ پورا کرے جو کام ہونا ہے اور سارے معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	لَقِيْتُمْ	فِئَةً	فَاثْبُتُوْا	وَاذْكُرُوْا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا
اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	جب	آمنا سامنا ہو تمہارا	فوج سے	تو ثابت قدم رہو	اور یاد کرو	اللہ کو	بہت

اے ایمان والو! جب تمہارا کسی (جنگجو) دستے سے ٹکراؤ تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت

لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (۴۵) ج وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا

لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَلَا	تَنَازَعُوْا
تاکہ تم	مراد کو پہنچو	اور حکم مانو	اللہ کا	اور اس کے رسول کا	اور نہ	آپس میں جھگڑا کرو

یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ اور اللہ اور اسکے رسول کا کہنا مانو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو ورنہ تم

فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

فَتَفْشَلُوْا	وَتَذْهَبَ	رِيْحُكُمْ	وَاصْبِرُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	مَعَ
بزدل ہو جاؤ گے	اور اُکھڑ جائے گی	تمہاری ہوا	اور صبر کرو	بیشک	اللہ	ساتھ

ہمت ہار جاؤ گے اور تمہاری ہوا اُکھڑ جائے گی اور صبر کرو اللہ صبر کرنے والوں

الصّٰبِرِيْنَ ۝٤٦ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

الصّٰبِرِيْنَ	وَلَا	تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	خَرَجُوْا	مِنْ دِيَارِهِمْ
صبر کرنے والوں کیلئے	اور نہ	ہو جاؤ	ان کی طرح جو	نکلے	اپنے گھروں سے

کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے

بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

بَطَرًا	وَّ	رِئَآءَ	النَّاسِ	وَيَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	بِمَا
اتراتے	اور	دکھلاوے کیلئے	لوگوں کے	اور روکتے تھے	راہ سے	اللہ کی	اور اللہ	اسے جو

اور لوگوں کو دکھاتے ہوئے نکلے اور وہ اللہ کی راہ سے روکتے تھے اور اللہ ان کے سب

يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝٤٧ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ

يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ	وَاِذْ	زَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ	وَقَالَ
عمل کرتے ہیں	گھیرنے والا ہے	اور جب	خوشنما بنائے	ان کے لئے	شیطان نے	ان کے عمل	اور بولا

کاموں کا احاطہ کرنے والا ہے۔ اور (یاد کرو) جب شیطان نے ان کے کاموں کو ان کیلئے خوشنما بنا دیا اور کہا کہ آج لوگوں

لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ

لَا	غَالِبَ	لَكُمُ	الْيَوْمَ	مِنَ	النَّاسِ	وَاِنِّيْ	جَارٌ لَّكُمْ	فَلَمَّا	تَرَآءَتِ
نہیں	غالب آنے والا	تم پر	آج	سے بھی	لوگوں	اور میں	حمایتی ہوں تمہارا	پھر جب	دیکھ لیا

میں سے کوئی (بھی) تم پر غلبہ پانے والا نہیں اور بے شک میں تمہیں پناہ دینے والا ہوں پھر جب دونوں لشکروں نے ایک

الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى

الْفِئَتٰنِ	نَكَصَ	عَلٰى	عَقِبَيْهِ	وَقَالَ	اِنِّيْ	بَرِيْۗءٌ	مِّنْكُمْ	اِنِّيْٓ	اَرٰى
دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو	تو پھر گیا	اوپر	اپنی ایڑیوں کے	اور کہا	بیشک میں	بیزار ہوں	تم سے	بیشک میں	دیکھتا ہوں

دوسرے کو دیکھا تو وہ (شیطان) اُلٹے پاؤں بھاگا اور کہا بے شک میں تم سے بیزار ہوں یقیناً میں وہ دیکھ رہا ہوں

۱ ع ۲ ۲

مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّیْۤ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ ع اِذْ

مَا	لَا	تَرَوْنَ	اِنِّیْ	اَخَافُ	اللّٰهَ	وَاللّٰهُ	شَدِیْدُ	الْعِقَابِ	اِذْ
وہ جو	نہیں	تم دیکھتے	بیشک	ڈرتا ہوں	اللہ سے	اور اللہ	سخت	عذاب دینے والا	جب

جو تم نہیں دیکھتے بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہے جب

یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰۤؤُلَآءِ

یَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالَّذِیْنَ	فِیْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	غَرَّ	هٰۤؤُلَآءِ
کہتے تھے	منافق	اور وہ کہ	میں	ان کے دلوں	بیماری ہے	مغرور کیا	انہیں

کہتے تھے منافق اور وہ جن کے دلوں میں مرض ہے کہ یہ مسلمان اپنے دین پر مغرور ہیں

دِیْنُهُمْ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۴۹﴾ وَلَوْ

دِیْنُهُمْ	وَمَنْ	یَّتَوَكَّلْ	عَلَى	اللّٰهِ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	عَزِیْزٌ	حَكِیْمٌ	وَلَوْ
ان کے دین نے	اور جو	بھروسہ کرے	اوپر	اللہ کے	تو بیشک	اللہ	غالب	حکمت والا ہے	اور اگر

اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو بے شک اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ اور کبھی

تَرٰۤی اِذْ یَتَوَفَّى الَّذِیْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ

تَرٰۤی	اِذْ	یَتَوَفَّى	الَّذِیْنَ	كَفَرُوا	الْمَلٰٓئِكَةُ	یَضْرِبُوْنَ	وُجُوْهَهُمْ
آپ دیکھیں	جب	جان نکالتے ہیں	ان کی	جو کافر ہیں	فرشتے	مارتے ہیں	ان کے موہنوں

آپ دیکھیں جب فرشتے کافروں کی جان نکالتے ہوں ان کے منہ پر اور ان کی

وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ﴿۵۰﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

وَ	اَدْبَارَهُمْ	وَ	ذُوْقُوْا	عَذَابَ	الْحَرِیْقِ	ذٰلِكَ	بِمَا	قَدَّمَتْ
اور	ان کی پیٹھوں پر	اور	چکھو	عذاب	جلنے کا	یہ	بہ سبب اسکے ہے جو	آگے بھیجا

پیٹھ پر ضربیں لگا رہے ہوں اور (کہتے ہیں کہ) آگ کا عذاب چکھو۔ یہ (عذاب) ان (اعمال بد) کے بدلہ

أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ (۵۱) كَدَأْبِ آلِ

أَيْدِيكُمْ	وَ	أَنَّ	اللَّهَ	لَيْسَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيدِ	كَدَأْبِ	آلِ
تمہارے ہاتھوں نے	اور	بیشک	اللہ	نہیں ہے	ظلم کرنے والا	بندوں پر	جیسے دستور	قوم

میں ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور اللہ ہرگز بندوں پر ظلم فرمانے والا نہیں۔ (ان کافروں کا حال بھی) قوم

فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ

فِرْعَوْنَ	وَ	الَّذِينَ	مِن قَبْلِهِمْ	كَفَرُوا	بِآيَاتِ	اللَّهِ	فَأَخَذَهُمُ
فرعون کا	اور	جو	ان سے پہلے تھے	کفر کیا انہوں نے	آیتوں کا	اللہ کی	تو پکڑا ان کو

فرعون اور ان سے پہلے کے لوگوں کے حال کی مانند ہے انہوں نے (بھی) اللہ کی آیات کا انکار کیا تھا سو اللہ نے انہیں ان کے

اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ (۵۲) ذَٰلِكَ بِأَنَّ

اللَّهُ	بِذُنُوبِهِمْ	إِنَّ	اللَّهَ	قَوِيٌّ	شَدِيدُ	الْعِقَابِ	ذَٰلِكَ	بِأَنَّ
اللہ نے	ان کے گناہوں کے بدلے	بیشک	اللہ	قوت والا	سخت	عذاب والا ہے	یہ	اس لئے کہ

گناہوں کے باعث (عذاب میں) پکڑ لیا بے شک اللہ قوت والا سخت عذاب دینے والا ہے۔ یہ اس لئے کہ

اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا

اللَّهَ	لَمْ	يَكُ	مُغَيِّرًا	نِّعْمَةً	أَنْعَمَهَا	عَلَىٰ	قَوْمٍ	حَتَّىٰ	يُغَيِّرُوا	مَا
اللہ	نہیں	ہے کہ	بدل دے	نعمت کو	جو انعام کی	اوپر	کسی قوم کے	یہاں تک کہ	بدل دیں وہ	جو

اللہ بدلنے والا نہیں کسی نعمت کو جس کا اس نے کسی قوم پر انعام فرمایا جب تک وہ خود اپنی حالت کو نہ بدل دیں

بِأَنفُسِهِمْ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (۵۳) كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ

بِأَنفُسِهِمْ	وَ	أَنَّ	اللَّهَ	سَمِيعٌ	عَلِيمٌ	كَدَأْبِ	آلِ	فِرْعَوْنَ
ان کے دلوں میں ہے	اور	بیشک	اللہ	سننے والا	جاننے والا	جیسے دستور	قوم	فرعون کا

اور یہ کہ اللہ سب کچھ سننے والا بہت جاننے والا ہے۔ حال فرعون والوں اور ان لوگوں کی

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ

وَالَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ
اوران کا جو	ان سے پہلے تھے	انہوں نے جھٹلایا	آیتوں کو	اپنے رب کی	تو ہلاک کیا ہم نے ان کو

طرح (ہے) جو ان سے پہلے تھے انہوں نے اپنے رب کی آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کے گناہوں کی وجہ سے

بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ شَرَّ

بِذُنُوْبِهِمْ	وَ	اَغْرَقْنَاۤ	اٰلَ	فِرْعَوْنَ	وَ	كُلٌّ	كَانُوْا	ظٰلِمِيْنَ	اِنَّ	شَرَّ
ان کے گناہوں کے بدلے	اور	غرق کیا ہم نے	قوم	فرعون کو	اور	سب ہی	تھے	ظالم	بیشک	بدترین

انہیں ہلاک کر دیا اور فرعون والوں کو ہم نے غرق کر دیا اور وہ سب ظالم تھے۔ بے شک سب

الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۚ ﴿۵۵﴾

الدَّوَآبِّ	عِنْدَ	اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَهُمْ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ
جانور	نزدیک	اللہ کے	وہ ہیں جنہوں نے	انکار کیا	تو وہ	نہیں	ایمان لاتے

جانداروں میں بدتر اللہ کے نزدیک وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور ایمان نہیں لائے۔

اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ

اَلَّذِيْنَ	عٰهَدْتَّ	مِنْهُمْ	ثُمَّ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَهُمْ	فِيْ	كُلِّ	مَرَّةٍ
وہ لوگ کہ جن سے	معاہدہ کیا آپ نے	ان سے	پھر	توڑ دیتے ہیں	اپنا معاہدہ	میں	ہر	مرتبہ

وہ جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا ہر بار اپنا عہد توڑ دیتے ہیں

وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ

وَّ	هُمْ	لَا	يَتَّقُوْنَ	فَاِمَّا	تَثْقَفَنَّهُمْ	فِي	الْحَرْبِ	فَشَرِّدْ بِهِمْ	مَّنْ
اور	وہ	نہیں	ڈرتے	تو اگر	پاؤ تم ان کو	میں	لڑائی	بھگاؤ ان کو	جو

اور ڈرتے نہیں۔ سو اگر آپ انہیں (میدان) جنگ میں پالیں تو ان کے عبرتناک قتل کے ذریعے ان کے

خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً

خَلْفَهُمْ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	وَ	اِمَّا	تَخَافَنَّ	مِنْ	قَوْمٍ	خِيَانَةً
ان کے پیچھے ہیں	تاکہ وہ	نصیحت حاصل کریں	اور	اگر	اندیشہ کرو	کسی	قوم سے	دغا کا

جو پیچھے ہیں ان کو (بھی) بھگا دیں تاکہ انہیں نصیحت حاصل ہو۔ اور اگر آپ کو کسی قوم سے خیانت کا اندیشہ ہو تو

فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ ع

فَانْۢبِذْ	اِلَيْهِمْ	عَلٰى	سَوَآءٍ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُحِبُّ	الْخَآئِنِيْنَ
تو ڈال	ان کی طرف	اوپر	برابری کے	بیشک	اللہ	نہیں	پسند کرتا	دغا کرنے والوں کو

ان کا عہد ان کی طرف برابری کی بنیاد پر لوٹا دیں بے شک اللہ بد عہدوں کو پسند نہیں کرتا۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿٥٩﴾

وَ	لَا	يَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	سَبَقُوْا	اِنَّهُمْ	لَا	يُعْجِزُوْنَ
اور	نہ	گھمنڈ کریں	وہ جو	کافر ہیں	کہ وہ آگے بڑھ جائینگے	بیشک وہ	نہ	عاجز کر سکیں گے

اور کافر اس گھمنڈ میں ہرگز نہ رہیں کہ وہ جان بچا کر نکل گئے یقیناً وہ عاجز نہیں کر سکتے۔

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ

